سلسلۂ انجمن ترقی اردو

امرائے ہنود

یعنی اُن ہندو اُمرا کے حالات جو کہ

سلطنتِ مغلیہ

میں ممتاز عہدوں پر سرفراز رہے

جسکو منشی محمد سعید احمد صاحب مارہروی نے

حسب فرمائش انجمن ترقی اُردو

تالیف کیا

اور زیر سرپرستی انجمن مذکور

باہتمام منشی محمد رحمت اللہ صاحب رعد

نامی پریس کانپور میں طبع ہوئی ۱۹۱۰ء

پبلشر ایم - اے - او - کالج - بک ڈپو - علیگڈھ

ص خاص کتابوں کی فہرست جن سے یہ کتاب ماخوذ ہے

ار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف کا نام	زبان	مطبوعہ یا قلمی
	مآثر الامرا	میر عبدالرزاق صمصام الدولہ شاہنواز خان خوافی اورنگ آبادی	فارسی	مطبوعہ
	اکبر نامہ	علامی ابو الفضل	″	″
	آئین اکبری	ایضاً	″	″
	تو زک جہانگیری	شہنشاہ جہانگیر	″	″
	اقبال نامہ جہانگیری	معتمد خان بخشی	″	قلمی
	بادشاہنامہ	ملا عبد الحمید لاہوری	″	مطبوعہ
	عمل صالح	محمد صالح کنبوہ	″	قلمی
	عالمگیر نامہ	محمد کاظم	″	مطبوعہ
	مآثر عالمگیری	محمد ساقی مستعد خان	″	″
	منتخب اللباب	محمد ہاشم خان خوافی (خافی خان)	″	″
	منتخب التواریخ	ملا عبد القادر بدایونی	″	″
	مفتاح التواریخ	ٹامس ولیم بیل صاحب	″	″
	سیر المتاخرین	میر غلام حسین	″	″
	رقعات عالمگیری	شہنشاہ عالمگیر	″	″
	رقعات ابو الفضل	علامی ابو الفضل	″	″
	خلاصۃ التواریخ	بندرابن داس بہادر شاہی	″	قلمی
	تاریخ فرشتہ	ملا محمد ابو القاسم فرشتہ	″	مطبوعہ

نمبرشمار	نام کتاب	مصنّف یا مؤلف کا نام	زبان	مطبوعہ یا قلمی
۱۸	تاریخ آگرہ۔	منشی سیلچند	فارسی	قلمی
۱۹	وقائع نعمت خان عالی۔	نعمت خان عالی	〃	مطبوعہ
۲۰	جنگ نامہ اعظم شاہ و بہادر شاہ۔	نعمت خان عالی	〃	〃
۲۱	خزانۂ عامرہ۔	میر غلام علی آزاد بلگرامی	〃	〃
۲۲	دربار اکبری۔	شمس العلما مولانا محمد حسین آزاد	اُردو	〃
۲۳	ترجمہ سفرنامہ ڈاکٹر برنیر۔	خلیفہ محمد حسین۔	〃	〃
۲۴	دکن مین موسیو تھیونو ایک فرانسیسی کی سیاحت سلسلہ آصفیہ جلد دوم۔		〃	〃
۲۵	تاریخ دکن حصۂ اول (سلسلۂ آصفیہ جلد سوم)	مولوی عبد الغفور رامپوری	〃	〃
۲۶	ایضاً حصہ دوم۔	ایضاً	〃	〃
۲۷	ایضاً حصۂ سوم (سلسلۂ آصفیہ جلد ہشتم)	ایضاً	〃	〃
۲۸	سفرنامہ ابن بطوطہ۔	مترجمۂ نوازش علیخان۔	〃	〃
۲۹	ہندوستان گذشتہ و حال۔	رائے بہادر بابو بیجناتھ۔	〃	〃
۳۰	تاریخ جدولیہ۔	خادم علی فاروقی	〃	〃
۳۱	مخزن التواریخ۔	منشی قمرالدین خان اکبرآبادی۔	〃	〃
۳۲	دعوت اسلام ترجمہ پریچنگ آف اسلام	مترجمہ محمد عنایت اللہ بی۔اے	〃	〃
۳۳	رسائل شبلی۔	شمس العلما مولانا شبلی نعمانی۔	〃	〃
۳۴	بشارت احمدی۔	مولوی عبدالعزیز لکھنوی۔	〃	〃
۳۵	ترجمہ تاریخ فرخ آباد۔		〃	〃

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف یا مؤلف کا نام	زبان	مطبوعہ یا قلمی
۳[illegible]	ترجمۂ تاریخ ہندوستان مؤلفہ آنریبل الفنسٹن صاحب۔	مترجمہ سینٹیفک سوسائٹی علیگڈھ۔	اردو	مطبوعہ
۳[illegible]	تاریخ ہندوستان جلد اول۔	شمس العلماء مولوی محمد ذکاء اللہ خان	〃	〃
۳[illegible]	ایضاً جلد دوم۔	ایضاً۔	〃	〃
۳۹	ایضاً جلد سوم۔	ایضاً	〃	〃
۴۰	ایضاً جلد چہارم۔	ایضاً	〃	〃
۴۱	اورینٹل بایوگریفکل ڈکشنری	ٹامس۔ ولیم۔ بیل صاحب	انگریزی	〃

فہرست اُمراء جن کے حال علیحدہ علیحدہ لکھے گئے ہین

فہرست اُن اُمراکی جنکے حالات دوسری اُمراکے حالات مین لکھی گئی ہین

[illegible]	[illegible]	نام	کس کے حال ہین	صفحہ
۳۹	۲۱۲	راجہ بھارت چند بُندیلہ۔	راجہ مدھکر ساہ بُندیلہ۔	۳۳۲
۴۰	۲۱۳	بھگوان داس بُندیلہ۔	مہاراجہ نرسنگھدیو بُندیلہ۔	۳۵۰
۴۱	۲۱۴	بینی داس بُندیلہ۔	ایضاً	۳۵۱
۴۲	۲۱۵	بانکا کچھواہا۔	ہردے رام کچھواہا۔	۳۵۹
۴۳	۲۱۶	پرم جی (دولت مندخان)	کُھرجی۔	۱۰۲
۴۴	۲۱۷	پرسوتم سنگھ کچھواہا (کارطلب خان)	راجہ راج سنگھ کچھواہا	۲۰۵
۴۵	۲۱۸	پہاڑ سنگھ۔ (مریدخان)	راجہ راجروپ	۲۳۲
۴۶	۲۱۹	پہاڑہ مل راٹھور۔	کشن سنگھ راٹھور۔	۲۸۸
۴۷	۲۲۰	راناپرتاپ۔	راناکرن۔	۲۹۴
۴۸	۲۲۱	راجہ پرتاپ بانی اندوچھہ۔	راجہ مدھکر ساہ بُندیلہ۔	۳۳۲
۴۹	۲۲۲	رائے پرتھی چند کچھواہا۔	رائے منوہرداس۔	۳۳۶
۵۰	۲۲۳	پیم چند کچھواہا۔	ایضاً۔	۳۳۶
۵۱	۲۲۴	تخت مل۔	راجہ باسو۔	۹۶
۵۲	۲۲۵	تلنگ رائے (پتنگ رائے)۔	جادون راؤ۔	۱۴۸
۵۳	۲۲۶	تمن داس۔	راجہ رام داس کچھواہا۔	۲۱۴
۵۴	۲۲۷	جگ جیون۔	اُداجی رام۔	۵۶
۵۵	۲۲۸	راجہ جگمن دھندیرہ۔	راجہ اندرمن دھندیرہ۔	۶۱
۵۶	۲۲۹	جگدیو رائے۔	جادون راؤ۔	۱۴۷
۵۷	۲۳۰	جگدیو رائے پسر دیاجی۔	ایضاً۔	۱۴۹
۵۸	۲۳۱	جگمال راٹھور۔	کشن سنگھ راٹھور۔	۲۸۷

[illegible]	[illegible]	نام	کس کے حال میں	صفحہ
۱۱۹	۲۹۲	راؤ ہتی سنگھ۔	رائے دودا سیسودیہ۔	۱۹۷
۱۲۰	۲۹۳	دھیراج ہنونت راؤ۔	سُلطان جی۔	۲۷۹
۱۲۱	۲۹۴	ہمت سنگھ کچھواہا	مرزا۔راجہ۔مان سنگھ کچھواہا۔	۳۲۷

فہرست اُن اُمرا کی جنکا مختصر حال ضمیمہ نمبر ۱ میں لکھا گیا ہے

خاص خاص واقعات کی فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمہید

باب اوّل

ہندوستان مین ہندو ایرین فاتحین کا اپنے مفتوحین سے برتاؤ

حکماے فرنگ نے مختلف علامتون اور نشانون سے ثابت کیا ہے کہ ہندوستان کے اصلی باشندے اور لوگ تھے جو جنگلون اور پہاڑون مین رہتے اور شکار کرکے اپنا پیٹ پالتے تھے۔ اس کے بعد جیحون اور سیحون کے میدانون سے ایک زبردست قوم نے آکر آہستہ آہستہ کل مُلک پر اپنا قبضہ کرلیا اور یہان کی سرسبزی اور زرخیزی دیکھکر یہین بس گیے ہوئے۔ اس قوم کا نام ایرین (آریا) تھا۔ یہ نہایت ذہین اور رطبّاع اور اُس زمانے کی حیثیت کے بموجب اعلیٰ درجے کی مہذب اور تعلیم یافتہ قوم تھی۔ اِن لوگون نے علم الٰہی فلسفہ۔ حکمت۔ نجوم۔ ریاضی۔ وغیرہ مین قابل قدر ترقی کی جنگلون کو کاٹ کاٹ کر زراعت کے قابل بنایا۔ تجارت صنعت وحرفت مین نام پیدا کیا۔ غرضکہ ہر قسم کی تہذیب و

شایستگی پھیلا کر ہندوستان کو جنّت نشان بنایا۔

ہمین اِس مقام پر صرف یہ دکھانا مدنظر ہی کہ اِس فاتح قوم کا اپنے مفتوحین کے ساتھ کیسا برتاؤ تھا۔ سخت تعجب ہی کہ با وجود تہذیب و شایستگی کے اِن کا برتاؤ اپنے مفتوحین کے ساتھ سخت ظالمانہ تھا۔ جب اِن لوگون نے ہندوستان مین قدم رکھا تو ملک کے اصلی باشندے کچھ تو لڑتے لڑتے وہین یا ئین جنگلون اور پہاڑون مین گھس گئے۔ گونڈ بھیل وغیرہ جنگلی قومین اُنھین کی نسل سے بتائی جاتی ہین۔ کچھ لوگ فتحیابون کی غلامی اور خدمتگاری کے کام مین آئے اِن کو اُنھون نے ایسی ذلیل حالت مین رکھا کہ خود اُن کو شودر (خدمتگار ذلیل) کے لقب سے عار نہین رہا۔

اِس فاتح قوم کے مشہور و معروف مجموعہ قوانین مین جو قوانین منو کے نام سے موسوم اور حضرت عیسیٰ سے نوسو برس پیشتر کا لکھا ہوا خیال کیا جاتا ہو سب سے زیادہ حیرت انگیز بات ہی کہ لوگون کو چار برنون (فرقون) مین تقسیم کیا ہی۔ اوّل متبرک (برہمن) دوئم سپاہی (چھتری) سوئم تحتی۔ (ویش) چہارم خدمتی (شودر) اِن مین برہمنون کو غایت درجے کی عظمت اور بزرگی اور شودرون کو نہایت درجے کی ذلّت و خواری دی گئی ہے۔ اگرچہ فاتح قوم کے تینون فرقو نمین بھی برابری قائم نہین رکھی گئی لیکن ہرایک کو عزت حاصل ہی اور بعض مذہبی رسمون مین تینون فرقے شریک ہوتے ہین۔ اور صاف طور سے معلوم ہوتا ہے کہ اِنھین تینون فرقون کے انتظام کے واسطے یہ قانون بنایا گیا ہی چوتھے فرقے سے قانون صرف اُسی قدر متعلق ہی جس قدر کہ اِن تینون فرقون کی خدمت سے علاقہ رکھتا ہی

تمام احکام سیاست مین بھی برہمن اور سب فرقون پر برتری رکھتا ہی اسیطرح چھتری ویش فرقے پر فوقیت رکھتا ہی۔ نہایت سخت جرمون مین بھی برہمن سخت سزا پانے سے آزاد ہی۔ اور فرقون پر جو کچھ جبر و تعدّی وغیرہ برہمن سے ظہور مین آوے اُس کی پاداش

مین کچھ تھوڑی سی تنبیہ مقرر ہے[1] لیکن اور فرقون کے لوگون سے جو کچھ جرم اُس کی نسبت واقع ہو اُسکی وہ چند سزا مین کیگئی ہے۔

شودر فرقے کا مختصر فرض یہ بیان کیا گیا ہو کہ اور فرقون کی وہ خدمت کیا کرین[2] لیکن اُس کا بڑا فرض برہمنون کی خدمت کرنا ہو[3]۔ یہ بھی اجازت ہے کہ اگر وہ نان و نفقہ کا محتاج ہوا ور برہمنون کی خدمت حاصل نہ ہوسکے تو چھتریون کی خدمت اختیار کرے اور اگر اُنکی بھی خدمت میسر نہ آوے تو کسی مالدار ویش کی خدمت کرے[4]۔ اگر اس فرقے کے لوگون کو یہ معمولی کام نہ مل سکے تو وہ دستکاری کے کام مثل معماری۔ نجاری۔ مصوّری۔ محرری کے اختیار کرے[5]۔

شودر کو بید شاستر اور مذہبی کتابین پڑھنے کی اجازت نہین البتہ ہوم کرنے کی اجازت ہو[6]۔ لیکن برہمن کا اُس سے ہوم وغیرہ کروانا ایسا سخت گناہ ہے کہ کفّارہ دینا پڑتا ہے[7]۔ برہمن کو شودر کے روبرو بھی بید کا پڑھنا درست نہین[8]۔ شودر کو دھرم شاستر کے مسئلے سکھانا یا اُسکے گناہ کے کفّارہ کا طریق بتانا برہمن کو اُس دوزخ مین ڈالتا ہو جسکو "اسمورتا" کہتے ہین اُس کو دُنیا کے کام مین بھی نصیحت کرنا ممنوع ہے[9]۔ برہمن کو ایسی سخت اور مکرر سکرر تنبیہ اور تاکید کسی اور جرم پر نہین کیگئی جیسی شودر سے نذرا ور بھینٹ لینے کی ممانعت مین کیگئی ہو اور اس جرم کا کفارہ جب تک کہ وہ اُس دچھنا کو واپس نہ کرے تیرتھ جاترہ سے بھی نہین ہوسکتا[10]۔ اگر کوئی برہمن فاقے سے جان بلب ہو تو شودر سے خشک اناج لے لینا جائز ہو مگر اُسکے ہاتھ کا پکّا ہوا کھانا جائز نہین۔ شودر اپنے آقا کے پس خوردہ سے

---

[1] باب ۸۔ اشلوک ۲۷۶ و ۲۷۸ و ۳۷۹۔ باب ۹۔ اشلوک ۲۴۲ و ۲۴۳ و ۳۲۵ و ۳۷۷۔ اور باب ۱۱۔ اشلوک ۲۰۵ و ۲۰۶۔ [2] باب ۱۔ اشلوک ۹۱۔ [3] باب ۹۔ اشلوک ۳۳۴۔ [4] باب ۱۰۔ اشلوک ۱۲۱۔ [5] باب ۱۰۔ اشلوک ۹۹ و ۱۰۰۔ [6] باب ۱۰۔ اشلوک ۱۲۷ و ۱۲۸۔ [7] باب ۱۰۔ اشلوک ۱۰۹ لغایت ۱۱۱۔ و باب ۱۱۔ اشلوک ۴۲ و ۴۳۔ [8] باب ۴۔ اشلوک ۹۹۔ [9] باب ۴۔ اشلوک ۸۰ و ۸۱۔ [10] باب ۱۱۔ اشلوک ۱۹۴ لغایت ۱۹۷۔ و باب ۱۰۔ اشلوک ۱۱۱۔

پالا جاوے اور اُترے ہوے پھٹے پُرانے کپڑے پہنتے۔ شودر کو اگر کچھ مقدور بھی ہو تو بھی دولت جمع کرنیکی اِس وجہ سے اجازت نہین کہ وہ دولتمند ہو کر شاید کسی برہمن کو رنج پہونچاوے[1] اگر کوئی شودر کسی اعلیٰ فرقے کے آدمی کو گالی دے تو اُسکی زبان کاٹ لیجاوے[2]۔ اگر برہمن کے پاس ایک ہی فرش پر بیٹھ جاوے تو اُس کے چوتڑون کا گوشت کاٹ ڈالا جاوے[3] اگر شودر برہمن کو دھرم کی باتین بتائے تو اُس کے منہ اور کانون مین کھولتا ہوا تیل ڈالین[4]۔ شودر کے قتل کا کفارہ بھی مذہب کی رو سے وہی ہو جو بلّی۔ کتّے چھپکلی۔ مینڈک اور بہت سے قسم کے جانورون کے مارڈالنے کا کفارہ ہو[5]۔ اگر شودر کو اُس کا مالک آزاد بھی کردے تو بھی وہ خادم کا خادم ہی رہتا ہو۔ مخدوم نہین بن سکتا کیونکہ جو حالت اُسکو خالق نے بخشی ہو اُسمین سے کون اُسے نکال سکتا ہو[6]۔

اِسی طرح کے اور بھی بہت سے قانون ہین جن سے نہایت بیرحمی ظاہر ہوتی ہو اور اعلیٰ فرقون کی رعایت سے شودر پر نہایت سختی روا رکھی گئی ہے۔

مفتوحین کے ساتھ اِس قسم کا برتاؤ صرف ایرین قوم ہی پر محدود نہ تھا بلکہ اسلام سے پہلے تمام دنیا مین فاتح قومون نے ہمیشہ مفتوحین کو جانورون سے بدتر سمجھا ہے رومن نے تمام مفتوحہ قومونکو غلام بنا رکھا تھا۔ ہندوستان مین شودرون کی حالت پھر بھی کسی قدر غنیمت تھی۔ چنانچہ الفنسٹن صاحب اپنی تاریخ ہندوستان مین تحریر فرماتے ہین "بہرکیف شودر فرقے کی حالت قدیم زمانے کی جمہوری سلطنتون کے غلامون یا متوسط زمانہ کے پاجیون اور اور ہر خادم فرقونکی حالت سے جنکو ہم جانتے ہین بہتر تھی"۔ اسلام نے دنیا مین قدم رکھتے ہی اِس عام رواج کو دفعۃً مٹا دیا۔ اور مفتوحین کے ساتھ مساوات کا درجہ قائم کرکے دنیا کو سکھا دیا کہ حقوق عامہ مین جسقدر آدمی آسمان کے نیچے ہین سب

[1] باب ۱۰۔ اشلوک ۱۲۵۔ [2] باب ۱۰۔ اشلوک ۱۲۹۔ [3] باب ۸۔ اشلوک ۲۷۰۔ [4] باب ۸۔ اشلوک ۲۸۱ [5] باب ۸۔ اشلوک ۲۷۲۔ [6] باب ۸۔ اشلوک ۴۱۲۔ [7] باب ۸۔ اشلوک ۴۱۴۔

برابر ہین۔ آج جن قومونکو اپنے تمدن و تہذیب پر ناز ہے اُن کا دعویٰ ہے کہ اُنھون نے مساوات کو قائم رکھا ہے لیکن جاننے والے جانتے ہین کہ آج تک وہ اسلام کی فیاضی کا مقابلہ نہین کر سکے۔

مسلمان جب ہندوستان مین آئے تو اُس وقت بھی مندرجہ بالا قوانین جاری تھے چنانچہ مشہور مورخ البیرونی نے جو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ ہندوستان مین آیا تھا برہمنون کے نسبت لکھا ہے "برہمن مجرمون کے ساتھ بہت نرمی کیجاتی تھی مثلاً اگر کوئی برہمن کسی دوسری ذات کے آدمی کو مار ڈالتا تھا تو اُسکو کچھ برت اور خیرات اور پوجا کرنے کی سزا دیجاتی تھی"۔ اِس کے مقابلہ مین ہندوستان کے مسلمان فاتحون نے اپنے مفتوحین کے ساتھ جو کچھ برتاؤ کیا اُسکو ہم آئندہ بابو نمین بیان کرتے ہین۔

باب دوم

اسلامی عہد مین مذہبی آزادی

جس زمانے مین کہ دنیا کے تمام ملکون خصوصاً یورپ مین مذہبی آزادی کا نام لینا بھی گناہ سمجھا جاتا تھا اسلامی ممالک مین غیر قومون کو ہر قسم کی مذہبی آزادی حاصل تھی۔ ہندوستان مین سب سے پہلے سندھ کو مسلمانون نے فتح کیا۔ اُسوقت مشہور سپہ سالار محمد قاسم نے تمام مُلک مین منادی کرادی کہ کسی کے مذہب مین کسی قسم کی دست اندازی نہین کیجاویگی۔ ہر شخص کو اختیار ہے کہ نہایت آزادی سے اپنے مذہبی رسوم بجا لائے۔ اِس کے بعد برہمنون کو بُلا کر حکم دیا کہ اپنے مندر تعمیر کرالین۔ مُلک کے محاصل سے فیصدی تین روپیہ جو ہمیشہ سے مندرون کے خرچ کے واسطے ملتا آیا ہے بدستور ملتا رہیگا۔[1]

سندھ مذہبی

[1] شمس العلما ذکاءاللہ خان کی تاریخ ہندوستان۔

جب خاص ہندوستان مین مسلمانون کے اقبال کا ستارہ چمکا تو یہان بھی اُنھون نے مذہبی آزادی کے اُصول کو نہایت فیاضی سے قائم رکھا۔ اِس سے انکار نہین کیا جاتا کہ اکثر مسلمان فاتحون نے ابتدائی حملون کے جوش خروش مین یا کسی متعصب مسلمان بادشاہ نے کسی ہندو راجہ یا رعایا کی تفادت پر برافروختہ ہو کر اکثر مندرون کو لوٹا اور مورتون کو توڑا۔ لیکن امن کے زمانے مین کبھی ایسا فعل جائز نہین رکھا گیا بلکہ مسلمانون نے اپنی طرف سے مندرون کے اخراجات اور پوجاریون کے وظائف کے واسطے بہت سی جاگیرین دے رکھی تھین۔ باوجود اِس کے کہ یورپین مورخون اور سیاحون نے مسلمانون کے عہد کی تاریخین نہایت متعصبانہ نظر سے لکھی ہین لیکن اس سے وہ بھی انکار نہین کر سکے۔ اسکے نسبت ذیل مین ہم اُنکی تحریر کا اقتباس درج کرتے ہین۔

مسلمان بادشاہون کی طرف سے مندرون کے واسطے اراضی کا وقف ہونا اگرچہ شاذ و نادر تھا لیکن یہ دعوی نہین کہ بالکل معدوم ہو۔[۱]

اگرچہ مذہبی آزادی کا اصول جس کو اکبر اعظم کے دور حکومت مین سب سے زیادہ ترقی ہوئی ہندوُن کے مذہب کے ساتھ اکثر برتا جاتا تھا۔ یہان تک کہ شاہی اوقاف جو مندرون کے لئے مقرر ہوتے تھے اُن کا لحاظ ہوتا تھا اور بدنامی کے خوف نے ہندوُن کے مذہب مین دست اندازی نہ کرنے کی حکمت سکھا دی تھی۔[۲]

مسلمان فرمان رواؤن کی نسبت یہ اعتراض بھی پیش کیا جاتا ہو کہ اُن کے عہد مین نئے مندر بننے کی اجازت نہ تھی۔ لیکن یہ سراسر غلط ہو۔ دہلی۔ آگرہ۔ متھرا۔ بٹالہ۔ اٹک وغیرہ مین جو اسلامی قوت اور سطوت کے خاص مرکز تھے بہت سے مندر شاہان اسلام کے عہد کے تعمیر شدہ اِس وقت تک موجود ہین چنانچہ بندرابن کے مشہور مندر گوبند دیو جی گوپی ناتھ جی۔ مدن موہن جی۔ مہاپربھو چیتنیہ جی (۱۴۸۶ء لغایت ۱۵۲۷ء) کے چیلے

[۱] کرنیل یول کا مارکوپولو جلد ۲ صفحہ ۳۱۰۔ [۲] سر رچرڈ ٹمپل کی کتاب ہندوستان مطبوعہ لندن ۱۸۸۱ء صفحہ ۱۶۴۔

روپ سناتن گوسائین نے جنکی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ پہلے مسلمان تھے مسلمانون ہی کے عہد مین بنوائے تھے[1]

اب ہم مذہبی آزادی کی نسبت مختلف تاریخون کی تحریرون اور سیاحون کے چشم دید حالات کو جو اُنھون نے اپنے سفرنامون مین لکھے ہین شہادت مین پیش کرتے ہین۔

دکن کے شاہان سلف کے زمانے مین غیر مذہب والون کو ہر قسم کی آزادی حاصل تھی[2]۔ ڈاکٹر برنیر نے اپنے سفرنامہ مین ستی کے بیان مین لکھا ہی۔ "جو بیانات ستی کے بابت لکھے گئے ہین۔ اُن مین بلاشک مبالغہ کیا گیا ہے اور آجکل پہلے کی نسبت ستی کی تعداد کم ہو گئی ہی کیونکہ مسلمان جو اس مُلک کے فرمان روا ہین اِس وحشیانہ رسم کے نیست و نابود کرنے مین حتی المقدور کوشش کرتے ہین اور اگرچہ اُس کے امتناع کے واسطے کوئی مقررہ قانون نہین ہی۔ کیونکہ اُنکی تدبیر مملکت کا یہ ایک جزو ہی کہ ہندؤن کی خصوصیات مین جنکی تعداد مسلمانون سے کہین زیادہ ہی دست اندازی کرنا مناسب نہین سمجھتے بلکہ اُن کے مذہبی رسوم کے بجالانے مین اُن کو آزادی دیتے ہین۔ تاہم ستی کی رسم کو بعض ایچ پیچ کے طریقون سے روکتے رہتے ہین۔ یہان تک کہ کوئی عورت بغیر اجازت اپنے صوبے کے حاکم کے ستی نہین ہو سکتی اور صوبے دار ہرگز اجازت نہین دیتا جب تک کہ قطعی طور پر اِس امر کا یقین نہین ہو جاتا کہ وہ اپنے ارادے سے ہرگز باز نہ آویگی"[3]

اِسی سفرنامے مین دہلی کے سورج گہن (۱۶۶۶ع) کے اشنان اور پوجا پاٹ کے حال مین لکھا ہے "سلاطین مغلیہ اگرچہ مسلمان ہین لیکن اِن پُرانی رسمون کے آزادطور پر بجالانے کو یا تو اس خیال سے منع نہین کرتے کہ ہندؤن کے مذہبی معاملات مین دست اندازی کرنا چاہتے ہی نہین یا دست اندازی کی جرأت نہین رکھتے"[4]

---

[1] ہندوستان گذشتہ وحال مصنفہ رائے بہادر لالہ بیجناتھ صفحہ ۱۱۵-۱۱۶۔ [2] بمبئی گزیٹیر جلد ۱ صفحہ ۱۳۲ و جلد ۱۶ صفحہ ۷۰۔

[3] ترجمہ سفرنامہ ڈاکٹر برنیر جلد دویم صفحہ ۱۷۲-۱۷۳۔ [4] جلد دویم صفحہ ۱۵۷۔

بنگالہ کے حال مین لکھا ہے" بہت سے پرتگیز اور دوغلی یورپین اور عیسائیون نے جنکو ڈچ لوگون نے اُنکی مختلف آبادیون سے نکال دیا ہے اِس زرخیز مُلک مین آکر پناہ لی ہے۔ چنانچہ فقیر جیسوئٹ اور اگسٹین کے لوگون نے جنکی بڑی بڑی مذہبی جماعتین ہین اور جو اپنے مذہبی اعمال کو آزادانہ اور بلا دقّت عمل مین لاسکتے ہین مجھے اِس بات کا یقین دلایا کہ صرف ہوگلی مین آٹھ ہزار سے نو ہزار تک عیسائی بستے ہین۔ اور اِس مُلک کے اور حصّون مین تو اُنکی تعداد پچیس ہزار سے بھی زیادہ ہے[ل۱]"

موسیو تھیونیو فرانسیسی سیاح نے جس نے ۱۶۶۵ء سے ۱۶۶۶ء تک ہندوستان کی سیاحت کی اپنے سفرنامے مین لکھا ہے" اکثر بستیون مین مندر بنے ہوئے تھے۔ ہندو گاڑیون مین جاتے ہوئے جابجا ملتے تھے جو ان مندرون مین اپنی پوجا کے واسطے آتے تھے[ل۲]"

اسی سیاح کے سفرنامے سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مغلون کے صوبہ بالاگھاٹ اور سلاطین دکن کے قلمرو مین عیسائیون کے بہت سے کالج۔ خانقاہین موجود تھین اور عیسائی پادری اپنے مذہب کی اشاعت کے واسطے برابر آتے جاتے تھے اور نہایت آزادی سے اپنے کام مین مصروف تھے۔ رائے بہادر لالہ بیجناتھ صاحب اپنی کتاب "ہندوستان گذشتہ وحال" مین مسلمانونکی حکومت کے طریقے کے بیان مین لکھتے ہین۔ "ہندو کسیقدر حقارت کے ساتھ دیکھے جاتے تھے مگر سوائے جزیہ لئے جانے اور ایک دو اور معاملات مین امتیاز کئے جانیکے اور کوئی مداخلت اُن کے مذہب مین نہین کیجاتی تھی نہ اُن سے کوئی دشمنی کا برتاؤ ہوتا تھا۔ بہت سے ہندو حساب اور مال کے محکمون مین نوکر ہوتے تھے۔ مبارک خلجی۔ کے وقت مین کُل گورنمنٹ کا طریقہ ہندوانہ

ل۱ ترجمہ سفرنامہ ڈاکٹر برنیر جلد دوم صفحہ ۱۲۲۔ ل۲ دکن مین موسیو تھیونو ایک فرانسیسی کی سیاحت سلسلہ آصفیہ جلد دوم صفحہ ۲۸-۲۹

تھا ہندو لوگ اپنے مذہب کو کم تبدیل کرتے تھے[1]

اسلامی عہد حکومت مین مذہبی آزادی کا اِس سے زیادہ کیا ثبوت ہوسکتا ہی کہ ہندؤن کے بڑے بڑے واعظ صلاح کنندگان اور موجدان مذہب نہایت آزادی سے اپنے اپنے مذہب اور طریقے کی اشاعت مین سرگرم تھے۔ اور کوئی اُنکو نہ روکتا تھا۔ اور جب تک کوئی شخص مُلک کے پولٹیکل معاملات سے الگ تھلگ رہتا کبھی اُس کے مذہبی معاملات مین دست اندازی نہ کیجاتی تھی۔ چنانچہ گرو رامانند بابا کبیر داس۔ گورو نانک۔ مہا پربھو چیتنین جی۔ روپ سناتن گوسائین۔ بلبہ آچاریہ جی۔ باباسور داس جی۔ گوسائین تلسی داس۔ بابا توکارام وغیرہ کے حالات اِسکے ثبوت مین موجود ہین اور ہندؤنکی طرح تعلیم یافتہ مسلمان بھی اُنکو عزت وعظمت کے ساتھ یاد کرتے ہین۔

غیر مذہب والے اسلام پر یہ اعتراض بھی کرتے ہین کہ اُس نے غیر مذہب والون پر کافر ہونیکا ٹیکس جزیہ کے نام سے لگا کر مسلمانون اور غیر مذہب والونمین نہایت متعصبانہ اور نامناسب تفرقہ قائم کیا ہی۔ اور یہ ایک ایسا جبر تھا جس سے بچنے کے لئے غیر قومین اسلام قبول کرنا گوارا کرلیتی تھین۔ علامۂ زمان شمس العلما مولانا محمد شبلی صاحب نعمانی نے ایک مستقل رسالہ الجزیہ کے نام سے لکھکر اِس الزام کی بخوبی تردید کردی ہے اور نہایت قوی اور متین دلیلون اور مستند تاریخی روایتون سے ثابت کردیا ہے کہ جزیہ دراصل فارسی کے لفظ گزیہ کا جس کے معنی خراج کے ہین معرب ہے اور سب سے پہلے نوشیروان نے جو دنیا مین عادل لقب سے مشہور ہے جزیہ کے قواعد مقرر کئے تھے۔ اور عموماً اہل فوج کو اِس ٹیکس سے بری رکھا تھا۔ اسلام نے جو انتظام قائم کیا اُس کی رو سے ہر مسلمان فوجی خدمت کے واسطے مجبور کیا جا سکتا تھا۔ جب

[1] ہندوستان گذشتہ وحال مطبوعۂ آگرہ سنہ ۱۹۰۱ء صفحہ ۱۰۲

غیر مذہب والون پر اسلام کی حکومت ہوئی اور اُن کی حفاظت مسلمانون کو کرنی پڑی تو چونکہ اُنکو فوجی خدمت پر مجبور کرنیکا اسلام کو کوئی حق حاصل نہ تھا۔ نہ وہ لوگ ایسی پُرخطر خدمات کے واسطے بہ خوشی راضی ہو سکتے تھے۔ اس لئے ضرور تھا کہ وہ اپنی محافظت کیلئے کوئی معاوضہ دین۔ اسی معاوضہ کا نام جزیہ تھا۔

جزیہ کی عام شرح تین رُوپیہ اور چھ رُوپیہ سال تھی۔ خاص خاص حالتون مین زیادہ تعداد بیس رُوپیہ سالانہ تھی۔ کسی کے پاس لاکھون روپیہ ہون تو اس سے زیادہ نہین دینا پڑتا تھا۔ بیس برس سے کم عمر اور پچاس برس سے زیادہ عمر والے۔ اور عورتین۔ مفلوج معطل العضو۔ نابینا۔ مجنون۔ اور مفلس لوگ جن کے پاس دو سو درہم سے کم ہون۔ جزیہ سے مستثنیٰ تھے۔ کیا کوئی شخص خیال کر سکتا ہے کہ ایسے ہلکے ٹیکس سے بچنے کیلئے دنیا مین ایک شخص نے بھی اپنا مذہب چھوڑا ہوگا۔

یہان پر یہ بتا دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہو کہ جسطرح یہ فوجی ٹیکس صرف غیر مذہب والون سے لیا جاتا تھا اُسی طرح صرف مسلمانون سے زکوٰۃ اور عشر کا ٹیکس اُس سے بہت زیادہ تعداد مین وصول کیا جاتا تھا۔

یہ بات بھی قابل یاد رکھنے کے ہو کہ اگر کسی غیر قوم نے فوجی خدمت پر رضامندی ظاہر کی تو وہ اُسی طرح جزیہ سے بری رہی جس طرح خود مسلمان۔ ہندوستان مین بعض بعض مسلمان بادشاہ ہندؤن سے جزیہ لیتے رہے۔ سلطنت کے انقلابون مین کبھی موقوف ہو جاتا تھا۔ کبھی مقرر ہو جاتا تھا۔ اکبر کے وقت مین جب ہندؤن نے فوجی ملازمت اختیار کرلی تو ۲۵ جلوس ۹۸۸ھ مین عام طور سے جزیہ معاف کر دیا گیا۔ اورنگ زیب نے ست نامی فرقہ اور دیگر ہندؤن کی بغاوت سے برافروختہ ہو کر ۲۲ جلوس ۱۰۹۰ھ مین پھر جزیہ مقرر کر دیا لیکن جو ہندو فوجی ملازمت مین تھے جزیہ سے مستثنیٰ رہے۔ چنانچہ راجپوتانہ کے جملہ راجہ جو فوجی خدمات انجام دیتے تھے جزیہ سے بری تھے۔ صرف رانا اُدے پور جو

فوجی خدمت بجا نہ لاتا تھا جزیہ ادا کرتا تھا۔ اور جزیہ کے عوض مین اُس نے اپنے دو پرگنے مانڈل پورا اور بدل پور بادشاہ کے حوالے کر دیئے تھے۔

ہندوستان مین بادشاہون پر یہ الزام بھی لگایا جاتا ہو کہ اُنھون نے ہندؤنکو جبراً مسلمان کیا اور ہندوستان مین مذہب اسلام کو تلوار کے زور سے پھیلایا اس غلط اور متعصبانہ الزام کی تردید غیر مذہب والونکی تحریرون سے کیجاتی ہے۔

سر الفرڈ لائل نے لکھا ہو کہ جو فاتحین اسلام شمالی ہند مین شاہی خاندانون کے بانی ہوئے یا جنھون نے دکن مین اسلامی سلطنتین قائم کین اُن کو مذہب کی کچھ پروا نہ تھی۔ ان مین اکثر ایسے تھے جن کو تبلیغ مذہب کی مہلت ہی نہین ملی کیونکہ یا تو ملک کے فتح کرنے مین اُن کا وقت صرف ہوا۔ یا خانہ جنگیون سے اُن کو فرصت نہ ہوئی۔ یہ مسلمان فاتح اکثر وحشی مغل یا تاتاری ہوتے تھے۔ پیغمبر عرب کے دین پر خود اُن کو استحکام نہ تھا۔ اور وہ جوش اور ولولہ جو سام ابن نوح کی اولاد کا خاصہ ہو اور جس کا نمونہ عرب کے قدیم عام برادران اسلام نے دکھایا تھا چھو بی نہ گیا تھا۔ جو سلطنت اِنھون نے قائم کی اُسکی حیثیت ہمیشہ جنگی رہی۔[1]

ہندوستان کے مسلمان فاتحون کے دل مین کوئی ایسا خیال جسکو دوسرون کی آخرت کی بھلائی چاہنے کا خیال کہتے ہین موجود نہ تھا جو مذہب کے ہر سچے داعی کے دل مین ہوا کرتا ہے۔ اور جس نے خود اسلام کی اشاعت مین بڑے بڑے کام کیے۔ خلجی۔ تغلق۔ لودی لڑائیون مین عموماً ایسے مصروف رہے کہ اسلام کی ترقی دینے کی مہلت نہ ہوئی۔ لوگون کو مسلمان کرنیکی جگہ ملکون سے خراج وصول کرنیکا اُنکو زیادہ خیال رہا۔[2]

---

[1] سر الفرڈ لائل ایشیاٹک سٹڈیز صفحہ ۲۸۹ مطبوعہ لندن ۱۸۸۲ء۔

[2] دعوت اسلام ترجمہ پریچنگ آف اسلام مصنفہ۔ ٹی۔ ڈبلو۔ آرنلڈ صاحب بی۔ اے۔

خاندان مغلیہ مین اورنگ زیب اور جنوبی ہند مین حیدر علی اور ٹیپو سلطان پر مذہبی سختی اور ہندؤن کو جبراً مسلمان کرنیکے الزام بہت لگائے جاتے ہین۔ پروفیسر آرنلڈ صاحب نے اپنی کتاب "پریچنگ آف اسلام" مین اسکی نسبت تین چار مقامی روایتین بیان کرکے لکھا ہے "ان باتون کے پڑھتے وقت یہ یاد رکھنا چاہئے کہ اِن کی شہادت مین صرف مقامی اور خاندانی روایتین ہین لیکن اورنگ زیب کے عہد کی کتب تواریخ مین جہانتک مجھکو پتہ چلا ہے بجبر مسلمان کرنیکا کہین ذکر نہین۔ اور قرین قیاس ہے کہ اورنگ زیب نے جسکی طبیعت مین مذہب کا بڑا جوش تھا شمالی ہند کے نسبت ہندؤنکو اِس بات کا موقع دیا کہ وہ اپنے مسلمان ہونیکی وجہ کو اس بادشاہ کا ظلم قرار دین۔ اور یہ وجہ ایسی ہے جس کے بتانے مین کچھ دقت نہین ہوتی ہے۔ اسی طرح حیدر علی اور ٹیپو سلطان نے جو قریب زمانے کے مشہور بادشاہ گذرے ہین اس بات مین شہرت حاصل کی کہ انھون نے بہت سے ہندو خاندانون اور ہندو رعایا کی بعض حصّون کو زبردستی مسلمان کرلیا۔ حالانکہ اِن کا مسلمان ہونا اِن بادشاہون کے عہد سے بہت پہلے کا واقعہ[1] ہے"۔

اورنگ زیب نے ترقی دین کے جوش مین نومسلمون کے ساتھ کھلے ہاتھ سے فیاضی کی۔ لیکن اس نے غیر مذہب کے لوگون پر مذہبی باتون مین سختیان نہین کین[2]۔

ہندوستان مین اِشاعتِ اسلام کے مختصر حالات اگر اِس موقع پر لکھے جائین تو غالباً بے موقع نہ خیال کئے جاوین گے۔ ہندوستان مین مسلمانونکی عملداری قائم ہونے سے پہلے داعیان اسلام کے ذریعے سے اسلام پھیلنا شروع ہوگیا تھا۔ داعیان اسلام ہندوستان کے مختلف دور و دراز ملکون اور راجپوتانہ کے ریگستانی

---

[1] گزیٹیر صوبہ بمبئی جلد ۲۲ صفحہ ۲۲۳ و جلد ۲۳ صفحہ ۲۸۲۔

[2] تاریخ ہند مترجمہ الگزانڈر ڈاؤ جلد ۳ صفحہ ۳۶۱ مطبوعہ لندن سنہ ۱۸۱۲ء۔

حصّون مین پہونچ گئے تھے۔ اور نہایت سلامت روی سے اسلام کی اشاعت مین
مصروف تھے۔ چنانچہ جہان جہان ان نیک نیت داعیان اسلام کا قدم پہونچا
اسلام کو اپنی اشاعت مین بلا جبر و اکراہ بڑی اور مستقل کامیابی حاصل ہوئی۔ اسلام ہر
شخص سے خود مخاطب ہوا اور فرمان رواؤن سے لیکر مفلسون تک مین سے لاکھون
کو اپنا پیرو بنا لیا۔ بہت سی قومین جو صدہا سال سے ہندوؤن کے طبقے سے خارج
اور نہایت ذلت و خواری سے اپنے دن کاٹ رہی تھین۔ اُن کو اسلام نے
اپنے اخوت کے دائرے مین لیکر عزّت کے اعلیٰ درجہ پر پہونچا دیا۔ سلطنت اسلامیہ
کے قائم ہونیکے بعد اگرچہ ہندوستان مین مسلمانون کو مُلکی غلبہ حاصل ہوگیا۔ اور مذہب
اسلام کی اشاعت مین کسی کو مجال مزاحمت کی نرہی تھی۔ لیکن عام طور سے ان
بادشاہون اور ان کے امیرون کا رویّہ ایسا بُرا تھا کہ غیر مذہب والے ان کے
اسلام کی حالت دیکھکر مذہب اسلام کو کبھی اچھا تصوّر نہ کر سکتے تھے۔ اکثر بادشاہ
شراب و کباب عیش و عشرت کے متوالے تھے۔ اور اُنھون نے تمام فرائض
مذہبی کو بالائے طاق رکھدیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام کو اُن مقامات مین جہان
اسلامی عملداری اور اقتدار نہ تھا بہ نسبت اُن مقامات کے جہان اُنکی حکومت مدتون
تک نہایت شان و شوکت اور عظمت سے قائم رہی بہت زیادہ کامیابی حاصل
ہوئی۔ چنانچہ دہلی اور آگرہ کے قرب و جوار مین جہان اسلامی قوت اور سطوت کا
صدیون تک مرکز رہا مسلمانون کی تعداد بہت کم ہے برخلاف اس کے جنوبی
ہندوستان اور مشرقی بنگالہ مین جہان مسلمانون کی پولٹیکل قوت بہت ہی ضعیف
تھی اُن کی اوسط تعداد ان ممالک سے بہت زیادہ ہے۔

داعیان اسلام نے تعداد کے لحاظ سے جیسی کامیابی صوبہ بنگال مین حاصل
کی۔ اُسکی نظیر کسی دوسرے صوبے مین نہین ملتی ۱۸۷۲ء مین جبٹ مل کا باپ

راجہ کانس مرگیا تو اُس نے راج کے تمام سرداروں کو جمع کیا اور اُن کے سامنے مسلمان ہونیکا قصد ظاہر کیا اور کہا کہ ایسی حالت مین اگر تمھین میری سلطنت سے انحراف ہو تو مین بہت خوشی سے اپنے چھوٹے بھائی کو راج کا مالک کر دون گا۔ تمام سردارون نے متفق ہو کر جواب دیا۔ کہ ہم آپکے مطیع اور فرمان بردار ہین۔ امور دُنیوی مین مذہب اور دین کا کچھ کام نہین ہے۔ جتمل نے علمائے لکھنوتی کو طلب کر کے مذہب اسلام اختیار کیا اور اپنا نام جلال الدین رکھا۔ اسکے زمانۂ حکومت مین کثرت سے لوگ مسلمان ہوئے۔ مشرقی بنگال مین مسلمانونکی ساڑھے پانچسو برس کی حکومت مین صرف اسی نومسلم بادشاہ کا عہد ایسا ہے جس مین بیان کیا گیا ہے کہ ہندؤن پر ظلم ہوے۔ بنگالی نومسلمون کی کثرت ایسے شہرون مین نہین جو کسی زمانہ مین اسلامی سلطنت کا پایہ تخت رہا ہے بلکہ اُنکی جسقدر کثرت ہے وہ دیہات یا ایسے ضلاع مین ہے جہان مغربی صوبون کے نوآباد مسلمانون کا نشان تک نہین[۱]۔

اسیطرح عالمگیر کے عہد مین کشتوار (صوبہ کشمیر) کے راجپوت راجہ نے حضرت شاہ فریدالدینؒ کے کرامات مشاہدہ کر کے اسلام قبول کیا۔ اور راجہ کے مسلمان ہوتے ہی رعایا بھی کثرت سے مسلمان ہوگئی[۲]۔

کشمیر کے سبسے پہلے مسلمان بادشاہ کی نسبت بھی بیان کیا جاتا ہے کہ اُس نے چودھوین صدی عیسوی مین کسی درویش بلبل شاہ نامی کی ہدایت اور تلقین سے مذہب اسلام قبول کیا تھا[۳]۔

غرضکہ ان نیک نیت داعیان ملّت اسلامیہ نے جو انسان کے دلون کے بادشاہ تھے اپنی اخلاقی قوت سے اکثر سلطنتون کی کایا پلٹ دی۔ اور اپنا روحانی اثر

[۱] دعوت اسلام۔ تاریخ فرشتہ۔ [۲] دعوت اسلام بحوالہ الف ڈریو رجمون اور کشمیر کی ریاستین صفحہ ۷ مطبوعہ لندن ۱۸۷۵ء [۳] دعوت اسلام۔

اخلاقی اثر غیر مسلم قوموں پر ایسا چھوڑ گئے کہ صدیاں ہو گئیں۔ نسلوں پر نسلیں گذرتی جاتی ہین۔ مگر اب تک موجود ہے۔ ہندوستان مین کسی مشہور بزرگ کا عرس ایسا نہین ہوتا کہ جسمین مسلمانون کے ساتھ ہزارون تعلیم یافتہ ہندو نہایت عقیدت و اخلاص سے نہ شریک ہوتے ہون۔ عوام مین تو یہ بزرگ اسقدر مانے جاتے ہین کہ سنہ ۱۸۹۱ء کی سرکاری مردم شماری مین صرف ممالک مغربی و شمالی و اودھ مین ۲۳۰۳۶۴۳ ہندوٴن نے جو اس صوبہ کی کُل ہندو آبادی کے ۵۲۷۸ تھے اپنا مذہب پیر پرست لکھوایا تھا۔

اس مقام پر یہ دکھانا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے پیشوایان دین اور حاملان شرح متین اور فاضل مورخین جنکا اقتدار اُس زمانے مین نہ صرف عام رعایا بلکہ بادشاہون اور امیرون پر بھی بیحد تھا۔ ہندوٴن اور اُن کے مذہب کے نسبت کس قسم کے بے تعصبانہ خیالات رکھتے تھے۔

حضرت میرزا مظہر جان جانان علیہ الرحمۃ۔ جو سلوک اور تصوف مین بہت بڑے پایہ کے شخص گذرے ہین۔ یہان تک کہ قاضی ثناء اللہ صاحب کو آپ کی کفش برداری پر ناز تھا۔ ان سے کسی نے دریافت کیا کہ ہندو مذہب کی نسبت ہمکو کیا اعتقاد رکھنا چاہیئے۔ آپ نے مفصل خط مین اس کا جواب لکھا۔ یہ خط انکے مکاتیب کے مجموعے مین شائع ہو چکا ہے۔ اُس کا اُردو ترجمہ معہ اصل متن کے شمس العلماء مولانا شبلی صاحب نعمانی نے شائع فرمایا ہے۔ بوجہ طوالت اصل متن کو چھوڑ کر اُردو ترجمہ درج کیا جاتا ہے۔

آپ نے دریافت کیا تھا کہ کیا کفار ہند کا مذہب بھی مشرکین عرب کی طرح کوئی اصل نہین رکھتا ہے۔ یا اُسکی کوئی اصل ہے۔ اور دیگر ادیان کی طرح منسوخ ہو گیا ہے اور ان کے اسلاف کی نسبت کیا اعتقاد رکھنا چاہیئے۔ اس لئے ایک مختصر بیان

بطور تحقیق و انصاف لکھا جاتا ہی جسقدر اہل ہند کی پورانی کتابون سے معلوم ہوتا ہے
وہ یہ ہے کہ رحمت الٰہی نے انسان کی ابتدائی پیدائش کے زمانے مین اُن کے
معاد اور معاش کی درستی کی غرض سے ایک کتاب بید جس کے چار دفتر ہین
اور جو تمام امر و نہی اور واقعات گذشتہ او رآئندہ کا مجموعہ ہے۔ ایک فرشتہ برہما
کے ذریعے سے جو ایجاد عالم کا واسطہ ہی نازل کی۔ اُس زمانے کے علمائے
مجتہدین نے اس کتاب سے چھ مذہب استنباط کر کے عقائد کی بنیاد اُن پر قائم
کی' اِس فن کو دھرم شاستر کہتے ہین جس سے علم کلام مراد ہے۔ اسی طرح چار
قومین قرار دین۔ اور چار طریقے اُس کتاب سے مستنبط کر کے ہر طریق کے لیے
ایک مسلک خاص مقرر کیا۔ اور تمام اعمال اور افعال کی بنیاد انھین طریقون پر
قائم کی۔ اس فن کو کرم شاستر کہتے ہین جس سے علم فقہ مراد ہے۔

چونکہ یہ لوگ احکام مین نسخ و تبدیل کے قائل نہین ہین اور عقل اس کو تجویز
کرتی ہے کہ ہر زمانے مین انسانی طبائع کے لحاظ سے اعمال و احکام مین تغیر و تبدل
ہو۔ اِس لئے اُنھون نے زمانے کی چار تقسیمین کین۔ اور ہر ایک کا نام جگ مقرر
کر کے ہر ایک کے لئے اُس کتاب سے ایک دستور العمل مرتب کیا۔ اسکے بعد متاخرین
نے جو کچھ تصرف کیا ہے وہ پایہ اعتبار سے ساقط ہے۔

ان کے تمام فریق خدا کی وحدت کو تسلیم کرتے ہین۔ اور تمام عالم کو حادث اور
مخلوق مانتے ہین اور نظام عالم اور حشر و نشر جسمانی اور نیک و بد کی سزا اور جزا کا
اقرار کرتے ہین۔ اور تمام علوم عقلیہ و نقلیہ اور ریاضت و مجاہدات اور تحقیق
معارف و مکاشفات مین جس قدر اُن کو مہارت و یدطولی حاصل ہے وہ اِن کے
کتب خانون سے جو ابتک موجود ہین معلوم ہو سکتا ہے۔ اور یہ بُت پرستی کی
رسم بغرض عبودیت اور شرک نہین۔ بلکہ اس سے دوسری غرض ہے۔ اِنکے

مذہب سکے عقلاء نے انسانون کی عمر کے چار حصے مقرر کئے ہین۔(۱) علوم وآداب کی تحصیل کیلئے (۲) معاش اور اولاد کے لئے (۳) درستی اعمال اور تہذیب نفس کی غرض سے (۴) ترک دنیا اور تجرد کی مشق مین جو انسان کی ترقی کا اعلیٰ معیار ہے اور نجات کبریٰ جس کو مہا مکت کہتے ہین اسی پر موقوف ہے۔

الحاصل اُن کے اُصول مذہب مین ایک ایسا نظم ونسق پایا جاتا ہی جس سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ یہ دین بھی مرتب لیکن منسوخ شدہ ہے۔

ہماری شریعت مین ادیان منسوخہ مین سے سوائے یہود ونصاریٰ کے کسی دین کا ذکر نہین کیا گیا۔ حالانکہ اس کے علاوہ بہت سے دین منسوخ ہو چکے ہین۔اور بہت سے مذاہب اس صفحۂ ہستی سے نابود ہو گئے۔ پس غور کرنا چاہیئے کہ یہ آیۂ کریمہ وان من امة الا خلا فیہا نذیر ۝ ولکل امة رسول ۝ سے معلوم ہوتا ہی کہ ممالک ہند مین بھی رہنما پیغمبر بھیجے گئے ہین جنکے احوال اُن کی کتابون مین موجود ہین۔اور اُن کے اخبار اور آثار سے جو ہنوز باقی ہین یہ معلوم ہوتا ہی کہ یہ لوگ ذی رُتبہ اور صاحب کمال تھے۔اور خدا کی رحمت نے اِس وسیع سرزمین مین بھی ہندوُن کے مصالح واغراض کو ملحوظ رکھا ہے۔

مشہور ہی کہ جناب خاتم الرسلؐ سے پہلے ہر قوم مین ایک نبی بھیجا گیا۔اور اُس قوم پر اُسی نبی کی اطاعت واجب ہوتی تھی۔دوسری قوم کے نبی سے اُن کو غرض نہ ہوتی۔ لیکن ہمارے پیغمبر خاتم المرسلینؐ کے ظہور کے بعد جو تمام دنیا کے نبی بنا کر بھیجے گئے اور جنکا دین تمام ادیان کا ناسخ ہے۔کوئی شخص شرق وغرب مین اس بات کا مجاز نہین کہ آپ کی اِطاعت سے باہر قدم رکھ سکے۔اِس لئے اب صرف وہی لوگ کافر ہونگے جو آپکی ابتدائے بعثت سے آج تک جس کو ایک ہزار ایکسو اسّی سال ہوتے ہین۔ آپ پر ایمان نہ لائین نہ وہ لوگ جو اس مدت سے پہلے رحلت کر چکے۔

اور جبکہ ہماری شریعت حسب تصریح مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ اکثر انبیاء کے حال سے ساکت ہے تو ہمکو بھی ان لوگون کے حق مین سکوت اختیار کرنا چاہیئے۔ نہ ہمکو ان کے مقلدین کے کفر و الحاد پر ایمان واجب ہے۔ نہ اُن کی نجات پر اعتقاد فرض ہے۔ لیکن اگر تعصب نہ ہو تو احتمال حُسن ظن موجود اور متحقق ہے۔ اسی طرح اہل فارس بلکہ تمام امم ماضیہ کے حق مین جو جناب خاتم المرسلین سے پہلے گزر چکی ہین۔ اور شریعت ان کے حق مین ساکت ہو یہی اعتقاد رکھنا چاہیئے۔ اور بے نصِ قطعی کسی کو کافر نہ کہنا چاہیئے۔

بُت پرستی کی حقیقت یہ ہو کہ بعض فرشتے جنکا تصرف جناب باری کے حکم سے اس عالم مین جاری ہے۔ یا بعض کاملین کی روحین جنکا تصرف اِس قالب کے چھوڑنے کے بعد اس عالم مین باقی ہے۔ یا بعض زندہ افراد جو اُن کے اعتقاد مین حضرت خضر علیہ السلام کی طرح تا ابد زندہ رہین گے۔ یہ لوگ اُن کی تصویرین بنا کر توجہ کرتے ہین اور ایک مدت کی مشق مین اُس صاحب صورت سے مناسبت پیدا کر لیتے ہین۔ اور اُسی نسبت سے تمام حوائج معاش و معاد کو حاصل کرتے ہین۔ یہ طریقہ بالکل ذکر رابطہ سے مشابہت رکھتا ہے جو تمام صوفیان اسلام کے یہان معمول بہ ہے کیونکہ وہ بھی صورت شیخ کا تصور کرتے ہین۔ اور اس کے ذریعے سے شیخ کے کمالات کو حاصل کرتے ہین۔ فرق صرف اس قدر رہجاتا ہے کہ حضرات صوفیہ شیخ کی تصویر نہین بناتے اِس اعتبار سے یہ عقیدہ کفار عرب سے کچھ مناسبت نہین رکھتا۔ کیونکہ کفار عرب بتون کو تصرف الٰہی کا ذریعہ نہین سمجھتے تھے بلکہ اُن کو بلا واسطہ موثر اور متصرف خیال کرتے تھے۔ اور اُن کو خدائے زمین اور خدا کو خدائے آسمان کہتے تھے اور یہی شرک ہے۔

اور یہ سجدے کی رسم اُن مین بغرض عبودیت نہین ہے۔ بلکہ یہ سجدہ سجدۂ تحیت ہے

کیونکہ اِن کے یہان مان اور باپ اور پیر اور اُستاد کے لئے بجائے سلام کے بھی سجدہ معمول یہ ہی جس کو ڈنڈوت کہتے ہین۔ اور اعتقاد تناسخ مستلزم کفر نہین ہے۔

مشہور مورخ البیرونی جو سلطان محمود غزنوی کے ساتھ ہندوستان مین آیا تھا ہندوؤن کی نسبت لکھتا ہی۔ "ہندو گو بت پرست کہے جاتے ہین مگر بت پرستی عوام الناس مین ہے عقلا مین نہین ہی وہ ایک خدا کو جسکی ابتدا اور انتہا نہین ہی جو اپنی مرضی سے جو چاہتا ہی کرتا ہی۔ جو قادر مطلق ہی۔ جو دانائے کل ہی۔ جو سارے مین موجود ہی۔ زندگی بخشتا ہی۔ حکومت کرتا ہی۔ اور سب کی حفاظت کرتا ہے۔ جو اپنی بادشاہی مین نرالا ہی جسکی مشابہت کسی چیز سے نہین ہو سکتی۔ مانتے ہین[1]"

فاضل بے نظیر علامی ابو الفضل آئین اکبری مین لکھتے ہین۔

مین ہندو عقلمندون کی صحبت مین بہت رہا ہون۔ اور مین نے اُن کے ہر فرقے اور مذہب کے مسائل معلوم کر کے اِس کتاب مین اِس غرض سے لکھے ہین۔ کہ آئندہ کے عقلمند افلاطون وارسطو اور صوفیون کے مسائل سے اُن کا مقابلہ کر کے بلا دخل دینے تعصب کے یہ معلوم کر سکین گے۔ کہ حقیقت کیا چیز ہے۔ ہندوؤن کی کتابون مین نہایت بے بہا اور اعلی ہدایتین ہین۔ مین اپنے مضمونکو کیسے ادا کرون جبکہ مین کار دنیا مین غرق ہون.......... (ہندو) خدا کو خوش کرنیکی غرض سے اپنی زندگی کو بخوشی دیدیتے ہین۔ سب لوگ خدا کو ایک مانتے ہین۔ اور اگر لوگ پتھر اور لکڑی کی مورت یا کسی اور چیز کی تعظیم کرتے ہین تو اُس کو بیوقوف آدمی تو بت پرستی جانتا ہے مگر مین نے بہت سے عقلمندون سے معلوم کیا ہے۔ کہ اُنھون نے بعض خدا پرستان مقبول بارگاہ کی تصویر کو وسیلہ اپنی دلجمعی کا مقرر کیا ہے تاکہ اُن کا دل دوسری طرف منتشر نہ ہو اور وہ خدا کی عبادت ضروری سمجھتے ہین۔ اور تمام اپنی

---

[1] ہندوستان گذشتہ وحال صفحہ ۱۹ مطبوعۂ آگرہ سنہ ۱۹ء

عبادت اور عادتون مین اُسی سے مدد مانگتے ہین۔ اور اُسی کو سب سے برتر سمجھتے ہین۔ اور برہما۔ کو جس کا کچھ ذکر اِس کتاب کے شروع مین ہو چکا ہے اپنا خالق اور بشنو کو پالنے والا اور قائم رکھنے والا مخلوق کا جانتے ہین۔ اور رُدر کو جنھین مہادیو بھی کہتے ہین نیست و نابود کرنے والا مانتے ہین۔ ایک گروہ کا یہ خیال ہے کہ خدا نے اِن تینون پاک مورتون مین اِس طرح جنم لیا ہے کہ قطعی ناپاک نہ ہوا۔ اور یہ مثال بعینہ ایسی ہے کہ جس طرح نصاریٰ مسیح کو بزرگی دیتے ہین۔ اور ایک گروہ اس بات پر ہے کہ انسان اپنی نفاست اور خداپرستی اور نیک عادتون سے اعلیٰ رتبے پر پہونچتا ہے۔ غرضکہ خداپرستی اور نفس کشی اِن لوگون مین اِس قدر ظاہر ہوتی ہے کہ اور کسی ولایت مین نہین سُنے[1]۔

مولانا شاہ عبدالعزیز دہلویؒ سے جو بڑے پایہ کے محدث اور عالم تھے ایک شخص نے دریافت کیا کہ حضور "کنہیاجی" کے حق مین کیا فرماتے ہین۔ آپنے فرمایا کہ بہتر تو یہ ہے کہ اُن کے حق مین چُپ رہنا چاہیئے لیکن بھاگوت سے جو ہندون کی معتبر کتاب ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ "کنہیاجی" اولیا مین سے تھے۔ اور اُن کے مقام متھرا وغیرہ بلاشک عشق انگیز ہین یعنی اُن مقامون مین اللہ کا عشق دل سے جوش کرتا ہی حضرت "شاہ عبدالرزاق صاحب بانسوی" فرماتے تھے کہ جب مین حج کو جاتا تھا کنہیاجی کے مقامون مین سے ہو کر گذرا۔ اُن کی روح میرے سامنے حاضر ہوئی اور پانچ اشرفیان نذر کین کہ مکہ شریف یعنی مکہ شریف کو آپ جاتے ہین اِس کو خرچ کیجیے۔ مین نے قبول نہ کیا اور کہا کہ مین مسلمان ہون۔ اللہ کے سوا اور کسی سے مدد نہین چاہتا۔ اِس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ "کنہیاجی" نجات والون مین سے ہین[2]۔

[1] ہندوستان گذشتہ و حال و آئین اکبری۔ [2] بشارت احمدی مطبوعہ مطبع یوسفی لکھنؤ صفحہ ۱۱۔

مولوی عبد العزیز صاحب لکھنوی مصنف بشارت احمدی اپنی کتاب کے آخر مین مسلمانون کو نصیحت کرتے ہین کہ اُن کو لازم ہے کہ "راجہ رام چندر" اور "کنہیا جی" وغیرہ اگلے بزرگون کو بُرا کہنے سے توبہ کرین البتہ جو ہندو اُن کو خدا سمجھکر پوجتے ہین اُن کے رسمون اور میلون اور تماشون سے لاکھون کوس بھاگین[۱]۔

یہی نہین کہ ہمارے مذہبی پیشواؤن اور عالمون نے ہندوؤن کے مذہب کی نسبت اِس قسم کی بے تعصبی کے خیالات ہی ظاہر کئے ہون بلکہ جب کسی متعصب بادشاہ نے کسی بات پر جوش مین آکر ہندوؤن کے مذہبی فرائض کے ادا کرنے مین رُکاوٹین پیدا کرنے کا ارادہ کیا تو اُنھون نے نہایت آزادی سے اُس کی مخالفت کی۔ اور اگر کسی موقع پر ظالم بادشاہ کے خوف سے جرأت نہ کرسکے تو اُس کے مرنیکے بعد اُسکی تلافی پر آمادہ ہوگئے۔

تھانیسر ہندوؤن کا متبرک مقام ہے۔ وہان ہر سال اشنان کا میلہ نہایت دھوم دھام سے ہوتا ہو سلطان سکندر لودی نے جس نے سید سالار مسعود غازی رح کے نیزہ کا مشہور میلہ بھی بند کردیا تھا اس میلے کے بھی بند کرنیکا ارادہ ظاہر کیا میان عبد اللہ اجودھی نے جو بڑے مشہور عالم اور بزرگ تھے اِس معاملے مین بادشاہ کی سخت مخالفت کی۔ اور نہایت آزادی سے فرمایا۔ کہ بتخانے کو ویران کرنا کسی طرح جائز نہین۔ اور جس حوض یا دریا مین قدیم سے غسل ہوتا آیا ہے۔ اُس کی ممانعت کرنا کسی طرح روا نہین ہے۔ یہ جواب سُنکر بادشاہ کو بہت غصّہ آیا اور خنجر ہاتھ مین لیکر اُن کی طرف دوڑا اور کہا کہ تو کفّار کی حمایت کرتا ہے۔ اُنھون نے اُسی آزادی سے پھر جواب دیا کہ جو کچھ شرع شریف کا حکم ہے وہ بتاتا ہون ماننا نہ ماننا آپکے اختیار مین ہے۔ یہ جواب سُنکر بادشاہ کا غصہ ٹھنڈا ہوا۔ اور وہ اِس خیال سے درگذرا[۲]۔

[۱] بشارت احمدی صفحہ ۱۱۰ [۲] تاریخ فرشتہ وغیرہ۔

سلطان سکندر روالی کشمیر کے عہد مین "سیہ بُت" نام ایک برہمن مسلمان ہوگیا اور ترقی پاکر وزارت کے درجے پر پہونچ گیا۔ اس نومسلم نے ہندؤن کی ایذا رسانی مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا چونکہ بادشاہ کے مزاج مین وہ بہت دخیل تھا لہذا اُسکے احکام مین کوئی دم نہ مار سکا۔ جب سلطان سکندر کا انتقال ہوگیا اور اُس کا بیٹا شاہی خان سُلطان زین العابدین کے نام سے تخت نشین ہوا۔ تو اُس نے علماء اور فضلائے عہد کے مشورے سے "سیہ بُت" کے عہد کے تمام احکام کو منسوخ کرکے اُن کل برہمنون کو جو سیہ بُت کے خوف سے مُلک سے نکل گئے تھے ممالک دور و دراز سے سفر خرچ بھیجکر بُلا لیا۔ اور اُن کے واسطے جاگیرین مقرر کردین۔ اور اپنی رعایا کو ہر قسم کی مذہبی آزادی دیکر مندرون کے اخراجات کے واسطے جاگیرین اور وظیفے مقرر کردیئے۔ جو لوگ سیہ بُت کے خوف سے مسلمان ہوگئے تھے اُن کے واسطے حکم دیا کہ جس مذہب کی چاہین پیروی کرین۔ چنانچہ وہ سب اپنے اصلی مذہب کی پیروی کرنے لگے۔ بادشاہ نے اسی پر بس نہین کی بلکہ باپ کے عہد کے مظالمانہ احکام کی تلافی کی غرض سے جزیہ معاف کرکے اپنے تمام ممالک محروسہ سے گاؤ کشی کی بھی ممانعت کردی[۱]۔

اس قسم کی عام مذہبی آزادی کے مقابلہ مین اگر کسی خاص بادشاہ کے اصلی یا فرضی مذہبی تعصب کے واقعات کو پیش کرکے یہ کہا جاوے کہ اسلامی حکومت مین مذہبی آزادی کا نام تک نہ تھا ظلم نہین تو کیا ہے اگر کسی خاص بادشاہ نے مقررہ اصول کے خلاف کیا تو اُس کا اعتراض سب بادشاہون پر نہین ہو سکتا بعض بعض بادشاہون نے خود مسلمانون پر ایسے ایسے ظلم کئے ہین کہ اُن کو سُنکر رونگٹے کھڑے ہوتے ہین۔ علاء الدین خلجی نے جالور کے پٹھانون کی بغاوت کو اِس سختی سے

---

[۱] تاریخ فرشتہ۔ و تاریخ ہند مولفہ شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ خان وغیرہ۔

فرو کیا کہ اُن کی عورتون کو سر بازار ہندوؤن کے حوالے کر کے بے عزت کرایا۔ کیا یہ بھی کسی تعصب کی وجہ سے تھا۔

اس قسم کی خاص خاص مثالین مسلمانون ہی کی تاریخ مین موجود نہین بلکہ خود ہندوستان ہی مین بودہ اور جین اور برہمن مذہب کے پیروکار ایک دوسرے کے مندرون اور مورتون کو تباہ و برباد کر چکے ہین شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ خان گجرات کی تاریخ مین لکھتے ہین۔ "اور کتابین بھی ہین جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مُلک گجرات مین جین اور برہمن مذہب مروّج تھے جو ایک دوسرے کے استیصال کے درپے رہتے تھے ہمیشہ ان کے درمیان مین جنگ و پیکار رہتی تھی۔ ایک دوسرے کی عبادتخانون کو مسمار کرتے تھے جنکے کھنڈر اب تک موجود ہین۔ ابتدا مین جین مذہب والون کا ستارہ چمکا۔ آخر کو برہمن مت کا عروج ہوا۔"

اسی طرح بودہ مذہب والون نے اپنے عروج کے زمانے مین ہندون کے مندرون کو غارت کیا جنھین بقول مصنف "ہندوستان گذشتہ و حال" شنکراچاریہ جی مہاراج نے از سر نو تعمیر کرایا۔[1]

باب سوم

مال و جائداد اور قانونی اور دیگر معاشرت کے حقوق

ہندوستان کی تمام تاریخین اِس بات کی شاہد ہین کہ مسلمانون نے اپنے عہد حکومت مین مال و جائداد اور قانونی اور معاشرت کے تمام اُمور مین ہمیشہ فاتح اور مفتوح کے حقوق کو مساوی درجے پر قائم رکھا ہے۔ جب کوئی نیا مُلک فتح ہوا تو

---

[1] ہندوستان گذشتہ و حال۔ صفحہ ۸۶۔

امن و امان قائم ہونیکے بعد جس قدر مال و جائداد جس کے قبضے مین تھا عموماً بحال رکھا گیا۔ شیر شاہ سور کے عہد تک دیہاتی انتظام اور وصول مالگذاری کا وہی انتظام قائم رہا جو ہندؤن کے عہد سے چلا آتا تھا۔ اگرچہ فیروز شاہ تغلق نے فوج کو بجائے نقد تنخواہ دینے کے زمین دینے کا سلسلہ جاری کیا۔ لیکن جو زمین اس طرح فوج کو مرحمت ہوئین اُنپر وہی لوگ قابض رہے جو قدیم سے چلے آتے تھے صرف وصول مالگذاری کا حق جاگیروار کو حاصل تھا۔ شمالی ہند مین اوّل شیر شاہ سور اور اُس کے بعد اکبر اعظم کے مشہور و معروف وزیر راجہ ٹوڈرمل اور جنوبی ہند مین ملک عنبر نے دیہات کا سلسلۂ انتظام از سر نو قائم کیا۔ تمام مُلک کی پیمائش ہو کر مالگذاری مقرر کی گئی۔ پُرانے زمینداروں کا قبضہ بحال رکھا گیا۔ اگرچہ ہمارے مورخین نے اِس قسم کے واقعات کو نظر انداز کر دیا ہے لیکن یورپ کے جو سیاح اس عرصے مین ہندوستان مین آئے اُن کے سفرنامون سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے کہ فاتحین کے اِس فیاضانہ طرز عمل سے ہندوستان سونے کی چڑیا بنا ہوا تھا۔ سنہ ۱۴۲۰ع مین نکولوڈی کونٹی (Niculodi Conti) یورپ کا ایک سیاح ہندوستان مین آیا تھا وہ لکھتا ہے "کہ گجرات اور گنگا کے کنارے پر بہت سے شہر اور خوبصورت باغ اور باغیچے تھے۔ اور مار اضیہ (Maragia) تک پہونچنے مین اُس کو چار بڑے شہر ملے۔ اور مار اضیہ مین سونا چاندی جواہرات بکثرت تھے بار بوسہ (Barbosa) اور برتمال (Bartimal) بھی کہ جو سولھوین صدی مین ہندوستان مین آئے تھے ایسا ہی بیان کرتے ہین۔ باربوسہ کا بیان ہے کہ کیمبے ایک بڑا خوبصورت شہر تھا جسکے چارون طرف ملک شاداب اور سب قومون کے سوداگرون سے آباد تھا"

الغرض کا مسلمان سیاح ابن بطوطہ جو کہ محمد شاہ تغلق کے وقت مین جبکہ مُلک مین چارون طرف غدر پھیلا ہوا تھا ہندوستان مین آیا۔ اور مدت تک دہلی کا قاضی رہا۔

اپنے سفر نامے مین لکھتا ہی "کہ یہان پر بہت بڑے بڑے شہر اور قصبے ہین - ملک کی حالت بہت اچھی ہی - دہلی سے ملتان تک پچاس دن کا سفر ہو مگر ڈاک کا انتظام ایسا اچھا ہی کہ پانچ روز مین خط پہونچ جاتا ہی - ہرکارے اور سوار ڈاک پہونچاتے ہین میل کے ایک ایک ثلث پر گاؤن آباد ہین - گاؤن کے باہر ہرکارون کے بیٹھنے کی برجیان بنی ہوئی ہین - بادشاہ پردیسیون کے ساتھ نہایت محبت سے پیش آتے ہین شہر مدورا مثل دہلی کے ہی - مالابار مین ایک بالشت جگہ بھی کاشت سے خالی نہین ہی - ہر شخص کے پاس باغ ہی - اور باغ کے درمیان مین مکان ہی - چارون طرف لکڑی کی باڑھ ہی چین - عرب - فارس - افریقہ کے جہاز ہندوستان مین آتے ہین - مشرقی اور غربی کنارون پر بڑی تجارت غیر ملکون کے ساتھ جاری ہے اور ملک کی اندرونی تجارت بھی کم نہین ہے"

ٹیورنیر صاحب (TAUER NIER) جو شاہجہان کے وقت مین ہندوستان مین آئے تھے لکھتے ہین "کہ شاہجہان اپنی رعایا پر مثل بادشاہ کے حکومت نہین کرتا بلکہ ایسا برتاؤ کرتا ہی جیسا باپ بیٹون سے کرتا ہی - اور گو اُس کی گورنمنٹ مین کچھ سختی معلوم ہوتی ہو مگر عام طور سے رعایا کے جان و مال کی بڑی حفاظت ہے"

شہنشاہ جہانگیر نے تخت نشین ہوکر سب سے پہلے جو بارہ احکام صادر فرمائے تھے - اُن مین ساتوان حکم یہ تھا "کہ حکام خالصہ اور جاگیردار خود کاشت نہ کرین - اور نہ رعایا کی زمین چھینین" سلطان محمود خلجی والی مالوہ نے جب احمد آباد بدر کو فتح کیا - اور وہان مقیم ہوا تو اِس قدر زمین میسر نہ ہوئی کہ شاہی باورچیخانے کے خرچ کے واسطے اُسمین ترکاری بوئی جاتی مجبور ہوکر ایک بزرگ مولانا شمس الدین حق گو کو جو اُس شہر مین مقیم تھے بُلاکر فرمایا - کہ ترکاری کی طرف سے فکرمند رہتا ہون اگر کوئی شخص اپنی زمین مین ترکاری بوتا ہو تو بتائیے کہ قیمت دیکر اُس سے خریدی جایا کرے -

اگر کسی بادشاہ کو کسی مسجد یا اور کسی عمارت کے واسطے زمین لینے کی ضرورت ہوتی تھی تو بیش قرار معاوضہ دیکر لیجاتی تھی۔ چنانچہ جامع مسجد آگرہ کے واسطے شاہجہان کے عہد مین جو زمین لی گئی اُس کی قیمت اصل قیمت سے دس اور پندرہ گنا زیادہ دیگئی تھی[۱]۔ اسی طرح ممتاز محل کے مقبرہ کے واسطے معاوضہ دیکر زمین حاصل کیگئی تھی[۲]۔

قانونی حقوق مین سب سے ضروری قصاص کا حق ہے۔ یعنی خون کے معاملے مین فاتح اور مفتوح کے حقوق برابر سمجھے جائین۔ اسلام نے نہایت فیاضی سے اس معاملے مین بھی مساوات کا حق قائم رکھا ہے اس کی اکثر مثالین ہندوستان کی تاریخ مین موجود ہین۔

سُلطان غیاث الدین بلبن کے عہد مین اُس کے ایک چار ہزاری امیر ملک تغیق بن حامدار نے اپنی جاگیر بدایون مین ایک غریب فراش کو کوڑون سے اتنا پٹوایا کہ وہ مرگیا۔ اُس کی بیوی دربار شاہی مین دادخواہ ہوئی۔ سُلطان نے بعد ثبوت جرم ملک تغیق کے اتنے کوڑے لگوائے کہ وہ بھی مقتول کے پاس جا پہونچا۔ اس کے بعد اُس کی لاش بدایون کے دروازے پر لٹکوادی گئی[۳]۔

شہنشاہ جہانگیر کے عہد کے مشہور امیر خان عالم کے بھتیجے ہوشنگ نے ایک غریب کو مار ڈالا جب بادشاہ کو یہ حال معلوم ہوا۔ خود اس مقدمے کی تحقیقات کر کے اُسکے قتل کا حکم صادر کیا۔ جہانگیر نے اِس مقدمے کا حال خود اپنی توزک مین لکھکر لکھا ہو "حاشا کہ درین امور رعایت خاطر شاہزادہ نہ کردہ بہ اُمرا و سایر بندہا چہ رسد۔ امید کہ توفیق رفیق باد[۴]"

اِسی بادشاہ کے عہد مین سنہ ۱ جلوس مین ایک مشہور اور خاندانی امیر سید کبیر بارہہ

---

[۱] ملاحظہ ہو بادشاہنامہ ملا عبد الحمید لاہوری جلد اول صفحہ ۲۵۲ سال دہم جلوس مطبوعہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ

[۲] مرزا۔ راجہ جے سنگھ کا حال دیکھو۔ [۳] تاریخ فرشتہ۔ [۴] توزک جہانگیری صفحہ ۳۳۳ مطبوعہ علی گڈہ۔

ایک راجپوت کے قصاص مین قتل کیا گیا[1]۔

قصاص کے علاوہ دیگر مقدمات دیوانی و فوجداری مین بھی فاتح مفتوح کی کوئی تمیز نہ تھی۔ دونون کے واسطے ایک قاعدہ قانون تھا۔ قاضی مفتی بلا رورعایت قضایا کو فیصل کرتے تھے۔

علی العموم بادشاہ بھی دن مین ایک مرتبہ دربار عام کیا کرتے تھے۔ اور اُس مین بلاکسی قسم کی روک ٹوک کے ہر ادنی و اعلی شخص حاضر ہوکر دادخواہ ہو سکتا تھا۔ کسی قسم کے انصاف کے واسطے کورٹ فیس۔ وکیل درخواست تحریری وغیرہ کی ضرورت نہ تھی۔ بہ استثنائے چند عیاش طبع بادشاہون کے سب کو عدل و انصاف کا اس قدر خیال تھا کہ آج سمجھ مین بھی نہین آسکتا۔ سلطان غیاث الدین بلبن اپنے بیٹون سے ہمیشہ نصیحت کیا کرتا تھا کہ اگر تم عاجزون پر کسی طرح کا ظلم روا رکھوگے تو مین تمھین بھی اِس کی سزا دون گا۔ شیر شاہ سور کا مقولہ تھا۔ کہ عدل تمام فضائل مین ایسا محمود ہے کہ سلاطین اسلام اور غیر اسلام سب کو پسند ہو۔ کوئی طاعت عدل کے برابر نہین۔ کفر و اسلام دونون عدل کے مستحق ہین۔ فرمان روایان خاندان مُغلیہ کو جس طرح دیگر معاملات مین فرمانروایان ہندوستان مین خاص امتیاز حاصل ہو۔ اسی طرح اِس معاملے مین بھی ہے۔ اکبر کے عدل و انصاف کے حالات عام طور سے مشہور ہین۔ اُس نے ہندؤنکے مقدمات کے فیصلے کے واسطے برہمنون کو مقرر کیا تھا۔ جہانگیر نے تخت پر قدم رکھکر سب سے پہلا یہ حکم صادر کیا کہ ایک زنجیر تیار کیجاے اور اُس کا ایک سرا قلعہ آگرہ کے شاہ برج پر لٹکایا جائے دوسرا دریائے جمنا کے کنارے ایک سنگین میل سے باندھا جاوے اور تمام مُلک مین منادی کردیجائے کہ اگر حکامان عدالت کسی مظلوم کی فریاد نہ سُنین یا مستغیث کا اطمینان اُن کے فیصلے سے نہ ہو تو اُس کو لازم ہے کہ اس زنجیر کو ہلاوے۔

---

[1] راجہ گردھر کچھوا ہا کا حال دیکھو۔

اُس کی فریاد بخوبی سنی جاویگی - اِس زنجیر کا نام زنجیر عدل تھا شاہجہان کی نسبت تمام مورخون کا اِس بات پر اتفاق ہو کہ شاہجہان سا انتظام کرنیوالا کوئی بادشاہ مغلو نمین نہین ہوا - اُس کے عہد مین عدالتون مین پورے طور سے انصاف کیا جاتا تھا - اہالیان دربار اور عوام مین کوئی فرق نہ تھا - شہنشاہ اورنگ زیب کو عدل و انصاف کا جس قدر خیال تھا وہ رقعات عالمگیری کے ملاحظہ سے بخوبی واضح ہوتا ہے ڈاکٹر برنیر فرانسیسی سیاح اپنے سفرنامے مین دربار عام و خاص کے حالات مین لکھتے ہین "اِس موقع پر مستغیث جو عرضیان پیش کرتے ہین وہ تمام و کمال بادشاہ کے ملاحظہ اور سماعت مین آتی ہین - اور بادشاہ بذات خود مستغیثون سے دریافت حال کرتا اور اکثر ستم رسیدہ لوگون کو فوراً داد دیتا ہے - اور ہفتہ مین ایک دن خلوت مین کامل دو گھنٹے تک ایسے دس غربا کی عرضیان سنتا ہی جو مستغیثون مین سے چن لئے جاتے ہین - اور جنکے پیش کرنیکا کام ایک نیک اور دولتمند اور مُسن شخص کے سپرد ہو اور ایک دن عدل و انصاف کے کمرے مین جس کو "عدالت خانہ" کہتے ہین دو بڑے قاضیون کے ساتھ بیٹھکر داد رسانی کرتا اور اس مین کبھی ناغہ نہین دیتا - اِس سے بخوبی عیان ہے کہ ایشیائی بادشاہ جن کو ہم اہل یورپ جاہل اور ناتراشیدہ خیال کرتے ہین وہ ہمیشہ اپنی رعایا کی داد دہی اور انصاف رسانی مین جو اُن پر واجب ہے غفلت نہین کرتے"[1]

یہی ڈاکٹر صاحب جو اورنگ زیب کے وزیر امور خارجہ نواب دانشمند خان کی سرکار مین ملازم اور اپنے آقا کے ساتھ بادشاہ کے سفر کشمیر مین ہمراہ تھے ایک خط مین لکھتے ہین "ہم اپنی حاجت روائی لوٹ کھسوٹ سے بھی نہین کرسکتے ہین - کیونکہ ہندوستان مین ایک ایک بسوہ زمین خالصہ شریفہ

---

[1] ترجمہ سفرنامہ ڈاکٹر برنیر جلد دوم صفحہ ۲۸۲ -

سمجھی جاتی ہی اور رعیت پرست درازی اور تعدّی کرنا گویا بادشاہ کی مال مین دست اندازی کرنا ہی[1]۔

عاملانہ اور عدالتی اختیارات کی علیحدگی۔

ہندوستان مین دوڈہائی سوبرس بعد اب یہ تجویز پیش ہی کہ ایکزیکیوٹو (عاملانہ) اور جوڈیشل (عدالتی) اختیارات ایک حاکم کے اقتدار سے نکالکر علیحدہ علیحدہ حکّام کے سپرد کرنا چاہئیے۔ یہ دونون اختیارات ایک حاکم کے سپردہ ہونے سے جسطرح اکثر موقعون پر انصاف کا خون ہوتا ہی وہ کسی پر پوشیدہ نہین۔ اورنگ زیب نے اپنے عہد حکومت مین ان دونون محکمون کو بالکل علیحدہ علیحدہ کردیا تھا یعنی قاضیون اور مفتیون کو صوبہ دارونکے اقتدار سے نکالکر مقدمات جزئی اور کلّی مین خودمختار کردیا۔ اور اس کُل محکمہ کا افسر قاضی عبدالوہاب احمد آبادی کو مقرر کرکے قاضی القضات کے نام سے موسوم کیا۔ اگرچہ بادشاہ کا یہ طرز عمل حکّام صوبجات کو سخت ناگوار گذرا اور اکثر اُنھون نے حکّام عدالت کے اختیارات مین دست اندازی کرنا چاہا مگر اورنگ زیب کی وفات تک یہ محکمہ صوبہ دارون اور حکّام ضلع کی ماتحتی سے آزاد رہا[2]۔

سنہ ۱۰۸۳ھ مین اورنگ زیب نے ایک نیا حکم جاری کیا تھا کہ جس شخص کو سرکار شاہی پر کسی قسم کا دعوی ہو وہ نہایت آزادی سے وکیل شاہی کے مقابلے مین اپنا دعوی عدالت مین رجوع کرسکتا ہی۔ حکّام عدالت کے نام ہدایت جاری ہوئی کہ اگر اُنکی عدالتون مین اس قسم کا کوئی دعوی دائر ہو تو بلا رو رعایت اُسکا فیصلہ کرین۔ اگر دعوی ثابت ہو تو سرکار شاہی سے اُسکا روپیہ ادا کیا جائے۔ تمام صوبونکے صدر مقامون اور بڑے بڑے شہرونمین شاہی وکیل متعین کئے گئے کہ ہمیشہ قاضی کی عدالت مین حاضر رہین[3]۔

افسوس کہ مین فاتح اور مفتوح کے حقوق کی بحث شروع کرکے کہانسے کہان جا پہونچا۔ اگرچہ اسکے ثبوت مین ہندوستان کی تاریخ بہت سی مثالین پیش کرسکتی ہی۔ لیکن بخوف طوالت شیر شاہ سور کے عہد کی صرف ایک مثال درج کرکے اس بحث کو ختم کرتا ہون۔ ایک دن شاہزادہ عادل خان شیر شاہ کا بڑا بیٹا ہاتھی پر سوار آگرہ کے ایک کوچہ مین سے ہوکر گذرا۔

---

[1] ترجمہ سفرنامہ ڈاکٹر برنیر جلد دوم صفحہ ۲۰۔ [2] منتخب اللباب جلد دوم صفحہ ۲۱۵۔ ۲۱۶ مطبوعہ کلکتہ [3] منتخب اللباب جلد دوم صفحہ ۲۵۲

شہر شاہی عدل۔

راستہ مین ایک بقال کی عورت اپنے گھر مین برہنہ نہا رہی تھی۔ مکان کی دیوارین نیچی تھین شاہزادہ نے ایک پان کا بیڑا اُس کی طرف پھینک دیا عورت بڑی پاکدامن تھی شرم سے جان دینے پر آمادہ ہوگئی۔ اِسی اثنا مین شوہر آگیا اُسنے سمجھا بجھا کر عورت کو خود کشی کے ارادہ سے باز رکھا۔ اور بیڑا ہاتھ مین لیکر دیوان عام مین پہونچا جب بادشاہ نے اُسکی فریاد سُنی۔ بہت افسوس کیا اور بعد تحقیقات کے حکم دیا کہ اسیطرح بقال کو ہاتھی پر سوار کرا کر عادل خان کی عورت اُسکے سامنے کیجائے تاکہ وہ اُسکی طرف پان کا بیڑا اسیطرح پھینکے۔ اِس حکم پر امرا اور وزرا نے بہت عرض معروض کی مگر بادشاہ نے کوئی بات نہ سُنی اور فرمایا کہ عدل مین امیر غریب سب برابر ہین مین ہرگز نہین دیکھ سکتا کہ میرے فرزند رعایا کے ساتھ ایسی لغو حرکت کرین۔ آخر جب بقال نے خود رضی نامہ دیدیا۔ اُسوقت بادشاہ نے مجبور ہوکر سکوت اختیار کیا[۱] معاشرت کے تمام امور مین ہندو بھی مسلمانون کے برابر حقدار سمجھے جاتے تھے بخشش سخاوت خیرات مبرات مین نہ صرف بادشاہ وقت بلکہ عام مسلمانون کی نگاہون مین بھی اُنکو مساویانہ درجہ حاصل تھا۔ دربار مین لیاقت کے بموجب اُنکے ساتھ اعزاز کا برتاؤ کیا جاتا تھا۔ ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامے مین لکھا ہے "کہ شاہ ہند (محمد تغلق) جوگیون کی بہت خاطر کرتا ہے۔ اور اُن کی صحبت مین بیٹھتا ہے ایک دن مین بادشاہ کے پاس بیٹھا تھا کہ دو جوگی آئے۔ بادشاہ اُن سے بہت محبت اور خلاص سے پیش آیا" سلطان سکندر لودی نے جس کے تعصب کی بہت سی حکایتین مشہور ہین جہان مسلمانونکو بڑی بڑی جاگیرین مرحمت کین وہان ہندوؤن کو بھی جنھون نے اُس کی اطاعت قبول کرلی تھی جاگیرین عطا کین[۲] شیر شاہ اور سلیم شاہ کے دربار مین ایک بھاٹ جو فن موسیقی اور ہندی شاعری مین بے نظیر تھا مہا پاتر (فاضل) کے خطاب سے موسوم اور نہایت اعزاز و اکرام سے زندگی بسر کرتا تھا حیب شیر شاہ سور نے اپنے عہد سلطنت مین رہتاس گڈھ (پنجاب) سے ستار گانون

---

[۱] تاریخ ہند مولٰنا شمس العلما ذکاء اللہ خان۔ [۲] تاریخ ہند مولٰنا شمس العلما ذکاء اللہ خان۔

بنگالہ) تک اور آگرہ سے برہان پور تک۔ اور آگرہ سے جودھپور اور چتوڑ تک۔ اور لاہور سے ملتان تک چار بڑی سڑکیں بنوائیں۔ اور دو طرفہ میوہ دار درخت لگوا کر دو دو کوس کے فاصلے پر سرائیں بنوائیں تو ہر سرائے میں جہاں مسلمانوں کیواسطے ہر قسم کی آسائش کا سامان مہیا کیا گیا وہاں ہندوؤں کے واسطے بھی علیحدہ مکانات بنوا کر ایک برہمن کو متعین کیا تھا۔ اُس کا فرض تھا کہ ہندو مسافروں کے پینے کے واسطے ٹھنڈا پانی اور نہانے کے واسطے گرم پانی تیار رکھے۔ بچھونے بچھانا۔ رسوئی بنانا۔ گھوڑے وغیرہ کے واسطے دانہ اور گھاس کا انتظام کرنا بھی اُسی کے متعلق تھا ہندو مسافر کو کھانے پینے کا کچا سامان اور مویشی کے لئے بچالی۔ دانہ۔ چارہ مفت سرکار شاہی سے ملتا تھا۔ چاروں سڑکوں پر سترہ سو سرائیں تھیں اور ہر سرائے میں یہ انتظام کیا گیا تھا۔ شیر شاہ کے بعد سلیم شاہ نے ان دو سراؤں کے درمیان میں ایک ایک سرائے اور تعمیر کرائی اور اُن میں بھی یہی انتظام کیا۔ بلکہ یہ بات اور ایجاد کی کہ اپنے اور باپ کے عہد کی ہر سرائے میں ایک ایک خیرات خانہ جاری کیا جس سے فقیروں کو اس قدر کھانا دیا جاتا تھا کہ جو اُن کے واسطے کافی ہوتا تھا۔

عہد اکبری کے ہندو علماء

شہنشاہ اکبر کے دربار میں جہاں بڑے بڑے عالم فاضل اور باکمال مسلمان جمع تھے وہیں بڑے بڑے قابل اور نامور پنڈتوں کو وہی اعزاز اور رتبہ حاصل تھا۔ ابوالفضل نے آئین اکبری میں جہاں دانش اندوزان دولت کی فہرست دی ہے ہندو علماء کے حسب ذیل نام شمار کیئے ہیں۔

مہادیو۔ بھیم ناتھ۔ بابا بلاس۔ نرائن سیوجی۔ مادھو۔ رام بھدر۔ سری بھٹ مادھو سرستی۔ جدروپ۔ بشن ناتھ۔ مدسودن۔ رام کشن۔ نارائن اسرم۔ بلبھدر مصر ہرجی سور۔ باسدیو مصر۔ دانو در بہٹ۔ یا ہن بھٹ۔ رام تیرتھ۔ بدنواس۔ نرسنگ گوری ناتھ۔ برم اندر۔ گوپی ناتھ۔ بجی سین سور۔ کشن پنڈت۔ نہال چند۔

پھٹا چارج - کاشی ناتھ۔

عہد جہانگیری کے ہندو علماء

جہانگیر کے دربار مین پھنا چارج بنارسی - پھتان مصر - جدوپ سناسی - جو تکرائے منجم - کو بڑا اعزاز حاصل تھا۔

عہد شاہجہانی کے ہندو علماء

شاہجہان کے عالیشان دربار مین ہرناتھ - ایک ہندو فاضل خطاب مہاپاترے موصوف تھا ۱۵ شوال ۱۰۴۹ھ کو خلعت اور اسپ و فیل کے ساتھ ایک لاکھ دام اُس کو انعام مین بادشاہ نے مرحمت فرمائے۔ اسی طرح جگناتھ خطاب مہاکب رائے (ملک الشعراء) سے موصوف تھا۔ بادشاہ کی اُس پر اسقدر نظر عنایت تھی کہ کئی دفعہ روپیون سے اُس کو تُلوا کر ہموزن زر انعام عنایت کیا۔ اِن کے علاوہ بنارس کے ایک فاضل برہمن کی دو ہزار روپیہ سالانہ پنشن مقرر تھی۔

عالمگیر کے عہد کا ہندو فاضل

اورنگزیب کے دربار مین سُندر نام ایک برہمن جو بڑا ہوشیار اور فہیم تھا۔ خطاب کب رائے سے موصوف تھا غرضکہ کوئی اسلامی دربار ایسا نہ تھا جس مین ہندو فاضل اعزاز و توقیر کے ساتھ نہ موجود ہون اِس کی اِس قدر مثالین پیش ہو سکتی ہین کہ جن سے ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے - چنانچہ مسلمان بادشاہون نے جس قدر جاگیرین ہندؤن کو مرحمت کی تھین اُن سے بہت سی اسوقت تک موجود ہین جسکی تصدیق ہر ضلع کے رجسٹر معافیات سے ہو سکتی ہے - پہاڑی پٹھانون نے جو پرگنہ جالور (ریاست جودھپور مین ہے) کے رئیس تھے کئی گانوٗن برہمنون کو جاگیر مین دے رکھے تھے وہ ابتک اُن کے قبضے مین موجود ہین[۱]۔

محمد شاہ عادل کا لنگر خانہ

محمد عادل شاہ والی بیجاپور کے عہد مین مسجدون کے لنگرون سے جہان مسلمانون کو پکا ہوا کھانا ملتا تھا وہین ہندو محتاجون کو خشک غذا دیجاتی تھی - ہر شخص کو حسب ذیل جنس ملتی تھی - آرد گندم - چاول - دال - گھی - نقد برائے لکڑی مصالح - مساجد مین جہان

[۱] ملاحظہ ہو - روزانہ پیسہ اخبار لاہور مورخہ ۱۷ - نومبر ۱۹۱۲ء بعنوان ماڑواڑ مین اسلام۔

مسلمانون کے واسطے پانی کی سبیل ہوتی تھی اُسی کے قریب ایک سبیل ہندؤن کے واسطے بھی لگائی جاتی تھی جس مین ایک برہمن پانی پلانے کے واسطے نوکر ہوتا تھا[۵۱]۔

محمد عادل شاہ کا برہمنون کے وظیفہ مقرر کرنا

ایک روز محمد عادل شاہ بیجاپور مین اپنے قصر کی چھت پر کھڑا تھا۔ شام کا وقت تھا۔ شہر وہان سے خوب نظر آتا تھا۔ جدھر نظر جاتی تھی۔ چارون طرف مکانون سے دھوان نکلتا معلوم ہوتا تھا۔ اسی عرصے مین بادشاہ کی نگاہ محلہ بہمن پلی کی طرف جہان ہندو آباد تھے پہونچی۔ جب وہان دھوئین کا نشان نہ دکھائی دیا تو تعجب سے اہل دربار سے دریافت کیا کہ اس محلہ مین کھانے پکانے کے آثار کیون نہین معلوم ہوتے اُنھون نے جواب دیا کہ اس محلے مین برہمن رہتے ہین جو صرف ایک وقت دوپہر کو کھاتے پکاتے ہین۔ بادشاہ نے خیال کیا کہ شاید اس کی وجہ مفلسی اور ناداری ہے۔ اُسی وقت حکم دیا کہ اس محلے والون کے لئے سرکار سے وظائف مقرر کردئے جائین۔ اُس وقت سے برہمنون کے وظائف مقرر ہوگئے اہل دربار نے اس وجہ سے بادشاہ کو یہ نہ بتایا کہ یہ لوگ ناداری کی وجہ سے نہین بلکہ اپنے دستور کے موافق ایک وقت کھانا کھاتے ہین کہ کہین وہ مانعان خیر مین نہ شمار کیئے جائین[۵۲]۔

شاہان مغلیہ کے لنگر خانے

شاہان مغلیہ کے بڑے بڑے شہرون مین بھی لنگر جاتے جاری تھے۔ جن سے مسلمانون کو پکا پکایا کھانا ملتا تھا۔ اور ہندؤنکو جنس دی جاتی تھی۔ اکبر نے شہرون اور منزلون مین جا بجا خیرپورہ اور دھرم پورہ کے نام سے دو دو مکانات بنوادیئے تھے۔ خیرپورہ مین مسلمان اور دھرم پورہ مین ہندو آکر ٹھہرتے کھانا اور ہر قسم کا سامان آسائش سرکار سے پاتے تھے۔ اور جب آگرہ کے دھرم پورہ مین جوگی کثرت سے آنے لگے تو اُن کے واسطے ایک اور

---

۵۱ تاریخ دکن (سلسلۂ آصفیہ) مطبوعہ مفید عام آگرہ۔ ۵۲ تاریخ دکن (سلسلۂ آصفیہ) مفید عام آگرہ۔

مکان بنواکر جوگی پوڑہ[1] اُس کا نام رکھا۔

شاہان وقت کے علاوہ مسلمان امرا بھی ہندو مسلمان دونون کو نیکی کرنے کی نگاہ سے دو قومین نہ سمجھتے تھے۔ بیرم خان خانخانان۔ اور مرزا عبدالرحیم خان خانخانان جنکی دریا دلی اور بخشش وسخاوت کے کارنامے ہندوستان مین بہت مشہور ہین دونون کے ساتھ ایک سا سلوک کرتے تھے اُن کے سرکارون مین ہندو مسلمان سب برابر تھے[2] یہی حال دوسرے اُمرا کا تھا۔

لباس اور رسم ورواج

عالم معاشرت مین ہندو مسلمانون مین کوئی تمیز نہ تھی۔ مسلمانون نے ہندوستان مین قدم رکھتے ہی ہندوؤن سے برادرانہ سلوک شروع کر دیا تھا۔ اور اُنکے لباس اور رسم ورواج کی پابندی کرنے لگے تھے۔ سندھ مین جب مسلمانون کی حکومت قائم ہوئی تو تمام مسلمانون نے ہندوؤن کی وضع اختیار کرلی۔ ابن حوقل بغدادی جسنے چوتھی صدی کے آغاز مین ان ممالک کا سفر کیا۔ کھنبات کے نسبت اپنی جغرافیہ مین لکھتا ہے "یہان مسلمان اور ہندونکی ایک وضع ہے۔ دونون ایک سا لباس پہنتے ہین اور بال بڑے بڑے رکھتے ہین"۔ سندہ اور منصورہ کی نسبت لکھتا ہے "یہان مسلمانون کا لباس عراق کا سا ہے لیکن یہانکے بادشاہون کی وضع ہندو راجاؤن کے قریب قریب ہے"۔ خاص ہندوستان مین بھی رفتہ رفتہ ہندو مسلمان ایسے شیر وشکر ہوگئے کہ مسلمانون نے جُبّہ اور دستار کو چھوڑ کر اورجامے پہن کر کھڑکی دار پگڑیان باندہ لین۔ ہندؤن نے ایرانی لباس پہننا شروع کیا ہندؤن کے تہوارون ہولی۔ دوالی۔ دسہرہ۔ وغیرہ مین مسلمان اور مسلمانون کے تہوارون مین ہندو شریک ہونے لگے۔ شادی بیاہ وغیرہ کی سیکڑون رسمین ایک کی دوسرے کے یہان مروج ہوگئین

---

[1] جس جگہ یہ مکان بنایا گیا تھا وہان اب ایک وضع اسی نام سے آباد ہے۔ سے۔ د۔ ب۔ البیری دیکھو۔

[2] رسائل شبلی رسالۂ آصفیہ مطبوعہ علیگڈہ صفحہ ۶۵۔

جواس وقت تک موجود ہین۔ موسیو تھیونو فرانسیسی سیاح دکن کی نسبت لکھتا ہو کہ عام لوگ جنکی بڑی بڑی تنخواہین ہین مسلمان ہون یا ہندو سب ہندؤن کی تقلید کرتے ہین ڈچ لوگون کا مترجم بھی ایک ہندو ہے جو بھاگ نگر (حیدرآباد) مین رہتا ہے اور نہایت ساز و سامان سے نکلتا ہے۔

باب چہارم

ملکی حقوق

یہ ایک فطرتی میلان ہے کہ فاتح اور مفتوح قوم مین ہمیشہ عداوت ہوا کرتی ہے اسی وجہ سے دنیا کی تمام فاتح قومون نے اپنی مفتوح قومون کو محکومیت کے درجے سے اوپر نہین بڑھنے دیا۔ اس زمانے مین بھی باوجود اس تہذیب و شایستگی کے یورپ کی مہذب سے مہذب سلطنتون نے بھی فاتح اور مفتوح کے ملکی حقوق مین حدّفاصل قائم کر رکھی ہے یعنی فلان فلان حقوق اور عہدے فاتح قوم کے افراد کے ساتھ مخصوص ہین مفتوح قوم کا کوئی شخص خواہ کسی قسم کی لیاقت کیون نہ رکھتا ہو وہ حقوق یا عہدے نہین پا سکتا برخلاف اس کے صدیون پیشتر اسلامی حکومتون نے اپنی مفتوح قومون کو اس فیاضی سے انتظام سلطنت مین شریک کر رکھا تھا کہ اُن مین اور فاتح قوم کے افراد مین کچھ تمیز نہ تھی ہر شخص بلا خیال نسل و رنگ اعلیٰ سے اعلیٰ ملکی عہدے پر مامور ہو سکتا تھا۔ ہم کو اس موقع پر صرف ہندوستان سے بحث ہے۔ اس لئے ہم یہین کے حالات دکھاتے ہین۔

ہندوؤنکو سندھ مین ملکی حقوق عطا ہونا

ہندوستان مین سب سے پہلے عربون نے سندھ کو فتح کیا۔ جب برہمنون نے اطاعت قبول کر لی تو محمد قاسم یعنی فاتح سپہ سالار نے برہمن آباد کے چارون دروازون پر

فوج مقرر کرکے اُسکا اہتمام اُنھین کے سپرد کیا اور ہندوستان کی رسم کے مطابق سونے کے کڑے ہاتھون مین پہننے کیواسطے اور گھوڑے سواری کے واسطے مرحمت کیے اور اُنھین برہمنون مین سے لائق اشخاص کو منتخب کرکے مجلس شوری کا ممبر مقرر کیا جب وصول مالگذاری کے واسطے سربرآوردہ کاشتکارون اور رئیسون کو مقرر کرنا چاہا تو برہمنون نے عذر پیش کیا کہ یہ کام خاص ہمارا ہے اور ہم ہمیشہ سے کرتے آئے ہین یہ کام بھی ہمارے سپرد ہونا چاہیئے محمد قاسم نے اِس کی تحقیقات کی اور جب یہ بات صحیح معلوم ہوئی تو اِن عہدون پر بھی برہمنون کو سرفراز کرکے اُن کی بیش قرار تنخواہین مقرر کردین۔ اور اِنھین برہمنون کے خاندان مین ان عہدون کو نسلاً بعد نسلٍ قائم رہنے کا حکم صادر کیا[1]۔

خاص ہندوستان مین ملکی حقوق کا عطا ہونا

خاص ہندوستان مین۔ غلام۔ خلجی۔ تغلق۔ لودی خاندانون کے فرمانروا عموماً لڑائیون مین ایسے مصروف رہے کہ اُنھین ملکی انتظام کا پورے طور سے موقع نہ ملا جو سلطنتین انھون نے قائم کین اُن کی حیثیت ہمیشہ جنگی رہی۔ اِس کے علاوہ مدتون ہندو مسلمانون کی زبان کو ملیکش بھاشا کہکر اُس سے نفرت کرتے رہے۔ اِنھین وجوہات سے ابتدائی عہد مین ہندو ملکی انتظام مین کم شامل ہوسکے۔ لیکن چونکہ وصول مالگذاری کا وہی پُرانا ہندوون کے عہد کا طریقہ قائم رکھا گیا تھا لہذا مال اور حساب کے محکمون مین بہت سے ہندو ملازم تھے۔

سب سے پہلے سکندر لودی نے ہندوؤنکو فارسی پڑھاکر[2] ملکی عہدونپر سرفراز کیا۔ اسکے بعد وہ ملازمت شاہی مین برابر ترقی کرتے رہے۔ یہانتک کہ جب شیر شاہ سوری نے قانون گو[3] اور

[1] تاریخ ہند مؤلفہ شمس العلما ذکاءاللہ خان۔ [2] مفصل حال عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل کے حال مین دیکھو۔
[3] شاہی زمانے مین قانون گو کا عہدہ اعلی افسرون مین شمار ہوتا تھا اور رمال کے مقدمات مین اُسکو ایسے وسیع اختیار حاصل تھے جو اِس زمانے مین کلکٹر ضلع کو بھی حاصل نہین۔

چودھری کے نام سے دو معزز عہدے جدید مقرر کیئے۔ اور ان عہدون کا استحقاق موروثی قرار دیا تو جو لوگ اِن عہدون پر مقرر کیئے گئے اُن مین بہت زیادہ تعداد ہندوُون ہی کی تھی۔ اِن کے علاوہ بہت سے ہندو دیگر مُلکی عہدون پر سرفراز تھے اور مسلمانون کے مقابلے مین جو عام طور سے فوجی خدمات پر مامور ہوتے تھے اُن کی مالی حالت بہت اچھی تھی جس کا اندازہ اِس تاریخی لطیفہ سے بخوبی ہوتا ہے۔

جب سلیم شاہ سور نیازیون (پٹھانون کے ایک فرقہ کا نام ہے) کی بغاوت کی وجہ سے پٹھانون سے بدگمان ہوا تو اپنے تمام پٹھان افسرون اور سپاہیون کو طرح طرح سے ذلیل کرنے لگا۔ اور ایک مدت تک کسی کو ایک حبّہ تنخواہ کا نہ دیا جب پٹھان اِن رسوائیون اور ذلتون سے عاجز آ گئے تو ایک دن شاہ محمد فرملی نے جو ایک نامی امیر تھا سلیم شاہ سے کہا کہ مین نے رات کو خواب مین دیکھا ہو کہ آسمان سے تین تھیلیان اُترین۔ ایک مین سونا۔ ایک مین کاغذ۔ ایک مین خاک بھری ہوئی تھی۔ سونا ہندو ملازمون کے گھر گیا کاغذ بادشاہی خزانے مین رہا۔ اور خاک سپاہیون کے سرون پر پڑی سلیم شاہ کو یہ لطیفہ بہت پسند آیا اور حکم دیا کہ گوالیار ہو نچکر سپاہیون کی دو برس کی تنخواہ ادا کردی جاوے۔[1]

اِسی سلیم شاہ کے عہد مین ہیمون بقال نے ایسی ترقی پائی کہ اول کوتوال لشکر اور اُس کے بعد امارت کے درجے پر پہونچ گیا۔ اور سلیم شاہ کے بعد محمد عادل (عدلی) کے زمانے مین اُس کا وزیر ہوکر جملہ مہمات مالی اور مُلکی کا مالک ہو گیا۔ اور ایسا عروج حاصل کیا کہ اگر اکبری اقبال طلسم کاری نہ کرتا تو وہ ضرور ہندوستان کا بکرماجیت ہوجاتا۔

ہندوستان مین سب سے زیادہ اکبر اعظم نے ہندوُون سے اپنائت پیدا کی اور اُن کو اعلیٰ مُلکی عُہدون پر سرفراز کیا اسکی نسبت مورخون نے یہ لکھا ہے کہ جب ہمایون ایران

[1] منتخب التواریخ مُلّا عبد القادر بدایونی ۔ سنہ ۵ ہیمون نے تردی بیگ کبر کے ایک میر سے دہلی فتح کرکے یہ لقب اختیار کیا تھا۔

مین گیا۔ اور شاہ طہماسپ سے ملاقات ہوئی تو ایک دن دونون بادشاہ شکار کو نکلے۔
کسی مقام پر تھک کر اُتر پڑے۔ شاہی فراش نے غالیچہ ڈال دیا۔ شاہ بیٹھ گئے ہمایون
کے ایک زانو کے نیچے فرش نہ تھا۔ اس عرصے مین کہ شاہ اُٹھین اور غالیچہ کھول کر
بچھائین۔ ہمایون کے ایک جان نثار نے جھٹ اپنے تیردان کا کارچوبی غلاف چھری
سے چاک کیا اور اپنے بادشاہ کے نیچے بچھا دیا۔ شاہ طہماسپ کو یہ پھُرتی اور ہوا خواہی
اُس کی پسند آئی۔ اور کہا کہ برادر ہمایون! تمھارے ساتھ ایسے ایسے جان نثار نمک حلال
تھے۔ اور پھر مُلک اِس طرح ہاتھ سے نکل گیا۔ اسکا کیا سبب ہے؟ بادشاہ نے کہا کہ
بھائیون کے حسد اور عداوت نے کام خراب کر دیا نمک خوار نوکر ایک آقا کے بیٹے
سمجھ کر کبھی اِدھر ہو جاتے تھے کبھی اُدھر۔ شاہ نے کہا کہ مُلک کے لوگون نے رفاقت نہ کی؟
ہمایون نے جواب دیا کہ کل رعایا غیر قوم غیر مذہب ہے۔ اور خود مُلک کی اصلی مالک
ہے۔ اِن سے رفاقت ممکن نہین۔ شاہ نے کہا کہ ہندوستان مین دو فرقے کے لوگ
بہت ہین۔ ایک افغان۔ دوسرے راجپوت۔ اگر خدا کی مدد شامل حال ہو اور
وہان پر پہونچو تو افغانون کو تجارت مین ڈال دو۔ اور راجپوتون کو دلاسا اور محبت
کے ساتھ شریک حال کرو۔

ہمایون جب ہندوستان مین آیا تو اُسے اجل نے امان نہ دی۔ اور اِس تدبیر
کو عمل مین نہ لاسکا۔ اکبر نے اسپر عمل کیا۔ اور چند ہی روز مین نوبت یہان تک پہونچا دی
کہ ہمقوم اور غیر قوم کا فرق اصلا نہ رہا۔ سپہ داری اور مُلک داری کے جلیل القدر
عُہدے مسلمانون کے برابر ہندون کو ملنے لگے دربار کی صف مین دو ہندو ایک
مسلمان۔ دو مسلمان ایک ہندو برابر نظر آنے لگے۔[1]

بہت سے ناواقف لوگون کا خیال ہے کہ ہندون کے ساتھ اِس قسم کی فیاضی کا

---

[1] دربار اکبری۔

برتاؤ صرف اکبر تک مخصوص رہا۔ لیکن یہ اُن کی تاریخی جہالت کا نتیجہ ہو۔ ورنہ اکبر کے عہد سے سلطنت مغلیہ کے اخیر عہد تک ہندو برابر ترقی کرتے رہے۔ جہانگیر۔ شاہجہان اور عالمگیر نے بھی جو نہایت متعصب خیال کیا جاتا ہے۔ ہندؤن کو بڑے بڑے عہدون پر سرفراز کیا۔ اسمین شک نہین کہ اس انتظام کا موجد اکبر تھا۔ لیکن بہت بڑی ترقی اُسکے جانشینون کے عہد مین ہوئی۔ شاہجہان کے عہد مین یہان تک نوبت پہونچی کہ ہندو مسلمان بھائی بھائی کیطرح ایک دوسرے کے رفیق حال تھے۔ بادشاہ کا ایک وزیر مسلمان تھا تو دوسرا ہندو ایک فوج کا افسر پٹھان یا مغل ہوتا تو دوسری کا راجپوت یہ اُس پر دم دیتا وہ اس پر جان نثار کرتا تھا۔

اورنگ زیب (عالمگیر) پر الزام لگایا جاتا ہے کہ اُس نے عام طور سے ممانعت کردی تھی کہ کوئی ہندو بادشاہی ملازمت نہ پاوے۔ اس الزام کی تردید ہماری اس کتاب سے بخوبی ہو سکتی ہے۔ اس کے ملاحظہ سے صاف طور سے معلوم ہوگا کہ اُسکے عہد مین ہندو بڑے سے بڑے عہدے پر سرفراز تھے۔ مسلمانون اور ہندؤن کے حقوق مین کسی قسم کا فرق نہ تھا۔ اس کے علاوہ دو اور شہادتین پیش کی جاتی ہین۔

ڈاکٹر برنیر اپنے سفر نامے مین لکھتے ہین "مغل بادشاہ اگرچہ مسلمان اور بُت پرستون کے مخالف مذہب ہین۔ لیکن بہت سے راجاؤن کو ہمیشہ اپنی ملازمت مین اور اکثر اپنے ساتھ رکھتے ہین۔ اور اُن کے ساتھ وہی سلوک کرتے ہین جیسے کہ اپنے مسلمان امیرون اور سردارون کے ساتھ! اور مسلمان امیرون کے مانند انکو بھی فوج کی حکومتون اور سرداریون پر مقرر اور مامور کرتے ہین"[۱]

پروفیسر آرنلڈ صاحب اپنی کتاب "پریچنگ آف اسلام" مین لکھتے ہین "کہ اورنگ زیب کے فرامین اور مراسلات کا ایک قلمی مجموعہ جو ابھی تک طبع نہین ہوا مولوی عبدالسلام خان صاحب

---

[۱] سفر نامۂ ڈاکٹر برنیر جلد اول صفحہ ۷۶۔

نے مجھے دکھایا اس مین مذہبی آزادی کا وہ جامع اور مانع اصول درج ہے جو ہر ایک
بادشاہ کو غیر مذہب کی رعایا کے ساتھ برتنا ضرور ہے جس واقع کے متعلق یہ اصول بیان
ہوا ہے وہ یہ ہے کہ عالمگیر کو کسی شخص نے عرضی دی کہ دو پارسی ملازم جو تنخواہ تقسیم
کرنے پر مقرر تھے اس علت مین برخاست کر دیئے جائین کہ وہ آتش پرست ہین۔ اور
انکی جگہ کوئی تجربہ کار اور معتبر مسلمان مقرر کیا جانے۔ کیونکہ قرآن شریف مین آیا ہے،
یا ایہا الذین اٰمنوا لاتتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء۔ یعنی اے ایمان والو میرے اور اپنے
دشمنون کو دوست مت بناؤ۔ عالمگیر نے عرضی پر حکم لکھا کہ مذہب کو دنیا کے کاروبار
مین دخل نہین ہے۔ اور نہ ان معاملات مین تعصب کو جگہ مل سکتی ہے۔ اور اس
قول کی تائید مین یہ آیت نقل کی۔ لکم دینکم ولی دین۔ تم کو تمھارا دین اور ہمکو ہمارا دین
بادشاہ نے یہ بھی لکھا کہ جو آیت عرضی نویس نے نقل کی ہے۔ اگر یہی سلطنت کا
دستور العمل ہوتا تو ہم کو چاہیئے تھا کہ اس ملک کے سب راجاؤن اور انکی رعیت
کو غارت کر دیتے۔ مگر یہ کس طرح ہو سکتا تھا۔ بادشاہی نوکریان لوگون کو انکی لیاقت
کے موافق ملین گی۔ اور کسی لحاظ سے نہین مل سکتین[۱]۔

مین نے جن ہندو امرا کا حال اس کتاب مین درج کیا ہے اُن مین سے منصب
ہزاری تک کے امرا کی فہرست بقید درجہ وعہد ذیل مین درج کی جاتی ہے جس سے
ہر ایک بادشاہ کے عہد کے ہندو اُمرا کی تعداد علیحدہ علیحدہ ظاہر ہوگی۔ اِس فہرست
مین یہ قابل لحاظ ہے کہ اکبر اور شاہجہان کے عہد کے ہندو مسلمان اُمرا کی مکمل
فہرستین ان عہد کی شاہی تاریخون "آئین اکبری" اور "بادشاہنامہ" مین موجود ہین اور
اُن سے اِس کتاب مین مدد لی گئی ہے لیکن جہانگیر اور عالمگیر کے عہد کی کوئی مکمل
فہرست کسی تاریخ مین میری نظر سے نہین گذری۔ ان دونون بادشاہون کے وقت کے

---

[۱] دعوت اسلام مطبوعہ مفید عام آگرہ صفحہ ۲۰۷۔

ہنود امرائے کے حالات مختلف تاریخون سے لکھے گئے ہین لہذا یہ دعوی نہین کیا جا سکتا کہ ان دونون بادشاہون کے عہد کے سب ہنود امراء کی تعداد اِس فہرست مین شامل ہے خصوصًا آخری درجون کی فہرست بالکل نامکمل خیال کیجاتی ہے۔

عہد	اکبر	جہانگیر	شاہجہان	عالمگیر
ہفت ہزاری	۱	۱	۲	۳
شش ہزاری	۰	۰	۰	۲
پنج ہزاری	۴	۸	۱۱	۹
چہار ہزاری	۴	۷	۸	۴
سہ ہزار و پانصدی	۰	۲	۲	۲
سہ ہزاری	۱	۵	۱۹	۱۸
دو ہزار و پانصدی	۰	۲	۳	۷
دو ہزاری	۷	۹	۱۷	۱۰
ہزار و پانصدی	۰	۱۱	۲۱	۶
ہزاری	۸	۱	۲۹	۶
میزان	۲۵	۴۶	۱۱۲	۶۷

نوٹ۔ جو امیر دو یا تین بادشاہون کے عہد مین رہا ہے اُس کا شمار دو یا تینون عہد مین بلحاظ منصب کے جو اُس عہد مین حاصل تھا علیحدہ علیحدہ کیا گیا ہے۔

نوٹ۔ منصبدار تنخواہ کی فہرستین ضمیمہ نمبر ۲ مین دیکھیے۔

چونکہ اکبر اور شاہجہان کے عہد کے منصب داروں کی مکمل فہرستیں موجود ہیں لہذا ایک فہرست ایسی درج کیجاتی ہے جس سے ہندو مسلمان عہدے داروں کا تناسب معلوم ہوگا۔

اکبر اور شاہجہان عہد کے ہندو اور مسلمان امرا کی فہرست۔

عہد	ہفت ہزاری		شش ہزاری		پنجہزاری		چارہزاری		سہ ہزار و پانصدی		سہ ہزاری		دو ہزار و پانصدی		دو ہزاری		ہزار و پانصدی		ہزاری لغایتہ پانصدی		میزان کل		کیفیت
	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان	
اکبر	۱	۰	۰	۰	۴	۲۷	۴	۷	۰	۲	۱	۱۷	۰	۷	۶	۲۳	۰	۵	۲۰	۱۲۶	۳۷	۲۱۴ (۲۵۱)	[illegible]
شاہجہان	۲	۶	۰	۵	۱۱	۱۴	۸	۱۸	۲	۰	۱۹	۳۱	۳	۱۰	۱۷	۴۰	۲۱	۳۷	۶۲	۳۰۶	۱۵۵	۴۶۷ (۶۲۲)	[illegible]

یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ سلطنت مغلیہ کے فرمان رواؤن کا برتاؤ اپنے امیرون کے ساتھ اولاد کی طرح تھا یہ اپنے نوکرون کی خوبی خدمتگذاری اور خوش حالی کو دیکھکر ایسے خوش ہوتے تھے جیسے کوئی زمیندار اپنے ہرے بھرے کھیت کو یا باغبان اپنے لگائے ہوے درخت کو دیکھ کر خوش اور رنازان ہوتا ہے۔ یہی وجہ تھی کہ خطابخشی کے معاملے مین امیرون کے سامنے خطا کا ذکر کرنا تو درکنار خود شرمندہ ہوجاتے تھے۔ اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ بعض بعض امیرون نے کئی کئی مرتبہ بغاوت کی مگر جب دربار مین شرمندگی اور عفو تقصیر کی التجا کی۔ ہمیشہ قصور معاف ہوگیا اور پھر ذمہ داری کی خدمتون پر مامور رہونے لگے۔ ظاہر ہے کہ اگر اس قسم کا برتاؤ نہ ہوتا تو راجپوت سی اکھڑ قوم صدیون کے رسم و رواج اور مذہبی خیالات کو بالائے طاق رکھکر اپنے اور ایک غیر قوم غیر مذہب بادشاہون کے ننگ و ناموس کو کبھی ایک نہ کر دیتی۔

دکن مین ملکی حقوق

دکن مین مسلمانون کی جدا سلطنت قائم ہوتے ہی ہندو کثرت سے ملازمت مین داخل ہونے لگے۔ اسکا مختصر حال یہ ہے کہ محمدؐ شاہ تغلق کے زمانے مین حسن نام ایک گمنام اور ایسا مفلس شخص تھا جو بادشاہ کے نجومی کے پاس جس کا نام کانکو بہمن یا بموجب خیالات جدید کے کانج برہمن تھا کہین سے آکر نوکر ہوگیا تھا اتفاقاً اس شخص کو اپنے مالک کی زمین مین ہل چلاتے ہوئے کچھ دفینہ مل گیا جو اس نے اپنے آقا کی خدمت مین بکم و کاست حاضر کر دیا۔ اسکی اس دیانت و امانت سے وہ نجومی اس قدر خوش ہوا کہ اُسکو بادشاہ کی سرکار مین نوکر کرا دیا۔ اب حسن نے بادشاہ کا نوکر ہو کر یہ ایک اور حق شناسی کی کہ جہرمین اپنا نام حسن کانکو بہمن کندہ کرالیا اور رفتہ رفتہ ترقی کرکے امارت کے درجے پر پہونچ گیا۔ جب محمدؐ شاہ تغلق نے دیوگڈھ کا نام دولت آباد رکھکر اُسکو ہندوستان کا دار السلطنت بنانا چاہا۔ تو یہ شخص بھی

مثل اور ماتحت سرداروں کے قتلغ خان اور ملک لاچین اس کے نائبوں کے
پاس دیوگڈھ مین تھا اور جب اِس بادشاہ کی ظالمانہ حرکتون سے تمام ملک مین غدر
پھیل گیا۔ اور ملک لاچین مارا گیا اور دکن مین تغلقون کی سلطنت کا خاتمہ ہو گیا
تو یاوری اقبال سے ۷۴۸ھ مین یہ شخص دکن کا بادشاہ بن بیٹھا اور اپنے پہلے
نام اور لقب پر علاؤالدین کا لفظ بڑھا کر علاؤالدین حسن کانکو بہمن کہلانے لگا۔ اسی
عرصے مین کانکو بہمن بھی سلطان محمد تغلق کی ملازمت ترک کرکے اُسکی خدمت مین
حاضر ہو گیا۔ اِس نے نہایت حق شناسی سے اُس کو اپنے کل دفتر کا افسر مقرر کیا گیا
شمالی ہند اور دکن مین اِس سے پہلے اگرچہ اکثر برہمن طبابت اور نجوم کے
وسیلے سے مسلمان بادشاہون اور امیرون کی صحبت مین رہتے تھے لیکن شاہی
ملازمت کو ذلیل سمجھکر اِس سے پرہیز کرتے تھے۔ کانکو بہمن ہی شمالی ہندوستان
اور دکن مین پہلا شخص ہے جس نے سب سے پہلے مسلمان بادشاہون کی نوکری اختیار
کی۔ اور کچھ ایسی مبارک گھڑی بچار کر یہ ابتدا کی کہ اُس وقت سے برابر اُس کی
قوم ترقی کرتی گئی۔ صاحب تاریخ فرشتہ کا بیان ہے کہ اب تک (سنہ ۱۰۱۶ھ) کل
شاہان دکن کے دفترون مین برہمن ہی برہمن نظر آتے ہین۔ فیروز شاہ بہمنی
نے اپنے عہد (سنہ ۸۰۰ھ لغایتہ ۸۲۵ھ) مین بہت سے برہمنون کو امورات ملکی
مین صاحبِ دخل کرکے اُمرائے کبار مین شامل کیا۔ ابراہیم عادل شاہ والیِ
بیجاپور نے (سنہ ۹۴۱ھ لغایتہ ۹۶۵ھ) برہمنون کی خاطر سے کل دفاتر شاہی
سے فارسی زبان کو خارج کرکے ہندی زبان کو رائج کیا۔ اور برہمنون کو بڑے
بڑے عہدون پر سرفراز کیا۔

غرضکہ اُس عہد سے مسلمانون کے اخیر عہد تک تمام شاہی دفترون اور
وصول مالگذاری کے عہدون پر برہمن بلا شرکت غیرے قابض رہے۔ چنانچہ

جب موسیو تھیو نو فرانسیسی سیاح (۱۶۵۵ء لغایتہ ۱۶۶۸ء) دکن میں آیا تو اُسنے برہمنون ہی کو ان عہدون پر قابض پایا وہ سلطنت گولکنڈہ کے حال مین لکھتا ہے "یہان برہمن محصول وصول کرتے ہین جو بہ نسبت بنیون کے لین دین مین بہت زیادہ سخت اور بے رحم ہوتے ہین"۔

مُسلمانون کے بعد مرہٹون کے زمانے مین بھی برہمنون کا وہی دور دورا رہا اور کچھ عرصے تک وہ کل ہندوستان کے مالک بنے رہے۔ اور آج کل بھی صوبہ بمبئی۔ اور ریاست حیدرآباد اور بڑودہ وغیرہ کی سرکار دربار مین وہ بڑے بڑے عہدون پر سرفراز ہین اور محکمہ حساب و کتاب مین تو ایسے حاوی ہین کہ دیگر قومون کو اِس محکمہ مین نوکری کا ملنا دشوار ہو گیا ہے۔

دکن مین ہندؤنکا فوجی ملازمت مین بھرتی ہونا۔

دکن مین بھی شمالی ہند کی طرح ابتدا مین ہندو فوجی خدمت سے متنفر رہے یا خاندان بہمنیہ کے فرمانرواؤن نے مصلحتاً اُنھین فوجی ملازمت مین بھرتی نہین کیا۔ سب سے پہلے ملک عنبر[1] نے جو ریاست احمدنگر کا ایک مدبر اور نہایت

---

[1] ملک عنبر ایک حبشی غلام تھا جو اپنی خوش لیاقتی سے ترقی کر کے امارت کے درجے پر پہونچا۔ اور مدت تک امارت کے نام سے بادشاہت کا لُطف اُٹھایا۔ اِس نے اپنے عہد مین نظام شاہی سلطنت کو ایسے عروج پر پہونچایا کہ جو اُسے کسی زمانے مین حاصل نہ ہوا تھا۔ اُس کے زمانے مین یہ سلطنت ایران کی سلطنت سے قوت و شوکت مین بہت زیادہ تھی۔ اور دکن کی کوئی سلطنت اس کا مقابلہ نہین کر سکتی تھی بلکہ ایک طرح سے قطب شاہی اور عادل شاہی سلطنتین اسکی باجگذار تھین جس طرح شمالی ہند مین اکبر کے وقت مین زمین کی پیمائش ہو کر از سرِ نو بندوبست ہوا اسی طرح دکن مین اس نے مستاجری کا طریقہ بند کر کے کل مُلک کی پیمائش کرائی اور مالگذاری کا جدید طریقہ قائم کیا اور ایسا عمدہ انتظام کیا کہ آج تک دکن کے کسانون کی زبان پر اُس کا نام جاری ہے۔ کھرکی کو اُس نے آباد کر کے اپنا دارالسلطنت مقرر کیا تھا سنہ ۱۰۳۵ھ مین اسّی سال کی عمر مین انتقال کیا۔

زبردست امیر تھا مرہٹون کو اپنے سوارون مین بھرتی کرنا شروع کیا۔ اور قواعد سکھا کر سپاہی بنا دیا چنانچہ سب سے پہلے اُس کی فوج مین لکھ جی نامے ایک سردار نے ایسی ترقی پائی کہ دس ہزار سوارون کی سرداری کے منصب پر سرفراز ہوگیا۔ اس کے بعد مالوجی سیواجی کا دادا اسی سرکار مین پانچہزار سوارون کی رسالداری پر مامور ہوکر صاحب جمعیت ہوا۔ اِن کے علاوہ اور بھی بہت سے مرہٹے سرداری کے رُتبے پر پہونچ کر بڑی بڑی زرخیز جاگیرون پر قابض ہوئے۔ ملک عنبر کی دیکھا دیکھی دکن کی اور ریاستون نے بھی مرہٹون کو اپنی اپنی فوج مین بھرتی کرکے اعلے منصب پر سرفراز کیا۔ اس کے بعد عادل شاہی حکومت کی غفلت سے سیواجی کا اقتدار بڑھنا شروع ہوا۔ اور مسلمانون کی اِس ناعاقبت اندیش فیاضی کا جو نتیجہ ہوا وہ سب پر ظاہر ہے۔

اکثر لوگون کا خیال ہے کہ جس دن سے سلاطین اِسلام نے ہندو اور مسلمانون کی تفریق کرنی شروع کی۔ اُسی دن سے سلطنت کو تنزل شروع ہوگیا۔ لیکن یہ خیال محض تاریخی ناواقفیت کا نتیجہ ہے اور کسی تاریخ سے اِس کی تصدیق نہین ہوتی بلکہ اکثر مورخین کی یہ رائے ہے کہ مسلمانون کا اپنی مفتوح قوم کو اُمورات سلطنت مین دخیل کرکے محکومیت کے درجے سے بڑھانا اُن کی سلطنت کی تباہی اور بربادی کا باعث ہوا۔

جہان تک غور کیا جاتا ہے صاف طور سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی سلطنت کے تنزل کے زمانے مین بھی ہندؤن سے کسی قسم کا تعصب نہ برتا جاتا تھا۔ اور وہ اُنتظام سلطنت مین پورے طور سے دخیل تھے اِس کے ثبوت مین راجہ رتن چند راجہ نول رائے۔ مہاراجہ اجیت سنگھ راٹھور۔ دھیراج راجہ جے سنگھ سوائی۔ راجہ گردھر بہادر وغیرہ کے اقتدار کے حالات پیش کئے

جاسکتے ہین۔

اب مین اِس تمہید کو ختم کر کے ہندوستان کی اسلامی سلطنت کے سب سے بڑے اور واجب الاحترام خاندان مغلیہ کے ہندو اُمرا کے حالات ہدیۂ ناظرین کرتا ہون۔ اگر ملک نے اِن کو مقبولیت کی نگاہ سے دیکھا۔ اور حیات مستعار باقی رہی تو انشاء اللہ تعالیٰ دوسرے حصے مین دیگر فرمانروا خاندانون کے ہندو اُمرا کے حالات مُلک کے سامنے پیش کیے جاوینگے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

راجہ اُدے سنگھ راٹھور عرف موٹہ راجہ

رائے مالدیو

رائے مالدیو فرمان روائے جودھپور کا بیٹھا تھا۔ اس خاندان عظیم الشان مین صدہا سال سے حکومت و امارت کا نقشہ جما ہوا تھا۔ رائے مالدیو جاہ و حشمت۔ شوکت و سطوت۔ امارت لشکر مین جملہ راجگان ہندوستان مین ممتاز تھا۔ اُسکے

رائے چندرسین

مرنے کے بعد اُس کا چھوٹا بیٹا چندرسین جانشین ہوا سنہ ۱۵ جلوس مین جبکہ شہنشاہ اکبر زیارت مزار مبارک حضور خواجہ غریب نواز حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے فارغ ہوکر ناگور مین رونق افروز ہوئے۔ چندرسین نے دربار مین حاضر ہوکر ملازمت اور اطاعت بادشاہ کی اختیار کی۔ لیکن سنہ ۱۹ جلوس مین پھر باغی ہوگیا۔ جب تنبیہ کے واسطے شاہی فوجین مامور ہوئین۔ دشوار گذار پہاڑ دیکھکر جا چھپا سنہ ۲۵ جلوس مین پاینده خان مغل نے اِس کو شکست دی اور وہ پھر بھاگ گیا۔

راجہ اُدے سنگھ

راجہ مالدیو کا بڑا بیٹا راجہ اُدے سنگھ خاندانی گدّی پر بیٹھا۔ اکبر نے اپنی دلربائی اور دلداری کے عجیب و غریب منترون سے محبت کا ایسا طلسم راجہ اُدے سنگھ پر ڈالا

جس نے اُسکی محبت کو راجہ کے دلمین نقش کا الحجر کر دیا۔ اور اُس نے اکبر کی محبت مین اپنے عظیم الشان اور تاریخی خاندان کی ریت رسوم۔ مبارک نامبارک سب باتون سے قطع نظر کرکے ۹۹۴ھ مین اپنی لائق بیٹی مان متی کی جو جگت گسائین کے نام سے بھی مشہور تھی۔ شادی ولی عہد سلطنت شاہزادہ سلیم (جہانگیر) سے ٹھہرادی۔ ۱۹۔ رجب ۹۹۴ھ کو بادشاہ معہ اُمرائے دربار اور بیگمات کے راجہ کے مکان پر تشریف لے گئے۔ اور نہایت دھوم دہام سے دُلہن کو بیاہ کر لے آئے۔ اُس دن سے خاندان کچھواہہ کی طرح یہ دوسرا عظیم الشان خاندان راٹھور بھی مغلیہ خاندان کی محبت۔ اور وفاداری اور جان نثاری کا دم بھرنے لگا۔

شادی شاہزادۂ سلیم

اس شادی کے بعد راجہ اُدے سنگھ منصب ہزاری پر سرفراز ہوا۔ اور وطن کی حکومت بطور جاگیر کے قرار پائی ۳۳ جلوس مین صادق خان کے ساتھ راجہ مدھکر بندیلہ کی تنبیہ پر متعین ہوا ۳۵ مین ہم گجرات۔ اور ۳۸ مین زمیندار سروہی کی تادیب پر مامور ہوا ۴۰ جلوس مین انتقال کیا۔ چار رانیان اُس کی آتش محبت مین جل کر ستی ہوئین۔

جودہ بائی والدۂ شاہجہان

راجہ کی بیٹی جگت گسائین۔ جو عام طور سے جودہ بائی کے نام سے مشہور رہین نہایت دانشمند نیک طینت۔ خوش بیان۔ شیرین کلام۔ حاضر جواب۔ اور باسلیقہ بیگم تھین۔ انھین کے بطن سے ۹۹۹ھ یا ۱۰۰۰ھ مین بمقام لاہور شاہزادہ خورم (شاہجہان) پیدا ہوئے۔ انکی حاضر جوابی کے اکثر لطیفے مشہور رہین۔ نورجہان بیگم اور ان سے اکثر نوک جھونک رہا کرتی تھی۔ رات ایک موقع پر شب ماہ تھی اور چاندنی چھٹکی ہوئی تھی۔ نورجہان بیگم لباس سفید زیب بدن کیئے ہوئے بادشاہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھین عطر جہانگیری کی خوشبو سے جو تمام کپڑون اور در و دیوار پر چھڑکا ہوا تھا۔ دماغ معطر ہو رہا تھا۔ جہانگیر نے اُسی حالت مین جودہ بائی کو یاد فرمایا۔

پرستارین دوڑین - اور تھوڑی دیر مین جودہ بائی بھی لباس سُرخ زیب بدن کیے ہوے آموجود ہوئین - اور بادشاہ کے برابر کُرسی پر جا بیٹھین - بادشاہ اُدھر متوجہ ہوئے - نورجہان کو رشک پیدا ہوا - بادشاہ کی طرف دیکھکر کہنے لگین - آخر کو جودہ بائی زمیندار ہی کی بیٹی اس وقت کہ ہر طرف فوارۂ نور کشادہ ہین - اور فرش نسرین و نسترن بچھا ہوا ہے اور جلوۂ مہتاب ہویدا ہے - لباس سُرخ کیا مناسبت رکھتا ہے - جودہ بائی نے فی البدیہ جواب دیا - کہ سُہاگ میرا قائم ہے - اور سُہاگ تیرا[1] اُٹھ گیا - اور یہ دوہا پڑھا - ؎

جا رون نار تاس کا ہیّا ایک چھوڑ جن دو جا کیّا

نورجہان بیگم یہ جواب سُن کر اپنا سا مُنہ لیکر رہ گئین - جہانگیر اس لطیفے سے بہت خوش ہوا اور ہنس کر چُپ ہو گیا -

قلعہ اکبر آباد (آگرہ) اور فتح پور سیکری مین جودہ بائی کے عالیشان محلات اس وقت تک موجود ہین قلعہ کے محل مین ایک طرف پر کھانا اور دوسری طرف مندر کے آثار اس وقت تک پائے جاتے ہین جس سے صاف طور سے معلوم ہوتا ہے کہ محلات شاہی مین راجاؤن کی بیٹیون کو اپنے مذہب کے رسومات اور عبادت کرنے کی پوری آزادی حاصل تھی -

سُہاگ پورہ

جودہ بائی نے اکبر آباد مین ایک محلہ سُہاگ پورہ کے نام سے آباد کرکے اُس مین اپنے عالیشان محلات اور باغات تعمیر کرائے تھے - افسوس ہے کہ یہ محلّہ اب ویران ہو گیا - صرف اُن کے عظیم الشان مقبرہ کے نشانات جو اسی محلے مین واقع تھا - دو تین برس پہلے تک موجود تھے - اور اسی وجہ سے یہ مقام اب تک جودہ بائی کے نام سے مشہور - اور موضع بھوگی پورہ پرگنہ صدر تحصیل آگرہ مین شہر کے متصل واقع ہے -

---

[1] یہ اشارہ نورجہان بیگم کے پہلے شوہر شیر افگن خان کی طرف ہے -

جودہ بائی نے جمعہ کے دن ۳۰۔ ربیع الثانی ۱۰۲۸ھ کو انتقال کیا۔ جہانگیر کو بہت رنج ہوا دوسرے دن بیٹے (شاہزادہ خورم) کے مکان پر گئے اور تسلی اور تشفی کر کے اپنے ساتھ لے آئے۔

راجہ اُدے سنگھ کے تین بیٹے تھے۔ سورج سنگھ کشن سنگھ۔ دلپت سنگھ۔ سورج سنگھ اور کشن سنگھ کے حالات علیحدہ علیحدہ لکھے گئے ہین۔ دلپت سنگھ کا بیٹا مہیش داس مارت کے درجے پر پہونچا۔ اُس کا حال بھی علیحدہ لکھا گیا ہے۔

راجہ آسکرن کچھواہا

راجہ بہارامل کچھواہہ کا بھائی تھا۔ راجہ موصوف کے ہمراہ ملازمت اکبری مین داخل ہوا ۲۲۔ سنہ جلوس مین صادق خان کے ساتھ راجہ مدھکر بندیلے کی تنبیہ پر مامور ہوا ۲۲ سنہ جلوس مین راجہ ٹوڈرمل کے ساتھ صوبہ بہار مین متعین ہوا ۲۶ سنہ مین منصب ہزاری پر سرفراز ہوکر اعظم خان کوکہ کے ساتھ مہم دکن پر روانہ ہوا ۳۱ سنہ مین صوبہ داری اکبرآباد کے معزز عہدے سے سربلند ہوا ۳۳ سنہ مین شہاب الدین احمد خان کے ساتھ مکرر راجہ مدھکر کی تنبیہ کے واسطے روانہ ہوا۔ اور اسی سال وفات پائی۔ راجہ راج سنگھ کے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

راجہ انوپ سنگھ بڑگوجر (آنی رائے سنگھ دلن)

راجپوتون کی گوت بڑگوجر سے تھا۔ خاندان مین اگرچہ ہمیشہ سے زمینداری کا پیشہ چلا آتا تھا لیکن دادا کے وقت سے افلاس و مصیبت کی گھنگھور گھٹا چھائی ہوئی تھی۔ اُس کا دادا جنگل جنگل پھر کر۔ اور ہرن کا شکار کر کے اُس کے گوشت سے اپنے بال بچون کا پیٹ پالتا تھا۔ اب اسے اتفاق وقت کہو۔ یا خوبی قسمت سمجھو کہ ایکدن

اُس نے ایک جھاڑی مین شیر کا شبہ پاکر بندوق چلائی - قریب جا کر دیکھا تو معلوم ہوا
کہ چیتہ ہے اور کام تمام ہوچکا ہے اول تو بہت خوش ہوا لیکن جب اُسکو اُٹھانا چاہا
اور اُس کے گلے کی سونے کی گھنٹیون اور سونے کے قلادون کو دیکھا تو ششدر ہوکر
سکتے کی سی حالت مین رہ گیا سمجھا کہ شہنشاہ اکبر کا چیتہ ہے جو کسی ہرن کی تاک مین
جھاڑی مین چھپا بیٹھا تھا - غرضکہ جلدی سے گھنٹیون اور قلادون کو نکالکر چیتہ کو ایک
اندھے کنوئے مین ڈال دیا - اور وہان سے بھاگ کر اپنے گھر جا پہونچا شاہی
شکاری بھی جو چیتہ کی تلاش مین سرگردان تھے ڈھونڈھتے ہوئے اُسی کنوئے پر
پہونچے اور کنوئے مین چیتہ کی لاش دیکھکر سخت متعجب اور پریشان ہوئے - آخر پتہ
لگاتے لگاتے ٹھاکر صاحب کے گھر جا پہونچے - اور جب تلاشی لینے سے ٹھاکر صاحب
کے گھر مین سے گھنٹیان اور قلادے برآمد ہوگئے تو اُنھین باندھکر بادشاہ کے سامنے
لے آئے اور کُل ماجرا بیان کیا بادشاہ نے ٹھاکر صاحب سے وجہ دریافت کی -
اُس نے سچ سچ حال کہہ سنایا - بادشاہ کو اُس کی حالت زار پر ترس آیا - فوراً بند جُدا
کراکر ملازمت شاہی مین داخل کرلیا - مصرع

بگڑی بنجاتی ہے جب فضل خدا ہوتا ہے

راجہ بیر نرائن

ٹھاکر کے مرنے کے بعد اُس کا بیٹا بیر نرائن منصبدار مقرر ہوا - اور وہ اپنے
باپ سے زیادہ ترقی پا گیا - بیر نرائن کا بیٹا انوپ سنگھ بھی سن تمیز پر پہونچکر باپ کی زندگی
ہی مین ملازمت شاہی مین داخل ہوا - اور ترقی پاتا ہوا اخیر عہد اکبری مین خواصون کا
سردار مقرر ہوگیا -

شیر کا شکار اور انوپ سنگھ کی بہادری

۵ جلوس جہانگیری مین ۴ - شوال ۱۰۱۹ھ کو بادشاہ پرگنہ باری مین چیتے کے
شکار مین مشغول تھے - انوپ سنگھ معہ خواصون کے بادشاہ کے ساتھ تھا اثنائے راہ مین
دور سے ایک درخت پر بہت کوّون کو بیٹھا دیکھکر اپنی کمان لے کر اُدھر روانہ ہوا

جب درخت کے پاس پہونچا۔ اُس کے نیچے ایک نیم خوردہ گائے پڑی دیکھی اور اُسی وقت
ایک قوی ہیکل شیر قریب ہی کی جھاڑی سے نکلکر روانہ ہوا۔ جہانگیر کو شیر کے شکار
کا بہت شوق تھا۔ انوپ سنگھ نے اُسی وقت اپنے ساتھیون مین سے ایک شخص
کو بادشاہ کے پاس دوڑایا اور دوسرے ساتھیون کے ساتھ شیر کے روکنے مین
مصروف ہوا۔ جہانگیر خبر پاتے ہی معہ شاہزادہ خورم اور دو تین اور امیرون کے
سوار ہوکر اُس طرف روانہ ہوئے۔ جب شیر کے قریب پہونچے بادشاہ کی سواری
کا گھوڑا شیر کی صورت دیکھکر شوخی کرنے لگا۔ بادشاہ گھوڑے پر سے اُتر پڑے
اور پیادہ ہوکر شیر پر متواتر بندوق کے تین چار فیر کیئے۔ شیر زخمی ہوکر بادشاہ کیطرف
جھپٹا۔ اُسکی چنگھار سنتے ہی بہت سے خدمتگار اور امیر جو بادشاہ کے اِردگرد کھڑے
تھے بھاگ پڑے۔ ایک کے اوپر ایک گرنے لگا۔ اِس کشمکش مین بادشاہ خود بھی
زمین پر گر گئے۔ اور بدحواسی کے عالم مین کئی شخص بادشاہ کے سینے پر پانون رکھتے
ہوئے بھاگے۔ لیکن شیردل انوپ سنگھ اپنی جگھ اڑا رہا آخر شیر نے اُس شیردل پر حملہ کیا۔
اُس نے دونون ہاتھون سے شیر کے سر پر لاٹھی ماری۔ شیر پھر جھپٹا اور دونون کی
کشتی ہونے لگی۔ انوپ سنگھ کے دونون ہاتھ اور کچھ حصہ لاٹھی کا شیر نے اپنے منہ مین
دبا لیا۔ اِسی حالت مین شاہزادہ خورم اور راجہ رامداس ہمت کرکے پہونچے۔
اور دونون نے شیر پر تلوارون کے وار کرنا شروع کیئے۔ حیات خان خواص نے
بھی پہونچکر لکڑیان مارنا شروع کین۔ مگر چونکہ انوپ سنگھ اور شیر دونون غٹ پٹ ہو رہے
تھے۔ یہ وار نہایت احتیاط سے کئے جاتے تھے۔ تھوڑی دیر مین انوپ سنگھ نے بھی
زور مار کر اپنے ہاتھ شیر کے منہ مین سے نکال لئے اور اِس زور سے لاٹھیان رسید
کین کہ شیر کا منہ پھر گیا۔ شیر دوسری طرف بھاگا اور اِس بہادر نے اپنی کمر سے تلوار سونتکر
اُسکا تعاقب کیا۔ اور بھاگتے ہی مین اِس زور سے کئی تلوارین مارین کہ شیر کا کئی جگھ

سے گوشت سے پوست جدا ہوگیا۔ چونکہ مغرب کا وقت ہوگیا تھا۔ اُدھر سے آفت کا
مارا صاحب نام مشعلچی روشنی کیواسطے آرہا تھا۔ شیر نے اُس کے ایسا تھپڑ مارا۔ کہ بیچارے کا
آناً فاناً مین کام تمام ہوگیا۔ انوپ سنگھ چونکہ ہاتھون مین موٹے موٹے چھلے پہنے ہوئے
تھا۔ اُن کے اور لکڑی کی وجہ سے ہاتھون کو تو کوئی ضرر نہین پہونچا۔ لیکن کئی جگھ
شیر کے پنجون سے زخمی ہوگیا۔ شاہی طبیب اور جراح علاج کے واسطے مامور ہوئے
تھوڑے دنون مین اچھا ہوکر دربار مین حاضر ہوا بادشاہ نے اپنے ہاتھ سے ایک
مرصع تلوار مرحمت فرمائی۔ اور خطاب انی رائے[1] سنگھ دلن سے موصوف کرکے اُمرائے
خاص کے سلسلے مین منسلک کیا۔

ایک دن جہانگیر نے انوپ سنگھ کی کسی بات پر اعتراض کیا۔ اُس نے فوراً جمدھر
کمر سے کھول کر اپنے پیٹ پر دے مارا۔ مگر ہلکا زخم آیا۔ اور بچ گیا اُس دن سے جہانگیر کے
دلمین اُس کا اعزاز اور اعتبار بہت بڑھ گیا۔ بڑی بڑی ذمہ داری کی خدمتین اُسکے
سپرد ہونے لگین یہان تک کہ شاہزادہ خسرو جو باپ کے پاس قید تھا اُس کے سپرد کردیا
گیا۔ مہم بنگش اور دیگر مہمات مین بڑے بڑے امیرون کے اوپر وہ سپہ سالار مقرر ہوکے
بھیجا گیا۔ شہنشاہ شاہجہان نے تخت نشین ہوکر پہلے ہی جشن مین منصب سہ ہزاری سہ ہزار
و پانصد سوار سے اُسکو سرفراز فرمایا۔ اور خلعت اور جمدھر مرصع عنایت کیا۔ پہلے سال
جلوس مین مہم ججہار سنگھ بندیلہ اور اُس کے بعد دیگر مہمات دکن وغیرہ مین اُسنے خدمات
نمایان انجام دین ۔

صفر ۱۰۴۰ھ کو اپنے باپ کی وفات کے بعد جو خطاب راجہ سے موصوف اور
منصب ہزاری ہفتصد سوار پر سربلند تھا خطاب راجگی سے موصوف ہوا ۱۴ سنہ
جلوس مین وفات پائی۔

---

[1] یہ خطاب ہندی زبان کا ہے۔ انی رائے یعنی سردار فوج سنگھ یعنی شیر دلن بہ معنی مارنے والا یعنی سپہ سالار شیر کا مارنیوالا۔

راجہ انوپ سنگھ خط و انشا مین کافی مہارت رکھتا تھا۔ اُسکی وفات کے بعد جیرام
اُس کا بیٹا جانشین ہوا جس کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

اُداجی رام

قوم کا دکھنی برہمن۔ اور نہایت ہوشیار۔ ذہین اور صاحب نام و نمود تھا۔ اپنے قوت بازو سے ماہور سے ہنگر تک زمینداری پیدا کرکے دکن کے مشہور و معروف ہیرو ملک عنبر کی ملازمت مین داخل ہوا۔ اور اپنی لیاقت و کاروائی سے بہت جلد صاحب اعتبار ہوکر نہایت جاہ و حشم حاصل کیا۔ شہنشاہ جہانگیر کے عہد مین امرائے تیموریہ کے زمرے مین شامل ہوکر منصب چہار ہزاری ذات۔ چہار ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔ چونکہ اعلیٰ درجے کی انتظامی قابلیت سے موصوف۔ اور سرزمین دکن اور وہان کی رعایا کے رسم و رواج۔ عادت و اطوار سے بخوبی واقفیت رکھتا تھا۔ لہذا جملہ صوبہ داران دکن کے عہد مین باوقار رہا۔ اور کل مالی و ملکی انتظام اُسی کی رائے سے سرانجام پاتے تھے۔ چونکہ وہ نیک نیتی کے ساتھ رحم دلی اور رعایا پروری کی صفت سے بھی موصوف تھا۔ اس لئے رعایا اُس سے بہت خوش تھی۔

سنہ ۱۸ جلوس جہانگیری مین جبکہ شاہزادۂ خرم (شاہجہان) بادشاہی فوج کے تعاقب کی وجہ سے دکن سے بنگالہ روانہ ہوا۔ اثنائے راہ مین اپنا تمام وزنی مال و اسباب معہ بہت سے ہاتھیون کے ماہور مین اُداجی رام کے پاس چھوڑ گیا۔ اگرچہ یہ امر مہابت خان صوبہ دار دکن کو جو شاہزادے کے تعاقب مین مامور تھا ناگوار گذرا۔ لیکن چونکہ وہ خدمات شاہی کو بھی نیک نیتی کے ساتھ انجام دیتا تھا۔ لہذا اُس سے کچھ پرخاش نہ کی۔ اور سب سے زیادہ اُس کا اعتبار کرکے عزت افزائی کی۔ سنہ ۱۹ جلوس مین جبکہ بادشاہی فوج عادل شاہ والئِ بیجاپور کی کمک پر ملک عنبر سے موضع

بہاتوری مین جو احمد نگر سے پانچ کوس کے فاصلے پر ہے مصروف بہ جنگ تھی یکایک
ملا محمد لاری سپہ سالار لشکر بیجاپور کے مارے جانے سے ابتری پھیل گئی۔ اُداجی رام
اور اُس کے ہمراہیون کے پاؤن بھی اُکھڑ گئے۔ لڑائی کا قاعدہ ہے کہ ایک کے
پاؤن اُکھڑے اور سب کے اُکھڑے۔ کل فوج ایسی بھاگی کہ گویا اِسی ساعت کی منتظر تھی۔
بہت سے اُمرائے شاہی قید اور قتل ہوے اُس دن سے اُداجی رام کی عزت اور
اعتبار مین بہت کمی ہوگئی۔

شہنشاہ شاہجہان نے سنہ ۳ جلوس مین اُسکو منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار
پر سرفراز کرکے چالیس ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت کیا۔ اور مہم خانجہان لودی مین
متعین کیا۔ سنہ ۴ جلوس مین جبکہ خانخانان مہابت خان کے ساتھ قلعہ دولت آباد
کے محاصرہ مین سرگرم خدمات تھا۔ انتقال کیا۔ قدردان بادشاہ نے جگجیون

جگجیون پسر اُداجی رام

اُس کے خورد سال بیٹے کو منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر سرفراز
فرمایا۔ وہ سنہ ۹ جلوس کی مہم ساہنوجی مین شریک تھا۔ پھر کچھ حال اُس کا نظر
سے نہین گذرا۔

راجہ انرودہ گوڑ

راجہ بیٹھلداس گوڑ کا بڑا بیٹا تھا۔ اول اپنے باپ کی نیابت مین اجمیر کی
فوجداری پر مامور رہا۔ سنہ ۱۹ جلوس شاہجہانی مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار
سوار پر سربلند ہوا۔ سنہ ۲۴ مین علم اور سنہ ۲۵ مین باپ کے مرنے کے بعد نقارہ اور اسپ
وفیل مرحمت ہوا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف ہوکر منصب سہ ہزاری ذات
سہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر سرفراز ہوا۔ اور مشہور و معروف قلعہ رن تھنبور کی
قلعداری کی خدمت سپرد ہوئی۔ اِس کے بعد مہم قندہار مین اول مرتبہ شاہزادہ

اورنگ زیب اور دوسری مرتبہ شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ شریک ہوکر کارہائے نمایان انجام دیئے سنہ ۲۹ مین علامی سعد اللہ خان وزیر اعظم کے ساتھ قلعہ چھوڑ کے انہدام اور رانا کی تادیب پر مامور رہا سنہ ۳۱ مین منصب سہ ہزار (۳۵۰۰) پانصدی ذات سہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر سرفراز ہوکر راجہ جے سنگھ کچھواہہ کے ساتھ شاہزادہ شجاع کی تنبیہ پر متعین ہوا۔

شہنشاہ عالمگیر کی تخت نشینی کے بعد سنہ ۱۰۶۹ھ مین مہم شجاع پر متعین ہوا۔ اور آگرہ سے روانہ ہوکر راستے مین انتقال کیا۔

راجہ امر سنگھ نروری

راجہ رام داس نروری کا پوتا تھا۔ دادا کے مرنے کے بعد سنہ ۱۰۴۹ھ مین دربار شاہجہانی سے منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوکر خطاب راجگی سے موصوف اور قلعداری نرور پر مامور رہا۔ اور نرور کے قریب جوار کا علاقہ جاگیر مین مرحمت ہوا سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادۂ مراد بخش اور سنہ ۲۵ مین شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین متعین ہوا سنہ ۲۶ مین شاہزادۂ دارا شکوہ کے ہمراہ مہم قندہار اور اُس کے بعد رستم خان کے ساتھ قلعہ بست کے محاصرے مین شریک ہوا۔ اور ان خدمات کے صلے مین سنہ ۳۰ مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار سوار پر ترقی حاصل کی۔ اور اسی سال معظم خان کے ساتھ شاہزادہ اورنگ زیب کی کمک پر صوبہ دکن مین مامور رہا۔

شہنشاہ عالمگیر کے عہد مین اول مہم آسام اور دوسری مرتبہ سرحدی پٹھانون کی مہم مین اپنی ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے۔ اور اُس کے صلے مین منصب مین ترقی حاصل ہوئی۔

راؤ امر سنگھ راٹھور

راجه گجے سنگھ راٹھور جودھپوریه کا بڑا بیٹا تھا۔ ابتدا مین معمولی منصبدارون
کے زُمرہ مین شامل تھا۔ سنه ۲ جلوس شاہجہانی مین منصب دو ہزار و پانصدی[۲۵۰۰]۔
ہزار و پانصد سوار[۲۵۰۰] سے ممتاز ہوکر علم و فیل مرحمت ہوا۔ اور سید خانجہان بارہہ
کے ساتھ جھجھار سنگھ بُندیله کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ اور اِس مہم کی خدمات کے صلے
مین منصب سه ہزاری[۳۰۰۰]۔ دو ہزار و پانصد سوار[۲۵۰۰] پر سربلند ہوا۔ سنه ۹ مین مہم دکن پر
مامور ہوا۔ سنه ۱۱ مین خلعت و نقّارہ اور اسپ معه زین نقرہ کے مرحمت ہوکر شاہزادہ
شجاع کے ساتھ صوبۂ کابل مین متعین ہوا۔ اور اِسی سال ۲۔ محرم سنه ۱۰۴۸ھ کو جب راجه
گجے سنگھ اُس کے باپ نے انتقال کیا۔ اور اُس کی وصیت کے بموجب اُس کا چھوٹا بیٹا
جسونت سنگھ اُس کا جانشین مقرر کیا گیا۔ یه منصب سه ہزاری[۳۰۰۰]۔ سه ہزار سوار[۳۰۰۰] پر مفتخر
ہوکر خطاب راؤ سے ممتاز ہوا۔

سنه ۱۴ مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ صوبه کابل مین تعینات ہوا۔ اور وہان
سے راجه جگت سنگھ ولد راجه باسو کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ سنه ۱۵ مین حاضر دربار ہوکر
منصب چہار ہزاری[۴۰۰۰]۔ سه ہزار سوار[۳۰۰۰] پر ممتاز ہوا۔ اور شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ
قلعه قندہار کی مہم پر روانہ ہوا۔ سنه ۱۶ مین وہان سے طلب ہوکر دربار مین آیا۔ اور
یہان آکر بیمار ہوگیا۔ سنه ۱۷ جلوس مین صحت پاکر ۳۔ جمادی الاولی سنه ۱۰۵۴ھ کو جمعرات
کے دن شام کے وقت حاضر دربار ہوا۔ صلابت خان میر بخشی نے خلوت خانه
مین جہان اُس وقت بادشاہ رونق افروز تھے۔ زمین بوس کرایا اور وہ آداب
زمین بوسی کے بعد اُلٹے جانب کی صف مین دست بسته کھڑا ہوگیا۔ صلابت خان
سیدھے جانب کی صف مین کھڑے تھے۔ نماز مغرب کے بعد جبکه بادشاہ کسی فرمان

کے کھانے مین مصروف تھے کسی کام کے واسطے کھڑے دربار سے نیچے اُترے۔
اور شمعدان کے پاس ایک دوسرے امیر سے باتین کرنے لگے۔ اُسی حال مین
امرسنگھ نے دوڑکر اپنا جمدھر اُن کے سینے پر اُلٹی طرف دے مارا آناً فاناً مین بیچارے
کا کام تمام ہوگیا۔ خلیل اللہ خان اور ارجن پسر بیٹھلداس گوڑ نے یہ حال دیکھکر امرسنگھ
پر حملہ کیا۔ اُس نے دو تین وار ارجن پر بھی کیئے جو اُس نے اپنی ڈھال پر روکے
یہ حال دیکھکر سید سالار بارہہ۔ اور چھ سات اور منصبدار دوڑ پڑے اور امرسنگھ کا کام
تمام کردیا۔ اور تھوڑی ہی دیر مین قاتل بھی مقتول کے پاس پہونچ گیا۔ بادشاہ کو
دو امیرون کے اسطرح سے مارے جانے کا بہت افسوس ہوا۔ بہت تحقیقات
کی۔ مگر سوائے اِس کے کہ امرسنگھ نشۂ شراب مین سرشار تھا اور کوئی وجہ
نہ معلوم ہوئی۔

جب میرخان منبر ترک اور ملوک چند داروغہ دولت خانہ خاص بادشاہ کے
حکم کے بموجب امرسنگھ کی لاش کو دہلیز خلوت خانے سے باہر لائے۔ اور رامسنگھ کے نوکرون
کو اُس کی کریا کرم کے واسطے بولایا۔ پندرہ راجپوت نوکر یہ حال سُن کر دیوانہ وار جمدھر
اور تلوارین لئے ہوئے آموجود ہوئے اور آتے ہی ملوک چند اور میرخان پر حملہ کیا۔
ملوک چند بیچارہ تو اُسی وقت مارا گیا۔ اور میرخان ایسا زخمی ہوا کہ دوسرے دن
مرگیا۔ یہ حال دیکھکر شاہی احدی اور گرزبردار دوڑ پڑے اور آن کی آن مین
سب کا خاتمہ کردیا۔ چھ گرزبردار قتل اور چھ سخت زخمی ہوئے۔

امرسنگھ کے کچھ نوکر ارجن کے گھر پہونچے۔ تاکہ اُس کو مارکر اپنا دل ٹھنڈا کرین
مگر وہ نہ ملا جب اِن کی جہالت کا حال بادشاہ کو معلوم ہوا۔ اپنے ایک خاص امیر
کو ان لوگون کے پاس بھیجا اُس نے بہتیرا سمجھایا۔ مگر اُن جاہلون نے ایک نہ سُنی۔
اُس وقت مجبور ہوکر بادشاہ نے سید خانجہان بارہہ اور رشید خان انصاری کو اُنکی

تادیب کے واسطے روانہ کیا۔ اُنھون نے ان کا بھی مقابلہ کیا اور تا وقتیکہ سب
قتل نہ ہو گئے باز نہ آئے۔ بادشاہی لشکر مین سے سید عبد الرسول بارہہ معہ اپنے
بھائی سید غلام محمد اور چار پانچ اور عزیزون کے شہید ہوئے۔

نو محلہ امر سنگھ

راؤ امر سنگھ نے اکبر آباد کے قلعہ کے دکن کی جانب ایک عظیم الشان محل تعمیر
کرا کر اُس کے پاس بہت عمدہ باغ لگوایا تھا۔ یہ باغ اور نو محلہ امر سنگھ کے نام سے
موسوم تھا۔ اِس مین ۸۹ بیگہ ۳ بسوہ اراضی تھی جس مین سے ۶۳ بیگہ ۱ بسوہ مین عمارت اور
۲۵ بیگہ ۲ بسوہ مین باغ واقع تھا۔ قلعہ اکبر آباد کا جو دروازہ اِس نو محلہ کے طرف ہے وہ

امر سنگھ دروازہ

اِسی لحاظ سے آج تک امر سنگھ دروازہ کے نام سے مشہور چلا آتا ہے۔ نو محلہ کی
عالیشان عمارت کا کچھ حصہ اُنیسوین صدی تک باقی تھا اور وہ اراضی اِس وقت
نو محلہ امر سنگھ کے نام سے مشہور چلی آتی ہے۔
رائے سنگھ راؤ امر سنگھ کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

راؤ امر سنگھ چندراوت

راؤ چاند کا پوتا۔ اور رائے دُرگا داس کا پرپوتا تھا۔ ۲۴ سنہ جلوس شاہجہانی مین
جب راؤ روپ سنگھ چندراوت نے لاولد انتقال کیا۔ امر سنگھ معہ اپنے بھائیون کے
اپنے وطن چندراوت سے بارگاہ شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ اور خوبی قسمت سے اپنے
سب بھائیون مین سے بادشاہ کا منظور نظر ہو کر راؤ روپ سنگھ کا جانشین قرار پایا
اور منصب ہزاری ذات۔ نہ صد ۹۰۰ سوار پر مفتخر ہو کر خطاب راؤ سے موصوف۔ اور
خلعت و اسپ سے سرفراز ہوا۔ اور پرگنہ رام پور اُس کے اور اُس کے بھائیون
کی جاگیر مین مرحمت ہوا۔ سنہ ۲۵ جلوس مین منصب ہزاری۔ ہزار سوار سے ممتاز ہو کر
شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندھار پر مامور ہوا۔ سنہ ۲۶ مین شاہزادہ دارا شکوہ

کے ساتھ دوبارہ قندہار روانہ ہوا سنہ ۲۷ مین شاہزادہ موصوف کی سفارش سے
منصب ہزار و پانصدی ذات - ہزار سوار پر سر بلند ہوا سنہ ۲۸ مین صوبہ دکن مین
متعین ہوا سنہ ۳۱ مین حسب الطلب دربار مین واپس آکر مہاراجہ جسونت سنگھ کے
ساتھ صوبۂ مالوہ کو روانہ ہوا - اور اُجین کی شکست کے بعد اپنے وطن چلا گیا۔
سنہ ۱۰۶۸ھ مین سموگڈہ کی لڑائی کے بعد دربار عالمگیری مین حاضر ہوا اور شاہزادہ
محمد سلطان کے ساتھ شجاع کے تعاقب پر مامور ہوا - لیکن راستے ہی سے مختلف افواہین
سُن کر پھر اپنے وطن کو چل دیا جہان سے تھوڑے دنون بعد پھر دربار مین آیا - اور
اپنے سابقہ قصور کی معافی حاصل کر کے مہم دکن مین متعین ہوا - اور مرزا راجہ
جے سنگھ کے ساتھ کارہائے نمایان انجام دیتا رہا سنہ ۱۱ جلوس مین قلعہ سالہیر کی
لڑائی مین مارا گیا۔

راؤ محکم سنگھ پسر امر سنگھ۔

محکم سنگھ اُس کا بیٹا قلعہ سالہیر کی لڑائی مین باپ کے ساتھ تھا - وہ دشمنون
کی قید مین پھنس گیا - اور کسی ترکیب سے تھوڑے دنون بعد رہائی حاصل کر کے
بہادر خان کوکہ ناظم دکن کے پاس آپہونچا اور دربار شاہی سے اضافہ منصب اور
خطاب راؤ سے موصوف ہو کر اپنی اخیر عمر تک بادشاہی خدمات مین سرگرم رہا
اُس کی وفات کے بعد گوپال سنگھ اُس کا بیٹا جانشین مقرر ہوا جسکا حال علیحدہ لکھا گیا ہی

راجہ اندرمن دھندیرہ

دھندیرہ راجپوتون کی ایک گوت ہے - اِن مین اور بُندیلون اور رٹھوڑون
مین باہم شادی بیاہ کا سلسلہ جاری ہے - اِس گوت کے راجپوتون کا اصلی وطن
قصبہ سہرا سرکار سارنگ پور صوبہ مالوہ مین تھا - کہ جو سلاطین مغلیہ کے دفتر مین
سہار باآجی کے نام سے لکھا جاتا تھا - شہنشاہ اکبر کے عہد مین راجہ جگمن دھندیرہ

راجہ جگمن دھندیرہ

دربار شاہی مین حاضر ہوکر مورد الطاف ہوا تھا۔ شاہجہان نے اپنے عہد سلطنت مین ولایت دھندیرہ سیو آرام گوڑ کو مرحمت فرمائی اُس نے راجہ اندرمن کو جو اُسوقت اُس ملک پر قابض تھا بیدخل کرکے اپنا قبضہ کرلیا۔ چند روز کے بعد راجہ اندرمن نے کچھ فوج فراہم کرکے اپنے موروثی ملک کو پھر فتح کرلیا جب بادشاہ کو یہ حال معلوم ہوا سنہ جلوس مین معتمد خان اور راجہ بیٹھلداس گوڑ کو اس کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ اِن لوگون نے ولایت دھندیرہ مین پہونچکر جب قصبہ تہرا فتح کرلیا تو راجہ اندرمن بھی اِن کے پاس حاضر ہوگیا۔ اور حسب الحکم بادشاہ کے قلعہ جلبسیر مین مقید کیا گیا سنہ ۱۰۶۸ھ مین جب اورنگ زیب دکن سے آگرہ کو روانہ ہوا۔ راجہ اندرمن کو قید سے رہا کرکے منصب سہ ہزاری - دو ہزار سوار پر سرفراز کیا۔ اُس نے اُجین کی لڑائی مین اپنی بے نظیر شجاعت کا ثبوت دیکر اورنگ زیب سے علم و نقارہ کا اعزاز حاصل کیا۔ اِس کے بعد جنگ سموگڈہ مین بہادری اور جانفشانی کا حق ادا کیا اور شاہزادہ شجاع کی پہلی لڑائی کے بعد صوبہ بنگالہ مین متعین ہوا۔ اور اُسی جگہ انتقال کیا۔

اندر سال ہاڈہ

راؤ رتن ہاڈہ کا پوتا تھا۔ سنہ ۸ جلوس شاہجہانی مین جھجہار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ سنہ ۹ جلوس مین سید خانجہان بارہہ کے ساتھ عادل شاہ والی بیجاپور کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ سنہ ۱۱ جلوس تک منصب ششصدی ذات۔ سہ صد سوار پر سرفراز تھا سنہ ۱۸ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ صوبہ کابل مین متعین ہوا۔ سنہ ۱۹ مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک ہوکر اپنی ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے۔ اور سنہ ۲۰ مین منصب ہشت صدی چار صد سوار پر سربلند ہوا۔ اسکے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

راجہ انوپ سنگھ بھورتیہ

رائو کرن کا بیٹا - اور رائو سورج سنگھ کا پوتا تھا - مدتون صوبۂ دکن مین متعین رہا سنہ ۸ جلوس عالمگیری مین بہادر خان کوکہ اور عبدالکریم میانہ کی لڑائی مین خدمات نمایان انجام دین - اور اُن کے صلے مین بہادر خان کی سفارش سے خطاب راجگی سے موصوف ہوا سنہ ۱۹ مین دلیر خان داؤدزئی کی ماتحتی مین دکھنیونکی لڑائی مین خاص نام پیدا کیا سنہ ۲۱ مین اورنگ آباد کا صوبہ دار مقرر ہوا - اِسی عرصے مین سیواجی نے آکر شورش برپا کی - اِس موقع پر اُس نے دلاوران زمانہ کے حوصلے سے بڑھکر قدم مارا - اور اپنی قلیل فوج کو لے کر نہایت شجاعت و بہادری سے شہر سے باہر نکل کر مقابلے پر آمادہ ہوگیا - لڑائی شروع ہی ہوئی تھی کہ خانجہان بہادر ناظم دکن آپہونچا - اور مرہٹے اُسکی صورت دیکھتے ہی بھاگ گئے سنہ ۳۰ جلوس مین نصرت آباد سکھر کا قلعدار اور فوجدار مقرر ہوا سنہ ۳۳ مین امتیاز گڈھ ادونی کی حکومت پر سرفراز ہوا سنہ ۳۵ مین اُس جگہ سے تبدیل ہوا سنہ ۴۱ مین وفات پائی - منصب دو ہزار و پانصدی - دو ہزار سوار پر سربلند تھا -

انوپ سنگھ کے مرنے کے بعد بادشاہ نے اُس کے وطن بیکانیر کی موروثی حکومت پر سروپ سنگھ اُس کے بیٹے کو جو پہلے سے ملازمت شاہی مین ہزار و پانصدی کا منصبدار تھا سرفراز فرمایا - وہ ذوالفقار خان بہادر کی ماتحتی مین خدمات شاہی انجام دیتا رہا -

سروپ سنگھ بیٹا انوپ سنگھ

سروپ سنگھ کے بعد اُس کا بیٹا اندر سنگھ اور اُس کے بعد اندر سنگھ کا بیٹا زورآور سنگھ اور اُس کے بعد زورآور سنگھ کا متبنیٰ بیٹا گجے سنگھ وطن کی حکومت پر سرفراز ہوا -

انی رائے

ذات کا برہمن اور شاہجہان کے عہد مین منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سرفراز تھا شہنشاہ عالمگیر کے عہد مین صدر دفتر کے صیغہ حساب و تنخواہ کا دیوان اعلیٰ (اکونٹنٹ جنرل) مقرر ہوا۔ اس عہدے پر شاہزادون اور اُمرائے عالیشان سے لیکر غریب سپاہی تک سب کی تنخواہ کا حساب و کتاب اُس کے ذمے تھا۔ وہ حساب و کتاب مین کسی کی رعایت نہین کرتا تھا۔ سب لوگ اپنی اپنی کفایت چاہتے تھے۔ جب حسابی معاملے مین کسی امیر کی اُس کے سامنے پیش نہ جاتی تھی تو جلکر اُس پر طرح طرح کی پھبتیان اُڑا کر اپنا کلیجہ ٹھنڈا کرتے تھے۔ عالمگیر کے مشہور و معروف معتمد علیہ امیر نعمت خان عالی نے بھی کسی محاسبے پر ناراض ہو کر اُس بیچارے کی ہجو لکھ ماری ہے جو کتاب وقائع نعمت خان عالی مین موجود ہے۔ اُس قطعہ کے چند شعر نقل کیے جاتے ہین۔

سالے وصالے چون کنم کہ انی رائے شد سقط
این غم مرا ز و سوہنر ہیچو رو خواب کرد

آن صورت مہاوت فیلان ہتیاپول
ما را چو فیل بند حساب و کتاب کرد

یارب نصیب ہیچ مسلمان دگر مباد
ظلمیکہ آن برہمن خانہ خراب کرد

تحقیق دان کہ آن خر عیسیٰ نمردہ است
در سایہ رسید و علف خورد و خواب کرد

راجہ اندر سنگھ راٹھور

راجہ رائے سنگھ راٹھور کا بیٹا۔ اور راجہ امر سنگھ راٹھور کا پوتا تھا۔ سنہ ۱۸ جلوس عالمگیری مین باپ کے انتقال کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ سنہ ۲۲ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے مرنے کے بعد چھتیس ۳۶ لاکھ روپیہ دربار عالمگیری مین پیشکش کیا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف ہو کر سرداری قوم راٹھور۔ اور حکومت جودھپور پر سرفراز ہوا

اور خلعت خاصہ۔ اور شمشیر معہ ساز مرصع۔ اور اسپ معہ ساز طلا۔ اور فیل و علم۔ اور نقارہ مرحمت ہوا۔

سنہ ۲۴ مین شاہزادۂ محمد معظم کے ساتھ شاہزادہ محمد اکبر کے تعاقب پر مامور ہوا اس کے بعد دکن کے مہمات مین متعین رہا۔ سنہ ۴۸ مین منصب سہ ہزاری۔ دو ہزار سوار سے سربلند ہوا۔ شہنشاہ عالمگیر کے انتقال کے بعد اعظم شاہ کی خدمت مین حاضر ہو کر منصب پنجہزاری پر ممتاز ہوا۔ اور حسب الحکم ذوالفقار خان کے ساتھ شاہزادہ بیدار بخت (پسر اعظم شاہ) کے پاس اُجین روانہ ہوا۔ لیکن پھر کچھ سمجھکر راستے ہی سے جودھپور چل دیا۔ اس کے بعد کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

ہرناتھ سنگھ و مان سنگھ

راجہ اندر سنگھ کا پوتا ہرناتھ سنگھ صوبہ برار مین جاگیردار تھا۔ سنہ ۱۱۱۹ھ مین اُسنے وفات پائی۔ اُس کا بیٹا مان سنگھ مدتون دکن مین رہا۔ اس کے بعد وطن کو جارہا تھا کہ راستے مین بھیلون کے ہاتھ سے مارا گیا۔

راجہ اودت سنگھ بھدریہ

راجہ مہا سنگھ بھدوریہ کا بیٹا تھا۔ اپنے باپ کی زندگی ہی مین ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ سنہ ۲۴ جلوس عالمگیری مین ہندوستان کے مشہور قلعۂ چتوڑ کا قلعدار مقرر ہوا۔ سنہ ۲۶ مین اپنے باپ کے مرنے کے بعد خطاب راجگی سے موصوف ہو کر درجن سنگھ ہاڑہ کی سرکوبی پر مامور ہوا۔ اور اس خدمت کے صلے مین خلعت اور اضافہ منصب اور نقد انعام سے سرفراز ہوا۔ سنہ ۲۸ جلوس مین مہم بیجاپور مین شریک ہو کر اپنی شجاعت و بہادری کے کارنامے دکھائے۔ سنہ ۳۶ مین منصب سہ ہزاری۔ دو ہزار سوار پر مفتخر ہو کر قلعہ ارسنجر لنا مقرر ہوا۔

گوپال سنگھ بھدوریہ

اُس کی وفات کے بعد گوپال سنگھ اُس کا جانشین مقرر ہوا۔ جو محمد شاہ کے

عہد تک خدمات شاہی مین سرگرم تھا۔ آگرہ کے قریب اُس کا آباد کیا ہوا گوپال پور اِس وقت تک موجود ہے جس مین اُس کی گڑہی کے نشانات بھی اسوقت تک موجود اور گڑہی بہدوریہ کے نام سے مشہور ہین۔

ریاست بہداور اگرچہ مرہٹون کے عروج کے زمانہ مین ختم ہوگئی۔ لیکن اس خاندان مین ریاست کی صورت کسی قدر اب تک قائم ہے اور گورنمنٹ عالیہ کیطرف سے کچھ گانون معافی مین ملے ہوئے ہین اور کچھ روپیہ نقد خزانہ شاہی سے عطا ہوتا ہے جو سب مل ملاکر قریب ایک لاکھ روپیہ سالانہ کے ہوجاتا ہے۔ موضع نوگنوان تحصیل باہ ضلع آگرہ مین ریاست کا صدر مقام ہے۔ بھنڈ (ریاست گوالیار) پنا ہٹ (تحصیل باہ) کچورہ (تحصیل باہ) وغیرہ مین راجگان بھداور کے تعمیر کئے ہوئے عالیشان قلعہ اسوقت تک موجود ہین۔

مہاراجہ مہندر مہندر سنگھ رئیس کی جن کے انتقال کو دو تین ہی برس ہوئے ہیں گورنمنٹ مین خاص عزت تھی۔ باوجود اِس کے کہ اختیار فرمان روائی حاصل نتھا مگر نومبر ۱۸۶۶ء کے دربار لارڈ لارنس صاحب بہادر ویسرائے و گورنر جنرل کشور ہند مین جو بمقام آگرہ منعقد ہوا تھا۔ اور جس مین مہاراجہ گوالیار۔ وجے پور و جودھپور وغیرہ تمام ہندوستان کے بڑے بڑے والیان ملک شامل ہوئے تھے۔ مہاراجہ بھداور کی کرسی تینتیسوین نمبر پر تھی۔

موجودہ رئیس نابالغ ہین اور اُنکا علاقہ کورٹ آف وارڈس کے انتظام مین ہے۔

مہاراجہ اجیت سنگھ راٹھور

مہاراجہ جسونت سنگھ راٹھور کا بیٹا تھا۔ باپ کی وفات کے وقت مان کے پیٹ مین تھا جب جسونت سنگھ نے کابل مین انتقال کیا۔ اُس کے نوکر بلا اجازت

بادشاہ کے رانیون کو لے کر کابل سے چل دیئے۔ جب دریائے اٹک کے گھاٹ پر
پہونچے۔ میر بحر نے راہداری کا پروانہ مانگا۔ پروانہ اُن کے پاس موجود نہ تھا۔
میر بحر دریا کے اُترنے سے مانع ہوا۔ اُنھون نے اُسکا مقابلہ کیا۔ اور اُسے اور
اُس کے آدمیون کو زخمی کر کے زبردستی دریا سے پار اُتر آئے۔ لاہور پہونچکر
اجیت سنگھ پیدا ہوا۔ جب عالمگیر کو وقائع نگار کی تحریر سے اِس واقعہ کی اطلاع ہوئی۔
وہ راجپوتون کی اِس حرکت سے سخت ناراض ہوا۔ چنانچہ جب یہ لوگ دہلی پہونچے
اِس قصور مین اِن پر پہرے بٹھا دیئے گئے۔ راجپوتون نے چند دنون کا بھلاوا اور
دھوکے کا جال پھیلایا۔ اجیت سنگھ اور اُس کے دوسرے بھائی دل تھمن کے ہم عمر
جو دوسری رانی سے تھا دو بچون کو تلاش کیا۔ دو باندیون کو رانیون کا سا لباس
اور زیور پہنایا۔ اور اِن دونون بچون کو اُن کے پاس چھوڑا۔ اور بادشاہ سے
وطن کی رخصت حاصل کر کے اور اصل رانیون کو مردانہ لباس پہنا کر وطن کو روانہ ہوئے
اور دو تین سردارون اور چند جان نثارون کو اِن مصنوعی رانیون کے پاس
چھوڑ کر یہ ہدایت کر گئے۔ کہ اگر جلد یہ راز افشا ہو جائے تو تھوڑی دیر تک شرط
جانفشانی بجا لا کر بادشاہی سپاہیون کو روکنا۔ دو تین گھڑی کے بعد بادشاہ
کے پاس بھی خبر پہونچگئی کہ راجپوت بلا اجازت رانیون اور بچون کو بھی اپنے ساتھ
لیگئے۔ اُس نے دریافت حال کے لئے کئی مرتبہ اُمرائے معتبر کو بھیجا۔ مگر وہ لوگ
ہر بار خیمہ کے پاس آکر اِن مصنوعی رانیون اور بچّون کو دیکھکر چلے گئے۔ اور اِس
خبر کو بالکل جھوٹ قرار دیا۔ لیکن بادشاہ کا شبہہ رفع نہ ہوا۔ اور اُس نے حکم دیا۔ کہ رانیان
اور بچّے معہ جملہ متعلقین کے قلعے مین لائے جائین۔ جب بادشاہ کے اِس حکم کی تعمیل
کے واسطے بادشاہی سپاہی اور امیر مصنوعی رانیون کے خیمون پر پہونچے۔ راجپوتون
اور اِن مصنوعی رانیون نے مقابلہ کیا کچھ لوگ قتل ہوئے۔ کچھ بھاگ گئے۔ غرضکہ

دونون بچون اور رانیون کو قلعہ مین لائے۔ جو لوگ اِن خیمون کی حفاظت پر مامور تھے اگرچہ وہ اپنی غفلت کے تدارک کے خوف سے اِس بات پر زور دیتے تھے۔ کہ درصل جسونت سنگھ کی رانیان اور بیٹے یہی ہین۔ لیکن بادشاہ کے دلمین شبہ پڑگیا۔ اور اُسی وقت راجپوتون کے تعاقب مین کچھ سوار روانہ کئے۔ مگر چونکہ بہت وقت گذر چکا تھا۔ راجپوتون کا پتہ نہ چلا۔ اور وہ رانیون اور بچون کو لئے ہوئے جودھپور جا پہونچے۔ مدتون تک عام لوگون اور خود بادشاہ کے دلمین شبہ رہا۔ کہ درصل اجیت سنگھ جسونت سنگھ کا بیٹا ہے یا نہین۔ جب رانا اودے پور نے اپنی لڑکی کی شادی اُس کے ساتھ کردی۔ اُس وقت سب کے دلون سے یہ شبہ رفع ہوا۔

جب ۱۴۔ جمادی الثانیہ ۱۰۸۹ھ کو یہ لوگ جودھپور پہونچے۔ وہان کے تمام راجپوت بگڑ بیٹھے۔ طاہر خان فوجدار جودھپور اور راجہ اندر سنگھ راٹھور حاکم جودھپور نے مقابلے کی طاقت نہ دیکھی۔ اور الگ ہوگئے۔ طاہر خان اِس قصور مین برخاست ہوا۔ اور اندر سنگھ دربار مین طلب کرلیا گیا۔ بادشاہ نے اول سربلند خان کو ان راجپوتون کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ اور خود بھی اجمیر پہونچکر شاہزادہ محمد اکبر کو بہت سے امیرون کے ساتھ اِس مہم پر متعین کیا۔ جب راجپوت اِس عظیم الشان فوج سے گھر گئے۔ اور مقابلے کی طاقت نہ دیکھی۔ دُرگا داس نامے راجپوت نے جو چرب زبانی اور افسون سازی مین شہرۂ آفاق تھا۔ شاہزادہ کو جو بالکل ناتجربہ کار تھا۔ سلطنت کا سبز باغ دکھا کر بادشاہ سے بغاوت پر آمادہ کردیا۔ اور بھولا بھالا شاہزادہ راجپوتون کے اِس خوشنما جال مین خود سمجھ دھنس کر اپنی اور راجپوتون کی ستر ہزار فوج کے ساتھ باپ کی طرف پھرا۔ اس وقت اُمرائے شاہی مختلف مقامات پر برسر خدمت تھے۔ اور بادشاہ کے پاس خواجہ سرا۔ خدمتگار۔ اور کل عملہ مل ملاکر سات سو۔ آٹھ سو آدمیون سے زیادہ نہ تھے۔

اور نجمت بجے استقلال اور پولیٹیکل جوڑ توڑ کی ایک عجیب غریب بات ایسا

جب باغی شاہزادہ کا لشکر بادشاہ کے قیام گاہ سے ڈیڑھ کوس کے فاصلے پر آموجود ہوا۔ تمام شاہی لشکر مین کھلبلی پڑ گئی۔ ایک دوسرے کا منہ تکنے لگا۔ اب قدرت الٰہی کا تماشا دیکھئے۔ کہ اس باقبال بادشاہ نے اپنی حسن تدبیر۔ پولیٹیکل جوڑ توڑ۔ استقلال طبع کے پُرزور منترون سے اس مخالف موج پر ایسا جادو مارا کہ دیکھنے والے دیکھتے۔ اور سُننے والے حیران رہ گئے۔ اور بیٹھے بیٹھے بلا ایک تیر و شمشیر چلائے ہوئے ستر ہزار فوج کو بھگا دیا۔ صورت یہ ہوئی۔ کہ جب بادشاہ نے دیکھا کہ نادان شاہزادہ سر ہی پر آپہونچا۔ ایک فرمان عنایت آمیز اُس کے نام لکھا "کہ این جانب تمھارے اس حسن تردد سے کہ راجپوتون کی تالیف قلوب کرکے پہاڑون اور جنگلون سے میدان مین لے آئے ہو۔ بہت خوش ہوے۔ اسیطرح اگر تھوڑی دور آگے اور بڑھا لاؤ تو عین مصلحت اور باعث خوشنودی اینجانب کا ہوگا" اور یہ فرمان اسطرح بھجوایا۔ کہ راجپوتون کے پاس پہونچ گیا۔ اسکو دیکھتے ہی تمام راجپوتون کے ہوش اُڑ گئے۔ اور راتون رات سب بھاگ گئے۔ شاہزادہ کے ساتھ جو مسلمان امیر تھے وہ بھی نہایت ندامت اور شرمندگی کے ساتھ بادشاہی لشکر مین چلے آئے غرضکہ صبح ہوتے ہوتے ستر ہزار فوج مین سے صرف دو تین ہزار سوار۔ اور دو تین راجپوت جن مین دُرگا داس بھی تھا۔ باقی رہ گئے۔ جب شاہزادہ صاحب صبح کو بستر استراحت سے اُٹھے۔ یہ حال سُنا۔ اور نہایت بدحواسی کے عالم مین بال بچون تک کو چھوڑ کر آنکھین ملتے ہوئے خود بھی بھاگ نکلے۔

بادشاہ نے اِس فتح کے بعد راجپوتون کو ایسا ٹھیک کیا۔ کہ پھر اُس کی زندگی تک انھین سر اُٹھانے کی ہمت نہ پڑی۔ جودھپور مین شاہی فوجدار متعین کر دیا گیا۔ اجیت سنگھ بادشاہ کی وفات تک پہاڑون اور جنگلون مین مارا مارا پھرا جب بادشاہ کی وفات کے بعد شاہزادون مین لڑائیان شروع ہو جانے سے تمام مُلک مین ابتری

پھیلی ہوئی تھی۔ پھر جودھپور آیا۔ اور اپنے وطن پر قابض ہو گیا۔ اور جودھپور اور اُس کے قرب و جوار کے علاقے کی بہت سی مسجدون کو توڑ کر اذان دینے کی عام ممانعت کر دی اور گاؤکشی کو بند کر کے مسلمانون کو ستانا شروع کیا۔ بہادر شاہ نے تخت نشین ہو کر۔ شعبان ۱۱۱۹ھ کو اُسکی سرکوبی کے واسطے جودھپور کیطرف کوچ کیا۔ اور اجمیر اور چتوڑ کے درمیان مین پہونچکر شاہزادہ محمد عظیم الشان اور خانخانان منعم خان۔ اور صمصام الدولہ کو فوجین دے کر جودھپور روانہ کیا۔ جب اجیت سنگھ شاہی فوج کی ٹکر نہ اُٹھا سکا۔ پہاڑون مین بھاگ گیا۔ جب وہان بھی فوجین پہونچین۔ تو مجبور ہو کر خانخانان کے توسل سے اپنی تقصیرات کی معافی کا خواستگار ہوا۔ خانخانان نے بادشاہ کی خدمت مین سفارش لکھ بھیجی۔ اور قصور معاف ہو گیا۔ جس قدر مسجدین توڑی گئی تھین ازسر نو تعمیر کی گئین۔ جودھپور اور بڑے بڑے قصبات مین قاضی مفتی۔ اور مسجدون مین امام مؤذن مقرر کیئے گئے۔ اِس کے بعد اجیت سنگھ دربار مین حاضر ہوا۔ اور منصب سہ ہزاری سے سرفراز ہو کر خلعت اور فیل و شمشیر سے مفتخر ہوا لیکن جب بادشاہ کام بخش کے مقابلے کے واسطے دکن جا رہے تھے۔ راستے مین سے راجہ جے سنگھ سوائی کے ساتھ اپنے پورا نے ڈیرے۔ خیمے لشکر مین چھوڑ کر شکار کے بہانے سے جودھپور چل دیا۔ بادشاہ دکن سے واپسی پر اِس کی تنبیہ کی فکر مین تھے۔ کہ سکھون کے فساد کی خبر آئی۔ اور بادشاہ نے مصلحت وقت پر نظر کر کے خانخانان کے ذریعے سے راجپوتون کا قصور اِس طرح پر پھر معاف کر دیا۔ کہ ملازمت مین حاضر ہو کر اپنے اپنے وطن کو لوٹ جائین۔ غرضکہ ۱۱۲۱ھ مین اجیت سنگھ اور جے سنگھ سوائی۔ اور دوسرے راجپوت سردار تین چالیس ہزار سوارون کے ساتھ اپنے اپنے ہاتھ رُومالون سے باندھے ہوئے گھوڑون پر سوار شاہی لشکر مین حاضر ہوے۔ اور سب کا قصور

معاف ہو کر ہر ایک کو خلعت - اور اسپ و فیل مرحمت ہوئے اور سب اپنے اپنے وطن کو واپس گئے۔

بہادر شاہ کے انتقال کے بعد ایسی طوائف الملوکی کا بازار گرم ہوا۔ کہ کسی کو اتنی فرصت نہ ہوئی کہ راجپوتون کی طرف متوجہ ہوتا۔ فرخ سیر کی عہد سلطنت مین سنہ ۲ جلوس مین امیر الاُمرا حسین علیخان اور شایستہ خان اجیت سنگھ کی سرکوبی کے واسطے فوجین لے کر جودھپور روانہ ہوئے - اِس فوج کے خوف سے اجیت سنگھ معہ اپنے مال و اسباب کے جودھپور کو چھوڑ کر دشوار گذار پہاڑون مین جا چھپا۔ اور اپنے وکیلون کو معہ بہت سے تحفہ تحائف کے امیر الاُمرا کی خدمت مین بھیج کر جان کی امان۔ اور تقصیرات کی معافی کا خواستگار رہوا۔ اُدھر دربار مین اُمراء کے باہمی نفاق کا بازار گرم تھا۔ اور امیر الامرا کے پاس بھائی کے متواتر خط آرہے تھے۔ کہ مجھ مین اور بادشاہ مین روز بروز عداوت اور فساد بڑھتا جاتا ہے جس قدر جلد ممکن ہو۔ یہان پہونچو۔ اِن حالات سے امیر الاُمرا نے مجبور ہو کر اجیت سنگھ کو بادشاہ کی تابعداری قبول کرنے اور اپنی لڑکی کو بادشاہ کے عقد مین دینے اور پیشکش سالانہ ارسال کرنے پر راضی کر کے اُس کا قصور معاف کر دیا۔ اور خود دہلی روانہ ہوا۔

۲۲ ذی الحجہ ۱۱۲۷ھ کو نہایت دھوم دھام سے اجیت سنگھ کی لڑکی کی شادی فرخ سیر کے ساتھ ہوئی اور یہ آخری راجپوت کی لڑکی تھی جو خاندان مُغلیہ کے محلسرا مین داخل ہوئی۔ اس کے بعد خاندان مُغلیہ اور راجپوتون کے درمیان سلسلہ قرابت منقطع ہو گیا۔

شادی کے بعد اجیت سنگھ گجرات کی صوبہ داری سے سرفراز ہوا جب امیر الاُمرا سید حسین علیخان اور قطب الملک سید عبداللہ خان کا اقتدار حد سے زیادہ گذر گیا۔

اور سلطنت کا کل نظم ونسق انھین دونون بھائیون کے ہاتھ مین آگیا۔ تو بعض ہواخواہان سلطنت مغلیہ اور خود فرخ سیر ان کے استیصال کی تدبیرین سوچنے لگے انھین تدبیرون مین ایک یہ بھی تھی۔ کہ اجیت سنگھ کو گجرات سے بُلا کر نوازش شاہی کا امیدوار کیا۔ اور سیدون کے مقابلے پر آمادہ کرنا چاہا۔ لیکن وہ بہت سیانا۔ اور زمانہ کا رنگ پہچانے ہوئے تھا۔ یہان آکر اُلٹا سیدون سے مل گیا! اُن کی عنایت سے خطاب مہاراجہ سے موصوف ہو کر فرخ سیر کی قید اور قتل مین سیدون کے ساتھ ساتھ شریک رہا۔ اور اِس خدمت کے انجام دینے کے صلے مین زر نقد اور جواہرات سے مالا مال ہوا۔ فرخ سیر کے قتل ہونے کے بعد جب اجیت سنگھ دہلی سے گجرات کو روانہ ہوا۔ بازار کے تمام دُکاندار اور عام لوگ آوازے کستے تھے۔ کہ یہ روسیاہ سیدون سے داماد کا خون بہا لے کر بھاگا جاتا ہے۔ جب وہ اِس قسم کی گالیان اور فقرے سنتے سنتے عاجز آگیا۔ تو اُس نے حالت سواری ہی مین دو تین آدمیون کو قتل بھی کرادیا۔ ۱۱۳۱ھ مین رفیع الدولہ کے عہد مین اُس نے اپنی بیٹی کو بھی محلسرائے شاہی سے معہ تمام جوہرات اور بیش قیمت آلات کے جنکی قیمت ایک کروڑ روپیہ سے زیادہ تھی بُلا لیا۔

اِسی سال صوبۂ اجمیر کی صوبہ داری بھی اجیت سنگھ کو مرحمت ہوئی۔

محمد شاہ کے عہد سلطنت مین امیر الامرا۔ اور قطب الملک کی بساط اُلٹ جانے کے بعد اجیت سنگھ نے پھر سر اُٹھایا۔ اپنے تمام علاقے سے گاؤکشی بند کردی۔ لیکن دکن سے نواب نظام الملک آصف جاہ کی آمد کی خبر سُن کر پھر ہوش آیا۔ غرضکہ نامہ وپیام کے بعد گجرات کی حکومت سے دست برداری اختیار کی۔ لیکن صوبۂ اجمیر کی حکومت نہ چھوڑی۔ بادشاہی فوج تنبیہ کے واسطے مامور ہوئی اور اجمیر کو فتح کر لیا۔ اجیت سنگھ کی فوج قلعہ گڈہ پتلی مین محصور ہوئی۔

آخرکار صلح ہوگئی اور یہ قرار پایا۔ کہ راجہ اجیت سنگھ کا بیٹا ابھی سنگھ ہمیشہ دربار شاہی مین حاضر رہے۔ اور راجہ ہمیشہ بادشاہ کی اطاعت و فرمان برداری مین ثابت قدم رہے۔

اس صلح ہونے کے بعد ابھی سنگھ دربار مین حاضر ہوا۔ جب دہلی کی ہوا کھائی عیش و عشرت مین پڑگیا۔ اور حکومت کے پریشان خواب نظر آنے لگے۔ یار لوگون نے اور بھی آسمان پر چڑھا دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اپنے بھائی بخت سنگھ (ڈونگر سنگھ) سے جو باپکے پاس جودھپور مین تھا خط و کتابت شروع کی۔ اور نہ معلوم اُسے کیا بھڑا دیا۔ کہ اُس ناخلف نے ۱۱۴۳ھ مین ایک دن حالت خواب مین باپ کا کام تمام کر دیا۔ اور خود جودھپور کا حاکم بن بیٹھا۔ اُس کے مرنے کے بعد اُس کا بیٹا بجے سنگھ گدی نشین ہوا۔ ابھی سنگھ کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

ڈونگر سنگھ پسر اجیت سنگھ

بجے سنگھ ولد ڈونگر سنگھ

مہاراجہ ابھی سنگھ راٹھور

مہاراجہ اجیت سنگھ کا بیٹا۔ اور مہاراجہ جسونت سنگھ کا پوتا تھا۔ باپ کے مارے جانے کے بعد محمد شاہ نے خطاب مہاراجہ سے موصوف کیا۔ ۱۱۴۳ھ مین گجرات کی صوبہ داری سے سرفراز ہوا۔ لیکن سربلند خان صوبہ دار گجرات نے اُس کے گماشتون کو دخل نہ دیا۔ لہذا ۱۳ جلوس مین وہ چالیس ہزار فوج لے کر گجرات روانہ ہوا۔ سربلند خان نے اول تو خوب مقابلہ کیا۔ لیکن بادشاہ اور نواب آصف جاہ کے خوف سے صلح مناسب جان کر ایک دن شام کو چند چوبدارون اور خدمتگارون کے ساتھ ابھی سنگھ کی ملاقات کے واسطے چلا آیا۔ یہ حال دیکھکر ابھی سنگھ سخت متعجب ہوا۔ بہرحال خود استقبال کرکے اپنے قیام گاہ پر لایا۔ اور نہایت عزت و عظمت سے مسند پر بٹھایا۔ دونون مین محبت و الفت کی باتین ہونے لگین۔ یہان تک کہ دونون نے ایک دوسری کی

پگڑی بدل کر اپنے سر پر رکھی۔ اور پگڑی بدل بھائی بنکر ایک دوسرے سے رخصت
ہوئے۔ دوسرے دن سربلند خان دہلی روانہ ہوا۔ اور راہی سنگھ نے گجرات کی
صوبہ داری سنبھالی۔
سنہ ۱۶ جلوس تک راہی سنگھ نے گجرات مین حکومت کی۔ چونکہ اس عرصے مین مرہٹون
کا بہت زور بڑھ گیا تھا۔ لہذا وہ صوبہ کی آمدنی سے مرہٹون کو چوتھ یعنی چہارم حصّہ کل آمدنی
کا دیتا رہا۔ جب مرہٹون نے زیادہ لوٹ گھسوٹ شروع کی۔ اور دربار سے کسی
قسم کی امداد نہ ملی تو مجبور ہو کر تمام صوبۂ گجرات مرہٹون کے حوالے کر کے اپنے
وطن جودھپور چلا گیا۔

راجہ بہاڑا مل کچھواہا

عام طور سے ہوتا آیا ہے کہ بیٹے اور پوتے کا نام باپ دادا کے نام سے روشن
ہوتا ہے لیکن خوشنصیب اُس باپ یا دادا کے جس کی اولاد ایسی لائق ہو۔ جسکے
نام سے اُن کا نام روشن ہو۔ یہ خوش نصیب راجہ نورتن اکبری کے مشہور و معروف
امیر میرزا۔ راجہ مان سنگھ کا دادا۔ راجہ بھگوان داس کا باپ۔ خاندان عظیم الشان
کچھواہہ کا سردار تھا۔ اِس خاندان مین صدہا سال سے حکومت و امارت کا نقشہ جما
ہوا تھا۔ راجپوتون مین سب سے پہلے اِسی فرزانہ روزگار راجہ نے ملازمت اکبری
مین شامل ہونیکا فخر حاصل کیا۔ اور یہ اِسی کے اوصاف حمیدہ۔ اور مساعی جمیلہ
کا سبب تھا کہ نہ صرف تمام خاندان کچھواہا بلکہ راجپوتون کے اکثر و بیشتر خاندان
فرمان روایان چغتائیہ کی جان نثاری پر کمربستہ ہو کر اُن کی محبت و اُلفت کا دم
بھرنے لگے۔
کچھوا اُن مین دو گوتین ہین۔ رجاوت۔ اور شیخاوت۔ راجہ بہاڑا مل رجاوت

گوت سے ہین یہ راجہ سرتہی راج کچھواہہ کے بیٹے تھے اِس خاندان کی راجدہانی۔ آنبیر مین تھی۔ جو جے پور سے تین چار کوس کے فاصلے پر واقع ہے۔ ۹۶۳ھ یعنی پہلے سال جلوس اکبری مین مجنون خان قاقشال نارنول کی حکومت پر سرفراز ہوا۔ جب وہان پہونچا۔ حاجی خان۔ شیر شاہ سور کا غلام اُس پر چڑہ دوڑا۔ اِس حملہ مین راجہ بہاڑا مل۔ حاجی خان کے ساتھ تھے۔ جب مجنون خان کی محاصرہ مین حالت تنگ ہوئی۔ تو خاندانی کہن سال راجہ نے نہایت مروت و انسانیت سے صلح کرا کر اُس کو محاصرہ سے نکلوا دیا۔ اور نہایت عزت و حرمت کے ساتھ دربار شاہی کو روانہ کر دیا۔ جب مجنون خان دربار مین پہونچا۔ راجہ کی مروت و محبت عالی خاندانی۔ اور عالی ہمتی کی اکبر کے سامنے بہت تعریف کی۔ کمال کے جوہری نے اُسی وقت فرمانِ طلب لکھا کر ایک امیر کے ہاتھ روانہ کیا۔ راجہ فرمان کے پہونچتے ہی معقول ساز و سامان کے ساتھ آنبیر سے روانہ ہوئے۔ اور اُس حالت خوشی مین جبکہ اکبر ہمیون کی مہم سے فتحیاب ہو کر جشن منا رہے تھے۔ دربار مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے راجہ اور اُس کے ساتھیون کی بہت عزت اور خاطر کی خلعت اور انعام و اکرام سے مالا مال کیا۔

رخصت کے وقت جبکہ راجہ اور اُن کے بھائی بیٹون اور ساتھیونکو خلعت اور انعام و اکرام مل رہے تھے۔ بادشاہ خود بھی رخصت کرنے کے واسطے ہاتھی پر سوار ہو کر تشریف لائے۔ ہاتھی مست تھا۔ اور جوش مستی مین جھوم جھوم کر کبھی اِدھر کبھی اُدھر جاتا تھا۔ لوگ ڈر ڈر کے بھاگتے تھے۔ ایک مرتبہ اِن راجپوتون کی طرف بھی جھُکا۔ لیکن وہ اپنی جگہ سے نہ ٹلے اور اُسی طرح کھڑے رہے۔ بادشاہ کو یہ ادا بہت بھائی۔ راجہ کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا۔ "ترا نہال خواہم کرد عنقریب می بینی کہ اعزاز و افتخار تو زیادہ بر زیادہ میشود۔"

اکبر نے مرزا شرف الدین حسین کو میوات کا صوبہ دار مقرر کرکے بھیجا تھا۔ اُس نے
وہان پہونچکر قرب وجوار کے علاقون پر بھی ہاتھ پھیلنا شروع کیا۔ اور آنبیر کو لینا چاہا
راجہ بہارا مل کا بھتیجا سوجا پسر پورن مل شرکت ریاست کی وجہ سے مرزا سے ملگیا
اور ساتھ ہوکر لشکر لے گیا۔ چونکہ گھر کی پھوٹ تھی۔ مرزا غالب آیا اور راجہ پر خراج
مقرر کرکے جگنا تھ اُس کے چھوٹے بیٹے۔ اور راج سنگھ پسر آسکرن۔ اور کنگار پسر
جگ مل اُس کے بھتیجون کو بطور یرغمال اپنے ساتھ لے گیا۔

سنہ ۹۶۸ھ مین بادشاہ حضرت خواجہ غریب نوازؒ کے مزارِ مبارک کی زیارت کے
واسطے اجمیر جا رہے تھے رستے مین چغتی خان نام ایک امیر نے عرض کیا۔ کہ راجہ
بہارا مل پر جو دہلی مین حاضر ہوا تھا۔ مرزا شرف الدین حسین نے بہت زیادتی کی ہے
بیچارہ پہاڑون مین گھُس کر گذارہ کر رہا ہے۔ وہ عالی ہمت۔ بامروّت۔ اور خاندانی
راجہ ہے۔ اگر حضور کی توجہ شامل حال ہوگی۔ تو خدمات عظیم بجا لائیگا۔ بادشاہ نے
حکم دیا۔ کہ تم خود جا کر لے آؤ۔ چنانچہ وہ لینے گیا۔ راجہ ڈر کے مارے خود نہ آیا۔ عرضی
اور نذرانہ کے ساتھ اپنے بھائی روپسی۔ اور اُس کے بیٹے جے مل کو روانہ کیا
دیوسہ کی منزل پر یہ دونون بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوئے۔ اکبر نے کہا۔ کہ یہ
ٹھیک نہین ہے۔ راجہ خود آئے۔ جب یہ حکم پہونچا۔ راجہ نے اپنے بیٹے بھگوان داس
کو اہل وعیال کے پاس چھوڑا۔ اور سانگانیر کے مقام پر خود حاضر ہوا۔ بادشاہ نے
بڑی محبت اور دلداری سے اُس کی تشفی کی۔ اور اُس عہد کے سب سے بڑے منصب
پنجہزاری پر سرفراز کرکے دربار کے اُمرائے خاص مین داخل کیا۔ راجہ کے دل مین
بادشاہ کے اِس فیاضانہ برتاؤ سے محبت واُلفت کا ایسا جوش پیدا ہوا۔ کہ رفتہ رفتہ
اپنے بیگانون اور اُس مین کچھ فرق نہ رہا۔ چند روز کے بعد راجہ بھگوان داس اور
مان سنگھ بھی آگئے۔ اکبر نے اِن دونون کو ساتھ لیا۔ اور راجہ بہارا مل کو رخصت کیا

مگر دل مل گئے تھے۔ چلتے وقت کہدیا کہ جلد چلے آنا۔ اور سامان کرکے آنا۔ کہ پھر جانے کی تکلیف نہ کرنا پڑے۔

خاندان مغلیہ اور راجپوتونکی سب سے پہلی قرابت۔

اکبر نے راجہ بہاڑا مل کے اخلاص ومحبت کو دیکھکر سوچا۔ کہ اگر اس خاندان کے ساتھ قرابت ہوجائے تو بہت خوب ہے۔ اور یہ امر ممکن بھی نظر آیا۔ چنانچہ بڑے موقع کے ساتھ اس معاملے مین سلسلہ جنبانی کی اور اس مین کامیاب ہوا[1]۔ اور ۹۶۹ھ مین اکبر آباد کو لوٹتے وقت قصبۂ سانبھر مین راجہ بہاڑا مل کی بیٹی۔ مان سنگھ کی پھوپھی نے بیگمات اکبری مین شامل ہونے کا فخر حاصل کیا۔ اور یہ سب سے پہلی راجپوت لڑکی تھی۔ جو اکبر کی بیگمات مین شامل ہوئی۔

اس قرابت کے بعد بہت سے بھائی بھتیجے۔ عزیز وقریب۔ اور خاندان کے لوگ ملازمت اکبری مین داخل ہوے۔ اور رفتہ رفتہ مدارج اعلی پر پہونچے اُن مین سے جو جو مشہور اور نامور ہوے اُن سب کے حالات علٰحدہ علیحدہ لکھے جائینگے۔

راجہ بہاڑا مل اپنی اخیر عمر تک نہایت ذمہ داری اور اعتبار کی خدمتون پر مامور ہوتے رہے۔ جب اکبر نے ۹۸۱ھ مین ابراہیم حسین مرزا کی تنبیہ کے واسطے گجرات کی طرف کوچ کیا۔ راجہ کو اپنے بجاے وکیل مطلق بناکر فتح پور مین چھوڑا۔ ابراہیم حسین مرزا وطن سے بھاگ کر آگرہ کی طرف آیا۔ اور ارادہ کیا کہ بادشاہ گجرات اور سورت کے علاقونمین فوج لئے پھرتے ہین۔ آگرہ۔ دہلی۔ لاہور مشہور شہر ہین۔ سب جگہ میدان خالی ہے۔ دھاوے مارونگا۔ بادشاہی خزانے ہین۔ شہر آباد ہین۔ لوٹ مار سے سامان لیتا جاؤن گا۔ جہان قدم تھم گئے جم جاؤن گا۔ کچھ نہ ہوا تو ملتان سے سندھ ہوکر پھر گجرات مین آجاؤن گا۔

راجہ بہاڑا مل مرزا کا رُخ دیکھکر فوراً تاڑ گئے۔ اُسی وقت دہلی وغیرہ مقامات

[1] اکبرنامہ مین ابوالفضل لکھتے ہین کہ خود راجہ بہاڑا مل نے یہ خواہش ظاہر کی تھی اور بادشاہ نے منظور فرماکر اسکی عزت افزائی کی۔

مین فوجین بھیجدین اور اُمراے اطراف کی پاس خطوط و فرا دیئے - اور ایسا انتظام کیا - کہ مرزا جہان پہونچا - نامرادی نے سامنے سے نشان ہلا دیا - وحشت کے عالم مین پنجاب کا رُخ کیا - لیکن راجہ بہاڑا مل کا خط حسین خان ٹکریہ کے پاس پہونچ چکا تھا - کہ ابراہیم دو جگہ شکست کھا کر دہلی کے اطراف مین پہونچا ہے - اور یہ پاے تخت کا مقام ہے - کہ خالی پڑا ہے - اُس فرزند کو چاہیے کہ جلد اپنے تئین وہان پہونچاے - یہ بہادر ایسے معرکون کا عاشق زار تھا - خط دیکھتے ہی اُٹھ کھڑا ہوا - کانگڑہ سے حسین قلی خان روانہ ہوا - غرضکہ کسی جگہ مرزا کو ٹھہرنا نصیب نہ ہوا - اور راہی اور ملتان کے راستے مین اُس کا کام تمام ہوگیا - بادشاہ راجہ بہاڑا مل کی حسن خوش انتظامی سے بہت خوش ہوا - اور روز بروز اعزاز و اکرام زیادہ کرنے لگا -

امیر الاُمرا راجہ بھگوان داس کچھواہا

راجہ بہاڑا مل کے بڑے بیٹے - اور مرزا راجہ مان سنگھ کے باپ تھے - تمام تاریخین ان کے اوصاف حمیدہ اور خصائل پسندیدہ کی تعریفون سے مرصع ہین انھین کی بےتعصبی اور وفادارانہ کوشش سے تھوڑی ہی مدت مین دربار اکبری مین ہزارون راجہ - مہاراجہ - ٹھاکر سردار نظر آنے لگے - اور یہ عالیشان دربار ان جڑاؤ پتلیون سے جگمگا اُٹھا - انھون نے ہندؤن سے زیادہ مسلمانون کے دلونمین اپنی محبت و اُلفت کا سکہ جما دیا تھا -

راجہ موصوف ۹۶۳ھ مین اپنے باپ کے ساتھ دربار اکبری مین حاضر ہوئے کمال کے جوہری - اور لیاقت کے صراف نے اپنے قیافے کی کسوٹی سے اُنکی لیاقت اور کمالات کا حال معلوم کر کے اُمراے خاص کے سلک مین منسلک کیا ۹۷۵ھ مین بادشاہ ابراہیم حسین مرزا کی سرکوبی کے واسطے آگرہ سے ارادہ

مہم چتوڑ

کی طرف روانہ ہوئے۔ جب دھولپور پہونچے۔ اُمرائے دربار سے ارشاد فرمایا۔ کہ تمام ہندوستان کے راجہ مہاراجہ ملازمت مین حاضر ہوئے۔ مگر رانا میواڑ اِس وقت تک نہین آیا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ پہلے اسی مغرور کا سر توڑا جائے۔ مالوہ کو پھر دیکھا جائیگا۔ چنانچہ وہان سے چلکر قلعہ چیتوڑ کا جو رانا اُدے سنگھ کی عملداری مین سب سے بڑا اور مشہور قلعہ تھا محاصرہ کیا۔ یہ عظیم الشان قلعہ اگرچہ پہلے بھی دو دفعہ سلاطین اسلام کے قبضے مین آچکا تھا۔ مگر میواڑ کے راجپوت اِسے اپنے راج کا مبارک اور مقدس مقام سمجھتے تھے۔ اور غیر کے قبضے مین نہ دیکھ سکتے تھے۔ اِس محاصرہ مین باوجود اِس کے کہ رانا کے ساتھ راجہ بھگوان داس کا خاندانی تعلق تھا مگر اُنھون نے سب سے زیادہ ہمت دکھائی۔ اور اکبر کے ساتھ ساتھ ہر مورچہ پر سپر کیطرح کبھی آگے۔ اور کبھی پیچھے پھرتے تھے۔ آخر کار چار مہینے اور سات دن کے بعد قلعہ چیتوڑ فتح ہو گیا۔ اِس مہم مین رانا اُدے سنگھ کے دو سردار دن جیمل اور پتّا نامی نے اپنے مُلک کے بچانے مین جو جو نام دکھائے۔ اُن کے گیت اور کبت اب تک لوگون کی زبانون پر ہین۔ اور جب تک کوئی راجپوت کی بڑھیا یا اِن کے گھر کا بچہ زندہ ہے۔ تب تک قائم رہین گے۔ اکبر کے دل پر بھی انکی بے نظیر شجاعت اور بہادری نے ایسا اثر پیدا کیا۔ کہ اُس نے دو بڑے ہاتھی پتھر کے ترشوائے۔ اِن پر جیمل اور پتّا کی مورتین سوار کین۔ اور قلعہ آگرہ[لہ] کے صدر دروازہ پر اِن کو نصب کرا دیا۔ دونون ہاتھیون کی سونڈین ملکر محراب بنگئین۔ اور لوگ اِس محراب کے

جیمل اور پتّا کی بےنظیر بہادری اور شہنشاہ اکبر کا اُنکی یادگار قائم کرنا

لہ دربار اکبری مین بحوالہ ٹاڈ صاحب اِن ہاتھیون اور مورتون کو قلعہ آگرہ کے دروازے پر نصب کیا جانا تحریر ہے لیکن ڈاکٹر برنیر صاحب اپنے سفرنامہ کے خط مورخہ یکم جولائی ۱۶۶۳ء مین اِنکو قلعہ دہلی کے دروازے پر بتلاتے ہین اور لکھتے ہین "کہ یہ ہاتھی جنپر یہ دونون بہادر سوار ہین بڑے شان و شکوہ کے ہین۔ اور اِنکو دیکھکر رعب و ادب کا ایسا خیال مجھپر چھا گیا جس کو مین بیان نہین کر سکتا۔ ۱۲

نیچے سے آتے جاتے تھے۔
۹۷۹ھ میں جب اکبر گجرات پر خود فوج لے کر گیا۔ تو راجہ بھگوان داس ساتھ تھے۔ اِس مہم میں بھی انھوں نے اپنی شجاعت و بہادری کے خوب خو کارنامے دکھائے۔ جدھر بادشاہ کا اشارہ پاتے فوج کا دستہ لئے ہوئے دشمن پر جا گرتے تھے۔
اِس مہم کے چند روز کے بعد خان اعظم احمد آباد (گجرات) میں گھر گئے۔ اور حسین وغیرہ چغتائی باغی شاہزادے افواج دکن کو ساتھ لے کر اُن کے گرد چھاگئے۔ اکبر دن فتحپور سیکری میں دربار کر رہے تھے۔ کہ دفعتہً سوانح نگار کا پرچہ لگا۔ اور یہ حال کر کے اُسی وقت کوچ کر دیا۔ اور مہینوں کی راہ سات دن میں طے کر کے احمد آبا جا پہونچا۔ راجہ بھگوان داس مع راجہ مان سنگھ کے اِس یلغار میں بادشاہ کے ر تھے۔ اکبر کے خاصہ کے گھوڑوں میں ایک سفید براق با درفتار گھوڑا تھا۔ جس نام اُس نے نور بیضا رکھا تھا۔ جس وقت لڑائی کے واسطے بادشاہ اُس پر سوا ہوئے۔ گھوڑا بیٹھ گیا۔ سب ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ کہ شگون اچھا نہ ہو یہ حال دیکھکر راجہ بھگوان داس آگے بڑھے۔ اور کہا حضور فتح مبارک اکبر نے جواب دیا سلامت باشید۔ لیکن کیونکر۔ راجہ نے جواب دیا۔ کہ اِس راستے میں شگون برابر دیکھتا چلا آیا ہوں۔
(۱) ہمارے شاستر میں لکھا ہے کہ جب فوج مقابلے کو تیار ہو۔ اور سیناپتی کا گھ سواری کے وقت بیٹھ جائے تو فتح اُسی کی ہوگی۔
(۲) ہوا کا رُخ حضور ملاحظہ فرمائیں کہ کسطرح بدل گیا۔ بزرگوں نے لکھ دیا ہے۔ کہ ایسی صورت ہو سمجھ لیجئے۔ کہ ہم اپنی ہے۔
(۳) راستے میں برابر دیکھتا آیا ہوں کہ گدھ چیلیں۔ کوّے برابر لشکر کے ساتھ چلے آئے ہی

اسے بھی بزرگون نے فتح کی نشانی لکھا ہے۔

راجہ بھگوان داس کی اس تقریر سے اکبر اور کل ساتھیون کو بہت خوشی حاصل ہوئی۔ آخرکار میدان مین جاکر پرے جمائے۔ اکبر راجہ بھگوان داس کو ساتھ لے کر ایک بلندی پر کھڑے ہوکر میدان جنگ کا اندازہ دیکھ رہے تھے۔ تھوڑی دیر بعد راجہ بھگوان داس سے کہا۔ کہ ہراول پر زور زیادہ ہے۔ اور طور بے طور ہوا چاہتا ہے۔ اپنی فوج تھوڑی اور غنیم کا ہجوم زیادہ ہے۔ چلو ہم تم ملکر جا پڑین۔ کہ پیچھے سے مشت کا صدمہ زبردست پڑتا ہے۔ یہ کہکر دونون نے گھوڑون کی باگین اُٹھائین۔ اور دھاوا کردیا۔

۹۷۹ھ کی جنگ سرتال (گجرات) مین اکبر ایک مقام پر کھڑا ہوا تیر مار رہا تھا۔ راجہ بھگوان داس۔ اور مان سنگھ اکبر کے پہلو مین تھے غنیم کے تین سپاہی انھین تاڑ کر آئے۔ ایک کا رُخ راجہ بھگوان داس پر۔ اور دو کا اکبر پر تھا۔ راجہ بھگوان داس نے گھوڑا بڑھایا۔ سوار نے نیزہ مارا۔ راجہ نے وار بچا کر برچھا مارا۔ وہ گھائل ہوکر بھاگا۔ جو دو سوار اکبر پر آتے تھے۔ اُن پر مان سنگھ چلا۔ اکبر نے للکارا کہ خبردار قدم نہ اُٹھانا۔ اور باڑ پر سے آپ گھوڑا اُڑا کر اُن پر چلا۔ قرب وجوار مین اور سردار بھی لڑ رہے تھے۔ کسی کو خیال نہ ہوا۔ راجہ بھگوان داس چلائے۔ کہ کنور جی (مان سنگھ) کیا ہوا دیکھتے ہو۔ اور کھڑے ہو۔ اُس نے کہا۔ کیا کرون۔ مہابلی خفا ہوتے ہین۔ راجہ نے خفا ہوکر کہا کہ یہ وقت خفگی دیکھنے کا نہین ہے۔ اِسی عرصہ مین دونون سوار جس زور سے آنے تھے اُسی زور سے بھاگ نکلے۔

ایک مقام پر بادشاہ گھر گئے۔ اُس وقت راجپوتون کا یہ عالم تھا کہ بادشاہ کے گرد پھرتے تھے۔ اور اس طرح مر مر کر گرتے تھے جیسے پتنگے چراغ کے آس پاس تڑپتے ہین اور نہین ٹلتے۔ راجہ بھگوان داس کا بھتیجہ راجہ بھونت کمال دلاوری

سے لڑا اور مارا گیا۔ خاک پر پڑا تھا لیکن جب تک رمق جان باقی رہی تلوار کا ہاتھ
ہلائے جاتا۔ اور شیر کیطرح ڈونکتا رہا۔

ان واقعات سے ان بزرگون کی وفاداری۔ اور محبت و اخلاص کا حال
بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔ کیونکہ جب تک دلمین وفا نہین ہوتی۔ نہ یہ باتین زبان سے
نکلتی ہین۔ نہ یہ رفاقتین ہاتھ پانون سے بن آتی ہین۔ غرضکہ اکبر کے اقبال خدا داد
اور جان نثارون کی جان نثاری اور بہادری سے یہ مہم اول سے آخر تک
خوشی کے ساتھ ختم ہوئی۔

راجہ بھگوان داس کی بیٹی سے شاہزادۂ سلیم کی شادی۔

سنہ ۳۰ جلوس مین راجہ بھگوان داس صوبہ پنجاب کے صوبہ دار اور سپہ سالار مقرر ہوئے
سنہ ۹۹۳ھ مین اکبر نے حال و استقبال کی مصلحتون پر نظر کر کے سوچا۔ کہ ولیعہد
سلطنت (شاہزادۂ سلیم) کا تعلق خاندان کچھواہہ سے زیادہ کیا جائے۔ بعد گفت و شنود
کے راجہ بھگوان داس کی بیٹی سے شادی قرار پائی۔

مُلّا عبد القادر بدایونی اپنی تاریخ منتخب التواریخ مین لکھتے ہین۔ کہ شاہزادۂ سلیم
کی عمر سولہ برس کی تھی بادشاہ معہ اُمرائے دربار کے۔ راجہ بھگوان داس کے گھر گئے
قاضی مفتی اور شرفائے اسلام مجلس عقد مین حاضر ہوئے۔ قاضی نے حضور مین عقد
پڑھایا۔ دو کڑوڑ تنکے کا مہر مقرر ہوا۔ اہل ہنود کی بھی ساری رسمین مثل پھیرے
ہَوَن وغیرہ کے عمل مین آئین۔ بادشاہ دُلہن کے گھر سے دولہا کے گھر تک پالکی
پر برابر اشرفیان نچھاور کرتے لائے۔ راجہ بھگوان داس نے کئی طویلے گھوڑے
سَو ہاتھی خُتنی حبشی چرکس۔ ہندی صدہا لونڈی غلام۔ اور طرح طرح کے مرصع
آلات اور جواہرات۔ سونے چاندی کے برتن۔ اور طرح طرح کے اسباب جو حد شمار سے
خارج تھے جہیز مین دیئے۔ سارے امیرون کو بھی حیثیت کے موافق خلعت گھوڑے
معہ سنہرے رُپہلے زینون کے عطا کیئے۔

علامی ابوالفضل لکھتے ہین

دین و دنیا را مبارک باد کین فرخندہ عقد ۔۔۔ از برائے انتظام دنیا و دین بستہ اند

در نگارستان دولت نور چشم شاہ را ۔۔۔ حجلۂ چون پردہ ہائے دیدہ رنگین بستہ اند

شیخ ابوالفیض فیضی نے یہ قطعۂ تاریخ کہا ہے۔

زہے عقد دُر پاش سلطان سلیم ۔۔۔ کہ پرتو دہد سال امید را

زبر و ردن آفتاب دول ۔۔۔ قِرانی شدہ ماہ و ناہید را

شاہ بیگم والدۂ شاہزادہ خسرو کا حال ۔

شاہزادہ سلیم نے شاہزادۂ خسرو کے پیدا ہونے کے بعد اپنی اس بیگم کو شاہ بیگم کے خطاب سے موصوف کیا اِس کے بطن سے ۹۹۴ھ؁ مین شاہزادی سلطان النسا بیگم اور ۹۹۵ھ؁ مین شاہزادۂ خسرو پیدا ہوئے ۔ یہ نہایت نیک ذات ۔ اور عقلمند بی بی تھی ۔ اِن کو اپنے شوہر ۔ اور شوہر کو ان کے ساتھ بہت محبت تھی ۔ انھون نے ۲۶ ذی الحجہ ۱۰۱۳ھ؁ کو حالت جنون مین افیون زیادہ کھالی ۔ اور اُسی کے زہر سے تھوڑی دیر کے بعد انتقال کیا خسرو باغ الہ آباد مین ایک عظیم الشان گنبد کے اندر اُن کی قبر واقع ہے دوسرے درجے مین نمونہ تعویذ پر نستعلیق خط مین یہ کتبہ کندہ ہے ۔

بیگم کہ ز عصمت رُخ رحمت آراست ۔۔۔ اقلیم عدم ز نور عزت آراست

سبحان اللہ زہے کمال عفت ۔۔۔ کز حسن عمل چہرۂ جنت آراست

لوح مزار پر یہ کندہ ہے

اللہ اکبر

چون چرخ فلک ز گردش خود آشفت ۔۔۔ در زیر زمین آئینہ مہ بنہفت

تاریخ وفات شاہ بیگم جستم ۔۔۔ از غیب ملک بخلد شد بیگم گفت

کاتبہ عبداللہ مشکین قلم جہانگیر شاہی

جہانگیر کو اس بیگم سے جس قدر محبت تھی۔ اُس کا حال ذیل کی عبارت سے جو اُنے
اپنے واقعات کے پہلے سال جلوس مین شاہزادہ خسرو کی بغاوت کے حال مین لکھی
ہے۔ بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔

"والدہ او ہم در ایام شاہزادگی از ناخوشی اطوار و اوضاع و سلوک برادر
خورد حق ما و ہوش سنگر تریاک خوردہ خود را گذشت۔ از خوبی ہائے و نیکذاتی ہائے
او چہ نویسم عقلی بکمال داشت۔ و اخلاص او بمن در درجہ بود۔ کہ ہزار پسر و برادر را
قربان یکموئے من میکرد۔ مکرر بخسرو مقدمات نوشت۔ و او را دلالت بہ اخلاص
محبت من میکرد چون دید کہ ہیچ فائدہ ندارد۔ عاقبت نامعلوم است کہ بکجا منجر
خواہد شد۔ از غیرتیکہ لازمۂ طبیعت راجپوتانی است خاطر بر مرگ خود قرار دادہ۔ و
چندین مرتبہ گاہ گاہے مزاج او در شورش می آید۔ چنانچہ این حدیث میراثی بود
کہ پدران و برادران او ہمہ یکبار در دیوانگی خود ہا را اظہار میکردند۔ و بعد از مدتے
علاج پذیر میشدند۔ و در ایامیکہ من بشکار متوجہ گشتہ بودم۔ در بیست و ششم ذی الحجہ
سنہ ۱۰۱۳ افیون بسیار بحالت شورش و دماغ خوردہ در اندک زمانے در گذشت۔ گویا این
احوال پسر بیدولت خود را پیشتر دیدہ است۔ اول کدخدائی کہ در آغاز جوانی
و خوردسالی مرا دست داد۔ نسبت او بود۔ بعد از تولد خسرو او را شاہ بیگم خطاب دادہ
بودم۔ چون بدسلوکی ہائے فرزند و برادر را نسبت بمن نتوانست دید۔ از سر جان
در وقت دماغ پریشان شدن در گذشتہ خود را ازین کلفت و اندوہ باز رہانید
از فوت او بنابر تعلقے کہ داشتم ایامے بمن گذشت کہ از حیات و زندگانی خود ہیچگونہ
لذتے نداشتم۔ چہار شبانہ روز کہ سی و دو پہر باشد از غایت کلفت و اندوہ ہیچ
از ماکول و مشروب وارد طبیعت نگشت۔ چون این قصہ بوالد بزرگوارم رسید
دلاسا نامہ در غایت شفقت و مرحمت بمن مرید فدوی صادر گشت۔ و خلعت

ودستار مبارک کہ از سر برداشتہ بودند ہمان طور بستہ بجہت من فرستادند۔ این عنایت آب بر آتش سوز وگداز من زدہ اضطراب واضطرار مرا سفی الحال قراری وآرامی بخشید۔"

سنہ ۹۹۴ھ مین راجہ بھگوانداس صوبۂ کابل کی حکومت سے سرفراز ہوے۔ وہان اُنکو خاندانی مرض نے دیوانہ کردیا۔ جب حکیم نے نبض پر ہاتھ رکھا۔ راجہ نے جمدھر کھینچ کر اپنے مار لیا۔ شاہی طبیبون کے معالجہ سے تھوڑے دنون مین شفا پائی۔

سنہ ۹۹۵ھ مین حرم سرا اور محلون کا انتظام ان کے سپرد کیا گیا۔ اور یہ خدمت پہلے بھی اکثر ان کے سپرد ہوا کرتی تھی۔ سفر مین حرم سرا کی سواریون کا انتظام یہ ہی کیا کرتے تھے۔ اِسی سال اِنکی اور کل خاندان کچھواہہ کے اُمرا کی جاگیرین صوبہ پنجاب سے صوبہ بہار مین منتقل کی گئین۔

سنہ ۹۹۷ھ مین جب اکبر کشمیر کی سیر کو جانے لگے۔ اِنھین لاہور کا انتظام سپرد کر گئے۔ راجہ ٹوڈرمل بھی یہین رہے سنہ ۹۹۸ھ مین اُن کا انتقال ہوا۔ راجہ بھگوانداس اُنھین اول منزل پہونچانے گئے تھے۔ نہ معلوم راستے مین کیا خیال آیا۔ کہ رفاقت پر آمادہ ہوگئے۔ لوٹ کر پیٹ مین درد اُٹھا۔ قے کی۔ اور پیشاب بند ہوگیا۔ بہتیرے علاج ہوئے۔ مگر کوئی علاج کارگر نہ ہوا۔ پانچ دن اِسی حالت مین مبتلا رہ کر سفر آخرت اختیار کیا۔ بادشاہ کشمیر سے واپس آرہے تھے راستے مین یہ حال معلوم ہوکر بہت افسوس کیا۔ کنور مانسنگھ کے پاس فرمان تعزیت کا ارسال کر کے منصب پنجہزاری پر سربلند کیا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف کر کے خلعت واسپ ارسال فرمایا۔

راجہ بھگوانداس کی بے تعصبی اور مسلمانون کے ساتھ سچی محبت ہونے کا

اس سے زیادہ کیا ثبوت ہوسکتا ہے کہ باوجود اس کے کہ دربار اکبری مین لامذہبی کا دور دورہ تھا۔ اور اسکی وجہ سے بادشاہ کی کسی قسم کی خوشامد کا خیال بھی نہین ہوسکتا۔ انھون نے اپنے عہد مین بمقام لاہور مسلمانون کے واسطے ایک جامع مسجد تعمیر کرائی تھی جس مین اکثر آدمی نماز جمعہ ادا کرتے تھے۔ اس کے نسبت صاحب مآثر الامرا لکھتے ہین "از اعمال خیر او در لاہور مسجد جامع بودہ کہ اکثر مردم بہ ادائے نماز جمعہ قیام داشتند"[۵]

راجہ بھگوان داس کی بنائی ہوئی لاہور کی جامع مسجد

یہ خوبیان تھین جن کی وجہ سے آج تک مسلمانون کے دلون مین راجہ بھگوان داس۔ اور راجہ مان سنگھ کی بے انتہا عزت اور عظمت سمائی ہوئی ہے۔ راجہ بھگوان داس کا منصب اخیر وقت مین پنجہزاری ذات پنجہزار سوار تھا۔

راجہ بیربر (بیربل)

مسخرون کے بادشاہ۔ اور بھانڈون کے قبلہ گاہ۔ راجہ بیربر کا اصلی نام مہیش داس تھا۔ قوم کی نسبت کوئی برہمن۔ کوئی بھاٹ لکھتا ہے۔ کالپی کے رہنے والے تھے ابتدائی حال مین معمولی نگتا برہمن اور بھانڈون کیطرح شہرون شہرون گھر دن گھر دن پھر کر کبت اور دوہرے پڑھتے۔ اور بھیک مانگتے پھرتے تھے۔ اس کے بعد راجہ بھٹ کی سرکار مین نوکر ہو گئے۔

اب قدرت الٰہی کا تماشا دیکھیئے کہ اوائل جلوس اکبری مین انکی خوش قسمتی نے ان کو کسی موقع پر بادشاہ کے سامنے پہونچا دیا۔ خدا کی قدرت اور قسمت کی بات تھی۔ کہ بادشاہ کو ان کی ادا بھا گئی۔ دیکھنے والے دیکھتے رہ گئے۔ اور یہ باتون ہی باتون مین کچھ سے کچھ ہو گئے۔ اول کب رائے (ملک الشعرا) اور پھر راجہ بیربر کے

[۵] مآثر الامرا جلد سوم صفحہ ۱۴۰ مطبوعہ ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ۔

خطاب سے موصوف ہوئے۔ رفتہ رفتہ اپنے تقرب اور چرب زبانی کی بدولت
بادشاہ کے مزاج مین ایسا رسوخ پیدا کیا۔ کہ تمام نورتن اکبری مین کوئی عالیجاہ
امیر اور جلیل القدر سردار اُن کے رتبے کو نہ پہونچ سکا۔

مہم کانگڑہ

۹۸۰ھ مین بادشاہ نے کسی بات پر ناراض ہوکر کانگڑہ کی فتح کا حکم دیا۔ کب رائے
کو راجہ بیربر بنا کر یہ مُلک اُنکی جاگیر مین مرحمت فرمایا حسین قلی خان کو اس مہم پر
مامور کرکے راجہ بیربر کو اُن کے ساتھ کیا حسین قلی خان نے بڑی سختی سے قلعہ کا محاصرہ
شروع کیا۔ اسی عرصے مین پنجاب مین ابراہیم حسین مرزا باغی ہوکر چڑھ آیا۔ اِس مصلحت
سے حسین قلی خان نے صلح کرکے قلعہ سے محاصرہ اُٹھایا۔ شرائط صلح مین پانچ من سونا
راجہ بیربر کے واسطے بھی قرار پایا۔ اور یہ اپنی جاگیر سے یہ دکشنا لے کر ہنسی خوشی
بادشاہ کی خدمت مین واپس آئے۔

کانگڑہ کی اس مہم مین راجہ جی بہت بدنام ہوئے۔ صورت یہ ہوئی کہ اس مہم
مین ہندو مسلمان دونون شامل تھے کانگڑے مین دھاوے کے جوش مین مسلمانون
کے ساتھ ہندوؤنکو بھی دین دھرم کا ہوش نہ رہا۔ مندر کے گنبد پر جو سونے کا
چھتر لگا ہوا تھا۔ تمام تیرون سے چھلنی کر ڈالا۔ دو سو کے قریب کالی گائین تھین
ہندو اُنکی بہت تعظیم کیا کرتے تھے۔ اور پوجا کرتے تھے۔ اِس وقت حالت جنگ
مین مندر کو دار الامان سمجھکر اُن سب کو مندر کے اندر لے آئے تھے۔ ہندو
مسلمان سپاہیون نے اُن کو کاٹ ڈالا۔ اِن کے خون موزون مین بھرتے تھے۔
اور چارون طرف مارتے تھے۔ تماشا یہ کہ راجہ بیربر خود موجود تھے۔ ان باتون
سے کیا اپنے اور کیا بیگانے جنھین بیربر کہتے تھے۔ کہ مین تمھارا گرو ہون۔ وہی
اُن پر ہزار ہزار لعنت اور ملامت کرتے تھے۔

۹۹۰ھ مین راجہ بیربر نے بادشاہ سے ضیافت کے لئے عرض کیا۔ بادشاہ

منظور فرما کر اُن کے گھر گئے۔ وہی چیزین جو کبھی کبھی عنایت کی تھین۔ حاضر کین۔ نقد کو نثار کیا۔ باقی پیشکش کر دیا۔

راجہ بیربر بادشاہ کی مصاحبت مین ہر وقت حاضر رہتے۔ اور اپنی دانائی مزاج شناسی کی حکمت سے ہر معاملے مین حسب مراد حکم حاصل کر لیتے تھے۔ اسیواسطے راجہ۔ مہاراجہ۔ اُمراء۔ خوانین لاکھون روپیہ کے تحفے تحائف اِن کے پاس بھیجے رہتے تھے۔ بادشاہ بھی اکثر راجاؤن کے پاس اِن کو سفیر بنا کر بھیجتے تھے۔ یہ جنکے پاس سفیر بنکر جاتے۔ اپنے چٹکلون اور لطیفون سے اُسے رام کر لیتے تھے۔ اا باتون باتون مین وہ کام نکال لاتے تھے۔ کہ بڑی بڑی فوجون سے نکلنا مشکل تھا۔ ڈونگر پور کا راجہ اپنی لڑکی حرم سرائے اکبری مین داخل کرنا چاہتا تھا۔ مگر بعض باتون سے رُکا ہوا تھا۔ ۹۸۴ھ مین اکبر نے رائے لون کرن کے ساتھ اِن کو اُس کے پاس روانہ کیا۔ اِنھون نے جاتے ہی ایسا منتر مارا۔ کہ لڑکی کا ڈولا لئے ہوئے مبارک سلامت کرتے ہوئے واپس چلے آئے۔

۹۹۱ھ مین زین خان کوکہ کے ساتھ راجہ رام چند کے دربار مین سفیر ہو کر گئے اور منصب سفارت کو اِس خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ کہ راجہ رام چند معہ اپنے بیٹے بیر بھدر کے دربار شاہی مین حاضر ہوگیا۔ اِسی سال ایک دن جبکہ اکبر کے ساتھ نگرچین کے میدان مین چوگان بازی مین مشغول تھے۔ گھوڑے سے گر کر زخمی ہو گئے۔ اکبر نے بڑی محبت سے سر سہلایا۔ اور اُٹھوا کر گھر بھجوا دیا۔

۹۹۳ھ مین اکبر نے زین خان کو کالتاش کو باجوڑ دغیرہ علاقہ کے سرحدی پٹھانون کی تادیب کے واسطے فوجین دیکر روانہ کیا۔ یہ لوگ رہزنی اور چوری کو اپنا جوہر قومی سمجھکر ہمیشہ لوٹ مار سے اپنی زندگی بسر کرتے تھے۔ جب بادشاہی فوجین مقابلے کو جاتین۔ اول مقابلے پر آمادہ ہوتے۔ اور جب دبتے تو پہاڑ دن مین گھس جاتے

مہم سواد باجوڑ

اِدھر فوج واپس ہوئی۔ اُدھر اُنھون نے چھپا مار کر فتح کو شکست سے بدل دیا۔ زین خان
کوکلتاش نے پہلے باجوڑ پر ہاتھ ڈالا۔ اور آگے بڑھکر بادشاہ کو مدد کے واسطے
لکھا۔ جب دربار مین یہ معاملہ پیش ہوا۔ کہ کون امیر امداد کے واسطے روانہ کیا
جائے۔ تو سب سے پہلے ابوالفضل نے اپنے واسطے درخواست کی۔ یہ دیکھکر
بیربر جی سے نہ رہا گیا۔ فوراً بول اُٹھے۔ کہ غلام کو اجازت ہو بادشاہ نے قرعہ ڈالا۔
موت کے فرشتے نے بیربر کا نام سامنے کر دیا۔ اگرچہ بادشاہ کو ان کی ایک دم
کی جُدائی بھی سخت ناگوار تھی مگر نہ معلوم کیا خیال آگیا۔ کہ اجازت دیدی۔ اور نہایت
شفقت سے فرمایا۔ کہ خاصکہ توپ خانہ بھی ساتھ لئے جاؤ۔ رخصت کے وقت
دریائے محبت جوش مین آیا۔ اور اِن کے بازو پر ہاتھ رکھکر ارشاد فرمایا۔
کہ بیربر جلدی آنا۔

راجہ بیربر کے روانہ ہونے کے بعد بادشاہ نے حکیم ابوالفتح کو بھی فوج دیکر
روانہ کیا۔ راجہ بیربر اور حکیم ابوالفتح زین خان سے جا ملے۔ اگرچہ راجہ اور زین خان
مین پہلے سے چشمک چلی آتی تھی۔ لیکن جب زین خان کو اِن کے آنے کی خبر معلوم
ہوئی۔ حوصلہ سپہ سالاری کو کام مین لایا۔ اِن کا استقبال کیا۔ اور صفائی اور گرمجوشی
سے باتین کین۔ چکدرہ کے مقام پر زین خان نے جشن منایا۔ اور سب کو اپنا مہمان
قرار دے کر بہت سیر چشمی سے مہمانداری کے سامان مہیا کیئے۔ اور سب کو بلایا۔
اور یہ بھی مصلحت سوچی کہ اسی مقام پر سب کی رائے سے اتفاق کر کے آئندہ جنگ
کی تجویزون پر عملدرآمد کیا جائے۔ لیکن چونکہ اکبر کی نازبرداری نے راجہ کا مزاج
عرش معلی پر پہونچا رکھا تھا۔ وہ بپھر گئے۔ اور بہت سے شکوے شکایتین کر کے کہنے
لگے۔ کہ بادشاہی توپ خانہ ہمارے ساتھ ہے۔ بندگان شاہی کو لازم تھا۔ کہ اسکے
گرد آکر جمع ہوتے۔ اور ہمارے یہان صلاح ومشورہ کی گفتگو ہوتی۔ اگرچہ راجہ جی کی یہ

تقریر زینؔ خان کو ناگوار گذری۔ لیکن اِس پر بھی وہ بے تکلف اِن کے پاس چلا
حکیم ابوالفتح اور راجہ جی مین بھی صفائی نہ تھی۔ باتون باتون مین گالیون تک نوبت
پہونچگئی۔ اگرچہ زین خان نے اپنے آپ تدبیر سے اِس بھڑکتی ہوئی آگ کو دبا
لیکن تینون سردارون مین اختلاف ہوگیا۔ اور روز بروز عداوت اور نفا
بڑھتا گیا۔ اِسکا یہ نتیجہ ہوا۔ کہ لاڈلے راجہ نے اپنے گھمنڈ مین زینؔ خان کی رائے
خلاف ایک طرف کوچ کردیا۔ مجبور ہوکر زینؔ خان بھی پیچھے پیچھے ہولیا۔ پہاڑی
مُلک۔ اُس پر طُرہ یہ کہ راجہ محلون کے شیر تھے۔ مرد شمشیر نہ تھے۔ اور اُنھین اِس
کے معرکون سے اپنی زندگی بھر کبھی اتفاق نہ پڑا تھا۔ ایک دن جبکہ ایک ایسی
پہاڑی پر سے لشکر گذر رہا تھا۔ کہ جس کے تنگ راستے کے نیچے بڑی بڑی گھاٹیاں
اور کھڈ واقع تھے۔ افغان آپڑے۔ بادشاہی لشکر مین کہرام مچ گیا۔ رستا ایسا
تنگ تھا کہ دو سوار بھی برابر نہ چل سکتے تھے۔ اندھیرا ہوتے پر افغانون نے
بھی موقع پایا۔ آگے۔ پیچھے۔ اوپر نیچے۔ سے گولیان۔ اور پتھر برسانے شروع کیا
ہاتھی۔ گھوڑے۔ آدمی۔ اونٹ۔ گائے۔ بیل۔ ایک پر ایک گرتا تھا۔ ایک کو
دوسرے کی خبر نہ تھی۔ زینؔ خان نے غیرت کے مارے چاہا۔ کہ ایک جگہ اڑ کر
راہ اخلاص مین جان قربان کردے۔ ایک سردار دوڑا ہوا آیا۔ اور زبردستی
اُس کے گھوڑے کی باگ پکڑ کر اُس انبوہ سے نکال لے گیا۔ گھاٹیون مین
اتنے آدمی۔ گھوڑے۔ ہاتھی پڑے تھے۔ کہ راستہ بند ہوگیا تھا۔ ناچار گھوڑا چھوڑ
پیادہ ہوا۔ اور بے راہ ایک پہاڑی پر چڑھکر بھاگا۔ اور امیر بھی گھبراہٹ مین کہ
کے کہین جا پڑے۔ بہت کم بھاگ کر نکل آئے بہت سے قید ہوئے۔ اور مارے
گئے۔ حکیم ابوالفتح بھی کسی حکمت سے بچ آئے۔ مگر بیربر جی کا پتہ نہ لگا۔ یہ شکست ایسی
ہوئی کہ تمام اکبری عہد مین کبھی اس خرابی کے ساتھ شکست نہین ہوئی چالیس ہزار

ج مین جس مین بڑے بڑے روشناس اور درباری منصبدار شامل تھے۔ کچھ بھی
باقی نہ رہی۔ زین خان اور حکیم ابوالفتح نے کمال بدحالی کے ساتھ اٹک مین آ کر
دم لیا۔ افغانون کے اتنی لوٹ ہاتھ آئی۔ کہ سات پشت تک نصیب ہوئی ہوگی۔
جب اس شکست اور راجہ بیربر کے مارے جانے کا حال اکبر کو معلوم ہوا۔
خاطر قدسی پر اس قدر بار غم ہوا۔ کہ ابتدائے جلوس سے آج تک نہ ہوا تھا۔ دو رات
دن کھانا نہین کھایا جب مریم مکانی (والدہ اکبر) نے سمجھایا اور بندگان عقیدت کیش
نے نالہ و زاری کی تو مجبور ہو کر کچھ کھایا۔ زین خان اور حکیم ابوالفتح مورد عتاب
ہو کر مدتون سلام سے محروم رہے۔ لاش کی بڑی تلاش رہی۔ مگر دستیاب
نہ ہوئی۔ اِس موقع پر جو طولانی فرمان مرزا عبدالرحیم خانخانان کے نام بادشاہ
نے لکھوایا تھا۔ وہ ابوالفضل کے پہلے دفتر مین موجود ہے۔ اُس سے بادشاہ
کے رنج والم کا حال بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔ اُس کے چند فقرے یہ ہین۔
افسوس ہزار افسوس کہ بادۂ این خمخانۂ درد آلودست۔ و نبات این شکرستان
ہلاہل اندوہ عالم سرائے ست تشنہ فریب۔ و منزلیست پُر فراز و نشیب۔ مستی این
بزم را در پی خماری ست و عاقبت این سودا را درسر سنجا بے۔ بواسطۂ بعضی موانع
کہ آمدن ایلچی و مردم بیگانہ باشد نگذاشت۔ کہ خود متوجہ شدہ نعش او را بچشم صورت
ہم میدیدیم۔ و آن عطوفت و مہربانیہا کہ ما را بُو بود ظاہر میفرمودیم۔ تا ارباب ظاہر را
حالت و عنایت و التفات ظاہر میشد کہ تا کسے کہ در راہ ما با خلاص و عقیدت
رفتہ۔ ما او را چہ قدر میخواہیم۔ اگرچہ بدیدۂ بصیرت این منظور شدہ خاطر نشان ارباب
معنی شدہ است۔ امّا چون بعوام کار داریم۔ این گرہ در دل ماند۔ شعر۔

کدام دل کہ ازین واقعہ جگر خون نیست
کدام دیدہ کزین حادثہ دگرگون نیست

راجہ بیربر کے فراق مین جب لوگون نے بادشاہ کی بیتابی اور بے قراری
یہ حال دیکھا - تو رنگا رنگ کی خبرین لانے لگے - کوئی جاتری آکر کہتا - کہ مین جوالا
سے آیا ہون - جوگیون کے غول مین بیربر چلا جاتا تھا - کوئی آکر یہ کہتا کہ سناسیون کے
غول مین بیٹھا کتھا باچتا تھا - بادشاہ کے دل کی بے قراری ہر بات کی تصدیق
کرتی تھی - خود کہتے تھے - کہ وہ علائق دُنیا سے الگ تھا - اور غیرت والا تھا تعجب
کیا ہے - کہ شکست کی شرمندگی سے فقیر ہو کر نکل گیا ہو -

مدتون تک اسی قسم کی نئی نئی خبرین اُڑتی رہین - اور بادشاہ کا رنج والم
تازہ ہوتا رہا - بہت سے لوگون نے جھوٹی خبرین اُڑانے کی پاداش مین سزا پائی
غرضکہ راجہ بیربر کی موت بھی ایک لطیفہ بن گئی -

راجہ بیربر کا منصب کاغذی حساب سے تو دو ہزاری ہی تھا - لیکن عنایت بقدر
تھی کہ ہزارون لاکھون روپیہ کے جو ہر برس بلکہ مہینون مین عطا ہو جاتے تھے
صاحب السیف والقلم کر خطاب مین داخل تھا مراسلون اور فرمانون مین آٹھ آٹھ
نو نو سطرین خطاب سے بھر جاتی تھین - اکبر انھین ایسا محرم راز سمجھتے تھے - کہ
اِن سے کسی طرح کا پردہ نہ تھا - یہان تک نوبت پہونچی تھی کہ آرام کے وقت
حرم سرا کے اندر بھی بُلا لئے جاتے تھے -

بیربر بھی دین الٰہی اکبر شاہی کے مریدان با اخلاص سے تھے - اور مراتب
چہارگانہ یعنی ترک مال - ترک جان - ترک ناموس - ترک دین سب مین بڑھے
ہوئے تھے - جب اکبر کے دربار مین بے دینی نے زور پکڑا اور اسلام اور
اہل اسلام پر طرح طرح کے اعتراض ہونے لگے تو اس بیہودہ گوئی مین اِنکا
نمبر سب سے بڑا ہوا تھا - اور کیون نہ ہوتا - آخر کو کم علم بھاٹ تھے - بادشاہ کی
نازبرداری نے حیثیت سے بہت بڑھا رکھا تھا - جو کچھ مُنہ مین آتا تھا - بکتے تھے

تمام مسلمان امیر انکی بیہودہ گوئی سے تنگ تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ یہی بادشاہ کو ہنود کے عقائد کی طرف کھینچتا ہو۔ مگر بادشاہ کے خوف کے مارے کوئی کچھ نہ بول سکتا تھا۔ ایک دن دربار مین یہ اسی قسم کی گفتگو کر رہے تھے۔ نواب شہباز خان لنبوہ (چار ہزاری منصبدار تھا) سے نہ رہا گیا۔ اور سر دربار ان کو صاف صاف مغلظ گالیان دیکر کہا "کہ اے ملعون کا فر اب تو ایسی باتین کرتا ہے۔ ہم تیرا کام تمام کر سکتے ہین"۔ یہ گفتگو سُن کر بادشاہ کی طبیعت مُکدّر ہوگئی۔ شہباز خان سے بولے کہ کیا بکتے ہو تھارے مُنہ پر گو مین جوتیان بھر کر لگوا دُونگا

شیطان پورہ

اکبر نے دار الخلافت اکبر آباد سے تمام رنڈیون کو باہر نکال کر ایک علیحدہ جگہ مین آباد کرایا۔ اور اُس کا نام شیطان پورہ رکھا۔ اُس کے واسطے آئین مقرر کیا گیا۔ کہ جو کوئی شخص کسی رنڈی کے پاس آکر رہے۔ یا گھر لے جائے۔ تو اُنکا نام داروغہ کے رجسٹر مین لکھا جائے۔ بے اطلاع داروغہ کے کوئی کارروائی نہونے پائے۔ رنڈیان نئی نوچی کو نہ بٹھانے پائین۔ اگر کوئی امیر کسی رنڈی کو لیجانا چاہے تو اول حضور مین اطلاع ہو۔ پھر لیجائے۔ داروغہ منشی۔ چوکیدار۔ غرضکہ کل عملہ مقرر کیا گیا۔ باوجود اس انتظام کے بھی اندر ہی اندر کام ہو جاتے تھے۔ اگر تپہ لگجاتا۔ تو رنڈی دربار مین طلب ہوتی۔ بادشاہ خود اُس سے دریافت کرتے تھے۔ اکثر امیر اس چوری مین پکڑے جاتے۔ بادشاہ خلوت مین بُلا کر خوب لعنت و ملامت کرتے۔ بلکہ بعضون کو قید بھی کردیتے تھے۔ ایک دن بیربر جی کا دامن بھی وہانسے ناپاک ہوا۔ خبر دینے والے نے بھی بادشاہ کو فوراً خبر دی۔ انھین بھی معلوم ہو گیا جانتے تھے کہ بادشاہ اس جرم سے بہت ناراض ہوتے ہین ڈر کے مارے اُسی وقت کوڑہ گھاٹم پور اپنی جاگیر مین چلے گئے۔ اور مشہور کیا کہ اب جوگی ہو کر نکل جاؤنگا۔ جب بادشاہ کو خبر ہوئی تو دلجوئی اور خاطر داری کے فرمان لکھے اور بُلا لیا۔

بیربر اور مُلّا دوپیازہ کے لطیفے اور باہمی نوک جھونک کے حالات ہندوستان مین بہت مشہور اور آج تک عوام کی زبان پر چلے آتے ہین۔ اگرچہ اِن لطیفون مین مُلّا دوپیازہ بھی بیربر کے مدمقابل ہوتے ہین۔ لیکن بیربر نے مرکر ایسا میدان مارا کہ مُلّا کا دل ہی جانتا ہوگا یعنی وہ تو سواد باجوڑ کے پہاڑون کے کھڈ مین گر کر تاریخ کی دُنیا مین ایسے چمکے کہ تمام نورتن اکبری کو چمکا دیا۔ جس تاریخ کو دیکھیے۔ اُن کا حال آب وتاب سے نظر آئے گا۔ لیکن بیچارے مُلّا ہنڈیہ مین ایسے جا چھپے۔ کہ آج مستند تاریخون مین اُن کا نام بھی نظر نہین آتا۔

بیربر بخشش وسخاوت مین شہرۂ آفاق اور فن موسیقی مین بے نظیر تھے۔ برہم تخلص کرتے تھے مگر تعجب ہے۔ کہ سوائے لطیفون کے انھون نے اپنی کوئی علمی یادگار نہین چھوڑی۔ اِن کی یہ پہیلی مشہور چلی آتی ہے۔

مال پوا

کبھی ہین غرق سوا مین ڈھا بن بلین وہ بالے ہے

کہین بیربل سنین اکبر۔ یہ بھی ایک پہیلے ہے

اخیر بیربر کی عالیشان حویلیون کے نشانات آگرہ اور فتحپور سیکری مین کچھ عرصہ پہلے تک موجود تھے۔ اُنکے ایک بیٹے کا نام ہرم رائے تھا۔ درباداری اور راجاؤن کی ملاقات وغیرہ مین خدمات بادشاہی بجا لاتا تھا۔ بڑے بیٹے کا نام لالہ تھا۔ وہ بھی حاضر دربار رہتا تھا سنہ ۱۰۱۰ھ مین استعفا دیا اور بادشاہ سے عرض کیا کہ اب بھگوان کی یاد کرونگا۔ بادشاہ نے خوش ہو کر عرضی منظور کی۔ وہ حقیقت مین ترقی نہ ہونے سے ناراض تھا۔ اور بادشاہ اُسکی عیاشی کی وجہ سے ترقی بند کیے تھے۔ غرض وہان سے رخصت ہو کر گیا۔ اور الہ آباد مین شاہزادہ سلیم کی سرکار مین

ہرم رائے و لالہ پسران راجہ بیربر

ڈگری کرلی۔ لاکہ کا منصب ۴۰؁ جلوس تک دو صدی تھا۔

رائے بھوج ہاڈا

رائے سرجن ہاڈا کا بیٹا تھا۔ باپ کے ساتھ ملازمت اکبری مین داخل ہوا۔ ۲۲؁ جلوس مین قلعہ بوندی کی حکومت پر بجائے اپنے بھائی دودا کے سرفراز ہوا۔ مدتون کنور مان سنگھ کے ساتھ متعین رہا۔ اور معرکۂ اُڈیسہ مین خاص نام پیدا کیا۔ اس کے بعد شیخ ابوالفضل کے ساتھ مہم دکن مین مامور ہوا ۴۰؁ جلوس تک منصب ہزاری سے سربلند تھا۔

شہنشاہ جہانگیر نے تخت نشین ہو کر جگت سنگھ پسر راجہ مان سنگھ کی لڑکی سے جو رائے بھوج کی نواسی تھی شادی کرنا چاہا۔ رائے بھوج نے اس قرابت کی مخالفت کی۔ بادشاہ کو اُسکی جانب سے ملال پیدا ہوا۔ ارادہ کیا کہ کابل سے واپس ہونے پر تدارک کیا جائیگا۔ لیکن قبل واپسی بادشاہ کے اُس نے ۱۰۱۶؁ھ مین انتقال کیا۔ اس کے بیٹے راؤ رتن کا حال علیحدہ لکھا جائیگا۔

راجہ باسو

پنجاب کے شمالی پہاڑون مین دوآبہ باری سے ملی ہوئی مئو اور پٹھان کے نام سے ایک راست واقع تھی۔ ہمایون کے عہد مین اُس پہاڑی مُلک پر راجہ بخت مل حکمران تھا۔ جب ہمایون کا انتقال ہوا۔ اور سکندر سور نے جو پنجاب کے پہاڑون مین موقع وقت کا متلاشی تھا فتنہ و فساد برپا کیا۔ یہ راجہ بخت مل بھی اُس سے مل گیا۔ ۲؁ جلوس مین جب اکبری اقبال نے سلطان سکندر کو کوہستان جالندھر مین محصور کیا۔ اور اکبری لشکر قلعہ مان کوٹ کو گھیرے پڑا تھا۔ بخت مل سلطان سکندر

راجہ بخت مل

لی تباہی دیکھکر اُس کے ساتھ سے علیحدہ ہوا۔ اور بادشاہی لشکر سے آملا۔ خانخانان
بیرم خان نے اُسکی شورہ پشتی کے خیال سے اُسکا کام تمام کردیا۔ اور بجائے اُس کے
تخت مل اُس کے بھائی کو جانشین مقرر کیا۔ اُس کے بعد راجہ باسو گدی پر بیٹھا
یہ اول تو مدت تک اکبر کی اطاعت اور فرمان برداری کرتا رہا لیکن جس زمانہ
مین کہ بادشاہ پنجاب مین مقیم تھے۔ نہ معلوم کیا سمجھکر بگڑ بیٹھا۔ بادشاہ نے سال
جلوس مین حسن بیگ کو اُسکی تنبیہ پر مامور کیا۔ راجہ ٹوڈرمل نے بھی خط لکھکر سمجھایا
اسپر حسین بیگ کے ساتھ دربارشاہی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے اطاعت و فرمانبرداری
کا وعدہ لے کر پھر وطن کو رخصت کیا۔ لیکن چونکہ وحشی مزاج تھا۔ اور تہذیب شائستگی
سے بالکل بے بہرہ تھا۔ خودبخود کبھی اطاعت کرنے لگتا۔ اور کبھی بغاوت پر آمادہ ہو جاتا
تھا۔ آخرکار جہانگیر کے عہد مین حاضر دربار ہوا۔ اور منصب ہزار و پانصدی پر سربلند ہوکر
مہم دکن مین متعین ہوا۔ اور وہین پر سنہ ۱۰۲۳ھ جلوس مین وفات پائی۔ سورج مل اور
جگت سنگھ دو بیٹے تھے۔ دونون کا حال علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے۔

تخت مل

راجہ باسو نے کانگڑہ کے قریب موضع دھمری مین ایک عالیشان قلعہ
اور دیگر عمارتین تعمیر کراکر جہانگیر کے نام نورالدین پر اُس کو نورپورہ کے نام سے
موسوم کیا تھا۔ سنہ ۱۶ جلوس مین جب بادشاہ قلعہ کانگڑہ کی سیر کو تشریف لیگئے
واپسی کے وقت اس موضع مین بھی مقام ہوا۔ اور ان عمارتون کا ملاحظہ کیا
لیکن پسند نہ آئین۔ چونکہ منظر بہت بھلا معلوم ہوا۔ حکم دیا کہ ایک لاکھ روپیہ کے صرف
سے اس جگہ پر عالیشان عمارت تعمیر کیجاوے۔

نورپورہ

میرزا۔ راجہ بھاو سنگھ کچھواہا

راجہ مان سنگھ کے چھوٹے بیٹے۔ اور امرائے عہد اکبری مین منصب ہزاری

رفراز تھے۔ جہانگیر نے تخت نشین ہو کر پہلے سال جلوس مین منصب ہزار دپانصدی
و تیسرے سال منصب دو ہزاری ذات و دو ہزار سوار پر سر بلند کیا۔

سنہ ۱۰۲۳ھ مین راجہ مان سنگھ کے انتقال کے بعد بادشاہ نے اِن کو راجہ کا
جانشین مقرر فرمایا۔ اور منصب چار ہزاری ذات۔ سہ ہزار سوار پر سر بلند کر کے
خطاب میرزا۔ راجہ سے موصوف کیا۔ اس موقع پر جہانگیر نے اپنی توزک مین لکھا
ہے "مرزا بھاؤ سنگھ اُس کا (مان سنگھ کا) خلف رشید تھا شاہزادگی کے ایام مین میری
خدمت زیادہ سے بھی زیادہ کرتا تھا۔ ہندؤن کے رسم و رواج کے بموجب
مہان سنگھ پسر جگت سنگھ (راجہ مان سنگھ کا پوتا تھا) کو ریاست پہونچتی تھی۔ کہ سب
بھائیون مین بڑا تھا (یعنی جگت سنگھ) اور وہ راجہ کی زندگی ہی مین مرگیا۔ مین نے
اِس بات کی رعایت نہ کی۔ بھاؤ سنگھ کو میرزا۔ راجہ کا خطاب دیکر چار ہزاری ذات
تین ہزار کے منصب پر ممتاز کیا۔ اور آنبیر کا علاقہ کہ اُس کے باپ دادا کا وطن
تھا۔ مرحمت کیا اور اِس خیال سے کہ مہان سنگھ بھی راضی رہے۔ اُس کے منصب
مین پانصدی کا اضافہ کر کے گڈھ کا مُلک اُسے انعام مین عطا کیا۔"

۲۲۔ محرم سنہ ۱۰۲۴ھ کو راجہ بھاؤ سنگھ رخصت لیکر اپنے وطن آنبیر کو روانہ ہونے
چلتے وقت بادشاہ نے بھوت پیری کا خلعت مرحمت فرمایا۔

سنہ ۱۲ جلوس مین منصب پنجہزاری سے سرفراز ہوئے۔ اور جہانگیر سے اجازت
لے کر مُلک گیری کے میدان مین کارنامے دکھانے کے واسطے دکن پہونچے۔ لیکن
موت نے زیادہ موقع نہ دیا۔ اور اُسی جگہ سنہ ۱۰۳۰ھ مین نوجوانی کے عالم مین شراب
خانہ خراب کے شکار ہوئے۔

جہانگیر نے صفر سنہ ۱۰۳۱ھ کو اپنی توزک مین لکھا ہے "اِس وقت معلوم ہوا کہ راجہ
بھاؤ سنگھ نے صوبہ دکن مین سفر آخرت اختیار کیا۔ کثرت شراب نوشی سے نہایت ضعیف

اور ناتوان ہو گیا تھا۔ اِسی حالت مین غش آگیا۔ ہرچند طبیبون نے کوشش
ہوش نہ آیا۔ ایک رات دن بیہوش ہو کر دوسرے دن گذر گیا۔ دورانیاز
آٹھ لونڈیان اُس کی آتش وفا مین ستی ہوئین۔ اُس کے بڑے بھائی جگت
اور بھتیجہ مہان سنگھ نے بھی کثرت شراب نوشی ہی مین اپنی عزیز جانین ضائع
تھین۔ افسوس کہ اُس نے اُن سے بھی عبرت حاصل نہ کی۔ اور اپنی جان شیرین
کو آب تلخ (شراب) پر نثار کیا۔ نہایت خوبصورت عقلمند۔ اور نیک ذات تھا
ایام شاہزادگی سے میری خدمت مین تھا۔ اور میری تربیت سے منصب عالی
پنجہزاری پر پہونچ گیا تھا۔ چونکہ اُس نے کوئی بیٹا نہین چھوڑا۔ اس واسطے مین نے
اُس کے بڑے بھائی کے پوتے (رجے سنگھ) کو باوجود صغیر سن ہونے کے خطاب راجگی
سے سرفراز کیا۔ اور منصب دوہزاری۔ ہزار سوار پر سربلند کر کے پرگنہ آنبیر جو اُن کا
وطن ہے بدستور سابق جاگیر مین مقرر کیا۔ تاکہ جمعیت اُسکی متفرق نہ ہو جائے۔"

بسونت راؤ (کارطلب خان)

مرہٹون مین سے تھا۔ عہد جہانگیری مین اُمرائے تیموریہ کے سلک مین منسلک
ہو کر منصب دوہزاری۔ ہزار سوار سے سرفراز ہوا۔ اور تھوڑے دنون کے بعد
اپنے آبائی مذہب کو ترک کر کے شرف اسلام سے مشرف اور خطاب کارطلب خان
سے موصوف ہوا۔

شاہجہان کے عہد مین سنہ ۳ جلوس مین منصب سہ ہزاری۔ دو ہزار سے ممتاز ہوا
اور تمام عمر دکن مین فوجی خدمات انجام دیتا رہا۔

سنہ ۱۰۶۸ھ مین اورنگ زیب اور جسونت سنگھ کی لڑائی اُجین مین اورنگ زیب
کے ساتھ تھا۔ اور اس لڑائی کے تھوڑے عرصے کے بعد انتقال کیا۔

رائے بہاری داس بخشی

قوم کے برہمن تھے۔ جہانگیر کے عہد مین زُمرۂ اہل قلم ملازم ہوے۔ رفتہ رفتہ ترقی کرکے احدیون کے بخشی ہو گئے۔ اس کے بعد صوبہ برہان پور کے واقع نویس مقرر ہوئے۔ اور اِس عہدے کا کام اِس عمدگی سے انجام دیا۔ کہ بادشاہ نے خوش ہوکر خطاب رائے سے موصوف کیا۔ اور کُل صوبہ دکن کا دیوان مقرر کردیا۔ سنہ جلوس مین رانا کرن کے پاس بادشاہی سفیر مقرر ہوکر روانہ کئے گئے۔ اِس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

رائے بنوالی داس

جہانگیر کے عہد مین فیل خانہ شاہی کے داروغہ تھے سنہ ۱۴ جلوس مین منصب ششصدی ذات یکصد و بست سوار پر ممتاز ہوکر خطاب رائے سے موصوف ہوئے۔ اور اپنی لیاقت و کاردانی سے ترقی پاتے ہوئے شاہجہان کے عہد مین منصب ہزاری پر سربلند ہوئے سنہ جلوس مین وفات پائی۔

راجہ بھارت بندیلہ

رام چند بندیلہ

رام چند پسر راجہ مدھکر بندیلہ کا پوتا تھا۔ رام چند اپنے وطن اوندچھ (اُرچھا) مین بادشاہ کی نافرمانی اور طرح طرح کی فتنہ انگیزیون مین اوقات بسر کرتا تھا۔ سنہ ۲ جلوس جہانگیری مین جبکہ اوندچھ کے دربار مین دسہرہ کا جشن اور کوچہ و بازار مین تیوہار کی خوشیان اور رسوم منائے جارہے تھے۔ عبداللہ خان بہادر فیروز جنگ اپنی جاگیر کالپی سے چل کر اوندچھ پر باز کی طرح جھپٹا۔ اور رام چند کو اپنے چنگل مین

لے کر دربار شاہی مین لا کھڑا کیا۔ بادشاہ نے بند حراست سے رہا کرا کر خلعت مرحمت فرمایا اور راجہ باسو کے سپرد کیا۔ کہ ضامن لے کر چھوڑ دے۔ اس کے بعد اندوچھ کی حکومت راجہ نرسنگھدیو کو مرحمت ہوئی۔ رام چند مذکور اکبر کے عہد مین منصب پانصدی پر سرفراز تھا۔

سنہ ۴۲ جلوس مین رام چند نے اپنی بیٹی کو پرستاران خاص مین داخل کیا اور مورد نوازش ہوا سنہ ۴۸ جلوس مین اُس کے انتقال کے بعد اس کا پوتا راو بھارتھ منصب عمدہ اور خطاب راجگی سے موصوف ہوا سنہ ۱۴ مین منصب ششصدی ذات چہارصد سوار پر سرفراز ہو کر فیل مرحمت ہوا اور صوبہ دکن مین متعین کیا گیا سنہ ۱۸ مین دربار مین طلب ہو کر منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار سوار پر ممتاز ہوا۔ آخیر عہد جہانگیری تک منصب دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار سوار تک ترقی پائی پہلے سال جلوس شاہجہانی مین خلعت وجمدھر مرصع۔ اور اسپ و علم مرحمت ہو کر منصب سہ ہزاری دو ہزار و پانصد سوار پر سربلند ہوا۔ اور خدمت فوجداری ا؟اوہ پر مامور رہوا۔ اسی سال نقارہ کا اعزاز حاصل ہوا سنہ ۲ جلوس مین خواجہ ابوالحسن کے ساتھ خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور رہوا سنہ ۳ جلوس مین راو رتن کے ساتھ مہم تلنگانہ مین کارہائے نمایان انجام دیئے جس کے صلے مین منصب سہ ہزاری ذات۔ سہ ہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ اس کے بعد نصیر خان کے ساتھ قلعہ قندہار دکن کے محاصرے مین متعین ہوا سنہ ۴ جلوس مین وہان سے دربار مین آکر منصب سہ ہزار و پانصدی ذات سہ ہزار سوار سے ممتاز ہوا۔ اور تلنگانہ کی سرحد پر متعین ہوا سنہ ۵ جلوس مین قصبہ ؟؟؟ کو فتح کیا۔ اور اس حسن خدمت کے صلے مین منصب چہار ہزاری ذات۔ سہ ہزار و پانصد سوار پر مفتخر ہوا سنہ ۶ جلوس مین اسی جگہ فوت ہوا۔

راجہ دیبی سنگھ اس کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا جائے گا۔

بھرجی

دکن اور گجرات کے درمیان بگلانہ کی زمینداری چودہ سو برس سے بھرجی کے خاندان مین چلی آتی تھی یہ لوگ اپنے آپ کو راجہ جے چند راٹھور (والی قنوج) کی نسل سے شمار کرتے تھے۔ اِن لوگون مین جو گدی نشین ہوتا وہ بھرجی کے خطاب سے موصوف ہوتا تھا۔ کسی وقت مین یہ سردار صاحب سکہ تھے۔ شاہان اسلام کے عہد مین یہ سردار کبھی شاہان گجرات اور کبھی شاہان دکن کی خدمت مین پیشکش پیش کیا کرتے تھے۔

سنہ ۹۸۰ھ مین جب صوبہ گجرات اکبر کے قبضے مین آیا۔ یہ لوگ اپنے آپ کو فرمان روایان تیموریہ کا باجگذار سمجھنے لگے۔ جس زمانے مین کہ اکبر بندر سورت مین رونق افروز تھا۔ بھرجی زمیندار نے مرزا شرف الدین حسین کو جو اُس کی حدود زمینداری سے گذرنا چاہتا تھا۔ گرفتار کرکے حضور شاہی مین پیش کیا۔ اور انعام سے سرفراز ہوا۔ اُس وقت سے سرداران بگلانہ ہمیشہ پیشکش پیش کرتے رہے۔ اور ضرورت کے وقت حسب الطلب صوبہ داران دکن کی خدمت مین حاضر ہو کر فوجی خدمات بھی انجام دیتے تھے۔

شاہجہان کے عہد سلطنت مین شاہزادہ اورنگ زیب نے جبکہ وہ دکن کا صوبہ دار تھا کسی بات پر بھرجی سے خفا ہو کر محمد طاہر (وزیر خان) اور مالوجی۔ اور زاہد خان کوکہ۔ اور سید عبدالوہاب خاندیسی کو بگلانہ کی تسخیر پر مامور کیا۔ جب اِن لوگون نے جاکر قلعہ ملہیر فتح کرلیا۔ بھرجی شاہزادے کی ملازمت مین حاضر ہوا۔ اور سنہ ۱۲ جلوس مین دربار شاہجہانی سے منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔ اور پرگنہ سلطان پور بہ طریق وطن جاگیر مین مرحمت کیا گیا۔ بقیہ زمینداری بگلانہ

صوبہ خاندیس مین شامل کرلی گئی۔ اسی سال بھرجی نے انتقال کیا۔

پرم جی دولت مندخان

بھرجی کے مرنیکے بعد اُس کا بیٹا پرم جی شرف اسلام سے مشرف ہوکر دولتمند کے خطاب سے موصوف ہوا۔ اور منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر مفتخر ہوا بجائے پرگنۂ سلطان پور کے پرگنۂ پونار خاندیس جاگیر مین مرحمت ہوا۔ پونار مین اُس کی عالیشان عمارتون کے آثار صاحب مآثر الامرا کے عہد تک موجود تھے۔

جگ راج۔ بکرماجیت بُندیلہ

راجہ جھجار سنگھ بُندیلہ کا بیٹا تھا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر مفتخر ہوکر خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور رہوا۔ اور اِس مہم مین نہایت شجاعت و بہادری دکھائی جس کے انعام مین منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار پر سرفراز ہوکر خلعت اور مرصع تلوار اور علم و نقارہ مرحمت ہوا اور خطاب جگ راج سے موصوف ہوا۔ اِس کے بعد مہمات دکن خصوصاً محاصرۂ قلعہ دولتاباد مین جانفشانی اور جان بازی کا حق ادا کیا۔

۸ھ جلوس شاہجہانی مین جب اِس کا باپ آگرہ سے بھاگا۔ یہ بھی باپ کے ساتھ ہولیا۔ راستے مین شاہی لشکر کے سپاہیون کے ہاتھ سے جو ان کے تعاقب مین تھے مارا گیا۔ اور دوسرے سال اُس کا بیٹا قید ہوا۔

راجہ بدن سنگھ بھدوریہ

راجہ کشن سنگھ بھدوریہ کا بھتیجہ تھا۔ اُس کے مرنے کے بعد ۱۰۵۳ھ مین اُس کا جانشین مقرر کیا گیا۔ اور خطاب راجگی اور خلعت۔ اور اسپ بادرفتار مرحمت ہوکر

منصب ہزاری ذات - ہزار سوار سے سرفراز ہوا - اسی سال جشن شمسی کے موقع پر فیل خانہ خاص سے ہاتھی مرحمت ہوا -

سنہ ۲۱ جلوس شاہجہانی مین ایک دن معہ چند ساتھیون کے کورنش شاہی کے واسطے جھروکہ درشن[1] کی طرف جا رہا تھا - راستے مین اُس کے ساتھیون مین سے ایک کو ایک مست ہاتھی نے آپچھاڑا - راجہ بدن سنگھ جمدھر کھینچکر اُس پر جھپٹا - اور متواتر ایسے جمدھر ہاتھی پر مارے کہ اُس کا مُنہ پھر گیا - اور وہ بھاگ گیا - بادشاہ جھروکہ درشن مین بیٹھے ہوئے یہ حال دیکھ رہے تھے - راجہ کی اس تہور - ہمت جرأت کو دیکھکر ایسے خوش ہوئے کہ فوراً دربار مین بُلایا اور خلعت عطا فرماکر مُلک بھدا ور کی پیشکش سالانہ مبلغ دو لاکھ روپیہ مین سے پچاس ہزار روپیہ سال ہمیشہ کے واسطے معاف کر دیا -

سنہ ۲۲ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ ذات - ہزار و پانصد ۱۵۰۰ سوار پر سرفراز فرماکر شاہزادۂ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندھار پر مامور کیا - سنہ ۲۵ مین دوسری مرتبہ اور سنہ ۲۶ مین تیسری مرتبہ مہم قندھار مین متعین ہوا - اور اُسی جگہ انتقال کیا - بادشاہ نے مہا سنگھ اُس کے بیٹے کو جس کا حال علیحدہ لکھا جاوے گا - اُس کا جانشین مقرر کیا -

[1] ہندوستان کے لوگ صبح کو بادشاہ کے دیدار کو بہت مبارک سمجھتے تھے - شاہان مغلیہ نے ہندوؤنکے تالیف قلوب کے واسطے جہان بہت سے اور رسوم اختیار کر رکھے تھے - یہ بھی رسم جاری کر رکھی تھی - کہ بادشاہ ہر روز صبح کو قلعۂ آگرہ مین جمنا کے کنارے شرق رویہ کھڑکیون مین جنھین جھروکہ درشن کے نام سے موسوم کر رکھا تھا آکر بیٹھتے تھے - جو لوگ دریا پر اشنان کو آتے - مرد عورتین - بچے امیر غریب سب ڈنڈوت کرتے - مہابلی بادشاہ سلامت کہتے اور خوش ہوتے تھے - بادشاہ بھی اپنے بچون سے زیادہ اِنھین دیکھکر خوش ہوتے تھے - بہت سے لوگ جو درشنی کے نام سے موسوم ہوتے تھے - وہ جبتک بادشاہ کا درشن نہ کر لیتے کھانا تک نہ کھاتے تھے -

موضع بٹ ایشر و جمنا کا خوشنما منظر

موضع بٹ ایشر جو تحصیل باہ ضلع آگرہ مین دریاے جمنا کے کنارے پر واقع ہے
اور جو اپنے مشہور میلے کی وجہ سے دور دور تک مشہور ہے۔ ہندوؤن کے متبرک
مقامات مین شمار ہوتا ہے اس جگہ جمنا کے کنارے برابر ایک میل تک خوشنما
بسراتین بنی ہوئی ہین اور اُن کے اوپر راجگان بھداور کے بنائے ہوے عظیم الشان
مندر۔ دھرم شالے۔ محلات واقع ہین جو زبان حال سے راجگان موصوف کی
عظمت کو بیان کرتے ہین۔ اس موقع پر ایک عجیب اور دلچسپ منظر یہ بھی ہے
راجگان موصوف کی عظمت کے سامنے دریاے جمنا نے بھی اپنا عجز تسلیم کرکے سر
کو خم کیا ہے۔ اور ان بسراتون اور مندرون کی پابوسی کرتی ہوئی تین چار میل تک
اُلٹی پورب سے پچھم کی طرف بہکر پھر اپنے اصلی بہاو یعنی پچھم سے پورب کی طرف
مُڑی ہے جس سے یہ مقام ایک عجیب خوشنما منظر بن گیا ہے۔ اس کے نسبت بھی
جگہ جگہ طرح طرح کی افواہین مشہور ہین جن مین سے لکھنے کے قابل صرف یہ ہے کہ بادشاہی
عہد مین کسی بادشاہ نے اُس عہد کے راجہ بھداور سے دریافت کیا۔ کہ بھداور سے
بٹ ایشر دریاے جمن کے کس جانب ہے۔ اُس کے منہ سے نکل گیا۔ کہ موضع بٹ ایشر
بھداور مین داخل ہے حالانکہ اُس وقت دریا جو بھداور اور ملحقہ علاقہ مین حد فاصل
تھا۔ سیدھا بہتا تھا۔ اور بھداور سے بٹ ایشر کو دریا عبور کرکے جانا پڑتا تھا۔ غرضکہ
راجہ جی کہتے تو کہ گئے۔ مگر فوراً خیال آیا۔ کہ اگر بادشاہ نے تحقیقات کی۔ یا کسی چغلخور
نے چغلی کھائی۔ اور جھوٹے پڑے تو خیر نہین ہے۔ اُسی وقت آدمیون کو دوڑایا
اور ہزارون لاکھون آدمی کام پر لگا کر تین چار میل دریا کو اُلٹا بہا کر بٹ ایشر کو
بھداور مین داخل کرا لیا۔ اور جس جگہ سے دریا کو موڑا تھا اُس جگہ بہت مضبوط
پُشتے بنا کر یہ بسراتین بنادی ہین۔ یہ روایت صحیح ہو یا غلط مگر یہ ضرور ہے
کہ برسات کے دنون مین دریا ان بسراتون سے خوب ٹکر کھاتا ہے۔ اور جس

سال پانی کا بہت زور ہوتا ہے تو بیٹرہیون اور بلند چبوترے پر ہوتا ہوا۔ اپنے سیدھے بہاؤ پر چلنے لگتا ہے۔

راجہ بیٹھلداس گوڑ

سرزمین میواڑ اور ماڑواڑ راجگان راٹھور اور سیسودیہ سے پہلے گوڑ گوت کے راجپوتون کے قبضے مین تھی۔ جب راٹھورون اور سیسودیون کا زور ہوا۔ ان کے قبضے سے نکل کر اُن کے پاس پہونچ گئی۔ لیکن چھوٹے چھوٹے مقامات پر اکثر گوڑ گوت کے راجہ بدستور قابض رہے۔ راجہ گوپال داس گوڑ شاہجہان کے ایام شاہزادگی کا وفادار اور جان نثار غلام۔ اور اُن کی طرف سے آسیر کا قلعدار تھا جس زمانہ مین کہ شاہ مزاج بیگم نورجہان نے کہ جو شہنشاہ جہانگیر کے دل وجان پر حکمران تھین۔ بادشاہ کو اپنے پیارے بیٹے سے برافروختہ کر رکھا تھا۔ اور شاہجہان باپ کی فوج کے تعاقب سے اِدھر اُدھر مارا پھرتا تھا۔ راجہ گوپال داس معہ اپنے بڑے بیٹے بلرام کے اُس کی رفاقت مین سایہ کی طرح ساتھ ساتھ تھا۔ اور رٹھمٹہ کے محاصرے مین اپنی شجاعت وبہادری کے جوہر دکھا کر معہ اپنے بیٹے بلرام کے اپنی عزیز جان کو حق نمک پر فدا کر گیا۔

راجہ گوپال داس گوڑ

اُس کے مارنے جانے کے بعد اُس کا بیٹا بیٹھلداس اپنے وطن جنیر سے شاہزادہ کی خدمت مین حاضر ہوا۔ شاہزادے نے بہت تسلی وتشفی کر کے انعام واکرام سے مالا مال کیا۔ اور تخت نشین ہونے کے بعد تین ہزار روپیہ نقد۔ اور خلعت۔ علم اسپ فیل مرحمت فرما کر خطاب راجگی سے موصوف کیا اور منصب سہ ہزاری ذات ہزار دو بانصد سوار پر سرفراز فرمایا۔

پہلے سال جلوس مین جھجار سنگھ بندیلہ کی تنبیہ۔ اور دوسرے سال خانجہان لودی

کے تعاقب پر مامور کیا راجہ موصوف نے دوسرے ساتھیون کا انتظار نہ کیا اور گھوڑا سرپٹ اڑائے ہوئے دہولپور کے قریب خانجہان کو جا پکڑا۔ اور بہادر رجپوتونکی طرح پیادہ ہو کر اُس سے برسر پیکار ہوا۔ اور گلگونہ زخم سے سرخروی حاصل کرکے عنایت نقارہ اور اضافہ پانصد سوار سے ممتاز ہوا سنہ ٣ جلوس مین راجہ گجے سنگھ کے ساتھ دوبارہ خانجہان لودی کی سرکوبی کے واسطے متعین ہوا۔ اور خدمات شائستہ بجا لایا۔

چونکہ خطاب راجگی بغیر خدمت کسی قلعداری کے معزز نہ سمجھا جاتا تھا لہذا اسکے جلوس مین حسب خواہش اپنے عظیم الشان شاہی قلعہ رن تھنبور کی حکومت پر سربلند ہوا سنہ ٦ مین مرزا مظفر کرمانی کی جگہ اجمیر کا فوجدار بھی مقرر ہوا۔ اس کے بعد شاہزادہ شجاع کے ساتھ محاصرہ قلعہ پرینڈہ (دکن) مین اپنی دلاوری کے جوہر دکھائے سنہ ٨ جلوس مین صوبہ داری اجمیر پر سرفراز ہوا سنہ ٩ مین ولایت دھندیرہ فتح کی۔ اور اس کے صلے مین منصب چہارہزاری سہ ہزار سوار پر سربلند ہو کر ولایت مذکور کی حکومت پر بہ طریق وطن یعنی بہ طور استحقاق حکومت موروثی پر مفتخر ہوا۔

سنہ ١١ جلوس مین جبکہ بادشاہ دار الخلافت اکبرآباد سے لاہور کو روانہ ہوئے راجہ موصوف کو قلعداری اکبرآباد کی خدمت پر متعین کیا سنہ ١٣ جلوس مین بادشاہی حکم کے بموجب اکبرآباد سے کل خزانہ دہلی پہونچایا سنہ ١٤ جلوس مین وزیرخان صوبہ دار اکبرآباد کے انتقال کے بعد منصب پنجہزاری ذات سہ ہزار سوار پر مفتخر ہو کر قلعداری کے ساتھ دار الخلافت کی صوبہ داری کی معزز خدمت بھی سپرد ہوئی سنہ ١٩ مین منصب پنجہزاری۔ چہار ہزار سوار پر ممتاز ہو کر شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا سنہ ٢٠ مین وہان سے طلب ہو کر حاضر دربار ہوا سنہ ٢١ جلوس مین دہلی کے جشن مین منصب پنجہزاری۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر ترقی ہوئی۔ اور صوبہ کابل

مین متعین ہوا سنہ ۲۲ مین حسب الطلب دربار مین حاضر ہوا۔ اور ایک ہزار سوار منصب کے دو اسپہ سہ اسپہ اور قرار پائے اور شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر روانہ ہوا سنہ ۲۳ مین وہان سے واپس آکر رخصت حاصل کی۔ اور وطن روانہ ہوا سنہ ۲۵ جلوس مین اس دار ناپائدار سے کوچ کیا۔

حویلی و آہو خانہ راجہ بیٹھلداس

راجہ بیٹھلداس نے اپنی ایام صوبہ داری اکبرآباد مین ایک عالیشان حویلی تعمیر کرائی تھی۔ اُس کے قریب چالیس ۴۰ بیگہ آراضی مین ایک پُر فضا باغ لگایا تھا۔ جسمین نہرین۔ اور چشمے جاری تھے۔ کنارے پر تالاب تھا اُس مین سے نہرون اور چشمون۔ اور فوارون مین پانی جاتا تھا باغ کے ایک گوشہ مین آہو خانہ بنا تھا۔ جس مین بہت سے خوش رنگ ہرن پلے ہوئے تھے اور اسی لحاظ سے یہ باغ آہو خانہ راجہ بیٹھلداس کے نام سے موسوم تھا۔ اُنیسوین صدی عیسوی کے مُورخ منشی سیل چند نے اپنی تاریخ آگرہ مین اس کا ذکر بیان کیا ہے۔

راجہ بیٹھلداس کے چار بیٹے تھے۔ انرودہ۔ ارجن۔ بھیم۔ ہرجس۔ مرنے کے بعد دس لاکھ اُس کے خزانہ سے نقد برآمد ہوا۔ بادشاہ نے چھ لاکھ روپیہ نقد اور کل جنس انرودہ کو۔ اور تین لاکھ روپیہ ارجن کو۔ اور ساٹھ ۶۰ ہزار روپیہ بھیم کو۔ اور چالیس ۴۰ ہزار روپیہ ہرجس کو عنایت کیے۔ انرودہ بڑے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا جا چکا ہے۔

ارجن پسر بیٹھلداس

دوسرا بیٹا ارجن باپ کی زندگی مین شاہی منصبدار تھا۔ جب راؤ امر سنگھ راٹھور نے صلابت خان میر بخشی کو سر دربار قتل کر ڈالا۔ یہ نہایت بہادری سے اپنی تلوار کھینچ کر اُس پر دوڑا اور کئی وار کیے سنہ ۱۹ جلوس شاہجہانی مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا سنہ ۲۱ مین منصب ہزاری ذات ہفتصد سوار۔ اور سنہ ۲۲ مین منصب ہزاری ذات۔ ہشتصد سوار۔ اور سنہ ۲۵ مین

باپ کے مرنے کے بعد ہزار و پانصدی ذات ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوا
اِس کے بعد مہم قندہار پر متعین ہوا ۱۰۶۸ھ کی جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ
کے ساتھ تھا۔ حالت لڑائی مین رام رام کا نعرہ مارتا ہوا۔ اورنگ زیب کے
لشکر مین جا گھسا۔ اور نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا۔

بھیم پسر بیٹھلداس

تیسرا بیٹا بھیم باپ کے انتقال کے بعد ملازمت شاہی مین شامل ہوا ۱۰۶۸ھ
مین سمرگڈہ کی لڑائی مین دارا شکوہ کے ساتھ تھا۔ یہ بھی حالت جنگ مین نہایت
دلاوری سے اورنگ زیب کے لشکر مین جا گھسا۔ اور مارا گیا۔

ہرجس پسر بیٹھلداس

چوتھا بیٹا ہرجس باپ کی وفات کے بعد شاہی منصبدارون مین شامل ہوا
اور عہد عالمگیری مین بھی ملازمت شاہی مین داخل۔ اور شاہی خدمتین بجالاتا تھا

بلبھدر شیخاوت

کچھواہہ راجپوتون کی گوت شیخاوت سے تھا۔ شاہجہان کے عہد مین منصب
ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوا۔ پہلے سال جلوس مین جھجھار سنگھ
بندیلہ کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ ستہ جلوس مین نظام شاہ کی مہم مین اپنی شمشیر آبدار
کے جوہر دکھائے اِس کے بعد خانجہان لودی کی مہم مین مامور ہوا۔ اور اسی مہم
مین اپنی جان کو حق نمک پر فدا کرکے سُرخرو دنیا سے سدھارا۔

کھنئی پسر بلبھدر

کھنئی۔ اِس کا بیٹا پانصدی ذات و صد سوار کا منصبدار مقرر ہوا۔

بہاری داس کچھواہا

اُمرائے عہد شاہجہانی سے تھا۔ پہلے سال جلوس مین خلعت مرحمت ہوکر اول
منصب ہزار و پانصدی ذات ہفتصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اِس کے بعد منصب

ہزار و پانصدی ذات - ہزار سوار پر ترقی پائی - اور صوبہ کابل مین متعین ہوا سنہ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات ہزار دو صد سوار سے سربلند ہوا - اور اسی سال وفات پائی -

راجہ بھیم راٹھور

امرائے عہد شاہجہانی سے تھا سنہ ۹ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہشت صد سوار پر سربلند ہوکر مہم ساہوجی بھونسلا پر متعین ہوا - اور برہان پور سے زمینداران گونڈوانہ سے پیشکش وصول کرنے پر مامور رہا - دو لاکھ روپیہ نقد ساٹھ ہاتھی - زمیندار چاندہ سے اور ایک لاکھ روپیہ نقد اور تیس ۳۰ ہاتھی زمیندار جابنا سے وصول کرکے داخل خزانہ شاہی کئے - اس کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات - ہزار سوار پر ممتاز ہوا - اور متفرق معرکون مین خدمات انجام دے کر سنہ ۱۸ جلوس مین انتقال کیا -

رائے بلو چوہان

ابتدا مین رانا راج کنور پسر رانا جگت سنگھ کی ملازمت مین تھا - ۵ رجب سنہ ۱۰۴۶ھ کو رانا موصوف کے ساتھ دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا - رخصت کے وقت بادشاہ نے خلعت - اور اسپ مرحمت فرمایا - اس کے بعد رانا مذکور کی ملازمت ترک کرکے بہ امید ملازمت دربار شاہی مین حاضر ہوا - بادشاہ نے منصب عمدہ پر سرفراز فرمایا - سنہ ۱۹ جلوس مین راجہ بیٹھلداس گوڑ کی ماتحتی مین مہم بلخ و بدخشان مین مامور رہا - اور اس مہم کے معرکون مین دلاوران نامی کے حوصلہ سے بڑھکر اپنی شجاعت و دلاوری کے جوہر دکھائے - اس کے صلے مین

بادشاہ نے منصب مین ترقی کرکے خلعت و اسپ سے ممتاز کیا سنہ ۱۰۶۸ھ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ جنگ اُجین مین شریک تھا۔ اِس کے بعد اُسی کے ساتھ بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوا اور کھجوہ کی لڑائی سے اُس کے ساتھ بھاگ گیا۔ پھر کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

رائے بہاری مل دیوان

شاہجہان کے عہد مین اول معمولی متصدیون کے زمرے مین بھرتی ہوئے اور اپنی لیاقت و کارروائی سے ترقی کرتے ہوئے دارالسلطنت لاہور کے دیوان مقرر ہوگئے سنہ ۲ جلوس مین صوبہ ملتان کی دیوانی پر تبدیل ہوئے۔ اِس کے بعد خالصۂ شاہی کے دیوان (نائب دوم وزیر اعظم) مقرر ہوئے سنہ ۵ جلوس مین کل صوبہ پنجاب کی دیوانی پر تبادلہ ہوا۔ اِس کے بعد ان کی ملازمت شاہزادہ داراشکوہ کی سرکار مین منتقل ہوگئی۔ اور شاہزادہ کی سرکار کے دیوان کل مقرر ہوئے سنہ ۷ جلوس مین پھر شاہی ملازمت پر واپس ہوکر منصب ہزاری ذات۔ صدو پنجاہ سوار سے ممتاز ہوئے۔

راؤ بھاؤ سنگھ ہاڈا

راؤ ستر سال ہاڈا کا بیٹا تھا۔ جو جنگ سموگڈھ مین مارا گیا۔ یہ پہلے سال جلوس عالمگیری مین وطن سے دربار مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے علم و نقارہ۔ اور خطاب راؤ مرحمت فرماکر منصب سہ ہزاری ذات دو ہزار سوار پر سرفراز فرمایا۔ اور اُس کا وطن بوندی وغیرہ جاگیر مین عطا کیا۔

شاہزادہ شجاع کی لڑائی مین توپ خانہ شاہی کا اہتمام اِس کے سپرد کیا گیا

اور اُس کی شکست کے بعد شاہزادہ محمد سلطان کے ساتھ تعاقب پر مامور رہوا۔ اور اس مہم سے فارغ ہوکر صوبۂ دکن مین متعین ہوا۔ ۳ سنہ جلوس مین امیر الامرا شایستہ خان کے ساتھ محاصرۂ قلعہ اسلام آباد عرف چاکنہ مین جانفشانی کا حق ادا کیا۔ اِس کے بعد مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ سیواجی کی تنبیہ پر مامور رہوا۔ اور جب مہاراجہ جسونت سنگھ کی جگہ مرزا راجہ جے سنگھ اِس مہم پر مامور رہوے اُن کی ماتحتی مین نہایت عقیدت و اخلاص سے خدمتین بجا لایا۔

۹ سنہ جلوس مین دلیر خان کے ساتھ زمیندار چاندہ کی تنبیہ پر مامور رہوا۔ اِس کے بعد اورنگ آباد مین متعین ہوا۔ اور اُسی جگہ ۱۰۸۰ھ مین وفات پائی۔

راؤ بہاؤ سنگھ کی بہن کی شادی مہاراجہ جسونت سنگھ سے ہوئی تھی جب مہاراجہ جسونت سنگھ نے اورنگ زیب سے بغاوت کرنا چاہی۔ اپنی اِس رانی کو بُلا کر اُس سے بھائی پر بہت دباؤ ڈلوایا کہ وہ بھی بادشاہ کے خلاف بغاوت کرنے مین اُس کا ساتھ دے۔ لیکن راؤ بہاؤ سنگھ نے خاندانی تعلقات پر حق نمک کو مقدم سمجھا اور صاف انکار کر کے کہدیا۔ کہ مین بادشاہ کا نمک حلال جان نثار ہون۔ نمک حرامی کا داغ لے کر دنیا سے نہین جانا چاہتا۔

انرودہ سنگھ ہاڈا

راؤ بہاؤ سنگھ نے لاولد انتقال کیا۔ بادشاہ نے اُس کے بھائی بھگونت سنگھ کے پوتے انرودہ سنگھ پسر کشن سنگھ کو اُس کا جانشین مقرر کر کے وطن کی حکومت پر سرفراز فرمایا۔ ۳۰ سنہ جلوس مین درجن سنگھ ہاڈہ نے بوندی کا محاصرہ کر کے اُس پر قبضہ کر لیا۔ اُس وقت انرودہ سنگھ بادشاہ کی خدمت مین حاضر تھا۔ بادشاہ نے یہ خبر سُن کر خلعت رخصت۔ اور اسپ و فیل اور نقارہ اُس کو مرحمت فرمایا۔ اور مغل خان کو معہ فوج کے اُس کی امداد کے واسطے ساتھ کیا۔ درجن سنگھ نے اِس فوج کا مقابلہ کیا۔ لیکن شکست کھا کر پہاڑون مین جا گھسا۔ اور بوندی پر

انروده سنگھ کا قبضہ ہو گیا۔

بدھ سنگھ پسر انروده سنگھ ہاڈا رام راجہ

انروده سنگھ کی وفات کے بعد بده سنگھ اُس کے بیٹے کو بادشاہ نے وطن کی حکومت پر سرفراز فرمایا۔ اور بہادر شاہ کے ساتھ صوبہ کابل مین متعین کیا۔ شہنشاہ عالمگیر کی وفات کے بعد بہادر شاہ نے اُس کو منصب سہ ہزار و پانصدی ذات وسوار پر ممتاز کر کے خطاب رام راجہ سے موصوف کیا۔ اور کوٹہ اور مویدانہ کی زمینداری جو رام سنگھ۔ مادھو سنگھ کے پوتے کے متعلق تھی اور جو شاہزادہ اعظم شاہ کی رفاقت مین داد شجاعت دے کر مارا گیا تھا انعام مین مرحمت کی۔

امید سنگھ ہاڈہ

بدھ سنگھ کے مرنے کے بعد اُس کا بیٹا امید سنگھ ہاڈہ جانشین مقرر ہوا۔ اور اُسکے بعد کشن سنگھ اُس کا پوتا مسند نشین ہوا۔

راجہ بیر بہادر

بھرجی سرکر

بھرجی سرکر کا بیٹا تھا۔ بھرجی کے بزرگ قدیم سے نواح انا کونڈی مین جو دریائے تنگ بھدرا کے کنارے پر واقع ہے سکونت پذیر تھے۔ بھرجی نے وہان کی سکونت ترک کر کے بیجاپور کے قریب سکونت اختیار کی۔ اور رنبا سنیدھیا کی سفارش سے نواب نظام الملک آصف جاہ کے عہد مین ملازمت شاہی اختیار کی۔ اُسکے مرنے کے بعد اکاجی اُسکا بڑا بیٹا بادشاہی ملازمت مین داخل ہوا۔ اور رفتہ رفتہ ترقی کر کے منصب ہفت ہزاری سے ممتاز۔ اور خطاب راجہ بیر بہادر سے موصوف ہوا۔

اکاجی جو عام طور سے اپنے خطاب راجہ بیر بہادر کے نام سے مشہور تھا صوبہ دکن مین خدمات شاہی بجالا کر سنہ ۱۱۹۰ھ مین مرگیا۔ اُس کے مرنے کے بعد

سدہ رام اُس کے بیٹے نے ملازمت شاہی ترک کرکے اپنی موروثی جاگیر پر قناعت اختیار کی۔

راجہ بیربہادر زبان فارسی مین بہت اچھی لیاقت رکھتا تھا۔ بھاشا زبان مین بھی اُس نے بہت سے کیت اور دوہرے موزون کیئے تھے۔

رائے رایان۔ راجہ بکرماجیت پترداس (پیتمبرداس)

اصلی نام (پیتمبر) پترداس تھا۔ قوم کے کھتری۔ اور داروغہ فیل خانہ کے عہدے پر سرفراز تھے۔ اکبر کو ہاتھیون کا بڑا شوق تھا۔ یہ شوق معمولی شوق نہ تھا بلکہ عشق کے درجے تک پہونچا ہوا تھا۔ اسی شوق کے بدولت اکثر مہین قائم ہوگئین جنمین نہ صرف لاکھون کروڑون روپیہ ہی صرف ہوا۔ بلکہ ہزارون عزیز جانین بھی ضائع ہوگئین۔ بادشاہ اور راجہ تو ہمیشہ سے ہاتھیون کو لڑاتے آئے ہین اکبری مین ہاتھیون نے بادشاہون اور امیرون کو لڑا دیا۔

اکبر کے اس شوق کی وجہ سے پترداس بہت جلد روشناس ہوکر اپنی کارگزاری کے صلے مین معزز خطاب رائے رایان سے موصوف ہوئے۔

سنہ ۱۲ جلوس مین قلعہ چتوڑ کے محاصرے مین حسین خان ٹکریہ کے ساتھ خاص بادشاہی مورچہ کے اہتمام پر مامور تھے۔ سنہ ۲۴ جلوس مین کل صوبہ بنگالہ کے دیوان مقرر ہوئے۔ سنہ ۲۵ جلوس کی بغاوت بنگالہ مین باغیون نے قلعہ مین گھس کر مظفر خان کو قتل کر ڈالا۔ یہ بھیس بدل کر غریب رعایا مین مل گئے۔ اور فصیل کود کر باہر نکل آئے۔ اور بھاگ کر دربار مین آموجود ہوئے۔ اِس کے بعد پھر مہم بنگالہ مین متعین ہوئے سنہ ۳۱ مین صوبہ بہار کے دیوان مقرر ہوئے۔ سنہ ۳۸ جلوس مین قلعہ باندھو کی تسخیر کے واسطے مامور ہوئے۔ سنہ ۴۳ جلوس مین دیوان کل کے معزز عہدے پر سرفراز ہوئے سنہ ۴۴ جلوس

مین قلعہ باندھو کے انتظام کے واسطے روانہ کیئے گئے۔ سنہ ۴۶ جلوس مین منصب سہ ہزاری پر ترقی پاکر نواح گوالیار کے فوجدار مقرر ہوئے۔ سنہ ۴۷ مین بادشاہ نے شیخ ابوالفضل کے بیٹے عبدالرحمٰن کے ساتھ نرسنگدیو قاتل شیخ ابوالفضل کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ دونون مدت تک جنگلون اور پہاڑون مین اُس کے پیچھے مارے مارے پھرتے مگر وہ کہین نہ ٹھہرا۔ لڑتا رہا بھاگتا رہا۔ آخر کار بادشاہ نے مجبور ہو کر سنہ ۴۸ جلوس مین واپس بُلا لیا۔

سنہ ۴۹ جلوس مین منصب اعلیٰ پنجہزاری پر جس سے بڑھکر اس عہد مین کوئی منصب نہ تھا سرفراز ہوئے شہنشاہ جہانگیر نے تخت نشین ہو کر اپنے توپ خانہ کا مقرر کر کے راجہ بکرماجیت کا خطاب مرحمت فرمایا اور حکم دیا کہ توپخانہ رکاب مین پچاس ہزار توپچی (گولہ انداز) اور تین ہزار گاڑیان ہمیشہ رہا کرین۔ اور پندرہ زرخیز پرگنے جاگیر مین مرحمت فرمائے۔ اس کے بعد گجرات کی مہم پر مامور ہوئے۔ ان کی وفات کا حال کسی تاریخ مین نظر سے نہین گذرا۔

شہنشاہ جہانگیر نے توزک جہانگیری مین ان کے نسبت ایک مقام پر حسب ذیل رائے ظاہر فرمائی ہے۔

بکرماجیت مذکور از طائفہ کھتریان ست۔ درخدمت پدر من از مشرفی فیلخانہ بہ دیوانی و مرتبۂ اُمرائے رسید۔ خالی از توشہ سپاہگری و مدبری نیست۔

موہن داس راجہ بکرماجیت کا بیٹا منصب ہشت صدی پانصد سوار پر سرفراز تھا۔

موہن داس پسر بکرماجیت

راجہ پہار سنگھ بُندیلہ

راجہ نرسنگھدیو بُندیلہ کا بیٹا تھا۔ شاہجہان نے تخت نشین ہو کر منصب سہ ہزاری ذات

ہزار و دو[۱۲۰] و بیست سوار پر سرفراز فرمایا۔ اور پہلے ہی سال جلوس مین منصب سہ[۳۰۰۰] ہزاری
ذات۔ دو ہزار سوار پر ترقی پاکر عبداللہ خان بہادر فیروز جنگ کے ساتھ جُجہار سنگھ
بُندیلہ کی تنبیہ پر مامور رہا۔ سنہ[۳] جلوس مین خطاب راجگی سے موصوف ہوکر مہم دکن
مین متعین ہوا۔ اور ہنگام محاصرہ قلعہ دولت آباد اور قلعہ پرنیدہ کے داد مردانگی
دے کر خاص نام پیدا کیا۔ اور اِس حسُن خدمت کے انعام مین برہان پور کا
ناظم مقرر ہوا۔ سنہ[۹] جلوس مین ساہو جی بھونسلا کی تادیب پر مامور ہوا۔ سنہ[۱۵] جلوس
مین منصب سہ[۳۰۰۰] ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ قرار پائے۔ اور جنپت بُندیلہ کی سرکوبی
کے واسطے روانہ ہوا۔ سنہ[۱۸] جلوس مین امیر الامرا علی مردان خان کے ساتھ۔
اور سنہ[۱۹] جلوس مین بہ اضافہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ
اور اِس کے بعد شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین شریک ہوکر
جانفشانی اور جان بازی کا حق ادا کیا۔

سنہ[۲۴] جلوس مین منصب چہار ہزاری[۴۰۰۰] ذات سہ ہزار[۳۰۰۰] سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر فراز
ہوکر سردار خان کی جگہ چوراگڈہ کی حکومت پر تعینات ہوا۔

سنہ[۲۵] جلوس مین شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ۔ اور سنہ[۲۶] جلوس مین شاہزادہ
دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر متعین ہوا۔ سنہ[۲۷] جلوس مین رخصت حاصل کرکے
وطن روانہ ہوا۔ اور اُسی جگہ سنہ[۳۰] جلوس [۱۰۶۴ھ] مین انتقال کیا۔ سجان سنگھ اور
اندرمن دو بیٹے تھے۔ سجان سنگھ کا حال علیحدہ لکھا جائے گا۔

راجہ اندرمن بندیلہ

اندرمن کو بادشاہ نے منصب پانصدی ذات۔ چہار صد سوار پر سرفراز کیا۔
عالمگیر کے عہد مین خطاب راجگی سے موصوف ہوکر امارت کے درجے پر پہونچا۔
سنہ[۲۰] جلوس [۱۰۸۷ھ] مین مرگیا۔

صاحب مآثر الامرا تحریر فرماتے ہین کہ اورنگ آباد کے احاطہ کے باہر

پچھم اور راٹھر کے کونے پر راجہ پہاڑ سنگھ کا آباد کیا ہوا پورہ اب تک آباد ہے۔

پرتھی راج راٹھور

شاہجہان کے ایام شاہزادگی کے ملازمون مین سے تھا سلہ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوا سلہ جلوس مین خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور رہا۔ اور اپنے ساتھیون کے ساتھ گھوڑے اڑاتے ہوئے دھولپور کے قریب اُس کو جا پکڑا۔ اور بہادر راجپوتون کے طریق پر گھوڑے سے کود کر خانجہان پر برچھے کا وار کیا۔ دونون مین ترکی بہ ترکی خوب مقابلہ ہوا۔ اور رستم و اسفندیار کے معرکے یاد آگئے۔ آخرکار دونون سخت زخمی ہو کر ایک دوسرے سے جدا ہوئے۔ قدردان بادشاہ کو جب یہ حال معلوم ہوا۔ طویلہ خاص سے گھوڑا اور فیل خانے سے ہاتھی مرحمت فرما کر عزت افزائی کی اور منصب دوہزاری ذات ہشت صد سوار پر ممتاز کیا۔

سنہ جلوس مین منصب دوہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سربلند ہو کر خواجہ ابوالحسن کے ساتھ قلعہ ناسک کی تسخیر کے واسطے مامور ہوا۔ اِسکے بعد خانخانان مہابت خان کے ہمراہ منصب دوہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر سربلند ہو کر دکن مین متعین ہوا۔ ایام محاصرہ قلعہ دولت آباد مین کارہائے نمایان انجام دیئے جنکے انعام مین منصب سو سوارون کا اضافہ ہوا۔

سنہ مین منصب دوہزاری ذات۔ دوہزار سوار پر سرفراز ہوا سنہ ۱۹ مین اکبرآباد کا قلعہ دار مقرر ہوا سنہ مین جب بادشاہ لاہور مین مقیم تھے ایک کروڑ روپیہ اکبرآباد کے خزانہ سے حضور شاہی مین پہونچایا۔ اور اُس مین سے پچاس لاکھ روپیہ مہم بلخ و بدخشان کے خرچ کے واسطے لے کر بلخ و بدخشان روانہ ہوا۔ رخصت

بادشاہ نے خلعت اور گھوڑا معہ سہلی زین کے مرحمت فرمایا۔ سلہ جلوس مین راجہ بیٹھلداس کے ساتھ علی مردان خان کی امداد کے واسطے کابل روانہ ہوا۔ اور اسی طرح دیگر خدمات بجالاکر ۲۶ سنہ مین انتقال کیا۔ بادشاہ نے اُس کے بھائی رام سنگھ اور اُس کے لڑکے کیسری سنگھ کو منصب مناسب پر سرفراز کیا۔

پرسوجی بھونسلا

قوم کا مرہٹہ اور کھیلوجی بھونسلا کا چھوٹا بھائی تھا کھیلوجی۔ مالوجی۔ پرسوجی تینون بھائی شجاعت وبہادری مین شہرۂ آفاق اور ارکان سلطنت نظام شاہیہ سے تھے۔ کھیلوجی پہلے سال جلوس شاہجہانی مین مہابت خان کے وسیلے سے ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ اور منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے ممتاز ہوکر خلعت۔ جمدھر مرصع۔ علم ونقارہ۔ اسپ معہ زین طلاء۔ اور فیل خاصہ سے سرفراز ہوا۔ ۲۰۔ رجب ۱۰۳۹ھ سنہ ۳ جلوس مین بادشاہ نے اُس کے حسن خدمات کے صلے مین پچاس ہزار روپیہ انعام مرحمت فرمایا۔ سنہ ۶ جلوس مین جبکہ قلعہ دولت آباد کے محاصرے مین مصروف تھا۔ پورانے نمک نے پھر زور مارا۔ خیال آیا کہ اگر قلعہ فتح ہوگیا تو دولت نظام شاہیہ برباد ہوجائیگی۔ یہ خیال کرکے لشکر شاہی سے بھاگ گیا اور پھر نظام شاہی ملازمت اختیار کرلی۔

کھیلوجی بھونسلا

کھیلوجی کے بھاگنے کے بعد اُس کے دونون بھائی مالوجی اور پرسوجی خانخانان مہابت خان کی خدمت مین حاضر ہوئے اور جان نثاری اور وفاداری کا عہدوپیمان کرکے ملازمت شاہی مین داخل ہونے کے امیدوار ہوئے۔ غرضکہ مہابت خان کی سفارش سے پرسوجی منصب ۳۰۰۰ سہ ہزاری ذات۔ ۲۰۰۰ دوہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ اور ہمیشہ صوبہ داران اور سپہ سالاران متعینہ دکن کے ساتھ عقیدت و

پرسوجی

اخلاص سے خدمتین بجالاتا رہا۔ سنہ ۱۰۶۷ھ مین شاہجہان کی بیماری کی حالت مین داراشکوہ نے اورنگ زیب کی قوت کم کرنے کے واسطے جملہ امرائے متعینہ دکن کو جو شاہزادۂ موصوف کی ماتحتی مین متعین تھے دربار مین طلب کیا۔ اُن مین پرسوجی بھی شامل تھا۔ یہ بھی بلا اجازت شاہزادۂ اورنگ زیب کے دکن سے اکبرآباد روانہ ہوگیا۔ جب اکبرآباد پہونچا۔ شاہزادہ داراشکوہ نے مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ اورنگ زیب کے روکنے کے واسطے صوبہ مالوہ کو روانہ کیا۔

پرسوجی جنگ اجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ہمراہ تھا۔ اُس کی شکست کے بعد بھاگ کر داراشکوہ کے پاس اکبرآباد پہونچا۔ اِس کے بعد سموگر کی لڑائی مین سپہر شکوہ کے ساتھ داراشکوہ کی میسرہ فوج مین شامل ہوا۔ اور داراشکوہ کی شکست کے بعد بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوا۔ اور سنہ ۲ جلوس تک اپنے منصب موجودہ پر قائم رہکر خدمات شاہی مین سرگرم رہا۔

عالمگیر کا دو ہندو ملازمون کو برطرف کرکے اُنکی بیش قرار پنشن مقرر کرنا۔

شہنشاہ عالمگیر کو پہلے ہی سے کسی بات پر دونون بھائیون سے ملال تھا۔ لہذا سنہ ۲ جلوس مین دونون کو ملازمت سے برخاست کیا۔ لیکن خدمات سابقہ کا لحاظ ...ا بڑے بھائی مانوجی کی تیس ہزار روپیہ سالانہ اور چھوٹے بھائی پرسوجی کی بیس ہزار روپیہ سالانہ پنشن مقرر کردی۔

بادشاہ عالمگیر نے سترھوین صدی مین جو فیاضانہ برتاؤ اپنے ان ہندو ملازمون سے کیا اُس کی نظیر اُس زمانہ مین توکیا آج بیسوین صدی مین بھی ملنا مشکل ہے اس پر بھی بہت سے متعصب مورخون نے اُس کی سلطنت پر بیجا الزام لگانا فرض سمجھ رکھا ہے۔ پرسوجی نے بالکل مغلیہ طرز معاشرت اختیار کرلی تھی۔ جب ... بیش قرار پنشن پر ملازمت سے علیحدہ ہوا۔ اَسّی ہزار روپیہ مین جل گانون مضافات صوبہ برار کی زمینداری خریدلی۔ اور اُس کے منافع اور پنشن سے بقیہ عمر نہایت ...

راجہ پرتھی چند

چنبہ کے راجہ کا بیٹا تھا۔ جب سنہ ۵ جلوس شاہجہانی مین جگت سنگھ راجہ جمون نے باغی ہوکر چنبہ کے راجہ کو قتل کرڈالا۔ اور خود اُس کے ملک پر قابض ہوگیا۔ تو شاہجہان نے اُس کی سرکوبی کے واسطے فوج روانہ کی۔ پرتھی چند امرائے متعینہ مہم مذکور کی خدمت مین حاضر ہوا۔ اُنھون نے بادشاہ کے پاس بھیجدیا۔ بادشاہ نے خلعت اور جمدھر مرصع اور گھوڑا مرحمت فرماکر منصب ہزاری ذات۔ چہارصد سوار پر سرفراز فرمایا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف کیا۔ اِس کے بعد مہم مذکور پر مامور کیا۔ اِس مہم سے فارغ ہوکر بارگاہ شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے ۲۰ صفر سنہ ۱۰۵۰ھ کو ایک ہاتھی مرحمت فرماکر عزّت افزائی کی۔ اس کے بعد مدتون تک دربار مین حاضر رہا۔ ۲۷ محرم سنہ ۱۰۵۰ھ کو بادشاہ نے خلعت و اسپ مرحمت فرماکر وطن کو رخصت کیا۔ اِس کے بعد اُس کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

پرم دیو سیسودیہ

سورج مل سیسودیہ کا بیٹا۔ اور رانا امر سنگھ کا پوتا تھا۔ ابتدا مین رانا کی سرکار مین ملازم تھا۔ سنہ ۱۲ جلوس شاہجہانی مین رانا کی ملازمت چھوڑکر دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے منصب ہشت صدی ذات۔ چہارصد سوار پر سرفراز فرمایا۔ سنہ ۲۱ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر مفتخر ہوکر مہم قندہار پر متعین ہوا۔ سنہ ۲۳ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات پانصد سوار اور سنہ ۲۵ مین منصب ہزار و پانصدی ہفتصد سوار سے ممتاز ہوا۔ اِسی سال دوبارہ مہم قندہار پر مامور ہوا۔ سنہ ۲۶ مین منصب دوہزاری۔ ہشت صد سوار

اور ۲۷ سنہ مین منصب دوہزاری - ہزار سوار - اور ۲۸ سنہ مین منصب ۲ ہزار و پانصدی ذات - ہزار سوار سے سربلند ہوا - اسی سال بادشاہ نے کسی بات پر خوش ہو کر دس ہزار روپیہ کے جواہرات انعام مین مرحمت فرمائے -

۲۹ سنہ جلوس مین اُس کی لڑکی کی شادی مہاراجہ جسونت سنگھ راٹھور سے قرار پائی - اور وہ سرانجام شادی کے واسطے رخصت لے کر متھرا روانہ ہوا -

۳۱ سنہ جلوس مین منصب سہ ہزاری - ہزار سوار سے ممتاز ہو کر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ صوبہ دکن مین متعین ہوا - اور جب ۱۰۶۸ھ مین شاہجہان کی بیماری کی حالت مین دارا شکوہ نے امرائے متعینہ دکن کو دربار مین طلب کرالیا - یہ بھی دربار مین حاضر ہوا -

۱۰۶۸ھ کی جنگ سموگڈھ مین دارا شکوہ کی فوج ہراول کا سردار تھا اور اُسکی شکست کے بعد بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوا - جنگِ شاہزادہ شجاع اور محاربہ دوم دارا شکوہ مین عالمگیر کے لشکر کے ساتھ خدماتِ شاہی مین سرگرم تھا - اِس کے بعد دکن مین متعین ہوا -

۱۰ سنہ جلوس مین خلعت مرحمت ہو کر راجہ رام سنگھ کچھواہہ کے ساتھ مہم آسام مین مامور ہوا - اور وہان سے واپس ہو کر ۱۲ سنہ جلوس مین صف شکن خان فوجدار متھرا کے ساتھ متھرا مین تعینات ہوا - اور اسی سال انتقال کیا -

رائے تلوک چند شیخاوت

رائے منوہر کا پوتا - اور شاہجہان کے عہد کا منصبدار تھا - ۳ سنہ جلوس مین مہم دولت آباد مین متعین ہو کر اپنی تلوار کے جوہر دکھائے - ۹ سنہ مین مہم ساہو جی بھونسلا پر مامور ہوا - ۱۰ سنہ جلوس تک منصب ہشت صدی ذات - پانصد سوار

سرفراز تھا۔ سنہ ۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان پر مامور ہوا اور میدان جنگ مین
شجاعت و بہادری کے خوب خوب کارنامے دکھائے۔ اور فتح بلخ کے بعد نواب
سعد اللہ خان کی سفارش سے منصب ہزاری ذات۔ و پانصد سوار پر سرفراز ہوا
اِسکے بعد دیگر مہمات مین شریک ہو کر شاہی خدمتین بجا لاتا رہا۔

مؤتمن الدولہ۔ عمدۃ الملک راجہ ٹوڈرمل

شہنشاہ اکبر کے مشہور و معروف وزیر راجہ ٹوڈرمل ذات کے ٹنڈن گوت کے
کھتری۔ اور لاہور کے رہنے والے تھے۔ بعض کہتے ہین کہ چونیان ضلع لاہور کے
رہنے والے تھے۔ اور وہان اُن کے بڑے بڑے عالیشان مکانات موجود ہین
کلکتہ کی مشہور علمی مجلس ایشیاٹک سوسائٹی نے اُن کے وطن کی تحقیقات کر کے
موضع لاہرپور علاقہ آودہ کا رہنے والا قرار دیا ہے۔

اُن کے خاندان اور عہد طفلی کا حال صرف اِس قدر معلوم ہوا ہے۔ کہ حالت
صغیر سنی ہی مین ان کے باپ نے انتقال کیا۔ اور بیوہ مان نے ان کو بڑی تنگی
اور افلاس کی حالت مین پالا تھا۔ خواجہ مظفر خان کی دیوانی کے عہد مین (سنہ ۹۸۱ھ
مین مظفر خان کے دیوان اور وکیل مطلق مقرر ہوئے) اول عام متصدیون کے زمرے
مین ملازمت شاہی مین بھرتی ہوئے۔ اور مدتون اُن کی ماتحتی مین کام کرتے رہے
طبیعت مین ابتدا ہی سے غور و خوض کا مادہ موجود تھا۔ قواعد کی پابندی اور کام
کی صفائی کی عادت تھی شب و روز محنت کر کے اپنے اور دوسرے متصدیون کا
کام انجام دیتے تھے۔ کام کا قاعدہ ہے کہ جو اُسے سنبھالتا ہے۔ چارون طرف سے
سمٹ کر اُسی کی طرف ڈھلکتا ہے۔ چنانچہ اِسی طریقے سے رفتہ رفتہ بہت سے کام
اور خدمتین ان سے متعلق ہوتی گئین۔ اور یہ اکثر بادشاہ کے سامنے حاضر ہو کر خود

کاغذات پیش کرنے لگے۔ رفتہ رفتہ ہرکام مین انھین کا نام زبان پر آنے لگا۔ یہانتک کہ خواجہ مظفرخان ہی کے عہد مین یہ بادشاہ کے ایسے منظور نظر ہوگئے۔ کہ دونون مین رقابت پیدا ہوگئی۔ اور دونون بالیاقت اہلکار ایک دوسرے پروار کرنے لگے ایک دوسرے سے نہ دبتا تھا۔ اکبر کی نظر دونون پر برابر تھی۔ دونون کارگذارون کو دونون ہاتھون پر برابر لئے چلتا تھا۔ آخر کو تو تو مین مین ہونے لگی۔ راجہ نے ایک دن سر دربار خواجہ سے کہا کہ تم مسلمان بہت نوکر رکھتے ہو۔ اُنھون نے جواب دیا۔ کہ تم کون ہوتے ہو۔ تم ہندو نوکر رکھوا ور اپنا کام چلاؤ۔

جب راجہ ٹوڈرمل پر بادشاہ کی اس قدر نظر عنایت ہوئی۔ انھین اپنی لیاقت دکھانے کا بڑا موقع ملا علاوہ دفتر کے انتظام کے اُنھون نے پیادہ۔ سوار۔ توپخانہ۔ بہیر۔ رسد وغیرہ کے پورانے طریقون مین اصلاحین کرنا شروع کین۔ بادشاہ اُنکے انتظامات کو دیکھکر سمجھ گئے کہ ٹوڈرمل قلم ہی کا دھنی نہین بلکہ سپاہگری و سرداری کا بھی جوہر رکھتا ہے۔ اُسوقت سے مہمات مُلکی مین بھی مامور ہونے لگے۔ چنانچہ چتوڑ۔ رنتھنبور۔ سورت کی فتحون مین جو جو خدمتین اُنھون نے عقیدت و اخلاص سے کین۔ اُن کے نقش اکبر کے دل مین بیٹھ گئے۔ اور اُن کی شجاعت دلاوری اور قلعہ گیری کی تدبیرون کا عالم مین ڈنکا بج گیا۔

سنہ ۹۷۴ھ مین اکبر نے میر معزالملک کو بہادر خان کے مقابلے پر قنوج روانہ کیا۔ اِس کے بعد راجہ ٹوڈرمل کو حکم دیا کہ تم جاکر سرشور نمک حرامون کو سمجھاؤ۔ اگر راہ پر آجائین تو بہتر ہے۔ ورنہ سزا کو پہونچاؤ۔ بہادر خان لڑنا نہ چاہتا تھا۔ جب بادشاہی لشکر پاس پہونچا۔ جہان تھا۔ وہین تھم گیا معزالملک کے پاس وکیل بھیجا۔ اور پیغام دیا کہ خانزمان کی منعم خان کے ذریعے سے عرض معروض ہو رہی ہے ہمارے لئے تم بارگاہ شاہی مین سفارش کرو۔ کہ خطائین معاف ہوجائین معزالملک

اپنی بہادری کے سامنے کسی کو نہ سمجھتا تھا۔ وہ کہتا تھا جو مین ہون سو کون۔ ایک نہ سُنی۔ یہ پیغام سلام ہو ہی رہے تھے کہ راجہ جا پہونچے۔ اِن کا بھی نیا جوش تھا اور مُلک گیری اور شمشیر زنی کے جوہر دکھانا چاہتے تھے۔ اِنھون نے بھی صلح پر لڑائی ترجیح دی۔ اور لڑ پڑے۔ بہادر خان نام ہی کا بہادر نہ تھا۔ بلکہ شجاعت وبہادری مین اپنا ثانی نہ رکھتا تھا۔ جب مجبور ہو گیا۔ بقول شخصی مرتا کیا نہ کرتا۔ مارنے مرنے پر آمادہ ہو گیا۔ اور بادشاہی فوج پر باز کی طرح آکر گرا۔ معز الملک نے بان کے بہادر تھے نہ کہ میدان جنگ کے۔ ٹوڈرمل بہادر تھے مگر اپنی سخت گیری کی وجہ سے امیرون اور سپاہیون کو خوش نہ رکھ سکتے تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بہادر خان نے معز الملک کو تو پہلے ہی حملہ مین اُلٹ کر پھینکدیا۔ ٹوڈرمل شام تک تو الگ الگ لڑتے رہے۔ رات کو کھسک گئے۔ امراے ہمراہی جان بوجھکر پہلو دے گئے۔ اُدھر دربار مین خانزمان کے ساتھ بہادر خان کا بھی قصور معاف ہو چکا تھا۔ جب اکبر کو یہ حال معلوم ہوا فرمایا۔ خیر۔ اب ہم تو خانزمان کے ساتھ سب کا قصور معاف کر چکے۔ تھوڑے دنون مین ٹوڈرمل چپ چپاتے دربار مین آموجود ہوئے۔

۹۸۰ھ مین صوبہ گجرات کے مہتمم بند وبست مقرر ہو کر بھیجے گئے۔ اور چند روز مین جملہ کاغذات مرتب کر کے حاضر دربار ہوئے۔

مہم بہار

۹۸۱ھ مین خانخانان منعم خان کی امداد کے واسطے صوبہ بہار روانہ کیے گئے اور اُن کے لشکر مین شامل ہو کر خوب مقابلہ کیا۔ اور پٹنہ کے فتح ہونے پر علم اور نقارہ کے اعزاز سے مفتخر ہوئے۔

مہم بنگالہ

اس مہم کے بعد جب بنگالے کی مہم کے واسطے اُمرا منتخب ہوئے۔ اُن مین پھر اِن کا نام لکھا گیا۔ چنانچہ اِنھون نے اس مہم کے ہر معرکہ خصوصاً معرکہ ٹانڈہ مین شجاعت وبہادری۔ اور حسن تدبیر کا پورا حق ادا کیا۔ اور نازک نازک موقعون پر اپنی

جان کو جان نہین سمجھا۔
۹۸۳ھ مین جب داؤد خان کا حال بہت تنگ ہوا۔ صلح کی التجا کی خانخانان منعم خان کا آئین سپہداری ہمیشہ صلح پر تھا۔ اُمرائے شاہی بھی روز روز کی لڑائیون اور مُلک کی آب وہوا کی خرابی کیوجہ سے تنگ ہو رہے تھے۔ جلسۂ مشورت مین سب صلح پر راضی ہو گئے۔ لیکن ٹوڈرمل راضی نہ ہوئے۔ اور یہی کہتے رہے کہ دشمن کی جڑ اُکھڑ چکی ہے۔ اور تھوڑی سی ہمت مین سب افغان نیست و نابود ہو جائینگے۔ اُن کی التجاؤن اور اپنے آرامون پر نظر نہ کرو۔ اور برابر دھاوے کیئے جاؤ۔ اور ان کا پیچھا نہ چھوڑو۔ خانخانان اور اُمرائے لشکر نے اِنھین بہت سمجھایا۔ مگر یہ کسی طرح راضی نہ ہوئے۔ اگرچہ صلح ہو گئی۔ اور اُسکا جشن بڑی شان وشوکت سے منایا گیا۔ مگر ٹوڈرمل اس جشن مین نہ شریک ہوئے نہ صلحنامہ پر اپنی مُہر کی۔

جب اِس صلح ہو جانے پر بنگالہ کی طرف سے بادشاہ کا اطمینان ہو گیا۔ تو اِنھین دربار مین بُلا بھیجا۔ جب یہ دربار مین حاضر ہوئے چوّن ۵۴ ہاتھی کہ نہایت عُمدہ اور تمام بنگالہ مین نامی تھے۔ اور بہت سے نادر ونایاب تحفے حضور مین لاکر پیش کیئے۔ اور جملہ معرکون کی تفصیل بیان کی۔ اکبر بہت خوش ہوئے۔ اور عالی منصب دیوانی عطا فرمایا۔ اور چند ہی دن مین تمام مُلکی اور مالی خدمتین سپرد ہو کر وزارت کل اور وکالت مستقل کے معزز عہدے پر سرفراز ہوئے۔ جب منعم خان کا انتقال ہو گیا۔ داؤد خان پھر باغی ہو گیا۔ اور تمام بنگالہ مین بغاوت پھیل گئی بادشاہ نے خانجہان کو ممالک مذکورہ کا انتظام سپرد کیا۔ اور ٹوڈرمل کو ساتھ کیا۔ اِنھون نے اپنی لیاقت وکاردانی سے بگڑتے ہوئے کام کو جلد بنا لیا۔ اخیر معرکہ مین دونون طرف کے بہادر اِس ہمت سے لڑے کہ دلون کے ارمان

نکل گئے۔ اِس معرکہ مین خانجہان قلب مین اور ٹوڈرمل بائین پرے پر تھے۔ اکبری اقبال کے ساتھ خانجہان اور ٹوڈرمل کی بہادری کام کرگئی داؤدخان گرفتار ہوکر قتل ہوا۔ اور اُس کے خاتمے سے لڑائی کا خاتمہ ہوگیا۔ ٹوڈرمل موچھون پر تاؤ دیتے ہوئے ہنسی خوشی دربار مین حاضر ہوئے۔ ۳۰۴ ہاتھی نذر گذرانے کہ یہی بنگالہ کا بڑا تحفہ تھا۔

راجہ ٹوڈرمل کے بنگالہ سے واپسی کے تھوڑے دنون بعد دربار مین خبر آئی کہ وزیرخان کی بے تدبیری سے گجرات اور سرحد دکن کا حال تباہ ہے۔ راجہ کو حکم ملا کہ جلد وہان پہونچکر انتظام مناسب عمل مین لائین۔ یہ حسب الحکم دربار سے روانہ ہوئے۔ اور سلطان پور ملک ندربار۔ بندر سورت۔ بھڑوچ۔ بڑودہ۔ جانپیر۔ گجرات کا دورہ کرتے ہوئے۔ اور دفتر وغیرہ کا معاینہ کرتے ہوئے پٹن مین پہونچے۔ اور وہان کے دفتر کے ملاحظہ مین مصروف تھے کہ وزیرخان کا قاصد دوڑا ہوا آیا۔ اور معلوم ہوا کہ گلرخ بیگم نے جو شاہزادہ کامران کی بیٹی اور ابراہیم حسین مرزا کی بیوی ہے اپنے نوجوان بیٹے مظفر کو ساتھ لیکر گجرات پر حملہ کیا ہے۔ اور اُمرائے شاہی اُس کے مقابلے کی تاب نہ لاکر قلعہ مین محصور ہین۔ راجہ جس ہاتھ مین قلم لیے ہوئے دفتر کا ملاحظہ کررہے تھے۔ اُسی ہاتھ مین تلوار لے کر فوراً اُٹھ کھڑے ہوئے۔ اور یلغار کرکے گجرات جا پہونچے۔ وزیرخان کو مرد بنا کر قلعہ سے باہر نکالا۔ اور باغیون کی طرف روانہ ہوئے۔ باغی بڑودہ مین پڑے ہوئے تھے۔ راجہ کے آنے کی خبر سنتے ہی بھاگ گئے۔ راجہ نے تعاقب کیا اور جب پیچھا نہ چھوڑا تو دولقہ کے تنگ میدان مین جا کر رُکے۔ اور لاچار ہوکر مقابلہ کیا اس لڑائی مین گلرخ بیگم نے عجیب مردانہ کام کیا تھا۔ عورتون کو مردانہ کپڑے پہنا کر گھوڑون پر سوار کیا تھا جو بجائے چشم وابرو کے تیر و تلوار سے بڑے بڑے

بہادر مردون کو گھائل کرتی تھین۔ آخر کار بڑے کشت وخون کے بعد غنیم بہت
سی غنیمت چھوڑ کر بھاگے۔ بہت سے باغی گرفتار ہوئے۔ ٹوڈرمل نے لوٹ کے
اسباب اور ہاتھیون کے ساتھ ان قیدیون کو بھی اصلی ہیئت مین بادشاہ کی
خدمت مین روانہ کیا۔ کہ زنانی مردانگی کا نمونہ بھی بادشاہ دیکھ لین۔ راجہ کے
بیٹے دھارنے اِن قیدیون کو بادشاہ کے روبرو پیش کیا۔

بغاوت بنگالہ

سنہ ۹۸۷ھ مین صوبہ بنگالہ مین فساد اُٹھا۔ اِس مرتبہ اُمرائے شاہی مین بگاڑ
تھا۔ اور اُمرا اور سپاہی سپہ سالار سے ناراض ہوکر بغاوت پر آمادہ ہوگئے
تھے۔ اکبر نے راجہ ٹوڈرمل کو روانہ کیا۔ اِنھون نے اِس نازک موقع پر شمشیر سے
زیادہ تدبیر سے کام لیا۔ بہتون کو حکمت عملی سے کھینچ لیا جنھون نے نمکحرامی
پر کمر باندھی۔ اُنھین تلوار کے گھاٹ اُتارا۔ غرضکہ نہایت جانکاہی اور جانفشانی
سے خدمتین بجا لاکر اس فساد کو فرو کیا۔ اِسی مہم مین بعض نمکحرامون نے سازش
کی تھی۔ کہ لشکر کی موجودات لیتے وقت راجہ کا کام تمام کردین۔ بلوہ کا خون ہوگا
جس کا کسی خاص شخص پر ثبوت پہونچنا ناممکن ہوگا۔ لیکن راجہ کو بھی وقت پر
خبر مل گئی۔ اور وہ نہایت ہوشیاری سے اِس موقع سے صاف الگ ہوگئے۔
سنہ ۹۸۹ھ مین بنگالے کے انتظام سے فارغ ہوکر دربار مین واپس آئے۔ اور
اپنے اصلی عہدے وزارت کے دربار مین مصروف ہوئے۔

سنہ ۹۹۰ھ مین راجہ ٹوڈرمل نے بادشاہ کی دعوت کی۔ نہایت دھوم دھام
سے جشن منعقد کیا۔ بادشاہ جشن مین راجہ کے گھر تشریف لیگئے۔ اور اُن کی
عزت افزائی فرمائی۔

سنہ ۹۹۳ھ مین منصب عالی چہار ہزاری سے مفتخر ہوئے۔

مہم یوسف زئی

اِسی سال راجہ بیربر کوہستان یوسف زئی وسواد وغیرہ کی مہم پر مارے گئے۔

جب بادشاہ کو خبر ہوئی بہت رنج ہوا۔ دوسرے دن انھین روانہ کیا۔ مان سنگھ جمرود کے مقام پر تھے۔ اُنھین حکم پہونچا کہ راجہ ٹوڈرمل سے جاکر ملو۔ اور اُن کی صلاح سے کام کرو۔ راجہ ٹوڈرمل نے وہان پہونچکر کوہ لنگر کے پاس سواد کے قریب اپنی چھاؤنی ڈالی۔ فوجون کو اِدھر اُدھر پھیلایا۔ بہت سے افغان مارے گئے۔ کچھ بھاگ گئے۔ کچھ پہاڑون مین جا چھپے۔ اِس خدمت کو انجام دے کر یہ سُرخرو دربار مین واپس آئے۔

۹۹۶ھ مین ایک کھتری نے رات کے وقت اِن پر تلوار کا وار کیا۔ اور بھاگ گیا۔ بادشاہ کو مسلمان امیرون کی طرف سے بدگمانی پیدا ہوئی کہ عداوت مذہب سے کسی نے یہ حرکت کی ہے۔ جب تحقیقات ہوئی تو اصل حال کھُلا کہ راجہ نے ایک کھتری کو بداعمالی کی سزا دی تھی وہ غصّے کے مارے اندھا ہو رہا تھا۔ اُس نے موقع پاکر وار کیا۔ آخرکار وہ اور اُس کے ساتھی سب پکڑے گئے۔ اور سزایاب ہوئے۔

۹۹۷ھ مین اکبر کشمیر جنّت نظیر کی سیر کو تشریف لے چلے۔ راجہ ٹوڈرمل کو راجہ بھگوان داس کے ساتھ لاہور مین چھوڑا۔ یہ یہان کچھ بیمار ہوئے۔ بادشاہ کو عرضی لکھی جس کا خلاصہ یہ تھا۔ بیماری نے بڑھاپے سے سازش کرکے زندگی پر حملہ کیا ہے۔ اور غالب آگئی ہے۔ موت کا زمانہ قریب آگیا ہے۔ اجازت ہو تو سب سے ہاتھ اُٹھا کر گنگا جی کے کنارے جا بیٹھون۔ اور خدا کی یاد مین آخری سانس نکالون۔

بادشاہ نے اول تو اِن کی خوشی کے لیئے فرمان اجازت بھیج دیا تھا کہ وہان افسردہ طبیعت کو شگفتگی پر آجائیگی۔ مگر دوسرا فرمان پھر پہونچا کہ کوئی خدا پرستی عاجز بندون کی غمخواری کو نہین پہونچتی۔ بہت بہتر ہے کہ اِس ارادہ سے رُک جاؤ۔

اور اخیر دم تک انھین کے کام مین رہو۔ اور اسی کو آخرت کا سفر خرچ سمجھو۔ پہلے
فرمان کی اجازت پر تن بیمار اور جان تندرست کو لے کر ہردوار چلے تھے۔ لاہور کے
پاس اپنے ہی بنوائے ہوئے تالاب پر ڈیرا تھا۔ جو دوسرا فرمان پہونچا۔ کہ چلے آؤ۔
راجہ ٹوڈرمل اِس فرمان کے پہونچتے ہی جہان تھے۔ وہین رُک گئے۔ بیمار
تو پہلے ہی سے تھے۔ گیارھوین دن اِس دار ناپائدار سے رخصت ہوئے۔

مذہب اخلاق و عادات۔

راجہ ٹوڈرمل اپنے مذہب کے پکّے۔ اور ہمیشہ گیان دھیان مین مصروف رہتے
تھے۔ پوجا پاٹ اور دیگر فرائض مذہبی کو کمال سرگرمی سے انجام دیتے تھے۔ وہ
جب تک پوجا سے نہ فارغ ہو لیتے کوئی دنیوی کام نہ کرتے۔ یہان تک کہ کھانا
تک نہ کھاتے تھے۔ ایک مرتبہ جبکہ بادشاہ کے ساتھ اجمیر سے پنجاب جا رہے تھے
ایک دن کوچ کی گھبراہٹ مین ٹھاکرون کا آسن کہین رہ گیا یا وزیر سلطنت
کا تھیلا سمجھکر کسی نے چُرا لیا۔ اُس کی تلاش مین کئی وقت کا فاقہ ہو گیا۔ تمام لشکر
مین اسی کا چرچہ ہونے لگا۔ دربار مین بیربر جیسے کئی مقدس پنڈت۔ اور بدھیا وان
موجود تھے خدا جانے بادشاہ کے سامنے کیا کیا مذاق اُڑائے ہون گے۔ بادشاہ
نے راجہ کو بُلایا۔ اور فرمایا کہ ٹھاکر چوری گئے تو جانے دو۔ آن داتا تمہارا ایشور ہے
وہ تو چوری نہین گیا۔ اشنان کرکے اُسے یاد کرو۔ اور کھانا کھاؤ۔ خود کُشی کسی
مذہب مین ثواب نہین ہے۔ راجہ نے بادشاہ کی اِس تقریر کو سُن کر نصیحت
پر عمل کیا۔ اور اشنان کرکے ٹھاکرون کا دھیان کیا۔ اور فارغ ہو کر کھانا کھایا۔
راجہ کے اخلاق و عادات کی نسبت شیخ ابوالفضل تحریر کرتے ہین "کہ اگر تعصب
کی پرستاری۔ تقلید کی محبت۔ اور کینہ کشی نہ ہوتی۔ اور اپنی بات پر مغرور
ہو کر نہ اَڑتا۔ تو بزرگانِ معنوی سے ہوتا" جب راجہ دیوان کل کے عہدے پر
سرفراز ہوئے۔ اُس مقام پر لکھتے ہین "بادشاہ نے مقدمات مُلکی اور مالی اسکے

فہم و فراست پر حوالہ کرکے دیوان کل ہندوستان کا مقرر فرمایا۔ وہ راستی اور
کم طمعی مین عمدہ خدمت گذار رہا۔ بے لالچ کاروبار کرتا تھا۔ کاش کینہ کش
اور انتقامی نہ ہوتا کہ طبیعت کے کھیت مین ذرا ملائمت پھوٹ نکلتی۔ یہ بھی سہی
تعصب مذہبی چہرہ پر رنگ نہ پھیرتا تو اتنا قابل ملامت نہ ہوتا۔ باوجود اسکے
عام اہل زمانہ کو دیکھکر کہنا چاہیئے۔ کہ سیر دلی اور بے طمعی کے ساتھ عرق ریز
کاردان۔ قدردان خدمت گذار تھا۔ اور رقم نظیر نہین۔ بے نظیر تھا۔

راجہ ٹوڈرمل کے دامن شہرت پر خواجہ شاہ منصور کے قتل کی سازش
کا بدنما دھبہ خیال کیا جاتا ہے۔ خواجہ موصوف حساب کتاب۔ معاملہ فہمی اور
تحریر و تقریر مین کارگذار اہلکار تھے۔ ترقی کرتے کرتے ۹۸۳ھ مین بادشاہ کی
جوہر شناسی سے دیوان کل ہوگئے۔ اور امور ملکی مین راجہ ٹوڈرمل کے شریک
غالب ہوکر کام کرنے لگے۔ دو کارگذار اہلکارون کا ایک کام پر رہنا غضب ہے
دونون مین چشمک پیدا ہوگئی۔ اور ایک دوسرے پر وار کرنے لگا۔ مرزا
حکیم اکبر کا سوتیلا بھائی کابل کا حاکم تھا۔ وہ بغاوت کرکے لاہور تک بڑھ آیا۔ اکبر
نے آگرہ سے فوج روانہ کی۔ اور پھر خود بھی روانہ ہوا۔ مرزا حکیم بھاگ گیا۔ اکبر
سرہند پر پہونچا۔ خواجہ اُس وقت سرہند کے صوبہ دار تھے۔ یار لوگون نے
مرزا حکیم کے فرمان اور اُس کے اُمرا کی طرف سے جعلی خطوط خواجہ کے نام
کچھ خواجہ کے خط اُس کے نام بناکر پیش کیئے۔ موقع ایسا تھا۔ کہ اکبر کو بھی یقین
آگیا۔ قید کرکے ضامن مانگا۔ بُرے وقت مین کون کس کا ساتھی ہوتا ہے
ان بیچارے کی ضمانت پر کوئی نہ کھڑا ہوا۔ اور انبالہ کے قریب کچھ کوٹ کی
منزل پر بیچارے کو بے جرم و بے خطاب پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔ ثانی منصور حلاج ۹۸۹
تاریخ ہوئی۔ جب مرزا حکیم کی مہم کا خاتمہ ہوا۔ تو کابل مین پہونچکر اکبر نے بہت

تحقیقات کی لیکن سازش کی بو بھی کہین سے نہ نکلی۔ یہ پتہ چلا کہ راجہ ٹوڈرمل کی اشتعالک سے کرم اللہ۔ شہباز خان کنبوہ کے بھائی اور بعض دیگر اُمرا نے یہ فقیلے بنائے تھے۔ اکبر نے اِس کے خون ناحق سے اور اِس نظر سے کہ ایسا کاروان اہلکار ہاتھ سے گیا بہت افسوس کیا اور کہا کرتے تھے کہ جبدن سے خواجہ مرا۔ تمام حساب درہم برہم ہوے ہین اور محاسبہ کا سر رشتہ ٹوٹ گیا۔

ٹوڈرمل پابندی آئین۔ تعمیل احکام اور محاسبات عمل درآمد مین کسی کی بال بھر بھی رعایت نہ کرتے تھے۔ اُمرائے عالیشان سے لیکر غریب سپاہی تک اور صاحبان مُلک سے لیکر ادنیٰ معافیدار تک سب کا حساب وکتاب اِنھین کے ذمہ تھا۔ حساب کتاب مین لوگ حجتین کرتے۔ اور جب اِن کے سامنے کسی کی کچھ پیش نہ جاتی۔ طرح طرح کے الزام لگاتے اور پھبتیان اُڑا کر اپنے دل کے بُخار نکالتے تھے۔ کسی نے سجع لکھا ہے۔ ؎

آنکہ شد کار ہندا زو مختل　　　راجہ راجہاست ٹوڈرمل

تصنیف و تالیف اور علمی لیاقت

راجہ ٹوڈرمل نے حساب کتاب مین ایک رسالہ لکھا ہے۔ اُس کے گُر یاد کرکے بنیہ اور مہاجن طلسمات کا عالم دکھاتے ہین۔ اور اُن کے سامنے بڑے بڑے کالجون کے بی۔اے۔ اور ایم۔اے۔ مُنہ تکتے رہ جاتے ہین۔

کتاب خازن اسرار بھی اُنھین کے نام سے مشہور ہے۔ جو دو حصون پر مشتمل ہے۔ ایک حصہ مین دھرم گیان۔ اشنان۔ پوجا پاٹ وغیرہ کا بیان ہے۔ دوسرے مین کاروبار دنیوی کا ذکر ہے۔ دونون مین بہت سے چھوٹے چھوٹے باب ہین۔ ہر چیز کا تھوڑا تھوڑا بیان ہے مگر سب کچھ ہے۔ دوسرے حصے مین علم الاخلاق کے علاوہ اختیار ساعات۔ موسیقی شگون آواز طیور۔ پرواز طیور وغیرہ تک کے حالات لکھے ہین۔

اُن کی علمی لیاقت کا حال صرف اِس قدر معلوم ہوتا ہے۔ کہ اپنے دفتر کی تحریرون کو بخوبی لکھ پڑھ لیتے تھے۔

دفتر کا انتظام اور نئے قواعد۔

راجہ ٹوڈرمل اول درجہ کے محاسب تھے۔ ہر معاملہ مین اصول و قواعد کی پابندی کو ضروری سمجھتے تھے اُنھون نے کاغذات دفتر کو از سرِ نو مرتب کیا۔ نئی نئی اصلاحین نکالین۔ اگرچہ اِن کے ساتھ فیضی۔ میر فتح اللہ شیرازی۔ حکیم ابوالفتح۔ حکیم ہمام۔ نظام الدین احمد بخشی وغیرہ نے بیٹھکر قواعد بنائے۔ اور سب دفترون مین اُنھین کے بموجب کام جاری ہوا۔ خواجہ شاہ منصور اور مظفر خان نے دفتر کے انتظام مین بڑے بڑے کام کیئے۔ مگر اِن کی شہرت نے سب کے کامون پر پانی پھیر دیا اور جملہ نئی اصلاحین اور الفاظ۔ اور دفتر کے آئین و قوانین اِنھین کے نام سے مشہور ہو گئے۔ جن مین سے بہت سی اصلاحین اور الفاظ آجتک مالگذاری اور حساب کے سرکاری کاغذات مین چلی آتی ہین۔

صاحب دربار اکبری بحوالہ خلاصتہ التواریخ تحریر فرماتے ہین "کہ وہ رازدار سلطنت تھا۔ دقائق سیاق اور حقائق حساب مین بے نظیر تھا۔ محاسبون کے کارنامہ مین باریکیان نکالتا تھا۔ ضوابط و قوانین وزارت۔ آئین سلطنت۔ ملک کی معموری۔ رعیت کی آبادی۔ دفتر دیوان کے دستورالعمل۔ حقوق بادشاہی کے اصول۔ افزونی خزانہ۔ رستون کی امنیت۔ مواجب سپاہ۔ شرح دامی پرگنات۔ تنخواہ جاگیر۔ مناصب اُمرا کے قواعد۔ سب کچھ اِسکی یادگار رہین۔ اور سب جگہ اِنھین قواعد اور ضوابط پر عمل درآمد ہے۔

(۱) جمع دہ بہی پرگنہ وار اُس نے باندھی۔ (۲) طنابی جریب خشکی اور تری مین گھٹ بڑھ جاتی ہے اور ۵۵ گز تھی۔ اُس نے ۶۰ گز کی جریب بانس یا نرسل کی قرار دی۔ اور لوہے کی کڑیان بیچ مین ڈالین۔ کہ کبھی فرق نہ پڑے۔

(۳) اُس کی تجویز سے ۹۸۲؁ھ مین کل ممالک محروسہ بارہ صوبون مین منقسم ہوا۔ اور دَہ سالہ بندوبست ہو گیا۔ چند گانوُن کا پرگنہ۔ چند پرگنون کی سرکار۔ چند سرکارون کا ایک صوبہ قرار پایا (۴) روپیہ کے چالیس[1] درم ٹھہرائے۔ پرگنہ کی شرح دامی دفتر مین مندرج ہوئی (۵) کروڑ دام کی تحصیل پر ایک عامل مقرر کرکے کروڑی (تحصیلدار) اُس کا نام رکھا (۶) اُمرا کے ماتحت نوکر ہوتے تھے۔ اُن کے گھوڑون کے لیئے داغ کا آئین مقرر کیا۔ کہ ایک جگہ کا گھوڑا دو دو تین تین جگہ دکھا دیتے تھے۔ عین وقت پر کمی سے بڑا ہرج پڑتا تھا۔ اِس مین کبھی تو سوارون کی دغابازی ہوتی تھی۔ کبھی اُمرا خود بھی دغا دیتے تھے کہ جب موجودات ہوتی تو فوراً سوار سپاہی نوکر رکھ لیئے اور لفافہ چڑھا کر موجودات دلوا دی۔ اِدھر سے رخصت ہوئے۔ اُدھر جا کر سپاہیون کو موقوف کر دیا۔ (۷) بندہائے بادشاہی کی سات ٹولیان باندہین۔ ہفتے کے سات دن کے بموجب ہر ٹولی سے باری باری سے آدمی لئے جاتے تھے۔ اور چوکی مین حاضر ہوتے تھے۔ (۸) ہر روز کے واسطے ایک چوکی نویس مقرر ہوا۔ کہ ہر اہل خدمت کی حاضری بھی لے۔ اور جو عرض معروض حکم احکام ہون۔ جاری کرے اور جا بجا پہونچائے۔ (۹) ہفتے کے لیے سات واقع نویس مقرر ہوئے۔ کہ تمام دن کا حال (روزنامچہ) ڈیوڑھی پر بیٹھے لکھا کرین۔ (۱۰) اُمرا و رخوانین کے علاوہ چار ہزار یکہ سوار خاص رکاب شاہی کے لیئے قرار دیئے۔ اِنھین کو احدی کہتے تھے کہ یکہ کا ترجمہ ہے۔ اِن کا داروغہ بھی الگ مقرر ہوا۔ (۱۱) کئی ہزار غلام۔ کئی لڑائیون کے گرفتار غلامی سے آزاد ہوئے۔ اور چیلہ اُن کا خطاب ہوا۔ کیونکہ خُدا کے بندے آزاد ہین

[1] درم وزن مین ایک تولہ کا ہوتا تھا۔ دلّی کے پیسے کی طرح مربع تھا۔ ایک طرف اکبر کا نام معمولی طور پر۔ اور دوسری طرف درم نہایت خوش خط خط ثلث مین لکھا ہوتا تھا۔

اُنھین غلام یا بندہ کہنا روا نہین ہے۔غرض سیکڑون جزئیات۔آئین و قواعد کے ایسے باندھے۔کہ بعد اُس کے امرا اور وزرا نے کوشش کی اور کرتے ہین مگر آگے نہین نکل سکتے۔اِس کے بعد منصب کالت مرزا عبدالرحیم خانخانان کو مرحمت ہوا۔اُس نے بھی منصب مذکور اور اُمورات وزارت کو باحسن وجوہ رونق دی۔کہ مورد تحسین ہوا۔(۱۲) ہندوستان مین خرید و فروخت دیہات کی جمع بندی تحصیل مال۔نوکرون کی تنخواہون کا حساب کیا راجاؤن اور کیا بادشاہون مین تنگون پر تھا۔مگر پیسہ دیا کرتے تھے۔چاندی پر ضرب لگتی تھی۔تو چاندی کے تنگے کہلاتے تھے۔اور ایلچیون اور ڈومون کو انعام مین دیا کرتے تھے عام رواج نہ تھا۔چاندی کے مول بازار مین بک جاتے تھے۔ٹوڈرمل نے منصبدارون اور ملازمون کی تنخواہ مین انھین کو جاری کیا اور آئین باندھا کہ تنگہ کے جگہ دیہات سے روپیہ وصول ہوا کرے۔اِس کا ۱۱ ماشہ وزن رکھا۔روپیہ کے چالیس درم قرار دئیے۔اِس کا آئین یہ کہتا ہے پر ٹکسال کا خرچ لگا ہین۔نو روپیہ کے پورے پورے ۴۰۰ ام پڑتے ہین۔وہی نوکرون کو تنخواہ مین ملتے تھے۔اُسی کے بموجب جمع کل دیہات و قصبات پرگنات کے دفتر مین لکھی جاتی تھی۔اُس کا تمام عمل نقد جمع بندی رکھا۔محصول کا یہ آئین باندھا کہ غلہ زمین بارانی مین۔نصف کاشتکار رہتا۔نصف بادشاہ کا غیر بارانی مین ہر قطعہ پر ⅓ اخراجات اور اُس کی خرید و فروخت کی لاگت لگا کر غلہ مین ⅓ بادشاہی نیشکر وغیرہ مین کہ جنس اعلیٰ کہلاتی تھی۔اور پانی اور نگہبانی اور کٹائی وغیرہ کی محنت غلہ سے زیادہ کھاتی ہے۔¼۔⅓۔½۔⅙ حسب مراتب حق بادشاہی۔باقی حق کاشتکار اگر محصول لین۔تو جنس مین ہر بیگہ پر زراعت لین۔اُس کا دستور العمل بھی جنس وار لکھا ہوا ہے۔

ہندؤںکا فارسی پڑھنا اور فارسی شاہی میں فارسی زبان کا عام طور سے رائج ہونا۔

سنہ ۹۰۰ھ مین سونے سے تانبے تک کل سکون مین راجہ کی تجویز سے اصلاحین ہوئین۔ سکندر لودی کے زمانے تک عام طور سے ہندو فارسی یا عربی نہ پڑھتے تھے۔ ان کا نام ملکش بدھیا رکھ چھوڑا تھا۔ جب سکندر لودی کو فارسی خوان ہندؤن کی ضرورت ہوئی۔ تو اُس نے ایک دن دربار مین کہا "کہ کدام ہندو بچہ است کہ فارسی می داند" جواب ملا۔ کہ کوئی نہین۔ اِس پر بادشاہ نے اول برہمنون کو طلب کر کے فارسی پڑھنے کے واسطے کہا۔ اُنھون نے جواب دیا۔ کہ ہمارا راجہ ہمکو اپنے دھرم کرم و دیا سے کہان فرصت ہے۔ جو فارسی پڑھین۔ پھر چھتریون کو بُلا کر کہا۔ وہ بولے۔ کہ ہم اہل سیف ہین اہل قلم بنّا نہین چاہتے اسی طرح ویشون نے عذر کیا۔ کہ ہم تجارت پیشہ ہین۔ ہمین اس قدر فرصت نہین کہ فارسی پڑھین۔ جب شودرون مین کایتون کی باری آئی جو پہلے سنسکرت کی کتابت سے اوقات بسری کرتے تھے۔ اُنھون نے خوشی سے قبول کر لیا۔ اور تھوڑے ہی دنون مین فارسی پڑھ کر مُلکی عہدون پر مامور ہونے لگے۔ اُن کی دیکھا دیکھی اور ہندو بھی فارسی پڑھنے لگے۔ اور سکندر لودی ہی کے زمانے مین اکثر ہندو فارسی۔ عربی مین کامل ہو کر ان علوم کا درس دینے لگے۔ پنڈت ڈونگرمل شاعر بن گئے۔ جن کا یہ مطلع مشہور ہے۔ ؎

دِل خون نشد ے چشم تو خنجر نشد ے گر ۔۔۔ رہ گم نشد ے زُلف تو ابتر نشد ے گر

لیکن چونکہ ہندی مُلکی زبان تھی۔ اور ہزارون ایسے ہندو جو فارسی نہین جانتے تھے مختلف محکمون خصوصاً محکمہ مال مین ملازم چلے آتے تھے۔ اِس کے علاوہ سکندر لودی کے بعد سے اکبر کے عہد تک مُلکی انقلاب بھی جلد جلد ہوتا رہا۔ اور کسی بادشاہ کو اتنی فرصت نہ ملی کہ اِدھر توجہ کرتا لہذا راجہ ٹوڈرمل کے عہد تک دفترون کا انتظام کچھ تیتر بٹیر رہا۔ جہان ایسے ہندو تھے جو

فارسی نہین جانتے تھے۔ وہان ہندی کاغذون مین کام چلتا تھا۔ جہان مسلمان اور فارسی خوان ہندو تھے۔ وہ فارسی مین کاغذ رکھتے تھے۔ جب راجہ ٹوڈرمل نے دیکھا کہ اس دوعملی سے کام مین بہت ہرج ہوتا ہے۔ اور ہندو بادشاہ وقت کی زبان نہ جاننے کی وجہ سے اعلیٰ درجے کی ترقی پانے سے محروم رہتے ہین۔ تو اُس نے کل قلمرو ہندوستان کے دفاتر مین یک قلم فارسی زبان کو رائج کردیا۔ اگرچہ راجہ کے اس حکم سے اسوقت ہندوؤن مین ایک عام اضطراب پیدا ہوگیا۔ اور چند روز تک طرح طرح کی مشکلین بھی پیش آئین لیکن عام طور سے ہندو فارسی پڑھنے لگے اور چند ہی مدت کے عرصے مین بہت سے ہندو فارسی خوان ہوکر نہ صرف دفترون بلکہ امرا اور درباریون کے زمرے مین نظر آنے لگے۔ اور چونکہ یہ بہ نسبت مسلمان اہلکارون کے اپنے افسرون کی اطاعت و فرمانبرداری زیادہ کرتے تھے اس وجہ سے اُنسے ترقی بھی زیادہ پاتے تھے۔ رفتہ رفتہ دفترون مین اُنکی تعداد بڑھتی گئی۔ اور اکبر ہی کے عہد مین سب امیرون کی سرکارون مین بھی ہندو ہی منشی اور دیوان نظر آنے لگے۔ چنانچہ جب کسی موقع پر مسلمان اُمرائے اکبر نے راجہ ٹوڈرمل کے اختیارات اور ترقیات شان کو دیکھ کر بعض امورات مین اُس کی شکایت کی۔ اور یہ بھی کہا کہ حضور نے ایک ہندو کو مسلمان پر اس قدر اختیار اور اقتدار دیدیا ہے۔ ایسا مناسب نہین۔ تو بادشاہ نے بے ساختہ جواب دیا۔ ہر کدام شما در سرکار خود ہندوے دارد۔ اگر ماہم ہندوے داشتہ باشیم چرا از وبد باید بود۔ یعنی تم سب کی سرکارون مین ہندو منشی ہین۔ جبنے ایک ہندو رکھا تو تم کیون بُرا مانتے ہو۔

جہانگیر۔ شاہجہان۔ بلکہ اورنگ زیب کے عہد تک ہندو اہل قلم مسلمان اہلکارون کا پہلو دباتے ہوئے برابر ترقی کرتے گئے۔ اورنگ زیب کے عہد مین دیوانی۔ پیشکاری۔ کروڑی (تحصیلداری) وغیرہ عہدون پر تمام ہندو ہی ہندو

سرفراز تھے۔ اب یا تو بادشاہ کے سامنے مسلمان امیرون نے شکایت کی ہو۔
یا ست نرائنی فتنہ اور دیگر ہندو رعایا کی بغاوت۔ اور ان ہندو اہلکارون
اور عہدے دارون کے اُن کے ساتھ شامل ہوجانے یا دانستہ اپنے فرائض
منصبی سے غفلت کرنے کی وجہ سے جس کا ثبوت پورے طور سے تاریخ سے
چلتا ہے۔ بادشاہ کو خود خیال پیدا ہوا ہو۔ ۱۰۸۲ھ مین پہلا فرمان جاری ہوا
کہ محالات خالصہ کے کرٗوڑی مسلمان مقرر کیئے جایا کرین۔ اور دیوانی اور
پیشکاری کے عہدون پر بھی مسلمانون کا تقرر کیا جائے۔ لیکن اسی سال پھر
دوسرا فرمان صادر ہوا۔ کہ تمام دفاتر دیوانی۔ اور بخشیان سرکار کے محکمون مین
ایک پیشکار مسلمان اور ایک ہندو مقرر کیا جایا کرے۔ اگرچہ بادشاہ نے اِس
فرمان کی تعمیل پر بھی زیادہ زور نہ دیا اور بقول صاحب منتخب اللباب اِس
حکم کی پوری کیا بالکل بھی تعمیل نہ ہوئی لیکن اِس زمانہ مین متعصب مورخون نے
اتنی ہی سی بات پر پر کا کوا بنا کر اورنگ زیب پر یہ الزام گڑھ لیا ہے کہ اُس نے
ہندؤن کو تعصب مذہبی کی وجہ سے ملازمت شاہی سے خارج کیا۔ حالانکہ
تاریخ سے سوائے امر مندرجہ بالا کے اُن کے اِس الزام دہی کی کوئی اصلیت
نہین معلوم ہوئی۔ بلکہ برعکس اِس کے مسلمانون کے آخری عہد تک ہندو برابر
ترقی کرتے رہے۔ اور ٹوڈرمل کا یہ فیض نہ صرف مسلمانون کے آخری عہد تک
جاری رہا بلکہ پورانے مسلمان رئیسون کی سرکار مین ابتک ہندو متصدی نظر
آتے ہین۔ اور اِسی نظیر سے برٹش گورنمنٹ کے عہد مین ہندؤن نے فائدہ اُٹھا کر
بادشاہ وقت کی زبان سیکھنے مین پیش قدمی کی اور ترقی کی گھوڑدوڑ مین اپنے
مسلمان بھائیون سے بہت آگے نکل گئے۔
دفاتر مین فارسی زبان رائج ہونے سے دوسرا فائدہ جو ہندؤن اور مسلمانون

دونون کو ہوا وہ یہ ہے۔ کہ فارسی اور عربی الفاظ عام طور سے ہندؤن کی زبان پر آنے لگے۔ اور ہندو مسلمانون کے اتفاق اور اتحاد کی مبارک یادگار زبان اُردو کی بنیاد پڑی۔

یادگارین

راجہ ٹوڈرمل نے لاہور اور پنجاب کے اکثر مقامات پر عالیشان پختہ تالاب اور دیگر عمارتین تعمیر کرائی تھین۔ اکبرآباد (آگرہ) اور فتحپور سیکری مین اُن کی عالیشان حویلیون کے نشانات اب تک موجود ہین۔ اکبرآباد کی حویلی دریائے جمنا کے کنارے روضہ تاج باغ کے قریب واقع۔ اور حویلی دیوان جی کے نام سے موسوم تھی۔

اولاد (دھارام)

راجہ ٹوڈرمل کے بیٹے راجہ کلیان کا حال علیحدہ لکھا جائے گا۔ بڑا بیٹا دھارا باپ کی زندگی ہی مین ملازمت شاہی مین داخل تھا۔ مہم ٹھٹہ مین خانخانان میرزا عبدالرحیم خان کے ساتھ ہو کر خوب بڑھ بڑھ کر لڑا۔ اور پیشانی پر نیزے کا زخم کھا کر گھوڑے سے گرا۔ خوشانصیب کہ سُرخرو دنیا سے گیا۔ منصب ہفت صدی پر سرفراز تھا۔

راجہ۔ رائے ٹوڈرمل فضل خانی

ابتدا مین علامی افضل خان وزیر اعظم شاہجہان کی سرکار مین معمولی پیشکارون کے زمرے مین ملازم ہوئے۔ اور اپنی لیاقت و کارروانی۔ اور رسلاست رائی سے بہت جلد منظور نظر ہو کر ترقی پاتے رہے۔ علامی موصوف کی وفات کے بعد جوہر کاردانی سے منتخب ہو کر بادشاہی ملازمت مین منسلک ہوئے۔ ۸۔ جمادی الاولے سنہ ۱۰۵۰ھ ۱۳ سنہ جلوس کو خدمت دیوانی اور امینی اور فوجداری سرکار سہرند سے مفتخر ہو کر خطاب رائے سے موصوف ہوئے۔ ۱۴ سنہ جلوس مین

فوجداری لکھی جنگل کی خدمت بھی انھین کو مرحمت ہوئی۔

رائے ٹوڈرمل راجہ ٹوڈرمل کے صرف ہمنام ہی نہ تھے بلکہ انتظامی قابلیت اور حسن تدبیر کے ساتھ رعایا پروری مین اُن کے نقش قدم پر چلتے تھے سنہ جلوس مین اُن کی رعایا پروری اور انتظامات سے بادشاہ نے خوش ہوکر منصب ہزاری ذات ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر سرفراز فرمایا۔

سنہ ۲۰ جلوس مین اول مین سو سوار دو اسپہ سہ اسپہ منصب مین اضافہ ہوکر اس کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار و پانصد سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر سربلند ہوئے۔ اور سرکار دیبالپور۔ اور پرگنہ جالندھر۔ اور پرگنہ سلطان پور کی دیوانی بھی انھین کو مرحمت ہوئی۔ اور جب اِن کی خوش لیاقتی اور حسن کارگذاری سے اِن پرگنات کی مالگذاری پچاس لاکھ روپیہ تک پہونچ گئی تو بادشاہ نے خوش ہوکر سنہ ۲۱ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار سے ممتاز کرکے خطاب راجگی سے موصوف کیا۔

سنہ ۲۳ جلوس مین علم مرحمت ہوا۔

سنہ ۱۰۶۸ھ مین جب شاہزادہ دارا شکوہ سموگڈہ کی شکست کے بعد اکبرآباد سے پنجاب کی طرف بھاگا اور راستے مین سہرند کی طرف سے ہوکر گذرا۔ تو لکھی جنگل کے نام سے راجہ ٹوڈرمل کا جمع کیا ہوا بیس لاکھ روپیہ جو اُس نواح مین مدفون تھا تلاش سے اُس کے ہاتھ لگا شہنشاہ عالمگیر نے تخت نشین ہوکر راجہ ٹوڈرمل کو اٹاوہ کا فوجدار مقرر کیا۔ اور اسی جگہ اُنھون نے ۱۰۷۶ھ مین انتقال کیا۔

راجہ جگنّاتھ کچھواہا

راجہ ٹوڈرمل کے چھوٹے بیٹے۔ اور راجہ مان سنگھ کے چچا تھے۔ اکبر نے

مرزا شرف آلدین حسین کو میوات کا حاکم کرکے روانہ کیا تھا۔ اُسنے قرب وجوار
کے علاقون پر بھی دست اندازی شروع کی اور آنبیر کو جو کچھواہا خاندان کا
دارالحکومت تھا لینا چاہا۔ راجہ بہاڑا مل کا ایک بھتیجہ شرکت ریاست کی وجہ سے
مرزا سے آن ملا۔ اور ساتھ ہوکر لشکر لے گیا۔ مثل مشہور ہے کہ گھر کا بھیدی لنکا ڈہائے
مرزا غالب آیا۔ اور راجہ بہاڑا مل پر کچھ خراج مقرر کرکے اُن کے دو بھتیجون
اور ایک بیٹے یعنی انھین جگناتھ کو بطور یرغمال اپنے ساتھ لے گیا۔

سنہ ۹۶۸ھ مین راجہ بہاڑا مل اُمرائے اکبری مین داخل ہوئے۔ اُنکے بیٹے
پوتے عزیز و قریب سب کے علیحدہ علیحدہ منصب مقرر ہوئے۔ راجہ جگناتھ بھی مرزا
کے پاس سے طلب ہوکر اُمرائے شاہی مین داخل ہوئے۔ اور شرافت اطوار
اور جوہر اعتبار سے منتخب ہوکر حضوری رکاب مین عزت پائی۔

سنہ ۲۱ جلوس مین رانا پرتاب کی لڑائی مین غنیم کی صفون کو تہ و بالا کردیا
رام داس جیمل کا بیٹا کہ ناموران لشکر رانا سے تھا۔ مقابلے پر آیا اور مارا گیا
اکبر اُن کی اِس بہادری کا حال سُن کر بہت خوش ہوئے۔ اور انعام و
اکرام سے مالامال کیا۔

سنہ ۲۳ جلوس مین پنجاب کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ اِس کے بعد کابل
وغیرہ کی مہمات مین کارہائے نمایان انجام دے کر سنہ ۳۶ جلوس مین شاہزادہ
مراد کے ساتھ مہم دکن پر مامور ہوئے۔ اکبر کے آخیر عہد مین راجہ جگناتھ منصب
اعلیٰ پنجہزاری سے سرفراز تھے۔ جہانگیر نے تخت نشین ہوکر خلعت کے ساتھ
ایک نہایت اعلیٰ درجے کی جڑاؤ تلوار مرحمت فرمائی۔

رام چند کچھواہا

رام چند (کرم چند) راجہ جگناتھ کا بیٹا جہانگیر کے عہد مین منصب دو ہزار
ذات ہزار و پانصد سوار پر سرفراز خدمات شاہی مین سرگرم تھا۔

راجہ منروپ کچھواہا

دوسرا بیٹا منروپ شاہجہان کے وقت مین خطاب راجگی سے موصوف ہوکر سنہ ۱ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات۔ یک ہزار سوار پر سربلند ہوا۔ یہ شاہجہان کے ایام شاہزادگی کے وفادار ملازمون سے تھا شاہجہان نے تخت نشین ہوکر خلعت۔ جمدھر مرصع۔ علم۔ اسپ معہ زین نقرہ کے علاوہ پچیس ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت فرمایا سنہ ۳ جلوس مین مرگیا۔

تیسرا بیٹا بالا شاہجہان کے عہد مین منصب ہفت صدی ذات۔ دو ہزار سوار پر سرفراز تھا۔ وہ بھی سنہ ۳ جلوس مین مرگیا۔

گوپال سنگھ کچھواہا

راجہ منروپ کا بیٹا گوپال سنگھ سنہ ۲۰ جلوس تک منصب ہفت صدی ذات۔ شش صد سوار پر سرفراز تھا۔

جگمل کچھواہا

راجہ بہارا مل کچھواہا کا چھوٹا بھائی تھا۔ راجہ موصوف کے ساتھ ملازمت اکبری مین داخل ہوا سنہ ۸ جلوس مین میرٹھ (مارواڑ) کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۱۸ جلوس مین جب اکبر یلغار کرکے گجرات روانہ ہوا جگمل کو اردوئے شاہی کی حفاظت پر متعین کیا۔

جگمل منصب ہزاری ہی پر پہونچنے پایا تھا۔ کہ اُس کا انتقال ہوگیا۔

کہنگار کچھواہا

جگمل کا بیٹا کہنگار اپنے چچا راجہ بہارا مل کے ساتھ اکبرآباد مین رہتا تھا ابراہیم حسین مرزا کی بغاوت کے ایام مین راجہ نے اُس کو فوج دے کر دہلی کی حفاظت کے واسطے روانہ کیا سنہ ۲۱ جلوس مین کنور مان سنگھ کے ساتھ رانا پرتاب کی مہم پر مامور رہا۔ اِس کے بعد شہباز خان کنبوہ کی ماتحتی مین صوبۂ بنگالہ مین متعین ہوا۔

راجہ جے مل کچھواہا

راجہ روپ سی کچھواہا کا بیٹا۔ اور راجہ بہارا مل کا بھتیجہ تھا۔ راجپوتون مین سب سے پہلے اُمرائے تیموریہ کے زمرے مین شامل ہونے کا فخر اسی کو حاصل تھا۔ ابتدا مین مرزا شرف الدین حسین حاکم میوات کی ملازمت مین منسلک ہو کر میرٹھ (ماڑواڑ) کا تھانہ دار مقرر ہوا۔ جب مرزا کا کاروبار برہم ہوا۔ دربار اکبری مین حاضر ہو کر مورد نوازش ہوا۔

سنہ جلوس مین خان اعظم کے ساتھ گجرات روانہ ہوا۔ اور اکبر کی مشہور یلغار گجرات مین جس مین کہ ۲۷ یا ۴ منزلون کو جنھین شاہان سلف نے مہینوں مین طے کیا تھا۔ اُس نے آٹھ نو دن مین طے کیا تھا۔ بادشاہ کے ساتھ تھا۔

اس مہم مین جب اکبر لڑائی کے واسطے میدان جنگ مین صفون کو درست کر رہا تھا۔ اُس نے دیکھا کہ راجہ جے مل بہت بھاری بکتر پہنے ہوئے ہے۔ اکبر نے سبب دریافت کیا۔ اُس نے جواب دیا۔ کہ اسوقت یہی ہے۔ زرہ جلدی کیوجہ سے وہین رہ گئی۔ اکبر نے اسی وقت وہ بھاری بکتر اُتروایا۔ اور اپنے خاصہ کی زرہ پہنوادی۔ راجہ جے مل سلام کر کے ہنسی خوشی اپنے رفیقون مین جا ملا۔ تھوڑی دیر مین بادشاہ نے راجہ کرن کو جو راجہ مالدیو والی جودہپور کا پوتا تھا۔ دیکھا کہ اُس کے پاس رہا بکتر کچھ نہ تھا۔ بادشاہ نے راجہ جے مل کا بکتر اُسے پہنوادیا۔ جے مل کے باپ روپ سی کی جودہپور والون سے کچھ خاندانی عداوت چلی آتی تھی جب اُس کو یہ حال معلوم ہوا اُس نے اُسی وقت بادشاہ کے پاس آدمی بھیجا۔ کہ حضور میرا بکتر میرے بزرگون کی یادگار چلا آتا ہے اور بڑا مبارک اور نیک نصیب ہے۔ وہ مرحمت فرمایا جائے۔ جب بادشاہ نے یہ پیغام سُنا خیال آیا

کہ ان دونون کے درمیان خاندانی کھٹک چلی آتی ہے۔ فرمایا کہ خیر ہمنے اسیواسطے
خاصہ کی زرہ تمھین دیدی ہے۔ کہ فتح ونصرت کا تعویذ اور اقبال کا پیش خیمہ ہے
بچانے اپنے بکتر کے اسے اپنے پاس رکھو۔ روپ سی سے اور تو کچھ بن نہ پڑا
اسلحہ جنگ اُتار کر پھینک دیئے اور کہا۔ کہ خیر۔ مین میدان جنگ مین یونہی
جاؤنگا۔ اِس نازک موقع پر جس نقش سلیمانی سے اکبر نے راجپوت دیو ونکو
مسخر کیا۔ وہ عجیب وغریب ہے۔ اُس نے یہ حال سُن کر فوراً اپنی زرہ بکتر
اُتارنی شروع کی۔ اور کہا۔ کہ جب ہمارے جان نثار ننگے میدان جنگ
مین لڑینگے۔ تو ہمسے یہ نہین ہوسکتا کہ زرہ بکتر مین چھپ کر میدان جنگ مین
جائین۔ ہم بھی برہنہ تیر وتلوار کے منہ پر جائینگے۔ جب راجہ بھگوان داس
نے جو خاندان کے سردار تھے یہ حال دیکھا۔ فوراً گھوڑا بڑھا کر جے مل اور
روپ سی کے پاس پہونچے۔ دونون کو سمجھایا۔ لعنت ملامت کی اُن کے
کہنے سے دونون نے پھر ہتھیار باندھے۔ یہ وہان سے بادشاہ کے پاس آئے
اور عرض کیا کہ روپ سی نے آج بھنگ زیادہ پی لی تھی۔ اُس کی لہرونکی
ترنگ مین یہ گستاخی ہوئی۔ اب بہت شرمندہ ہے۔ اکبر سُن کر ہنسنے لگے۔
اور یہ نازک جھگڑا اِس عمدگی سے طے ہوگیا۔ اِس قسم کی محبت کی باتین ہوا
کرتی تھین۔ جن کی وجہ سے راجپوت اکبر کے طلسم محبت مین کھنچکر جان تک
دینے کو فخر سمجھتے تھے۔ سالٰ جلوس مین وہ داپسر رائے سرجن کی تنبیہ کیواسطے
مہم بوندی پر مامور ہوا۔

سنہ ۹۹۱ھ مین اکبر نے کسی ضروری کام کے واسطے ڈاک چوکی پر بنگالہ
روانہ کیا۔ یہ وفادار جان نثار بندہ گھوڑے کی ڈاک پر بیٹھ کر دوڑا۔ گرمی کا
موسم تھا۔ زور شور سے لوئین چل رہی تھین۔ تقدیر کی خوبی کہ چوسا کے گھاٹ تک

پہونچنے پایا تھا۔ کہ تھکن نے بٹھادیا اور تھوڑی دیر مین لٹاکر بستر مرگ پر ہمیشہ کیلئے سُلادیا۔ جب اکبر کو یہ حال معلوم ہوا بہت افسوس کیا۔ محل مین گئے۔ تو سُنا کہ اُودے سنگھ جے مل کا بیٹا اور چندا اور جاہل راجپوت اپنی جہالت کی وجہ سے جے مل کی رانی کو جو موتہ راجہ کی بیٹی ہے زبردستی ستی کرنا چاہتے ہین۔ خدا ترس بادشاہ کو ترس آیا۔ دل مین خیال کیا کہ ممکن ہے کہ کسی امیر کو بھیجدون مگر اُس کے سینے مین اپنا دل اور پھر دل مین یہ درد کیونکر ڈالون اِس خیال کے آتے ہی تڑپ کر فوراً اُٹھ کھڑا ہوا اور گھوڑے پر سوار ہوکر اُڑا۔ راجہ جگناتھ اور راجہ رائے سال اور چندا اور جان نثارون کو ساتھ لیا۔ اور موقع واردات پر جا کھڑا ہوا راجہ جگناتھ۔ اور راجہ رائے سال نے آگے بڑھکر اُودے سنگھ اور دیگر راجپوتون کو سمجھایا۔ اور سمجھا بجھا کر حضور مین لاکر حاضر کردیا۔ جب اکبر نے دیکھا کہ اپنے کیئے پر پشیمان ہین۔ جان بخشی کا حکم دیا۔ لیکن چند روز تک ادب خانہ زندان مین رکھا۔

کنور جگت سنگھ کچھواہا

راجہ مان سنگھ کے بڑے بیٹے تھے۔ باپ کے ساتھ ملازمت شاہی مین داخل ہوکر منصب نہ صدی سے سرفراز ہوئے۔ اکبر کی ان پر خاص نظر عنایت تھی اس وجہ سے دربار مین زیادہ حاضر رہتے تھے۔ سنہ ۴۲ جلوس مین مرزا جعفر (آصف خان) کے ساتھ راجہ باسو کی تنبیہ پر مامور ہوئے۔

سنہ ۴۴ جلوس مین اکبر نے راجہ مان سنگھ کو شاہزادہ سلیم کے ساتھ رانا امر سنگھ کی تنبیہ پر مامور کیا اور بنگالہ کی حکومت پر کنور جگت سنگھ کو سرفراز فرمایا۔ نوجوان کنور خوشی خوشی آگرہ مین تہیہ سفر مین مصروف تھا۔ کہ موت کے فرشتے نے

اُبھارا۔ اور عین نوجوانی کے عالم یعنی ۲۳ برس کی عمر مین شراب خانہ خراب
کا شکار ہوگیا۔ تمام قوم کچھواہہ کے گھر گھر ماتم پڑ گیا اکبر کو بھی بہت رنج ہوا۔ اُسکے
صغیر سن بیٹے مہان سنگھ کو باپ کی جگھ دی اور بنگالہ کی روانگی کا فرمان
صادر کیا۔

شہنشاہ جہانگیر نے ۳؁ جلوس مین کنور جگت سنگھ کی بیٹی کی خواستگاری کی
ور ۱۶ محرم ۱۰۱۷ھ کو اسّی ہزار روپیہ بطور رسم ساچق راجہ مان سنگھ کے گھر بھیجا۔
۴۔ ربیع الاول ۱۰۱۷ھ کو دُلہن نہایت دھوم دھام سے حرم سرائے شاہی مین
داخل ہوئی۔ مریم زمانی (والدۂ جہانگیر) کے دولت خانہ پر مجلس عقد منعقد ہوئی۔
راجہ مان سنگھ نے لاکھون روپیہ کے زیورات اور مرصع آلات۔ اور طرح طرح
کے ساز و سامان جہیز مین دیئے جس مین ساٹھ ہاتھی بھی تھے۔

جادون راؤ

سیوا جی مرہٹہ کا نانا اور اصلی نام لکھ جی تھا۔ مرہٹون کا ستارۂ اقبال اسکی
حُسن قابلیت اور شجاعت رُستمانہ سے عالم مین چمکا اس سے پہلے گولکنڈا بیجاپور
اور احمد نگر کے مسلمان بادشاہون کے وقت مین مرہٹون کو قلعون وغیرہ کے
پیدل سپاہیون مین نوکریان ملا کرتی تھین۔ مگر جب معلوم ہوا کہ جنگی سوارون
مین بھی اچھی خدمت دے سکتے ہین۔ تو رسالون مین بھی بھرتی ہونے لگے اور
ان مین ایسے لوگ جو پٹیل (چودھری) اور دیس مُکھ (نمبردار) ہوتے تھے موروثی
عزت کے باعث سے رسالداریون اور جمعداریون کے عہدون تک مامور ہوجاتے
تھے۔ سولھوین صدی عیسوی سے پہلے نہ تو مرہٹے بطور ایک قوم ہی کے مشہور
تھے۔ اور نہ ان مین کوئی ایسا سردار تھا جو پولٹیکل لحاظ سے نامور اور ذی اقتدار

گنا جاتا ہو۔ مگر اِس صدی کے آغاز مین ملک عنبر نے جو احمد نگر کی نظام شاہی سلطنت کا ایک مشہور اور نہایت زبردست امیر تھا اور جو امارت کے نام سے درحصل فرمان روائی کرتا تھا۔ مرہٹون کو اپنی فوج مین سوارون کے زمرہ مین زیادہ بھرتی کیا۔ اور اُن کو سپاہگری کا فن سکھایا اور زرخیز جاگیرین عطا کرکے امارت اور سپہ سالاری کے درجے تک پہونچا دیا۔

اِسی ملک عنبر کی فوج مین مرہٹون مین سب سے پہلے لکھ جی نے جس کو بطور اعزازی لقب کے جادون راؤ کہتے تھے سب سے زیادہ ترقی پائی۔ اور اپنی شجاعت و کارگذاری کے جوہر دکھا کر درجۂ امارت اور دس ہزار سوارون کی سرداری کے منصب پر سرفراز ہو گیا۔ اور یہان تک اقتدار حصل کیا۔ کہ جب سنہ ۱۱ جلوس جہانگیری مین شاہزادۂ خورم (شاہجہان) ملک عنبر کی فوج سے برسرپیکار تھا۔ اور یہ اپنے آقا سے بیوفائی کرکے اُس سے آملا۔ تو ملک عنبر کی تقدیر اُلٹ گئی۔ اور لڑائی ہار گیا۔

غنیم کے ایسے نامور اور عالی ہمت سردار کے ٹوٹ آنے کو شاہزادہ نے بہت غنیمت سمجھا۔ نہایت دلداری اور خاطرداری سے اُس کا دل بڑہایا اور دربار مین سفارش کرکے منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار اُس کا مقرر کرا دیا اُس کے بیٹون۔ پوتون۔ اور دیگر متعلق سب کا علیحدہ علیحدہ منصب مقرر ہوا۔ کل خاندان کا منصب چوبیس ہزاری ذات۔ پندرہ ہزار سوار شمار مین آیا۔ اُس کی تنخواہ کے مطابق نہایت زرخیز پرگنے صوبہ دکن کے جاگیر مین مرحمت ہوئے۔ اور نہایت عزت و عظمت سے زندگی بسر کرنے لگا۔

سنہ ۳ جلوس مین جب بادشاہ برہان پور مین مقیم تھے نہ معلوم کیا خیال کرکے اپنے سب ہمراہیون کے ساتھ لشکر شاہی سے بھاگ گیا۔ اور نظام شاہ

کے پاس جا پہونچا۔ وہ اُسکی پہلی نمکحرامی سے بہت جلا ہوا تھا۔ حکمت عملی سے اُس کو اپنے قابو مین لاکر معہ دو بیٹون اُجلا اُچالا)۔ اور رگھوا ور ایک پوتے بسونت رائے کے قتل کرادیا۔

گرجابائی زوجہ جادون رائو

گرجا بائی۔ گرجا بائی اُسکی عورت بڑی عقلمند۔ بہادر۔ دور اندیش۔ اور مدبر عورت تھی۔ وہ بجائے اِس کے کہ خاوند کے ساتھ ستی ہوتی یا خاوند اور بیٹونکے سوگ مین بیٹھتی۔ میدان ہمت مین قدم جماکر اُٹھ کھڑی ہوئی۔ اور اپنے بیٹے بہادرجی اور دیورجگدیو رائے کو ساتھ لے کر نقارے بجاتی ہوئی دولت آباد سے اپنے وطن سندھگر کو جہان اُس کے شوہر کا بنایا ہوا قلعہ موجود تھا چلدی۔ بڑے بڑے سپہ سالار اور بہادر مردمنہ تکتے رہ گئے مگر اُس کے سامنے کسی کی اتنی ہمت نہ پڑی کہ اُسکی طرف نظر اُٹھاکر بھی دیکھتا۔

گرجابائی نے اپنے وطن مین پہونچکر نہایت عجز و عاجزی سے درگاہ شاہجہانی مین عفو تقصیر کی عرضی لکھی خدا ترس بادشاہ کو اُس کی حالتِ زار پر رحم آگیا۔ قصور معاف فرماکر اعظم خان صوبہ دار دکن کے نام فرمان لکھایا۔ کہ مابدولت نے ازراہ مراحمِ خسروانہ اِن لوگون کا قصور معاف فرمایا۔ تم کو لازم ہے کہ ان لوگون کو اپنی خدمت مین طلب کرکے حسب حیثیت اُن کے منصب کے واسطے رپورٹ کرو۔ اعظم خان نے اس فرمان کے پہونچنے پر ان لوگون کو اپنے پاس بُلایا۔ اور اُس کی سفارش سے حسب ذیل اشخاص اُمرائے شاہی کے سلک مین منسلک ہوئے۔

ونت جی

ونت جی کو جو رکن خاندان تھا۔ ایک لاکھ تیس ہزار روپیہ نقد مدد خرچ کے واسطے مرحمت ہوا۔

جگدیو رائے

جگدیو رائے۔ جادون رائے کا بھائی منصب چہار ہزاری ذات۔ سہ ہزار

سوار پر سرفراز ہوا اور دکن مین خدمات شاہی بجا لا کر سنہ ۵ جلوس مین مرگیا۔

تلنگ (تپنگ) رائے (جادون رائے ثانی)

تلنگ رائے۔ جادون راؤ کا پوتا اور بسونت رائے کا بھائی منصب ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر سرفراز ہو کر خطاب جادون رائے سے موصوف ہوا ۱۵ ربیع الثانی سنہ ۱۰۴۱ھ کو دربار شاہی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خلعت اور خنجر مرصع عطا فرما کر پچاس ہزار روپیہ نقد مرحمت فرمایا۔ سنہ ۹ جلوس مین ساہو جی بھونسلا کی تنبیہ پر مامور رہا۔

بتھو جی

بتھو جی اُجلا کا بیٹا اور جادون راؤ کا پوتا منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سربلند ہوا ۱۴۔ جمادی الاولےٰ سنہ ۱۰۴۱ھ کو دربار شاہی مین حاضر ہوا بادشاہ نے خلعت اور خنجر مرصع اور اسپ و فیل مرحمت فرمایا۔ سنہ ۹ جلوس مین مہم ساہو جی بھونسلا پر مامور ہوا۔ اِس کے بعد مدت تک صوبہ دکن مین خدمات شاہی بجا لاتا رہا۔

بہادر جی

جادون راؤ کا بیٹا بہادر جی ۱۵۔ ربیع الثانی سنہ ۱۰۴۱ھ کو بارگاہ شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ اور ایک گھوڑا اور ایک ہاتھی پیشکش کیا۔ بادشاہ نے خلعت اور کھپوہ مرصع کے ساتھ پچاس ہزار روپیہ نقد مرحمت فرمایا۔ اور منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے سرفراز کر کے علم و نقارہ سے سربلند کیا۔ اور ایک گھوڑا معہ سونے کی زین کے اور ایک ہاتھی عطا کیا۔ سنہ ۶ جلوس مین قلعہ دولت آباد کے محاصرہ مین جانفشانی اور جان بازی کا حق ادا کیا۔ سنہ ۸ جلوس مین وفات پائی۔

دتا (دیاجی) پسر بہادر جی

بہادر جی کی وفات کے بعد بادشاہ نے اُس کے بیٹے دیا (دتا) جی کو منصب سہ ہزاری ذات۔ ہزار سوار سے مفتخر کیا۔ سنہ ۹ جلوس مین ساہو جی کی مہم پر مامور ہوا اس کے بعد عالمگیر کے عہد تک صوبہ دکن مین عقیدت و اخلاص سے خدمتین

بجا لاتا رہا۔ اور جب عالمگیر کے عہد مین مرہٹون کی کسی لڑائی مین مارا گیا۔ تو بادشاہ نے اُس کے بیٹے کو خطاب جگدیو رائے سے موصوف کر کے عمدہ منصب پر سرفراز کیا۔

جگدیو رائے پسر تا جی

راجہ جہجہار سنگھ بُندیلہ

راجہ نرسنگھدیو بُندیلہ کا بیٹا تھا۔ باپ کے مرنے کے بعد خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ جہانگیر کے آخری عہد مین منصب چہار ہزاری ذات۔ چہار ہزار سوار پر سرفراز تھا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین خلعت و جمدھر مرصع مرحمت ہو کر علم و نقارہ کا اعزاز حاصل ہوا۔ اور رہفت پنجہزاری سے سرفراز ہوا جہانگیر کی راجہ نرسنگھدیو اور جہجہار سنگھ پر خاص نظر شفقت تھی۔ اور اُس کے عہد مین دونون باپ بیٹون نے بہت سا روپیہ جا و بیجا طور سے پیدا کیا تھا۔ اور اپنے وطن اوندچھ (اُرچھا) کے قرب وجوار کے اکثر علاقون پر قابض ہو گئے تھے۔ جب شاہجہان کے عہد مین دیکھا۔ کہ پابندی آئین اور محاسبات عمل در آمد مین کسی کی بال بھر بھی رعایت نہین ہوتی تو خوف پیدا ہوا اور ایک دن آدھی رات کے وقت اکبرآباد سے بھاگ گیا۔ بادشاہ نے مہابت خان وغیرہ کو تعاقب پر مامور کیا۔ لیکن وہ بھاگا بھاگ اوندچھ جا پہونچا جب شاہی فوج نے اوندچھ کا محاصرہ کیا۔ اور بہت تنگ ہوا تو بارگاہ شاہی مین عفو تقصیر کی عرضی لکھی۔ فرمان روایان مغلیہ کی بارگاہ مین در توبہ ہمیشہ کھلا رہتا تھا۔ دعا قبول ہو گئی۔ اور قصور معاف ہو گیا ۳؎ جلوس مین حاضر دربار ہوا۔ پندرہ لاکھ روپیہ نقد۔ ایک ہزار اشرفیان۔ ۴۰ ہاتھی بطور تاوان جنگ پیش کیے۔ اِس کے بعد مہم دکن مین مامور ہوا۔ اور خدمتین بجا لاتا رہا۔

سنہ جلوس مین پھر شامتِ اعمال نے گھیرا۔ صورت یہ ہوئی کہ رخصت لے کر وطن مین مقیم تھا وہان سے کسی بات پر برافروختہ ہوکر بھیم نرائن زمیندار چوراگڈہ پر چڑہ دوڑا۔ اور اُس بیچارے کو قتل کرکے اُس کا تمام مال واسباب ضبط کرلیا۔ اور اُسکی زمینداری پر قابض ہوگیا۔ آپ جہانگیر کا عہد تو تھا نہین۔ کہ بادشاہ کی نظرِ عنایت کی وجہ سے کوئی نہ بولتا۔ شاہجہان کے عہد کا باضابطہ انتظام تھا۔ دربار سے بازپُرس شروع ہوئی۔ اور محاسبہ کے پھندے پھکنے لگے۔ اُس نے اپنے بیٹے بکرماجیت کو جو مہم دکن پر مامور تھا بُلا لیا اور پھر نمکحرامی پر کمر باندھکر باغی ہوگیا۔ بادشاہ نے سید خانجہان بارہ اور عبداللہ خان بہادر فیروز جنگ اور خان دوران خان وغیرہ بڑے بڑے امیرون کو سرکوبی پر متعین کیا۔ وہ اِس عظیم الشان لشکر کی ٹکر نہ اُٹھا سکا۔ اوندچہ سے دہامونی۔ اور وہان سے چوراگڈہ بھاگا۔ اور جب ملک الموت کیطرح شاہی لشکر نے وہان بھی پیچھا نہ چھوڑا تو جنگل مین گھس گیا۔ وہان گونڈون نے اُس کو پکڑ کر معہ بکرماجیت اُس کے بیٹے کے قتل کرڈالا۔ خان دوران خان نے دونون کے سر کٹوا کر بادشاہ کے پاس بھیج دیئے۔ ایک کڑوڑ روپیہ اُس کے دفینون سے برآمد ہوکر خزانہ شاہی مین داخل ہوا۔

راجہ جگت سنگھ

راجہ باسو کا چھوٹا بیٹا تھا۔ راجہ باسو کی وفات کے بعد جہانگیر نے اُس کے بڑے بیٹے سورج مل کو باپ کا جانشین مقرر کیا۔ دونون بھائیون مین مخالفت تھی۔ بادشاہ نے اِس کو بھی کسی ادنیٰ منصب پر مامور کرکے صوبہ بنگالے مین متعین کردیا۔

سنہ ۱۳ جلوس مین سورج مل نے نمکحرامی کی۔ اور باغی ہوگیا۔ بادشاہ نے
اِسے صوبۂ بنگالہ سے طلب کرکے منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز
کرکے خطاب راجگی۔ خنجر مرصع۔ اسپ وفیل۔ اور بیس ہزار روپیہ نقد مرحمت
فرمایا۔ اور راجہ بکرماجیت (سندر داس) کے پاس جو سورج مل کی تنبیہ پر مامور
ہوا تھا روانہ کیا۔ اور سورج مل کے مارے جانے کے بعد وطن کی حکومت پر سربلند
ہوا۔ اِس خاندان مین نہ معلوم بغاوت کا کیا اثر تھا کہ سنہ ۱۸ جلوس مین اِسنے
بھی بیوفائی پر کمر باندھی۔ اور خود مختار بن بیٹھا۔ جب صادق خان تنبیہ پر مامور ہوا
اور اُس نے پہاڑون مین گھس کر اِس کو پے در پے شکست دی تو اِس نے
تنگ ہوکر نورجہان بیگم کا دروازہ کھٹکٹایا۔ اور بیگم کی سفارش سے قصور معاف
ہوگیا۔ جہانگیر کے اخیر عہد تک جگت سنگھ نے منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار
سوار تک ترقی پائی۔ شاہجہان نے تخت نشین ہوکر یہی منصب قائم رکھا۔ سنہ
جلوس مین بنگش کی حکومت پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۱۰ جلوس مین صوبہ کابل مین
متعین ہوا۔ اور کریم داد پسر جلالہ کے گرفتار کرنے مین مورد تحسین ہوا۔ سنہ ۱۱
جلوس مین جب علی مردان خان نے قندھار کا قلعہ شاہجہان کے حوالے کردیا
اور ایرانی فوج مقابلے کے واسطے آئی۔ یہ شاہی فوج کا ہراول مقرر ہوا۔ اور
اِس مہم مین نہایت شجاعت و دلاوری سے اول قلعہ ساربان اور اُس کے
بعد قلعہ لبست کو فتح کیا۔ اِس کے بعد لاہور مین بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوا۔
بادشاہ نے از راہ قدردانی ایک نہایت قیمتی موتیون کی مالا مرحمت فرمائی۔
اور فوجداری بنگش پر متعین ہوا۔

سنہ ۱۴ جلوس مین اپنی خواہش سے دامن کوہ کانگڑہ کی فوجداری اور
تحصیلداری پر بہ تعین چار لاکھ روپیہ جمع سالانہ کے سرفراز ہوا۔ رخصت کے وقت

بادشاہ نے خلعت اور گھوڑا مرحمت فرمایا۔ ۱۵ جلوس مین کسی شکایت پر تعلقہ مذکور سے تبدیل ہوکر دربار مین طلب ہوا۔ لیکن موروثی مرض بغاوت نے پھر زور کیا۔ اور بگڑ بیٹھا۔ بادشاہ نے سید خانجہان بارہ۔ سعید خان ظفر جنگ اصالت خان۔ اور شاہزادۂ مراد بخش کو سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ اِس نے اول اس فوج کا خوب مقابلہ کیا۔ لیکن جب مئو اور نور پور بادشاہی فوج نے فتح کرلیا اور کچھ کرتے دھرتے نہ بنا تو سید خانجہان کی وساطت سے پھر عفو تقصیر کی خواستگاری کی۔ خاندان مغلیہ کے فرمان روا۔ بابر۔ ہمایون۔ اکبر جہانگیر۔ شاہجہان۔ عالمگیر۔ بہادر شاہ کا برتاؤ خطا بخشی کے معاملے مین نہ صرف قابل تعریف بلکہ سلسلۂ تاریخ مین بے نظیر ہے۔ اِن کے سامنے دشمن بھی آتا تھا تو آنکھ جھپک جاتی تھی۔ بلکہ اُس کی جگہ خود شرمندہ ہوجاتے تھے۔ خطا پر خطا معاف کرتے تھے مگر مونہ میلا نکرتے تھے اور اِس معاملے مین اپنے اُمرا اور رعایا کے ساتھ اولاد کا معاملہ رکھتے تھے۔

غرضکہ پھر قصور معاف ہوگیا۔ اور ۲۵ ذی الحجہ ۱۰۵۱ھ کو ہاتھ باندھے ہوئے معہ بیٹون کے حاضر دربار ہوا۔ بادشاہ نے منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر بحال کرکے خلعت مرحمت فرمایا۔ اِس کے بعد اسی سال شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر مامور ہوا۔

۱۸ جلوس مین خلعت اور شمشیر مرصع اور اسپ معہ زین نقرہ کے مرحمت ہوکر مہم بلخ و بدخشان مین متعین ہوا۔ اور میدان جنگ مین کارنامے دکھا کر بوجہ بیماری واپس آیا۔ پشاور تک آنے پایا تھا کہ ماہ ذی الحجہ ۱۹ جلوس ۱۰۵۵ھ مین اس دُنیا سے سدھارا۔ بادشاہ نے اُس کے بیٹے راجہ روپ کو جس کا حال علیحدہ لکھا جائیگا جانشین مقرر کرکے خلعت تعزیت ارسال فرمایا۔

راجہ جے رام بڑگوجر

راجہ انوپ سنگھ کا بڑا بیٹا تھا۔ باپ کی زندگی ہی مین ملازمت شاہی مین شامل اور اکثر مہمات مین شریک تھا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین باپ کے مرنے کے بعد خلعت مرحمت ہو کر خطاب راجگی۔ اور منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر مفتخر ہوا۔ سنہ ۱۲ جلوس مین منصب ہزاری ذات ہزار سوار پر سربلند ہوا۔ سنہ ۱۳، ۱۴ جلوس مین صوبہ کابل مین متعین رہا۔ سنہ ۱۵ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار پر ممتاز ہو کر شاہزادۂ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر مامور رہا۔ اور بعد فتح بلخ بہادر خان کے ساتھ نذر محمد خان والی بلخ کے تعاقب پر متعین ہوا۔ اور اس مہم کی حسن خدمت کے صلے مین منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر ترقی پائی ہنوز وہان سے واپس نہ آیا تھا کہ پیغام اجل آگیا۔ اور اسی جگہ سنہ ۵۶ھ مین انتقال کیا۔

راجہ امر سنگھ بڑگوجر

بادشاہ نے اُس کے بیٹے امر سنگھ کو جو پہلے سے ملازمان شاہی مین منسلک تھا خطاب راجگی مرحمت فرمایا اور منصب مین ترقی کر دی۔

جگرام کچھواہا

ہردے رام کچھواہا کا بیٹا تھا۔ باپ کی زندگی ہی مین ملازمت شاہی مین داخل تھا۔ سنہ ۲۲ھ مین بادشاہ نے ہاتھی مرحمت فرما کر سربلند کیا۔ سنہ ۲۴ھ مین صوبۂ کابل سے مہم قندہار پر مامور ہوا۔ رخصت کے وقت بادشاہ نے خلعت مرحمت فرما کر منصب مین اضافہ فرمایا۔ سنہ ۵۵ھ مین مہم بلخ و بدخشان مین مامور رہا۔ اور اس مہم مین جان نثاری کے جوہر دکھائے۔ اور تیغ آبدار سے دشمنون کی صفونکو درہم برہم کر دیا

اِس حسن خدمت کے انعام مین بادشاہ نے منصب ہفتصدی ذات شش صد سوار پر سرفراز کیا۔ اُس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

مہاراجہ جسونت سنگھ راٹھور

راجہ گج سنگھ راٹھور کا چھوٹا بیٹا تھا۔ اُس زمانہ مین راٹھورون مین عام راجپوتون کے رواج جانشینی کے خلاف یہ دستور تھا۔ کہ راجہ کو اپنی جس رانی سے محبت زیادہ ہوتی تھی اُسی کے بیٹے کو وہ اپنا ولی عہد کرکے جانشینی کے واسطے وصیت کرتا تھا۔ اِسی رسم کے مطابق راجہ گج سنگھ نے جسونت سنگھ کو اپنا ولی عہد مقرر کرکے بادشاہ سے اُس کی جانشینی کے واسطے وصیت کی تھی چنانچہ جب ۲۔ محرم سنہ ۱۰۴۸ھ کو راجہ گج سنگھ نے انتقال کیا۔ شاہجہان نے جسونت سنگھ کو اُس کا جانشین مقرر کرکے خلعت۔ اور جمدھر مرصع۔ علم و نقارہ۔ اسپ معہ زین طلا۔ اور فیل مرحمت فرما کر خطاب راجگی سے مفتخر کیا۔ اور منصب چہار ہزار سوار سے ممتاز کرکے راج سنگھ راٹھور کو جو راجہ گج سنگھ کا وکیل مطلق تھا منصب ہزاری ذات۔ چہار صد پر مقرر کرکے اُس کا اتالیق مقرر کیا جسونت سنگھ نے ہزار اشرفیان ۔ بارہ ہاتھی اور چند مرصع آلات پیشکش کئے۔ ۱۸۔ رمضان سنہ ۱۰۴۹ھ کو منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار پر ترقی پائی۔ ۹۔ ذیقعدہ سنہ ۱۰۴۹ھ کو رخصت حاصل کرکے اپنے وطن جودھپور کو روانہ ہوا۔ ۱۶ ذی الحجہ سنہ ۱۰۵۰ھ کو دربار مین واپس آیا۔ ۱۱۔ محرم سنہ ۱۰۵۱ھ کو منصب کے ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ قرار پائے۔

سنہ ۱۰۵۲ھ مین خلعت۔ جمدھر مرصع معہ پھول کٹارہ۔ علم و نقارہ۔ اسپ و فیل عطا ہو کر شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار پر متعین ہوا۔ اور وہان سے واپس آکر ۱۱۔ ربیع الثانی سنہ ۱۰۵۳ھ کو پھر رخصت لے کر جودھپور روانہ ہوا۔ ۸۔ رمضان

۱۰۵۳ھ کو بمقام اجمیر ملازمت شاہی مین حاضر ہوا۔ ۷ ذی الحجہ ۱۰۵۴ھ کو عارضی طور سے صوبہ دار الخلافت اکبر آباد کی حکومت عطا ہوئی۔ ۴۔ ربیع الثانی ۱۰۵۶ھ کو جمدھر مرصع معہ پھول کٹارہ۔ عربی گھوڑا معہ سُنہرے ساز کے۔ مرحمت ہو کر عزت افزائی ہوئی ۸۔ ربیع الثانی ۱۰۵۶ھ کو منصب پنجہزاری۔ پنجہزار سوار۔ دو ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے ممتاز ہوا ۱۴۔ ذی الحجہ ۱۰۶۶ھ کو پانصد سوار منصب کے اور دو اسپہ سہ اسپہ قرار پائے۔

سنہ ۲۱ جلوس مین منصب پنجہزاری۔ پنجہزار سوار۔ سہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر مفتخر ہوا۔ سنہ ۲۲ جلوس مین شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر روانہ ہوا۔

سنہ ۲۶ جلوس مین منصب شش ہزاری ذات۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ حاصل ہوا۔ سنہ ۲۹ جلوس مین منصب شش ہزاری ذات۔ شش ہزار سوار۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر سربلند ہو کر خطاب مہاراجہ سے مفتخر ہوا۔ اور اسی سال رخصت حاصل کر کے وطن کو روانہ ہوا۔

سنہ ۳۲ھ جلوس مین شاہجہان ایسا بیمار رہا۔ کہ عام طور سے مرنے کی خبر اُڑ گئی۔ شجاع بنگالے سے اور اورنگ زیب اور مراد بخش دکن و گجرات سے اپنی اپنی فوجین لے کر دار الخلافت کو روانہ ہوئے۔ ولی عہد سلطنت دارا شکوہ نے ان کے مقابلے اور روکنے کے واسطے فوجین روانہ کین۔ چنانچہ جو فوج اورنگ زیب اور مراد بخش کے روکنے کے واسطے روانہ کی گئی۔ اُس کی سپہ سالاری مہاراجہ جسونت سنگھ کے سپرد ہوئی۔ رخصت کے وقت بادشاہ یا دارا شکوہ نے ایک لاکھ روپیہ نقد سو گھوڑے۔ ایک ہاتھی۔ اور حکومت صوبہ مالوہ مہاراجہ کو عطا فرما کر منصب ہفت ہزاری ذات۔ ہفت ہزار سوار۔ پنجہزار

سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے سرفراز فرمایا۔

اُجین سے سات کوس کے فاصلے پر موضع دھرمات پور کے قریب دونون لشکر ایک دوسرے سے ایک کوس کے فاصلے پر آپڑے۔ اب اول تو اورنگ زیب نے اپنے معمولی پولٹیکل جوڑ توڑ شروع کر کے کاغذی گھوڑے دوڑانا شروع کیے مقصود یہ تھا کہ اگر ہوسکے تو راجہ کو بھی اپنے ساتھ ملا لیجیے۔ ورنہ پیغام سلام کے حیلے سے اپنے ہارے۔ تھکے لشکر کو ذرا آرام ہی مل جائے۔ اِس لیے اپنے معتمد ملازم کُبّ رائے۔ (سندر) کو جو ایک ہوشیار اور فہیم برہمن تھا راجہ کے پاس بھیجکر پیغام سلام شروع کیے۔ اور کہلا بھیجا کہ ہم بادشاہ کی خدمت مین حصول ملازمت کے واسطے جاتے ہین اول تو مناسب ہے کہ تم ہمارے پاس حاضر ہو جاؤ۔ اور اگر یہ نہین ہو سکتا تو راستہ چھوڑ کر اپنے وطن جودھپور کو چلے جاؤ"۔ مگر جب راجہ نے کوئی بات نہ مانی اور لشکر نے بھی ذرا دم لے لیا تو ۲۲۔ رجب ۱۰۶۸ھ کو لڑائی شروع کر دی۔ سخت جوش اور سرگرمی سے مقابلہ ہوا جسونت سنگھ اور اُس کے ساتھی راجپوتون نے نہایت شجاعت و دلاوری سے حملہ آورون کو ہر ہر قدم پر روکا اور جان بازی کو حد سے گذار دیا۔ اگرچہ اورنگ زیب کی تیغ اقبال سے کھیرے اور ککڑی کی طرح راجپوت کٹ کٹ کر گرتے تھے مگر رام رام کا نعرہ مارتے ہوئے اُس کے لشکر مین گھُسے چلے آتے تھے۔ لیکن باوجود اِس بہادری کے قسمت نے یاوری نہ کی۔ اور آٹھ ہزار راجپوتون مین صرف پانسو نے بھاگ کر اپنی جانین بچائین بقیہ اپنی جانون کو حق نمک پر فدا کر گئے۔ جسونت سنگھ خود بھی زخمی ہوا۔ اور بہ مشکل میدان جنگ سے جان بچا کر بھاگا۔

فارسی مورخون نے باوجود راجپوتون کی بہادری کی تعریف و توصیف کرنے کے

اس شکست کو زیادہ تر راجہ کی سوے تدبیری اور ناواقفیت فن جنگ سے منسوب کیا ہے اور لکھا ہی کہ اُس نے اپنے لشکر کو ایسی اونچی نیچی جگہ پر قائم کیا تھا۔ اور ندی سے کچھ پانی کاٹ کر لشکر کے ارد گرد کیچڑ کر دی تھی جس سے اُسکی سوار فوج لڑائی کے وقت اچھی طرح کام نہ دیسکی۔ قاسم خان جو دوسرا امیر راجہ کے ساتھ تھا۔ اگرچہ وہ بھی لڑائی مین خفیف زخمی ہوا۔ مگر اُس پر اورنگ زیب سے سازش کر جانے کا شبہ کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اُس نے میدان جنگ مین کچھ بہادری ظاہر نہین کی۔

جسونت سنگھ کی رانی کے بہادرانہ خیالات کی عجیب و غریب روایت

جب جسونت سنگھ اس لڑائی سے بھاگ کر اپنے وطن جودھپور پہونچا۔ اور اُس کی رانی نے جو رانا اُدے پور کے خاندان سے تھی۔ سُنا۔ کہ راجہ پانسو سپاہیون کے ساتھ معرکہ سے جان بچا کر نکل آیا ہے۔ تو اُس نے بجائے اس کے کہ اس آفت سے بچنے کی مبارکباد دیتی۔ اور تسلی کرتی۔ فوراً حکم دیا کہ "قلعہ کے دروازے بند کر دو۔ ایسے بے غیرت نامردے کو مین قلعہ مین ہرگز نہ آنے دونگی۔ ایسا شخص۔ اور میرا شوہر۔ میرے بہادر باپ کا داماد۔ اور ایسا بیغیرت مین ہرگز اُس کا مُنہ نہین دیکھنا چاہتی۔ جو شخص ایسے نامور رانا کا رشتہ دار ہو۔ چاہیئے کہ اُسکی شجاعت اور نیکنامی کی تقلید اور پیروی کرے۔ اور اگر فتح نہ پاسکے تو بہادری سے جان دیدے۔"

اس کے بعد اُس کے دل مین کچھ اور خیالات گذرے۔ اور کہا۔ کہ میرے لئے ابھی چتا تیار کرو۔ مجھے دھوکا ہوا۔ میرا شوہر حقیقت مین مارا گیا۔ اور یہی سچ ہے۔ پس اب مین زندہ رہنا نہین چاہتی ہوں۔ اور تھوڑے عرصے بعد پھر غصہ مین آکر بدستور لعن طعن کرنے لگی۔ اسی حالت مین اُس کو آٹھ دن گذر گئے۔ اور شوہر کا منہ نہ دیکھا۔ آخر کار جب اُس کی مان اُس کے پاس آئی۔ اور بہت تسلی اور تشفی کر کے

سمجھایا کہ گھبراؤ نہین - راجہ از سر نو فوج جمع کر کے اورنگ زیب پر پھر حملہ کریگا۔ اور اپنی شجاعت و بہادری کے نام کو بدستور قائم رکھے گا۔ اُس وقت لُٹنے راجہ کا مُنہ دیکھا۔ اور اُس کے پاس آئی۔

کھجوہ کی لڑائی اور مہاراجہ جسونت سنگھ کی دغابازی اور اورنگ زیب کا استقلال۔

سموگڈہ کی لڑائی اور دارشکوہ کی شکست کے بعد مہاراجہ جسونت سنگھ مرزا راجہ جے سنگھ کی وساطت سے دربار عالمگیری مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے راجہ کو دہلی سے اپنے ساتھ لیا۔ اور شاہزادہ شجاع کے مقابلے کے واسطے ۔ ۷ ربیع الاول ۱۰۶۹ھ کو شاہزادۂ محمد سلطان کے لشکر سے کوڑہ جہان آباد مین جاملا دہان سے ۱۹ ربیع الاول ۱۰۶۹ھ کو خیمہ گاہ اور کارخانجات شاہی کو اُسی جگہ کھڑا چھوڑ کر نوّے ہزار سوار دن کے ساتھ لڑنے کو روانہ ہوا۔ کھجوہ کے مقام پر میدان کارزار قائم ہوا۔ چونکہ شجاع کی سپاہ اور توپ خانہ کے پیچھے ہٹ جانے سے اورنگ زیب کو شب خون کا اندیشہ ہو گیا تھا۔ اِس لیئے رات کو وہ اپنی لشکرگاہ کو واپس نہ گیا۔ بلکہ اُسکی تمام فوج اور تمام امیر حسب ترتیب سے میدان جنگ مین قائم تھے۔ وہین اُتر پڑے۔ بادشاہ کا حکم تھا۔ کہ گھوڑونکے زین۔ اور سپاہیون کی کمرین اُسی طرح بندھی رہین نماز عشا کے وقت تک بادشاہ میر حملہ اور دیگر امیرون اور سرداروں کو ہوشیار اور خبردار رہنے کی تاکید کرتا پھرا۔ اور نماز سے فارغ ہو کر اپنے مختصر خیمہ گاہ مین جو میدان جنگ مین لگا دیا گیا تھا جا کر سو رہا۔ آخر شب کو ایک عجیب ہنگامہ برپا ہوا۔ مہاراجہ جسونت سنگھ نے جو اورنگ زیب کی طرف سے کبیدہ خاطر اور اپنی شکست کے بدلا لینے کے واسطے موقع اور وقت کا متلاشی تھا اِس موقع کو غنیمت سمجھا اور شجاع سے کہلا بھیجا۔ کہ اِدھر مین شور و فساد برپا کرتا ہون۔ اُدھر سے آپ آئین اور اِس تدبیر سے اورنگ زیب کو تباہ کر ڈالین۔ غرضکہ اس قرارداد

کے بموجب جسونت سنگھ جو اُس وقت لشکر کے دائین پرے پر متعین تھا بڑے بڑے راجپوت امیرون کو ساتھ لے کر میدان جنگ سے پیچھے کو نکل بھاگا۔ اور اوّل شاہزادۂ محمد سلطان کے کیمپ کو جو سرراہ واقع تھا اور بعد ازان اور امیرون اور خود بادشاہ کے لشکرگاہ اور کارخانجات کو خوب بے ڈھرک لوٹتا ہوا چلا گیا۔ اِس حادثہ سے اورنگ زیب کے لشکر مین عجیب پریشانی اور ابتری پیدا ہوئی۔ اور بہت سے لوگ رات ہی کو شجاع سے جا ملے۔ مگر ابھی کچھ رات باقی تھی کہ اورنگ زیب اِس حال کی خبر پاکر تخت روان پر سوار ہوا۔ اور کمال استقلال سے ہنس ہنس کر اپنے رفیقون امیرون کو اور تسلّی دینے لگا کہ خوب ہوا کہ ہمارا لشکر منافقون کے خس و خاشاک سے پاک ہو گیا۔ اگرچہ اِس ناگہانی فساد کی وجہ سے نصف فوج رہگئی تھی۔ مگر واہ رے اورنگ زیب تیرا اقبال اور استقلال۔ آناً فاناً مین باقی ماندہ فوج کو ازسرنو ترتیب دے کر مناسب مقامات پر جما دیا۔ اور صبح ہوتے ہی ایک بڑے ہاتھی پر سوار ہو کر میدان جنگ کو گرما دیا۔ اور ایسا دل توڑ کر لڑا کہ شجاع ہر ۱۱۴ توپین بہت سے ہاتھی۔ اور دیگر مال و اسباب چھوڑ کر بھاگ نکلا۔ بادشاہ نے میر جملہ اور شاہزادۂ محمد سلطان کو تو اُس کے تعاقب پر روانہ کیا۔ اور خود نہایت چستی سے دارا شکوہ اور جسونت سنگھ کی طرف پھرا اور آگرہ ہوتا ہوا اجمیر جا پہونچا۔

مہاراجہ جسونت سنگھ نے شجاع کی شکست کا حال سُن کر جب دیکھا کہ معاملہ برعکس ہو گیا۔ تو لوٹ کا مال و اسباب لے کر جلد جلد کوچ کرتا ہوا۔ آگرہ پہونچ گیا۔ ڈاکٹر برنیر کا بیان ہے کہ آگرہ مین یہ افواہ اُڑ گئی تھی کہ اورنگ زیب شکست کھا کر قید ہو گیا ہے۔ اور شجاع فوج لیکر آگرہ آ رہا ہے۔ اگر جسونت سنگھ ایسی حالت مین ذرا جرأت کر کے لوگون کو کچھ دھمکاتا۔ اور کچھ بڑے بڑے وعدے کر کے آئندہ

کی بہتری کا متوقع کرتا۔ تو بیشک شاہجہان کو قید سے چھوڑا سکتا تھا۔ لیکن چونکہ اُنکو اصل واقع کی اطلاع تھی۔ اُسنے ایسے بکھیڑون مین پڑنا مناسب نہ جانا اور صرف شہر مین سے ہوتا ہوا اپنے مُلک کو چلا گیا۔"

جسونت سنگھ نے جودھپور پہونچکر اُس مال و دولت سے جو کھجوہ سے لوٹکر لایا تھا ایک مضبوط فوج بھرتی کرنا شروع کی۔ اور دارا شکوہ کو جو اُس وقت گجرات مین تھا لکھ بھیجا۔ کہ "آپ بلا توقف آگرہ چلے آیئے۔ مین راستے مین معہ اپنی تمام فوج کے آملونگا۔" چونکہ گجرات مین دارا شکوہ کے پاس بھی بائیس ہزار سوار۔ اور ایک اچھا توپ خانہ فراہم ہو گیا تھا۔ لہذا وہ اِس متلوّن مزاج راجہ کی عرضی پہونچنے پر احمد آباد سے چل کھڑا ہوا جسونت سنگھ بھی جودھپور سے ۲۰ کوس آگے بڑھ آیا تھا۔ کہ مرزا راجہ جے سنگھ کا خط اور اورنگ زیب کا فرمان ملا[۱]۔ اور اُس سے متنبہ ہو کر واپس لوٹ گیا۔ اجمیر کے قریب دارا شکوہ اور اورنگ زیب سے لڑائی ہوئی۔ اور دارا شکوہ شکست کھا کر پھر بھاگا۔

اس لڑائی کے تھوڑے دنون بعد جسونت سنگھ کو چار و ناچار دربار عالمگیری مین حاضر ہونا پڑا۔ بادشاہ نے بھی اپنے وعدے کو پورا کیا۔ اور اُسکی تقصیرات سے چشم پوشی کر کے خطاب و منصب بدستور قائم رکھا۔ اور صوبہ گجرات کی صوبہ داری پر سرفراز فرمایا۔

سنہ ۶ جلوس مین سیوا جی مرہٹہ کی سرکوبی کے واسطے دکن مین مامور رہا۔ لیکن چونکہ اورنگ زیب کی طرف سے دل مین کدورت تھی۔ کوئی کارنمایان انجام نہ دیا۔ بلکہ اُلٹا اُس سے سازش کر گیا۔ بادشاہ نے یہ حال دیکھکر مرزا راجہ جے سنگھ کو اس مہم پر مامور کیا۔ اور اِسے واپس بُلا لیا۔

سنہ ۹ جلوس مین شاہزادہ محمد معظم کے ساتھ صوبہ کابل مین تعینات ہوا۔

[۱] اس خط اور فرمان کا مضمون مرزا راجہ جے سنگھ کے حال مین دیکھو۔

سنہ ۱۰ جلوس (۱۰۷۷ھ) مین وہان سے طلب ہو کر شاہزادۂ موصوف کے ساتھ پھر مہم دکن پر مامور ہوا۔

سنہ ۱۴ جلوس (۱۰۸۱ھ) مین جمرود مضاف صوبہ کابل کی حکومت پر سرفراز ہوا۔ اور اُسی جگہ ۶۔ ذیقعدہ سنہ ۱۰۸۹ھ کو انتقال کیا۔ کنور پرتھی سنگھ اُس کا بیٹا اُس کی زندگی ہی مین مرچکا تھا۔ اُس کی وفات کے وقت دو رانیان حاملہ تھین۔ اُن کے بطن سے بمقام لاہور دو لڑکے پیدا ہوئے۔ ایک کا نام اجیت سنگھ اور دوسرے کا نام دل تھمن رکھا گیا۔ دونون کا حال اجیت سنگھ کے حال مین لکھا جُکا ہے۔ مہاراجہ جسونت سنگھ کو شاہجہان کے عہد مین بادشاہ کے ننہال مین ہونے کی وجہ سے بڑا اقتدار اور اعزاز حاصل تھا۔ علاوہ جلد جلد منصب مین ترقی ہونے کے خلعت واسپ۔ انعام واکرام سے مالامال ہوتے رہتے تھے۔ جب عالمگیری اقبال کا نشان آفتاب کی طرح چمکا۔ اِن کا ستارۂ اقبال غروب ہو گیا۔ شروع ہی سے دونون مین مخالفت شروع ہو گئی۔ نہ یہ عقیدت واخلاص سے خدمتین بجالاتے تھے۔ نہ بادشاہ دلداری اور خاطرداری سے اِن کے دل بڑہانے کی کوشش کرتے تھے۔ اکثر مورخین کی رائے ہے کہ "چونکہ شروع ہی سے اِنھون نے ناز ونعمت سے پرورش اور ترقی پائی تھی۔ لہذا دُنیا داری کے سلیقہ سے بالکل بے بہرہ تھے۔"

یادگارین

مہاراجہ جسونت سنگھ کی امیرانہ یادگار سے آگرہ مین جمنا کے کنارے موضع گھٹواسن کے سوانہ مین اُن کی کچہری کا مکان اِس وقت تک موجود ہے۔ جو چھتری راجہ جسونت سنگھ کے نام سے موسوم اور آگرہ کی قابل دید عمارتون مین سمجھا جاتا ہے۔

صاحبِ مآثر الاُمرا تحریر فرماتے ہین۔ کہ اورنگ آباد (دکن) مین چار دیواری کے باہر شرق رویہ اُن کا آباد کیا ہوا پورہ اسوقت تک موجود ہے۔ اُس مین

ایک عالیشان تالاب اور اُس کے قریب سنگ بست کی ایک عمدہ عمارت تعمیر کرائی تھی۔ تالاب اب تک موجود ہے اور عمارت کے صرف نشان باقی رہگئے ہین

مرزا۔ راجہ۔ جے سنگھ کچھواہا

راجہ مہان سنگھ کے بیٹے۔ اور مرزا۔ راجہ۔ مان سنگھ کے پرپوتے تھے۔ امارت خاندانی کے ساتھ شجاعت و بہادری لیاقت و تدبیر کے جوہر سے موصوف تھے۔ نہایت سلیم الطبع۔ دوراندیش۔ صُلح جو۔ متحمل مزاج۔ اور ہر شخص بلکہ زمانہ کا مزاج پہچانے ہوئے تھے۔ اور اپنے اِنھین اوصاف کی وجہ سے باوجود زمانے کی رنگا رنگی کے ابتدائے عمر سے انتہائے زندگی تک نہایت عزّت و عظمت شان و شوکت سے زندگی بسر کی۔ اور برابر ترقی کے زینہ پر چڑھتے گئے جس طرح نیک نیتی اور وفاداری کے ساتھ ہر بادشاہ کی خدمت کر کے اِنھون نے جانفشانی اور جان بازی کا حق ادا کیا۔ اُسی طرح ہر بادشاہ نے کمال مرحمت سے تحسین و آفرین کے طرّے اِن کے سر پر لٹکا کر عظمت بڑہائی۔

راجہ جے سنگھ نو دس برس ہی کے تھے۔ کہ باپ کا مبارک سایہ سر سے اُٹھ گیا جہانگیر کا عہد تھا۔ اُس نے نوجوان کنور کو دیکھنے کے واسطے بُلا بھیجا ۱۲ سنہ جلوس جہانگیری مین بارہ برس کی عمر مین یہ دربار مین آئے۔ اور ایک زنجیر فیل پیشکش کی۔ قدردان بادشاہ نے اِسی عمر مین منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز کر دیا۔ اور از راہ مراحم خسروانہ ایک زنجیر فیل مرحمت فرمائی۔

سنہ ۱۶ جلوس مین مرزا راجہ بہاؤ سنگھ کی وفات کے بعد منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر مفتخر اور خطاب راجگی سے سربلند ہوئے۔ اور آنبیر کی موروثی گدّی کے جانشین مقرر ہوئے۔

سنہ ۱۰۳۲ھ شاہ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات - ہزار و پانصد سوار سے ممتاز ہوے -
اس کے بعد مہمات دکن مین مامور ہوئے -

شاہجہان کی تخت نشینی کے بعد جب خانجہان لودی ناظم صوبہ دکن نے علم بغاوت بلند کیا - اُس وقت راجہ اُسکی ماتحتی مین متعین تھے - اول اُنھون نے بمجبوری اُس کا ساتھ دیا - اور موقع ملتے ہی وہان سے بھاگ کر دربار شاہجہانی مین حاضر ہوئے - بادشاہ نے خلعت - جمدھر مرصع - علم و نقارہ مرحمت فرماکر منصب چہار ہزاری ذات - سہ ہزار سوار پر سرفراز فرمایا - اور قاسم خان جوینی کے ساتھ سرکشان مہابن کی تادیب کے واسطے مامور کیا - اور اس مہم کے بعد خانخانان مہابت خان کے ساتھ نذر محمد خان والی بلخ کے مقابلے کے واسطے جس نے کابل پر حملہ کیا تھا - روانہ ہوئے -

سنہ ۲ جلوس مین خواجہ ابوالحسن تربتی کے خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور ہوئے -

سنہ ۳ جلوس مین منصب چہار ہزاری ذات - چہار ہزار سوار پر سربلند ہوکر امیرالامرا شایستہ خان کے ساتھ خانجہان لودی اور نظام الملک والی احمدنگر کی سرکوبی کے واسطے روانہ ہوئے

سنہ ۴ جلوس مین یمین الدولہ آصف خان کے ساتھ مہم بیجاپور مین شریک ہوکر ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے - اور اس مہم سے فارغ ہوکر رخصت حاصل کرکے وطن کو روانہ ہوئے -

سنہ ۶ جلوس مین بارگاہ شاہجہانی مین حاضر ہوئے - اسی سال ایک مست ہاتھی نے ہاتھیونکی لڑائی سے بھاگ کر شاہزادہ اورنگزیب پر حملہ کیا - راجہ نے نہایت دلاوری سے آگے بڑھکر ہاتھی پر برچھا مارا - اور اُس کو بھگا دیا -

اسی سال خلعت اور اسپ معہ سونے کی زین کے مرحمت ہو کر شاہزادہ محمد شجاع کے ساتھ مہم دکن پر متعین ہوئے۔ اور جنگ کے مختلف معرکون مین ایسی لیاقت اور ہمت دکھائی کہ اُنکی کاروانی بادشاہ کے منقوش خاطر ہو گئی۔

سنہ ۸ جلوس مین مہم کے خاتمے پر خانزمان کے ساتھ دولت آباد مین تعینات ہوئے۔ اور منصب پنجہزاری ذات۔ چہار ہزار سوار پر ترقی پائی۔ اور ۱۴۔ ربیع الثانی سنہ ۱۰۴۵ھ کو دربار مین حاضر ہوئے۔

سنہ ۹ جلوس مین خاندوران خان کے ساتھ ساہو جی بھونسلا کی تادیب پر مامور ہوئے۔ اور نہایت دلاوری سے مختلف مقامات پر غنیم کو شکست پر شکست دے کر اپنے حملہ ہاے شیرانہ اور شمشیر دلیرانہ سے کئی قلعونکو فتح کر لیا۔

سنہ ۱۰ جلوس مین ۱۸۔ رجب سنہ ۱۰۴۶ھ کو جب بادشاہ اجمیر سے اکبر آباد جاتے ہوئے قصبہ معز آباد سے جو راجہ جے سنگھ کی جاگیر مین تھا گذرے۔ راجہ کی طرف سے چند عمدہ گھوڑے۔ ایک ہاتھی بیس ہزار روپیہ نقد بطور پیشکش کے پیش کیا گیا۔ بادشاہ نے گھوڑے اور ہاتھی قبول فرمائے۔ اور زر نقد واپس مرحمت فرمایا۔

اسی سال ۲۵۔ شوال سنہ ۱۰۴۶ھ کو راجہ دربار مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے خدمات دکن کے صلے مین خلعت خاصہ۔ کھپوہ مرصع معہ پھول کٹارہ۔ اسپ معہ زین طلا کے عنایت فرما کر منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے مفتخر فرمایا۔ اور پرگنہ چانسواڑ (چالسو) جو صوبۂ اجمیر مین راجہ کے وطن کے قریب واقع اور محالات خالصہ مین شامل تھا جاگیر مین مرحمت کیا۔ اور چونکہ راجہ مہمات دکن مین لگاتار خدمتین انجام دے چکے تھے۔ لہذا۔ ۲۴ ذی الحجہ سنہ ۱۰۴۶ھ کو شاہ بندہ نواز نے خلعت۔ ایک ہاتھی۔ بیس گھوڑیان عنایت کر کے راجہ کو وطن رخصت کیا۔ کہ کچھ مدت تک آرام حاصل کرین۔

سنہ ۱۱ جلوس مین ۴۔ شوال ۱۰۴۷ھ کو وطن سے واپس آئے۔ اور خلعت اور اسپ معہ زین مطلا۔ اور فیل عطا ہو کر شاہزادہ محمد شجاع کے ساتھ صوبہ کابل کو روانہ کیئے گئے۔

سنہ ۱۲ جلوس مین وہان سے طلب ہوئے۔ اور راولپنڈی کے مقام پر ۲۳۔ ذیقعدہ ۱۰۴۸ھ کو بادشاہ کی ملازمت مین پہونچے۔ بادشاہ نے ایک ہاتھی اور موتیون کی مالا مرحمت فرمائی۔

۱۲ ذی الحجہ ۱۰۴۸ھ کو قدردان بادشاہ نے راجہ کے حسن خدمات کا لحاظ فرماکر موروثی خطاب میرزا راجہ سے مفتخر فرمایا۔

سنہ ۱۳ جلوس مین ۲۷۔ رجب ۱۰۴۹ھ کو رخصت لے کر پھر وطن کو روانہ ہوئے جہان سے سنہ ۱۴ جلوس مین ۱۲۔ ذیقعدہ ۱۰۵۰ھ کو واپس آئے۔ اور ۹ ذی الحجہ ۱۰۵۰ھ کو خلعت۔ جمدھر مینا کار معہ پھول کٹارہ۔ اسپ معہ زین مطلا۔ مرحمت ہو کر شاہزادہ مرادبخش کے ساتھ صوبہ کابل مین تعینات ہوئے۔ وہان سے راجہ جگت سنگھ کی تادیب پر مامور ہوئے۔

سنہ ۱۵ جلوس مین مہم مذکورالصدر مین نہایت شجاعت و بہادری اور عرقریزی سے قلعہ مئو کو فتح کیا۔ اُس کے انعام مین منصب کے ایک ہزار سوار دواسپہ سہ اسپہ مقرر ہو کر منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے سرفراز ہوئے۔ اور قلعہ مذکور کی محافظت ان کے سپرد ہوئی۔ اور جب راجہ جگت سنگھ کا قصور معاف ہو گیا۔ یہ اُس کو اپنے ساتھ لیکر ۲۵ ذی الحجہ سنہ ۱۰۵۱ھ کو دربار مین حاضر ہوئے۔ اور ۲۰۔ محرم ۱۰۵۲ھ کو خلعت۔ جمدھر مرصع معہ پھول کٹارہ۔ اور اسپ و فیل سے سربلند ہو کر شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار پر روانہ کیئے گئے۔

سنہ ۱۶ جلوس مین ۱۲۔ رجب سنہ ۱۰۵۲ھ کو قندہار سے واپس آئے۔ اور ۲۲۔ شعبان سنہ ۱۰۵۲ھ کو رخصت لے کر آنبیر روانہ ہوئے۔

سنہ ۱۷ جلوس مین بادشاہ اجمیر تشریف لیگئے۔ حوالی پرگنہ چاتسو مین یکم رمضان سنہ ۱۰۵۳ھ کو راجہ بادشاہ کی ملازمت مین حاضر ہوئے۔ اور تیسرے دن ۹ گھوڑے ایک ہاتھی پیشکش کیا۔ ۸۔ رمضان کو اجمیر شریف کے مقام پر راجہ نے اپنے سوارون کو بادشاہ کے ملاحظہ مین پیش کیا۔ پانچہزار سوار شمار مین آئے۔ ۱۵۔ رمضان کو بادشاہ نے راجہ کو خلعت مرحمت فرما کر آنبیر کو رخصت کیا۔ یکم ربیع الثانی سنہ ۱۰۵۴ھ کو دربار مین حاضر ہوئے۔ اور ایک ہاتھی پیشکش کیا۔

سنہ ۱۸ جلوس مین دکن کی حکومت پر سرفراز ہوئے۔

سنہ ۲۰ جلوس مین وہان سے طلب ہوئے۔ اور ۲۴۔ ربیع الثانی سنہ ۱۰۵۶ھ کو کابل کے مقام پر بادشاہ کی ملازمت مین حاضر ہوئے۔ ۱۱۔ جمادی الاولے سنہ ۱۰۵۶ھ کو خلعت و جمدھر اسپ و فیل عنایت ہو کر منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار دو ہزار دو اسپہ سہ اسپہ سے ممتاز ہوئے۔ اور بادشاہ نے دو لاکھ روپیہ نقد عطا فرما کر شاہزادۂ اورنگ زیب کے پاس مہم بلخ پر رخصت کیا۔

سنہ ۲۲ جلوس مین منصب کے ایک ہزار سوار اور دو اسپہ سہ اسپہ مقرر ہوئے۔ اور شاہزادۂ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر مامور ہوئے۔ اور وہان سے واپس آ کر منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار چہار ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے سرفراز ہوئے۔ اور پرگنہ کلیانہ جس کی مالگذاری ستر لاکھ دام (۴۰ دام = ایک روپیہ تھی) جاگیر مین مرحمت ہوا۔

سنہ ۲۵ جلوس مین شاہزادۂ اورنگ زیب کے ساتھ دوبارہ مہم قندہار پر روانہ ہوئے۔

۲۶ سنہ ۱۰۶۲ھ جلوس مین شاہزادہ سلیمان شکوہ کے ساتھ صوبہ کابل مین متعین ہوئے۔ اور وہین سے دارا شکوہ کے ساتھ تیسری مرتبہ مہم قندہار مین شریک ہوئے۔

۲۷ سنہ ۱۰۶۳ھ جلوس مین رخصت لے کر اپنے وطن آنبیر کو روانہ ہوئے۔ اور ۲۸ سنہ ۱۰۶۴ھ جلوس مین وہان سے واپس آکر نواب سعداللہ خان وزیر اعظم کے ساتھ قلعہ چتوڑ کی منہدمی کے واسطے روانہ ہوئے۔

۳۱ سنہ ۱۰۶۷ھ جلوس مین شاہجہان ایسے بیمار ہوے۔ کہ زیست کی امید نہ رہی۔ ایام بیماری مین شاہزادہ دارا شکوہ کا جو ولیعہد سلطنت اور باپ کے پاس موجود تھا۔ ایسا اقتدار بڑہا۔ کہ تمام ملکی انتظامات اُسی کی رائے سے انجام پانے لگے۔ دوسرے شاہزادون۔ محمد شجاع۔ اورنگ زیب۔ مراد بخش نے اس اختیار و اقتدار کو رشک و حسد کی نگاہ سے دیکھا۔ اور اپنی اپنی حصول سلطنت کے منصوبون کے خلاف تصور کر کے درپردہ جنگی تیاریان شروع کردین۔ دارا شکوہ نے بادشاہ کی بیماری کو مخفی رکھنا چاہا۔ راستے بند کر دیئے۔ مسافرون کو چلنے سے روکا۔ مگر اس طرز عمل نے اُلٹا نتیجہ پیدا کیا۔ اور شاہزادون نے باپ کو مُردہ یا قریب المرگ سمجھ کر خود مختاری کا ڈنکا بجادیا۔ اور اپنی اپنی فوجین لے کر دارالخلافت کی طرف کوچ کیا جب لشکر کوچ کی خبرین دارالخلافت مین پہونچین۔ ایک تہلکہ پڑ گیا۔ اگرچہ شاہجہان نے جسے اس عرصے مین بہت کچھ صحت ہو چکی تھی۔ اور اُسکی لائق بیٹی جہان آرا بیگم نے اپنی آب تدبیر سے اس آگ کو بُجھانا چاہا۔ شاہزادون کے پاس قاصد پر قاصد دوڑائے کہ "مابدولت کو اب آرام ہے۔ اگر تم اپنے صوبون کو لوٹ جاؤ گے تو تمھاری اس حرکت سے چشم پوشی کی جائے گی"۔ لیکن شاہزادے یہی کہتے اور یہ سمجھتے رہے کہ جو خطوط دربار سے شاہی مُہرین لگ کر آتے ہین۔ وہ جعلی اور بالکل دارا شکوہ کی بناوٹ اور ایجاد ہین۔ حضرت یا تو مر چکے یا قریب مرگ ہین۔ اور

اگر بالفرض ہماری خوش نصیبی سے وہ زندہ ہین تو ہم اُن کی قدمبوسی کے مشتاق ہین۔

غرضکہ شجاع بنگالہ سے اور اورنگ زیب اور مراد بخش متفق ہوکر دکن سے چل کھڑے ہوئے۔ اور جب باوجود فہمائش کے یہ اپنے اپنے صوبون کو واپس نہ ہوئے۔ تو بادشاہ یا دارا شکوہ نے اِن کے روکنے اور تنبیہ کے واسطے بجائے کاغذی گھوڑون کے فوجی طاقت سے کام لینا چاہا جسونت سنگھ کو تو اورنگ زیب اور مراد بخش کے مقابلے پر مالوہ کو رخصت کیا۔[1]

جنگ شجاع و سلیمان شکوہ۔

راجہ جے سنگھ منصب شش ہزاری ذات شش ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر مفتخر ہوکر شاہزادہ سلیمان شکوہ کے ساتھ شجاع کے مقابلے کے واسطے روانہ کئے گئے۔ ڈاکٹر برنیر لکھتے ہین کہ "شاہجہان نے راجہ جے سنگھ کو جو اُس وقت کے راجاؤن مین سب سے زیادہ قابل شخص تھا۔ بطور مشیر خاص پوتے کے ساتھ کیا۔ اور اُس کو پوشیدہ یہ ہدایت کی۔ کہ حتی الامکان جنگ نہ ہونے دینا۔ اور شجاع کو اس امر کی فہمائش مین کہ وہ اپنے متعلقہ صوبہ کو واپس چلا جائے۔ کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھنا۔ لیکن سلیمان شکوہ کی بلند حوصلگی اور نوجوانی سے راجہ کی کوششین انسداد جنگ کے باب مین سب بے سود رہین۔ اور دونون فوجین ایک دوسرے سے ملتے ہی (بنارس کے قریب) برسرپیکار ہوگئین۔ دونون طرف سے بڑی سختی اور سرگرمی سے حملے ہوئے اور ایک بڑی کوشش کے بعد شاہزادہ شجاع کو ایسا مغلوب ہونا پڑا۔ کہ آخرکار سراسیمہ ہوکر بھاگ نکلا اور اگر قصداً راجہ جے سنگھ اور دلیر خان پیچھے نہ ہٹے رہتے تو صرف شجاع کی فوج ہی نہ تباہ ہو جاتی بلکہ خود وہ بھی گرفتار ہو جاتا۔ لیکن دوراندیش راجہ نے ازراہ دانائی مناسب نہ جانا کہ شاہی خاندان کے شاہزادے

[1] اورنگ زیب و جسونت سنگھ کی لڑائی اُجین کا حال مہاراجہ جسونت سنگھ کے حال مین ملاحظہ ہو۔

اور اپنے آقا کے بیٹے پر ہاتھ ڈالے۔ اور شجاع کو بھاگ جانے کی مہلت دینے مین بادشاہ کی ہدایتون پر عمل کیا"

اس لڑائی کے بعد راجہ جے سنگھ منصب ہفت ہزاری ذات۔ ہفت ہزار سوار۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے سربلند ہوئے۔ اور حسب الطلب شاہزادہ دارا شکوہ اکبرآباد کی طرف روانہ ہوئے۔

اب اُدھر کی سنو۔ اِسی عرصے مین اورنگ زیب اور مراد بخش کی متفقہ فوج اُجین مین جسونت سنگھ اور سموگڈہ مین دارا شکوہ سے میدان مار چکی تھی اور خاص دار الخلافت مین عالمگیری اقبال کا پھریرہ اُڑنے لگا تھا۔ جب راجہ جے سنگھ اور دلیر خان۔ سلیمان شکوہ کے ساتھ الہ آباد سے تین منزل اور آگے بڑھ آئے۔ یہ حال سُنا۔ اور عالمگیری اقبال کے طلسم کاری کو دیکھکر دنگ رہ گئے۔

عالمگیر نے سموگڈہ کی فتح پاکر راجہ جے سنگھ کو سلیمان شکوہ کی رفاقت سے توڑنا چاہا۔ کاغذی گھوڑون کے ذریعے سے منتر چلنے لگے۔ جے سنگھ اور دلیر خان اول تو متردد اور متامل رہے۔ لیکن آخر کار عالمگیر کی حُبّ کے عمل سے تسخیر ہوگئے باوجود اِس کے اِس دور اندیش راجہ نے شاہزادہ سلیمان شکوہ پر ہاتھ ڈالنے سے پرہیز کیا۔ اور اُس کو کل واقعات سے مطلع کر کے یہ نیک صلاح دی۔ کہ اول تو جس طرح ممکن ہو دہلی پہونچکر اپنے باپ کے ساتھ شامل ہو جائیے۔ اور اگر یہ نہو سکے تو آپ سری نگر کے پہاڑون مین چلے جائیے۔ وہان کا راجہ آپ کو بہت خاطر داری سے رکھے گا۔ اور اُس محفوظ جگہ مین کچھ دن ٹھہر کر آپ حالات اور واقعات پر نظر رکھیئے۔ اور حسب مقتضائے وقت کاربند ہوجیئے۔

اورنگ زیب کے استقلال کی ایک داد

اِس کے بعد فارسی تاریخون کے بیان کے مطابق راجہ جے سنگھ سلیمان شکوہ

لہ اس لڑائی کا حال راؤ ستر سال ہاڈا کے حال مین دیکھو۔

کی رفاقت چھوڑ کر متھرا کے مقام پر بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہو گئے ۔ اور ایک کرڑوڑ دام سالانہ کی آمدنی کے محال سے مفتخر ہو کر دریاے ستلج کے پار سے خلیل اللہ خان کے ساتھ دارا شکوہ کے تعاقب پر مامور ہوئے ۔ لیکن ڈاکٹر برنیر نے اپنے سفرنامے مین لکھا ہے کہ جب اورنگ زیب دارا شکوہ کے تعاقب سے ملتان سے لوٹ کر اپنی معمولی سرعت کے ساتھ کوچ کرتا ہوا چلا آتا تھا راجہ جے سنگھ کو چار پانچ ہزار جرّار راجپوتون کے ساتھ اپنی طرف آتا دیکھکر حیرت مین آگیا یہ اُس وقت حسب معمول تھوڑے سے آدمیون کے ساتھ اپنی فوج سے آگے تھا۔ اور اُس کو پہلے خبر لگ چکی تھی کہ راجہ دہلی مین ہے ۔ مگر اُس نے ایسی عجیب سرعت سے ایسی بعید مسافت طے کی ۔ کہ لاہور اور ملتان کے راستے مین آملا۔ لیکن اورنگ زیب کی ہوشیاری ۔ متانت ۔ اور اُس کی اُس عام لیاقت نے کہ وہ کسی ناگہانی مشکل کے پیش آجانے پر نہایت چستی سے اُس کا فی الفور انتظام کر لینے کی لیاقت رکھتا تھا اُسے بڑی مصیبت سے بچا لیا چنانچہ اُس نے مطلق کچھ خوف و اضطراب ظاہر نہ کیا ۔ بلکہ یہ دکھانے کو کہ اُسکا آنا اس کی بڑی خوشی کا باعث ہے گھوڑا بڑھا کر نہایت کُشادہ پیشانی کو ساتھ ہاتھ سے جلد آئیے جلد آئیے ۔ کا اشارہ کرتا ہوا ۔ آگے بڑھا ۔ اور پکار کر کہا ۔ سلامت باشید راجہ جی ۔ سلامت باشید باباجی ۔ اور جب دونون قریب نزدیک آئے تو پھر کہا خوش آمدید خوش آمدید ۔ مین بیان نہین کر سکتا کہ مجھے آپکے آنے کا کس قدر انتظار تھا ۔ بہت ہی خوب ہوا کہ آپ آگئے ۔ مگر لڑائی ختم ہو گئی ۔ اور دارا شکوہ تباہ و برباد خاک چھانتا پھرتا ہے ۔ مین نے میر باباکو اُسکے پیچھے بھیجدیا ہے ۔ امید کہ جلد گرفتار ہو جائیگا اس کے بعد نہایت مہربانی اور التفات کے اظہار کی غرض سے موتیون کی مالا جو خود پہنے ہوئے تھا اُتار کر راجہ کے گلے مین ڈال دی اور کہا کہ ہماری فوج

بہت تھکی ہوئی ہے۔ اِس لئے آپ کو بہت جلد لاہور پہونچ جانا چاہیئے۔ مبادا وہان بدانتظامی اور شورش ہو جاوے۔ اور مین آپ کو لاہور کا صوبہ دار مقرر کر کے کل نظم و نسق کا اختیار دیتا ہون۔ اور مین بھی آپکے پاس پہونچتا ہون۔ لیکن رخصت کرنے سے پہلے مجکو واجب ہے۔ کہ سلیمان شکوہ کے معاملے مین جو آپنے کارگذاری کی ہے۔ اُس کا شکریہ ادا کرون۔ مگر آپ نے دلیر خان کو کہان چھوڑا۔ مین اُس کو خوب سزا دونگا۔ آپ جلدی لاہور تشریف لیجائیے۔ اچھا خدا حافظ"

جب دارا شکوہ لاہور سے مُلتان کی طرف بھاگا۔ راجہ جےسنگھ کے نام حکم پہونچا۔ کہ ہمارے آنے تک لاہور مین مقیم رہو۔ جب بادشاہ لاہور پہونچے۔ نہ معلوم کسی مصلحت یا خود راجہ کی خواہش سے راجہ کو وطن جانے کی رخصت مرحمت فرمائی۔ اور خود شجاع کے مقابلے کے واسطے بنگالے کی طرف روانہ ہوئے[1]۔

جب جسونت سنگھ نے کھجوہ کی لڑائی مین اورنگ زیب سے بیوفائی کی۔ اور لشکر سے مال و اسباب لوٹ کر بھاگا۔ تو فوج بھرتی کر کے دارا شکوہ کا ساتھ دینا چاہا۔ راجہ جےسنگھ نے اِس موقع پر اُس کو ایک خط لکھا۔ اور اِسی مضمون کے شاہی فرمان کے ساتھ ایک خاص آدمی کے ہاتھ اُس کے پاس روانہ کیا۔ جس کا یہ نتیجہ ہوا۔ کہ وہ جودھپور سے ۲۰ کوس کے فاصلے پر آکر لوٹ گیا۔ اِس خط کا یہ مضمون تھا۔

راجہ جےسنگھ کا خط جسونت سنگھ کے نام

مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم دارا شکوہ کا ساتھ دینا چاہتے ہو۔ نہ معلوم تمنے اِسمین کیا فائدہ سوچا ہے۔ کہ ڈوبتے کے ساتھی بنتے ہو۔ اگر تم اِسی بات پر قائم رہو گے۔

[1] شجاع اور اورنگ زیب کی لڑائی کا حال جو کھجوہ کی لڑائی کے نام سے مشہور ہے۔ مہاراجہ جسونت سنگھ کے حال مین دیکھو۔

تو اُس کا کچھ فائدہ ہوتا تو معلوم - مگر ہان - تمھارا خاندان اور تم بیشک برباد ہو جاؤگے اور چونکہ مین بھی راجہ ہون - اِس لیے تمسے بہ منّت التماس کرتا ہون - کہ بیچارے راجپوتون کا خون کرانے سے باز آؤ - اور اِس گھمنڈ مین نہ رہو - کہ اور راجہ بھی تمھارے شریک ہو جائین گے - کیونکہ یہ مین کبھی نہ ہونے دونگا - اور چونکہ یہ ایک ایسا امر ہے جو ہر ایک ہندو شخص سے تعلق رکھتا ہے - اِس لیے آپکو ایسی آگ کے بھڑکانے کی کسطرح اجازت دی جا سکتی ہے جو تمام ملک مین پھیل جائے اور پھر کوئی بھی اُس کو نہ بُجھا سکے - اور اگر آپ دارا شکوہ کو بحال خود چھوڑ دینگے تو اورنگ زیب آپ کی پچھلی خطائین سب معاف کر دیگا - اور اُس شاہی خزانہ کا بھی مطالبہ نہ کرے گا - جو آپ نے کھجوہ کی لڑائی مین لوٹ لیا تھا - بلکہ آپ فوراً گجرات کی صوبہ داری پر سرفراز کیئے جائین گے - اور ایسے صوبہ کی حکومت مین جو آپ کے علاقہ سے متصل ہے جو فوائد ہین وہ آپ بخوبی سمجھ سکتے ہن - اور وہان آپ بغیر کسی قسم کے خوف و خطر کے نہایت آرام سے رہین گے - اور اِن وعدون کا کامل طور سے پورا کرانا میرے ذمے ہے -

۲۹ - جمادی الثانیہ سنہ ۱۰۶۹ھ کو اجمیر کے قریب موضع دیورائی - مین دارا شکوہ اور اورنگ زیب سے لڑائی ہوئی[۱] - اس لڑائی مین راجہ جے سنگھ اورنگ زیب کے ساتھ تھے - بیچارے دارا شکوہ کی قسمت نے مطلق یاوری نہ کی - اگرچہ اُس نے میدان ہمت مین بہت قدم جمایا - لیکن بدقسمتی نے ایسا دھکا دیا - کہ پھر بھاگنا پڑا - عین حالت جنگ مین راجہ جے سنگھ ایسے مقام پر پہونچ گئے تھے - کہ دارا شکوہ بالکل اُن کے قابو مین تھا - لیکن اِس نامور اور عالی ہمت راجہ نے اُسکا بہت ادب کیا - اور کہلا بھیجا - کہ اگر گرفتاری سے بچنا منظور ہے - تو فوراً میدان

[۱] اس لڑائی کا حال راجہ راجروپ کے حال مین دیکھو -

جنگ سے علیحدہ ہو جاؤ - شاہزادہ نے راجہ کا شکریہ ادا کیا - اور اہل وعیال کو لے کر فوراً چلتا ہوا - دارا شکوہ کے بھاگنے کے بعد بادشاہ نے راجہ جے سنگھ اور بہادر خان کو اس کے تعاقب پر مامور کیا -

اب بادشاہ کو صرف سلیمان شکوہ کی فکر باقی رہگئی - سلیمان شکوہ سری نگر کے پہاڑون مین پہونچ گیا تھا - راجہ جے سنگھ کی معرفت راجہ سری نگر کو خط لکھا گیا - کہ اگر سلیمان شکوہ کو پکڑ کر بھیجدینگے تو بڑے بڑے انعام ملین گے - ورنہ آپ کے حق مین بہت بُرا ہوگا - اول تو راجہ سری نگر نے یہی جواب دیا کہ خواہ میرا تمام مُلک چھن جاوے مگر مین کبھی ایسی بے عزّتی اور نامردی کی حرکت کا مرتکب نہ ہونگا لیکن جب بادشاہ نے تربیت خان - اور رعد انداز خان وغیرہ کئی امیرون کو سری نگر کی تسخیر کے واسطے بھیجا - اور راجہ جے سنگھ نے پھر خط لکھا تو وہ راجہ کی معرفت سلیمان شکوہ کے سپرد کردینے کا وعدہ کر کے معافی کا خواستگار ہوا - اور راجہ کے بیٹے کنور رام سنگھ سری نگر جا کر سلیمان شکوہ کو لے آئے -

جب سب جھگڑے طے ہو گئے - بادشاہ نے کمال مرحمت سے اول ایک لاکھ نقد - اور سنہ ۱۰۷۱ھ جلوس مین ایک کڑوڑ دام کی مالگذاری کا محال راجہ جے سنگھ کو انعام مین مرحمت فرمایا - اور اُن کا اعزاز واکرام کرنے لگا -

مہم سیواجی بھونسلا

سنہ ۱۰۷۴ھ جلوس مین بادشاہ نے راجہ کو سیواجی مرہٹہ کی تنبیہ پر مامور کیا - اور جسونت سنگھ کو اس ہم سے واپس بلا لیا - راجہ اپنے دوست دلیر خان - اور راجہ رائے سنگھ سیوادیہ اور دس بارہ ہندو اور مسلمان سرداروں کے ساتھ چودہ ہزار سوارونکی فوج لے کر اورنگ آباد پہونچے - اول شاہزادہ محمد معظم سے ملاقات کی بعد ازان پونا مین جا کر راجہ جسونت سنگھ سے مہم کا چارج لیا - اس کے بعد کام شروع کر دیا اور قلعہ رودرمال وغیرہ خصوصاً سیواجی کے کلان تر قلعہ پورن دھر کو

جس مین اُس کا بہت سا سازو سامان۔ اور چار ہزار سپاہی۔ تین ہزار عورت مرد اور بعض عزیز و اقارب تھے۔ دلیر خان اور راجہ کے بیٹے کیرت سنگھ ذگھیر لیا سیواجی معہ اہل و عیال کے قلعہ راج گڈھ مین جو اِس موقع سے قریب تھا موجود تھا لیکن حملہ آورونکی لیاقت اور شجاعت کی وجہ سے قلعۂ پورن دھر کے بچاؤ سے مایوس ہوگیا اور مجبور ہوکر عجز و نیاز کا اظہار شروع کیا۔ راجہ اُس کی چالاکیون سے خوب واقف تھے۔ صاف کہلا بھیجا کہ اگر مجرمون کی طرح ہتھیار رکھو لکر حاضر ہوگے۔ تو اطاعت قبول کیجاویگی۔ آخرکار سیواجی مجبور ہوکر ۸ شہ جلوس ماہ جب ۱۰۷۶ھ کو اِسی طرح حاضر ہوگیا۔ راجہ نے اُسکی بہت خاطر اور دلداری کی اور اول قلعہ پورن دھر کو جو قریب الفتح ہوگیا تھا معہ کل سامان جنگ وغیرہ اُس سے لے کر ان شرائط پر صلح کر لی۔ کہ مُلک کوکن کے پینتیس قلعون مین سے جو اُس کے قبضے مین تھے تیئیس قلعے معہ بندرچیول و علاقجات جمعی دس لاکھ ہن (ایک سونیکا سکہ تھا جو دکن مین مروج تھا) کے سرکار شاہی مین آگئے۔ اور باقیماندہ بارہ قلعے معہ علاقہ جمعی ایک لاکھ ہُن کے سیواجی کے پاس چھوڑے گئے۔ اور اُس کے ہشت سالہ بیٹے سنبھاجی کے نام پنجہزاری پنجہزار سوار کا منصب عطا ہوگیا۔ اور سیواجی نے یہ بھی قبول کرلیا کہ اُس نواح مین اگر کوئی مہم پیش آویگی تو بذات خود شاہی فوج مین شامل ہوکر خدمت کرونگا۔ غرضکہ جب شرطین طے ہوچکین۔ اور سنبھاجی بھی راجہ کے لشکر مین پہونچ گیا تو سیواجی کو جو بغیر ہتھیار باندھے دربار مین آیا کرتا تھا۔ راجہ جےسنگھ نے اپنے سامنے ہتھیار بندھوا دیئے اور خلعت دے کر عزت کے ساتھ رخصت کردیا۔ بادشاہ نے راجہ کے اِس حُسن خدمت کے انعام مین منصب مین دو ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ کی ترقی دیکر منصب ہفت ہزاری ذات۔ ہفت ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر مفتخر فرمایا۔

مہم بیجاپور

۱۰۷۵ھ ۸ جلوس مین عادل شاہ والی بیجاپور نے خراج سالانہ کے پہونچنے مین تساہل کیا۔ بادشاہ نے راجہ جے سنگھ کو بیجاپور پر فوج کشی کرنے کا حکم بھیجا۔ ۱۰۷۶ھ ۹ جلوس مین راجہ نے بیجاپور پر فوج کشی کی۔ سیوا جی پندرہ سَو سوارون اور سات ہزار پیادون کے ساتھ اِس مہم مین شریک ہوا۔ ۲۴۔ رجب ۱۰۷۶ھ کو عادل شاہ کی طرف سے دیانت رائے معہ تحفہ تحائف کے راجہ کی خدمت مین حاضر ہوکر معافی کا خواستگار ہوا۔ راجہ نے بادشاہ کو لکھا۔ چونکہ موسم برسات کا آگیا تھا۔ بادشاہ نے لڑائی کے ملتوی کر دینے کا حکم بھیجا۔ اور راجہ وہان سے روانہ ہوکر اورنگ آباد مین آکر مقیم ہوئے۔

وفات

۱۰۷۷ھ ۱۰ جلوس مین راجہ جے سنگھ اورنگ آباد سے دربار کو روانہ ہوئے۔ راستے مین بیمار پڑے۔ اور بُرہان پور پہونچکر ۲۸۔ محرم ۱۰۷۸ھ کو اِس دار ناپائدار سے رخصت ہوئے۔ بادشاہ کو بہت رنج ہوا۔ کنور رام سنگھ کو جو موردِ عتاب تھا خلعت تعزیت مرحمت فرما کر خطاب راجگی اور دیگر نوازش ہائے شاہانہ سے مفتخر کیا۔

اولاد

راجہ جے سنگھ کے دو بیٹے تھے۔ کنور رام سنگھ۔ اور کیرت سنگھ۔ دونون کا حال علیحدہ علیحدہ لکھا جائے گا۔

یادگارین

راجہ جے سنگھ کی یادگار سے اورنگ آباد مین چاردیواری کے باہر غرب رُویہ اُن کا آباد کیا ہوا پورہ جے سنگھ پورہ کے نام سے مشہور رہے۔

اکبرآباد (آگرہ) مین بھی اُنھون نے اکثر نفیس عمارتین تعمیر کرائی تھین۔ اور اُسی مقام پر ایک محلہ آباد کرکے اُس کو جے سنگھ پورہ کے نام سے موسوم کیا تھا۔ ایک سَو دس ۱۱۰ بیگہ اراضی مین یہ عمارتین اور ایک عمدہ باغ واقع تھا۔ شروع اُنیسوین صدی کا ایک مورخ اِس باغ اور عمارت کی تعریف مین لکھتا ہے۔ ؎

هر طرفش چشمۂ کوثر سرشت — گلبن و گل رشک ریاض بہشت
طرفہ عمارات ملائک مقام — زبدہ چمن سیرگہ خاص و عام
آمدہ فوارہ بعرشش چو ابر — نعرہ زنان آب بیانگ ہزبر
نکہت گل روکش مشک ختن — رشک دہ غنچۂ پروین پرن

لیکن افسوس ہے کہ اب ان عمارتون مین ایک کا بھی نشان باقی نہین البتہ وہ مقام اب تک جی سنگھ پورہ کے نام سے موسوم ہے۔

اکبرآباد مین جس قطعہ زمین پر روضۂ ممتاز محل (روضہ تاج گنج) واقع ہے۔ یہ بھی راجہ جے سنگھ کی تھی جب شاہجہان نے اپنی پیاری بیگم کے مقبرہ کے واسطے یہ مقام پسند فرمایا تو راجہ جے سنگھ کو اس کا معاوضہ دینا چاہا۔ راجہ نے معاوضہ کے لینے سے انکار کرکے بطور پیشکش (نذرانہ) اس اراضی کو دینا چاہا۔ بادشاہ نے ازراہ احتیاط اس بات کو قبول نہ کیا۔ اور اس کے معاوضہ مین خالصہ شریفہ سے ایک وسیع مقام راجہ کو مرحمت کیا۔

علمی لیاقت

راجہ جے سنگھ علم سنسکرت مین خوب مہارت رکھتے تھے۔ ترکی۔ فارسی۔ عربی زبانون کو سمجھتے تھے۔

دھیراج۔ راجہ جے سنگھ سوائی

اصلی نام بجے سنگھ تھا سلطنت مغلیہ کے دور آخری کے مشہور ارکان سلطنت سے تھے۔ معزز خاندان کچھواہہ کے سردار۔ راجہ بشن سنگھ کے بیٹے۔ اور مرزا راجہ جے سنگھ کے پرپوتے تھے۔

۱۱۱۱ھ ۴۴ جلوس عالمگیری مین باپ کی وفات کے وقت منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر سرفراز تھے۔ اب بادشاہ نے منصب ہزار و پانصدی ذات۔

ہزار سوار پر مفتخر فرما کر خطاب راجہ جے سنگھ سے موصوف کیا۔ اور یہ عالمگیری خطاب ایسا چمکا کہ اصل نام سے زیادہ مشہور چلا آتا ہے۔

۴۵ جلوس مین عمدۃ الملک اسد خان کے ساتھ قلعہ کھیلنا (سخر لنا) کی تسخیر پر مامور ہوئے اور باوجود نوجوانی اور ناتجربہ کاری کے کہ اُسوقت تک حد بلوغ پر بھی نہ پہونچے تھے۔ اپنے حملہ ہائے شیرانہ اور شمشیر دلیرانہ سے قلعہ کو فتح کر لیا۔ بادشاہ نے اِس شجاعت اور کارگزاری کے صلے مین منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار پر سرفراز کر دیا۔

شہنشاہ عالمگیر کے انتقال کے بعد یہ اوّل شاہزادہ محمد اعظم شاہ کی رفاقت مین دکن سے ہندوستان روانہ ہوئے۔ لیکن لڑائی کے دن اپنی دانائی اور عقل کی رسائی سے انجام کو پہچانکر بہادر شاہ سے جا ملے اور فتح کے بعد نوازشات شاہی سے مالامال ہوئے۔

بجے سنگھ برادر راجہ جے سنگھ

راجہ جے سنگھ کا چھوٹا بھائی جو اپنے باپ کی وفات کے بعد دربار عالمگیری سے خطاب بجے سنگھ سے موصوف ہو کر شاہزادہ محمد معظم (بہادر شاہ) کے ساتھ صوبۂ کابل مین متعین تھا۔ اب شاہزادۂ موصوف کی رفاقت مین منصب سہ ہزاری پر سرفراز تھا۔ اِس فتح کے بعد دونون بھائیون مین آنبیر کی حکومت پر تنازع پیدا ہوا بہادر شاہ کو دونون کی خاطر عزیز تھی۔ اور کسی کی دل شکنی گوارا نہ تھی لہذا تا تصفیہ وہان کے انتظام کو سرکار شاہی کے اہتمام مین لے کر سید حسین خان بارہ کو وہان کا فوجدار مقرر کر دیا۔

۱۱۱۹ھ مین جب بہادر شاہ شاہزادہ کام بخش کے مقابلے کے واسطے دکن روانہ ہوئے۔ اُجین کے پڑاؤ سے راجہ جے سنگھ معہ اجیت سنگھ راٹھور اور دوسرے راجپوت سردارون کے شکار کا بہانہ کر کے رفوچکر ہو گئے۔ اور سید حسین خان سے

لڑبھڑکر آنبیر پر قبضہ کر لیا۔ جب ۱۱۲۱ھ مین بہادر شاہ اس مہم سے واپس ہوئے۔ انکی تنبیہ کے واسطے فوجین مامور کین۔ اسی عرصے مین پنجاب سے سکھون کے تاخت وتاراج کی خبر آئی۔ اور بادشاہ کو وہان جانا ضروری معلوم ہوا۔ ادھر راجپوتون نے بھی خانخانان منعظم خان اور مہابت خان کے ذریعے سے اپنے عفو تقصیر کی خواستگاری کی۔ اور بادشاہ نے مصلحت وقت کا خیال کرکے محض زبانی وعدۂ اطاعت پر سب کا قصور معاف کر دیا۔[1]

فرخ سیر کی عہد سلطنت مین راجہ جے سنگھ خطاب دھیراج سے مفتخر ہوئے۔ ۱۱۳۱ھ مین چورامن جاٹ کی تنبیہ پر مامور رہوئے۔ اور اس سرکش کو ایسا تنگ کیا۔ کہ اُس نے پیشکش پیش کرکے قطب الملک سید عبداللہ خان کے وسیلے سے اپنے تقصیرات کی معافی حاصل کی۔ چونکہ یہ معافی بلا امتزاج راجہ کے عمل مین آئی تھی۔ لہذا وہ بادل ناخواستہ مہم مذکور سے واپس آکر اپنے وطن کو روانہ ہو گیا۔

فرخ سیر کے عہد سے لے کر محمد شاہ کے شروع عہد تک امیر الامرا سید حسین علیخان اور قطب الملک سید عبداللہ خان دونون بھائیون کا دور دورہ رہا۔ اور اُنھون نے امارت ووزارت کے نام سے بادشاہی کی اور تاریخ مین بادشاہ گر کے لقب سے موسوم ہوئے۔ اِن کی راجہ جے سنگھ سے ہمیشہ کھٹ پٹ رہی۔ لیکن باوجود اس عظمت اور اقتدار کے راجہ کو کچھ نقصان نہ پہونچا سکے۔ جب محمد شاہ کے عہد مین دونون بھائیون کی تُرکی تمام ہوئی۔ راجہ جے سنگھ حسب الطلب دربار مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے بہت اعزاز واحترام کیا۔ اور ۱۱۳۵ھ مین اکبرآباد کی صوبہ داری پر سرفراز کرکے چورامن جاٹ کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ انھون نے غنیم کو تدبیر اور شمشیر کے زور سے سیدھا کیا۔ اور ۹ صفر ۱۱۳۵ھ کو تھون کا قلعہ فتح کر لیا۔

[1] اس معافی کا حال مہاراجہ اجیت سنگھ کے حال مین دیکھو۔

سنہ ۱۱۴۵ھ مین صوبۂ مالوہ کی حکومت پر ممتاز ہوئی۔ جب مرہٹون نے مالوہ مین لوٹ کھسوٹ مچائی تو راجہ جے سنگھ نے اپنے دوست محمد خان بنگش سے مدد چاہی اُس کا حال شکستہ حال ہو رہا تھا اُس نے جواب مین لکھا کہ آپ کے پاس علاوہ اپنی موروثی وطن کی ریاست جس کی آمدنی ایک صوبہ کی آمدنی کے برابر ہی ایک ثلث صوبۂ مالوہ۔ ایک چہارم صوبہ دہلی۔ اور تمام نظامت اکبرآباد کی ہے مرہٹہ اسوقت راجپوتون کے ساتھ موافقت ظاہر کرتے ہین۔ لیکن یہ صرف اُنکی فیلسوفی ہے۔ خدا جانے وہ کہان تک کی خبر لین گے۔ ایک ہندوستان مین کیا۔ وہ تمام بنگالہ مین پھیلے ہوئے ہین۔ اس امر کا غالبًا آپ کو یقین واثق ہوگا کہ جب کبھی اُنھون نے کہین محفوظ مقام پا لیا۔ تو وہ آپ کو بھی گدی سے اُتار دینگے اور جن مقامات کی وہ حفاظت کا اقرار کرتے ہین۔ اُنھین پر قبضہ کرنے کا قصد کرینگے۔

اِس کے بعد راجہ نے بہت اصرار سے محمد خان کو بُلایا۔ زرِ نقد بطور امداد کے بھیجا۔ جاگیر کا وعدہ کیا۔ ۷۔ رمضان سنہ ۱۱۴۸ھ کو محمد خان نے معہ اپنی فوج کے کوچ کیا۔ لیکن اِس عرصے مین مرہٹون کا مالوہ مین ایسا قدم جم چکا تھا کہ اُن کا نکالنا مشکل ہوگیا۔ آخر کار بہت سے پیغام وسلام اور خط وکتابت کے بعد اسی تصفیہ ہوا۔ کہ باجی راؤ بادشاہ کی اطاعت قبول کرے۔ اور بادشاہ کی طرف سے صوبۂ مالوہ کی حکومت اُس کو عطا کی جائے۔ چنانچہ اِس قرارداد کے بموجب ۸۔ ربیع الاول سنہ ۱۱۴۹ھ کو راجہ نے صوبۂ مالوہ کی حکومت کا چارج باجی راؤ کو دیدیا اور وہان سے رخصت ہو کر اپنے وطن جا پہونچے۔ اور مدت تک حکومت کر کے دسہرہ کے دن ۱۰ شعبان سنہ ۱۱۵۶ھ کو وفات پائی۔ اُن کی وفات کے بعد اُنکے بیٹے راجہ ایشر سنگھ۔ اور اُن کے بعد راجہ پرتھی سنگھ پسر راجہ ایشر سنگھ۔ اور اُنکے بعد

راجہ پرتاب سنگھ برادر راجہ پرتھی سنگھ جانشین ہوئے۔

علمی قدر دانی

راجہ جے سنگھ کی زندگی کی نہایت دلاویز تصویر جس سے اُن کا نام آئندہ نسلون مین ہمیشہ عزت وادب سے لیا جائیگا۔ اُن کے علوم وفنون کا شوق۔ اور علمی قدر دانی کا جوش تھا۔ اٹھارھوین صدی عیسوی مین جبکہ ہندوستان کی طوائف الملوکی۔ روزمرہ کے کُشت وخون۔ اور لوٹ مار سے ہندوستان کی علمی دنیا پر جہالت کا اندھیرا چھا رہا تھا۔ اُس اندھیرے مین اُن کا نام لعل بدخشان کی طرح سے چمکتا نظر آتا ہے۔ زبان برج بھاشا کی حسن خوبی اُنھین کی قدردانی اور کمال پروری سے ظاہر ہوئی۔ تمام ہندوستان کے عالم۔ فاضل گنوان پنڈت اُن کے علمی دربار مین حاضر رہتے۔ اور دریا مثال ہاتھ سے سرسبز وشاداب ہوکر معمولی دوہرون۔ کبتون کے صلے مین ایک ایک اشرفی سے لے کر ایک ایک لاکھ روپیہ تک کے انعام لوٹتے تھے۔ جے پور کے کتب خانے مین ایک ایسی کتاب کا موجود ہونا بیان کیا جاتا ہے جس مین صرف وہ دوہرے جمع کیئے گئے ہین جن کے انعام مین اُنکی کمال پرور سرکار سے ایک ایک لاکھ روپیہ مرحمت ہوا تھا۔ ممکن ہے کہ اس بیان مین کچھ مبالغہ ہو۔ مگر اس مین کچھ شک نہین ہے کہ اُنھون نے لاکھون روپیہ لٹا کر نہ صرف اپنی ریاست بلکہ دہلی اور نواح دہلی مین برج بھاشا کے شوق کو پھیلا کر مقبول خاص وعام کیا۔

راجہ موصوف علوم ریاضی سے ماہر اور اُسمین بہت دلچسپی رکھتے تھے۔ اُنھین کے حکم سے علمائے ہاندنی نے شرح چغمینی وغیرہ کتب ہندسہ کا عربی سے بھاشا مین ترجمہ کیا۔

زیچ محمد شاہی

راجہ موصوف نے مرزا خیر اللہ بیگ کے ذریعے سے جو علوم ریاضی مین بےنظیر عالم تھے۔ اُجین۔ جے پور۔ شاہجہان آباد (دہلی) مین بیس بیس لاکھ روپیہ کے

صرف سے اجرام فلکی کے مشاہدے کے واسطے رصدگاہین بنوا کر ان کو
زیچ محمد شاہی کے نام سے موسوم کیا۔ لیکن چونکہ عمل رصد کی تکمیل کے واسطے
تیس برس کی مدّت کی جو کہ مدت تمام دورہ زحل کی ہے ضرورت تھی اور راجہ
موصوف قبل اختتام اِس مدت کے انتقال کر گئے لہذا یہ عظیم الشان علمی کام
ناتمام رہا۔ اور آئندہ پھر کسی نے اِس طرف توجہ نہ کی۔ اُجین وغیرہ مین اِن
رصدگاہون کی عمارت کے نشانات ابتک موجود ہین۔

شہر جے پور کا آباد ہونا

راجہ جے سنگھ نے آنبیر سے چار کوس کے فاصلے پر ایک عظیم الشان شہر آباد
کیا۔ اُس مین قصرہائے عالی سنگین اور چوڑے چوڑے بازار۔ اوپر ہوادار
بالاخانے اُنمین جابجا کھڑکیان۔ نیچے مدرسے۔ کارخانے۔ جابجا مندر۔ شرفائے غربا
سب کے واسطے ایک سے مکان ایک رنگ ایک طرز کے بنوائے آبادی کے
چارون طرف پتھر اور چونے کی دوہری فصیلین تعمیر کرا کر باہر خوشنما باغ لگائے۔
اور اُس کو اپنے خطاب گرامی کی مناسبت سے جے پور کے نام سے موسوم کر کے
دارالحکومت مقرر کیا۔ یہ شہر اِس وقت تک ہندوستان کے عظیم الشان اور
قابل دید شہرونمین شمار ہوتا ہے۔ اور بلحاظ خوشنمائی خصوصاً سڑکون کی چوڑائی
اور اپنے مشہور و معروف عجائب خانہ کے ہندوستان مین بینظیر ہے۔

مہاراؤ جانوجی جسونت بنالکر

راؤ نبھاکا (جو کہ عہد عالمگیر کے اُمرائے متعینہ دکن سے تھا) بیٹا تھا۔ چونکہ وہ
اکثر لڑائیون مین بادشاہ کی طرف سے مرہٹون سے لڑ چکا تھا۔ لہذا فرخ سیر
کے عہد مین امیر الاُمرا حسین علی خان نے مرہٹون سے صلح ہونے کے بعد اُنکی
شکایت پر اُسے قید کر لیا۔ لیکن نواب نظام الملک آصف جاہ بہادر نے

محمد انور خان کی سفارش پر اُسے قید سے رہا کر کے مالوہ سے اپنے ساتھ لیا اور دکن مین پہونچکر اُسکی قدیمی جاگیر عطا کر کے منصب سابقہ پر سرفراز کر دیا۔ چونکہ رعایا پروری اور سلیقہ جاگیرداری کے جوہر سے موصوف تھا۔ لہذا بہت جلد اپنی حالت درست کر کے دکن کے محاربات مین شریک ہوتا رہا۔ نواب ناصر جنگ شہید کے عہد مین خطاب مہاراؤ۔ اور جسونت سے موصوف ہوا۔ اور سنہ ۱۱۶۷ھ مین مرگیا۔ چونکہ اُس کا بیٹا انندراؤ اُس کے سامنے مرچکا تھا لہذا دوسرا بیٹا مہاراؤ اور پوتا راؤ رنبھا پسر انندراؤ اُس کے جانشین مقرر ہو کر موروثی جاگیر پر قابض ہوئے۔ اور خدمات شاہی بجا لاتے رہے۔

چتربھوج چوہان

لکھمی سین چوہان کا پوتا۔ اور عہد شاہجہانی کا منصبدار تھا۔ سنہ ۱۰۵۰ھ مین خدمات نمایان کے صلے مین بادشاہ نے خلعت و اسپ سے سرفراز کیا۔ سنہ ۱۰۵۵ھ مین مہم بلخ و بدخشان پر مامور رہوا۔ اور اِس مہم مین اپنی شجاعت و بہادری کے جوہر دکھا کر سنہ ۱۰۶۰ھ مین منصب ہفت صدی ذات پانصد سوار سے سرفراز ہوا۔ مدتون خدمات شایستہ بجا لا کر انتقال کیا۔

چندربھان نروکا

شاہجہان کے عہد کا منصبدار تھا۔ سنہ ۶ جلوس ۱۰۴۲ھ مین بہ ایام محاصرہ قلعہ دولت آباد فدویت کے جوہر دکھائے اور عنبر کوٹ کی محافظت پر مامور رہوا۔ سنہ ۱۰ جلوس ۱۰۴۶ھ تک منصب پانصدی ذات۔ چہارصد سوار پر سرفراز تھا۔ سنہ ۱۹ جلوس ۱۰۵۵ھ مین مہم بلخ و بدخشان مین متعین ہوا۔ اور اصالت خان کے ساتھ میدان ہمت مین قدم جما کر غنیم کو

شکست فاش دی۔ اور فتح کے بعد خلعت و اسپ عطا ہو کر منصب ہفت صدی پانصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اِس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

منشی رائے چندربھان

قوم کے برہمن اور لاہور کے رہنے والے تھے۔ حساب کتاب۔ معاملہ فہمی۔ تحریر و تقریر مین کارگذار اہلکار اور انشاپردازی۔ اور مطلب نویسی مین بے نظیر سمجھے جاتے تھے۔ موزون طبع اور برہمن تخلص کرتے تھے۔ اول میر عبدالکریم میر عمارت لاہور کیساتھ تھے۔ اِس کے بعد یاوری بخت سے علامی افضل خان وزیر اعظم شاہجہان کی سرکار مین جا پہونچے۔ اور اپنی لیاقت کاردانی سے بہت جلد صاحب اعتبار ہو کر اُس سرکار کے دیوان ہو گئے۔

علامی موصوف کی وفات کے بعد ۱۲ جلوس شاہجہانی مین لاہور کے مقام پر بادشاہ نے حکم دیا کہ افضل خان کے متعلقین اور ملازمین حضور مین پیش کیے جائین۔ اِس تقریب سے یہ بھی حضور مین پیش ہوئے اِنھون نے ایک رُباعی موزون کر کے اور خط شکستہ مین لکھکر پیشی کے وقت پیش کی۔ بادشاہ کو اِن کا خط بہت پسند آیا۔ اور نوازش ہائے شاہانہ سے مسرور کر کے ملازمان اہل قلم کے سلک مین منسلک کیا وہ رُباعی یہ ہے ؎ رُباعی۔

شاہے کہ مطیع او دو عالم گردد	ہر جا کہ سریست پیش او خم گردد
از بسکہ بدورش آدمی یافت شرف	خواہد کہ شرف نیز آدم گردد

کچھ عرصے کے بعد شاہزادہ دارا شکوہ نے اِنکی حسن لیاقت۔ اور تحریر و تقریر کا حال سُن کر بادشاہ سے اِن کو مانگ لیا۔ اور اپنا میر منشی مقرر کیا۔ مدت تک یہ اِسی عہدے پر مامور رہے ۱۰۶۶ھ مین علامی سعداللہ خان

ل آگرہ کا روضۂ ممتاز محل بھی اِنھین کے اہتمام سے تعمیر ہوا تھا۔

وزیر اعظم کے انتقال کے بعد بادشاہ نے پھر اپنے یہان بُلا لیا - اور خطاب رائے سے مفتخر کر کے دفتر شاہی کا میر منشی مقرر کر دیا -

باغ چندر بھان

رائے چندر بھان نے ۱۰۶۸ھ مین انتقال کیا - اُنھون نے اپنے ایام امارت مین بمقام اکبر آباد ایک وسیع تالاب - اور ایک خوشنما باغ تیار کرایا تھا باغ کے اندر اپنی کچہری کے واسطے بہت نفیس عمارت تعمیر کرائی تھی افسوس ہے کہ آگرہ کی صدہا دیگر عمارات کیطرح یہ تالاب اور عمارت بھی ہستی ناپائدار سے مفقود ہو گئی صرف باغ اور عمارت کا نفیس اور خوشنما سنگ سُرخ کا دروازہ اپنے بانی کی عظمت کی یادگار مین اسوقت تک موجود ہے - غدر ۱۸۵۷ء کے زمانے مین یہ باغ ایک انگریز کے قبضے مین تھا - اُس نے آگرہ کے ایک ساہوکار لالہ سورج بھان ساکن محلہ بیلن گنج کے ہاتھ اس شرط پر فروخت کر دیا - کہ عمارت قدیم مین کوئی دست اندازی نہ کی جاوے - اور وہ بدستور اپنی حالت مین قائم رکھی جائے - یہ بھی مشہور ہے کہ لالہ سورج بھان کو اس باغ سے ایک بہت بڑا دفینہ بھی دستیاب ہوا - بہرحال لالہ سورج بھان بہت تعریف کے مستحق ہین کہ اُنھون نے نہ صرف اس آثار قدیمہ ہی کو محفوظ رکھا - بلکہ باغ کو بھی خوب رونق دی اور اب اُن کے انتقال کے بعد اُن کے بیٹے لالہ چندر بھان قابض اور اپنے باپ کے نقش قدم پر چل رہے ہین یہ باغ سکندرہ کی سڑک پر آگرہ اور سکندرہ کے درمیان مین واقع ہے - اور بانی کی نیک نیتی کہئیے خواہ اتفاق وقت سمجھئیے کہ بانی یا جانشین مشتری کے نام سے باغ چندر بھان کے نام سے موسوم چلا آتا ہے -

لطیفہ

علامی افضل خان کے عہد وزارت مین دربار مین ایک دن مشاعرہ تھا - رائے چندر بھان نے جب اپنا یہ شعر پڑھا - ؎

مرا دلے است بہ کفر آشنا کہ چندین بار ... بہ مکہ بُردم و بازش برہمن آوردم

نہ معلوم بادشاہ اُس وقت کس خیال مین تھے کہ بہت ناگوار گذرا۔ علامی موصوف بادشاہ کا چہرہ دیکھکر تاڑ گئے۔ اور اُسی وقت اُس کے جواب مین شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا یہ شعر پڑھا ؎

خرِ عیسیٰ اگر بہ مکہ رود　　چون بیاید ہنوز خر باشد

بادشاہ یہ جواب سُن کر ہنس پڑے۔ اور بات گئی گذری ہوئی۔

انشاپردازی اور موزونی طبع

رائے چندر بہان نے اپنے رقعات اور تحریرات کو خود جمع کر کے ایک مجموعہ رنگین مرتب کیا ہے۔ منشی سیل چند لکھتے ہین کہ "اُنھون نے انشاپردازی مین علامی ابو الفضل کا تتبع کیا ہے" اِس مقام پر اُن کے مجموعۂ رنگین سے چند مقام ناظرین کے ملاحظے کے واسطے نقل کیئے جاتے ہین۔

افسانۂ عشرت پیرائے۔ در وقتیکہ رایاتِ فیروزی شعار لفرخندگی و فیروزی متوجہ سیر خطۂ دلکشائے عشرت سرشت کابل گردید۔ در اثنائے راہ غزلے از زادہ ہائے طبع بوساطت بخشی الملک معتمد خان کہ از بندہائے سخن سنج سخنگوئی درگاہ والا بود بسمع مبارک رسیدہ درجۂ قبول یافت۔

غزل

روئیت بہ آفتاب دہد آب و تاب را　　اے از تو صد شرف شرفِ آفتاب را

دریادلی و دستِ تو چون موج در عطاست　　دستِ تو دادہ شیوۂ بخشش سحاب را

بوئے بہارِ لطفِ تو آفاق را گرفت　　دیگر چہ اعتبار بود مشکناب را

از دستِ تو چو آب شود آتشِ ستم　　خوش کردہ چشمِ فتنہ بدورِ تو خواب را

شاہان بخاکِ راہِ تو سرہا فگندہ اند　　در پیش موجِ بحر چہ وقع حباب را

ہان برہمن مدام دُعا کن ز روئے صدق　　شاہِ بلند اختر گردون جناب را

ہر روز او خجستہ چو نوروز و عید باد　　در دورِ او شرف شرفِ آفتاب را

افسانۂ میمنت قرین۔ چون رایات جہان پیمان فلک فرسا عالم نور دار مستقر الخلافت اکبرآباد بعزم سیر ممالک پنجاب باہتمام آمد۔ وقصبۂ دلنشین سہرند مظفر خیام ظفر فرجام گشت نسیم عنبر شمیم بہار باعث طراوت حدیقۂ دلہا۔ وموجب انشراح غنچۂ خاطرہا گردید مجلس نوروز جہان افروز بہ آئینے کہ شایان این دولت خداداد ازل بنیاداست۔ در دولت خانۂ بادشاہی کہ بمقتضائے طراوت۔ ونضرت۔ ووسعت وفسحت۔ نظیر وعدیل ندارد۔ آرائش تازہ یافت۔ وسطح روئے زمین بہ انواع نقش ونگار رشک صحیفۂ روزگار چرخ دوار شد۔ بادشاہ جہان پناہ چون آفتاب جہان تاب برتخت دولت جلوس فرمودہ صلائے جود وکرم وبخشش وانعام عام دادہ دامن آرزوئے جہانیان لبریز گردانیدند۔ کمترین بندگان کہ از خانہ زادان این دودمان دولت نشان است۔ بوساطت عمدۃ السلطنت اسلام خان رباعی از نظر انور اقدس گذرانید۔ از غایت ذرہ پروری۔ وبندہ نوازی کہ سرشتہ ذات ملکی ملکات مقدس است۔ بدست مبارک گرفتہ بر زبان معجز بیان خواندہ تحسین فرمودند۔ رباعی۔

روز نو وسال نو مبارک بادا　　　ملک نو ومال نو مبارک بادا
اے آنکہ خیال ملک گیری داری　　　پیوستہ خیال تو مبارک بادا

بہ عنایت الٰہی واقبال بلند حضرت شاہنشاہی در اندک فرصت آثار آن بہ ظہور آمد۔ وفتح ممالک بدخشان نصیب اولیائے دولت ابد پیوند گشت۔
مجلس خسروی موجب انشراح وانبساط خاطرہا وباعث اہتزاز وشگفتگی دلہا گردیدہ۔ جمیع بندگان درگاہ والا از امرائے نامدار وخوانین بلند اقتدار وارباب اہل خدمت درخور حالت ومنزلت بہ عنایت شاہنشاہی از مرحمت فیل واسپ وخلعت ہائے فاخرہ۔ واضافۂ منصب وانعام نقد سرفراز گردیدند۔

واصحابِ فضل وکمال واہل احتیاج از درویشان وگوشہ نشینان ودُعاگویان
ووظیفہ داران وامیدوران۔میراث ذخیرۂ عمرہائے درازاندوختند۔ وارباب
فصاحت وبلاغت ازشعرائے فصیح زبان مثل محمدخان قدسی۔ وطالب کلیم ومیرالہی
ومُلاامی۔ ومیربخشی وغیرہ قصیدہ۔ ومثنوی۔ ورُباعی درتعریف آن جشن گرامی گفتہ
بہ انعام نقد وعنایت خلعت سربلندگشتند۔ ومجلسیانِ شیرین زبان۔ وبرہمنان
ہندی بیان۔ وکبیشران۔ ومنجمان۔ وامثال آن بہ مرحمت خلعت سرفرازی
حاصل کردند۔ وارباب نغمہ ونشاط۔ واہل سرود وانبساط ازخوانندگان وسازندگان
عراق وخراسان ونغمہ سازان وترانہ پردازان کابل وکشمیر۔ وکلانوت وطوایف
ہندی بہ عنایت خلعت ہائے گوناگون مفتخرگردیدند وبہ مکرمت زرہا ازاندازہ
بیرون دامن اُمیدرا لبریزگردانیدند وجمع کہ درمعالجۂ آن رابعۂ ثانی جہان آرا بیگم
ازروئے اخلاص کوشش نمودہ بودند بہ اضافہ منصب وعنایت اسپ وفیل ونقد
وخلعت وانواع مرحمت سرفرازگشتند۔ وچون این برہمن عقیدت کیش کہ در
منشیان این درگاہ آسمان جاہ منسلک است ودر روزہائے عظیم مثل نوروزجہان
افروزمیگذرانید۔ درجشن مبارک فرخندہ آئین نیزرباعی خواندہ بہ عنایت
خلعت سرفرازی یافت۔ رُباعی۔

درجشن مبارک شہنشاہ جہان　　شاہنشہِ آفاق خدیوگیہان
دریاشدہ ازآب گہرروے زمین　　ہرخانہ شدازلعل بدخشان کان

امیدکہ اللہ تعالیٰ سایۂ عنایت وظلّ مکرمت این دولت ابدپیوندرا بر
مفارق جہان وجہانیان مستطیل ومستدام دارد۔

رائے موصوف صاحب دیوان ہین۔ اُن کا یہ شعربہت مشہور ہے۔

بہ ہین کرامت بتخانۂ مرا اے شیخ　　کہ چون خراب شود خانۂ خدا گردد

سچ ہے بد اچھا بدنام بُرا۔ لوگون نے مشہور کر رکھا ہے کہ عالمگیر نے اپنے عہد
مین ایک مندر توڑنے اور بجاے اُس کے مسجد تعمیر کرانے کا حکم دیا۔ اُسوقت
وہان کے پجاری برہمن نے مندرجۂ بالا شعر موزون کر کے بادشاہ کے سامنے
پڑہا۔ اور اُس کو شرمندہ کر دیا۔ عالمگیر پر اس قسم کے جسقدر الزام گرڑھے جائین
وہ اُس پر بخوبی تھپ جاتے ہین۔

چندر من بندیلہ

راجہ نرسنگہ دیو کا چھوٹا بیٹا تھا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری [۱۰۰۰]
ذات ششصد [۶۰۰] سوار پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۸ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی [۱۵۰۰] ذات
ہفتصد [۷۰۰] سوار پر ترقی پائی۔ جب سنہ ۹ جلوس مین اُس کے بھائی جہجہار سنگہ بندیلہ
نے بغاوت پر کمر باندھی۔ یہ خانِ دوران خان کی ماتحتی مین صوبۂ دکن مین متعین
تھا حسب الحکم شاہی خان موصوف کے ساتھ اُسکی سرکوبی کے واسطے روانہ ہوا
اور اِس مہم کے اختتام کے بعد پھر مہم دکن پر متعین ہوا اور قلعہ اودگیر اور اڈیسہ
کی تسخیر مین خاص نام پیدا کیا۔ سنہ ۱۴ جلوس مین خلعت و اسپ مرحمت ہو کر صوبۂ
کابل مین تعینات کیا گیا۔ سنہ ۱۵ جلوس مین کابل سے جگت سنگہ کی مہم پر مامور رہا۔
اور مہم کے خاتمے پر خلعت۔ اسپ و علم سے مفتخر ہوا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان
مین شریک ہوا۔ سنہ ۲۰ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی [۱۵۰۰] ذات۔ ہشتصد [۸۰۰] سوار
پر سربلند ہوا۔ اسکے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

راجہ چندر سین جادون

مرہٹون کی گوت جادون سے تھا۔ اس کا باپ دھناجی جادون مرہٹون کا

مشہور سردار تھا۔ نواب نظام الملک آصف جاہ کی صوبہ داری دکن کے زمانہ
مین فرخ سیر کے دربار سے منصب ہفت ہزاری پر سرفراز ہوا۔ اور بہالکی وغیرہ
محالات صوبہ بدر جاگیر مین مرحمت ہوئے۔ اِس نے دریائے کرشنا کے پاس ایک
پہاڑی پر ایک مختصر قلعہ بنا کر اُسکو چندرگڈہ کے نام سے موسوم کیا۔ یہ نہایت
شجاع اور بہادر تھا چار ہزار سوار ہمیشہ اُسکی رکاب مین حاضر رہتے تھے۔ نواب
نظام الملک آصف جاہ اُس کی بہت خاطر کرتے تھے ۱۱۳۶ھ مین مرگیا اور چندر
اُس کا بیٹا جانشین ہوا۔

راجہ چھبیلا رام ناگر

قوم کے ناگر برہمن تھے۔ اِن کا بھائی دیا رام ناگر شاہزادہ عظیم الشان کی
سرکار مین کسی مالی خدمت پر مامور تھا۔ یہ بھی بھائی کے ساتھ احمد آباد گجرات مین
کام کرتے تھے۔ اُسکی وفات کے بعد اُسکی جگہ پر مامور ہو گئے۔ اور ترقی پا کر کڑہ
جہان آباد کی فوجداری پر سرفراز ہو گئے۔
۱۱۲۳ھ مین جب فرخ سیر نے جہاندار شاہ پر چڑہائی کی۔ تو یہ اپنے یہان کے
سرکاری خزانے کو لے کر اول جہاندار شاہ کے پاس حاضر ہوئے۔ مگر جب اِس
لشکر کا طور بے طور دیکھا تو انجام کار پر خیال کر کے کسی بہانہ سے کھسک گئے
اور معہ خزانہ کے فرخ سیر کے لشکر مین جا پہونچے۔ جب فرخ سیر نے فتح پائی۔ اور
اُمرائے ہمراہی ادائے خدمت اور رفاقت کے صلے مین خلعت و منصب اور
انعام و اکرام سے سرفراز ہوئے۔ یہ منصب پنجہزاری پر ممتاز ہو کر خطاب راجگی
سے موصوف ہوئے۔ اور دیوانی تن اور خالصہ کی خدمت کا خلعت مرحمت ہوا۔
۱۱۲۴ھ مین اول اکبر آباد اور اُس کے بعد الہ آباد کی صوبہ داری پر سربلند ہوئے

امیر الاُمرا حسین علیخان اور اِن سے دلون مین رنج تھا۔ امیر الاُمرا نے الہ آباد کو اِن سے چھیننا چاہا۔ انھون نے قلعہ کو خوب مستحکم کیا۔ ۱۱۳۱ھ مین امیر الاُمرا فوج لے کر اِن کے مقابلے کے واسطے روانہ ہونے والے تھے کہ اُسی عرصے مین الہ آباد سے اِن کے وفات کی خبر آئی۔ ان کی وفات کے بعد راجہ گردھر بہادر اِن کے جانشین مقرر ہوئے جن کا حال علیحدہ لکھا جائے گا۔

رائے خوشحال چند

محمد شاہ کی عہد سلطنت مین خطاب رائے سے موصوف ہو کر پیشکار میر بخشی کے عہدے پر سرفراز ہوئے۔ ۱۱۵۱ھ مین برہان الملک سعادت خان۔ اور امیر الاُمرا خاندوران خان کے ساتھ نادر شاہ کے مقابلے کو روانہ ہوئے۔ اِس لڑائی مین ان کا بیٹا رتن چند نہایت بہادری سے لڑکر مارا گیا۔ بادشاہی فوج کو شکست اور نادر شاہ کو فتح حاصل ہوئی۔ نواب نظام الملک آصف جاہ نے دو کڑوڑ روپیہ نادر شاہ کو دینے کا وعدہ کرکے اُسی جگہ سے واپس چلے جانے پر رضامند کرلیا۔ محمد شاہ نے اِس حسنِ خدمت کے صلے مین نواب موصوف کو امیر الاُمرائی کا منصب عطا فرمایا۔ ہندوستان کی پھوٹ مشہور ہے۔ برہان الملک نے جب سُنا کہ امیر الاُمرائی کا خلعت نواب آصف جاہ کو مرحمت ہوا ہے۔ آتش حسد سے جل کر کباب ہو گیا۔ فوراً جا کر نادر شاہ کو بہکایا۔ اور کہا کہ محمد شاہ کے لشکر مین سوائے آصف جاہ کے اور کسی سے خوف نہین ہے۔ دو کڑوڑ روپیہ پر جو آپ نے صلح کرلی ہے۔ وہ ہندوستان کی دولت کے سامنے بالکل بے حقیقت ہین۔ اتنا تو مین اکیلا ہی حضور کو دے سکتا ہون اگر آپ دہلی تشریف لے چلین تو بہت کچھ روپیہ مل سکتا ہے۔ نادر شاہ نے

یہ بات سن کر آصف جاہ کو بلایا۔ اور نظر بند کر کے اول برہان الملک کے اپنے ایک امیر طہماسپ نامی کو دہلی روانہ کیا اور پیچھے سے خود روانہ ہو کر ۸۔ ذیحجہ ۱۱۵۱ھ کو قلعہ دہلی مین داخل ہوا۔ اور ایک بڑے قتل عام کے بعد کڑوڑون روپیہ کا مال و اسباب لے کر، صفر ۱۱۵۲ھ کو دہلی سے کوچ کیا۔ اور ہزارون جانین اور کڑوڑون روپیہ کا مال و اسباب آتش حسد مین جلکر تباہ ہو گیا۔

نادر شاہ کے فتوحات کی فہرست

کاغذات دارالانشاے شاہی ریاست بھوپال سے نادر شاہ کے فتوحات کی فہرست کی نقل ایک معتبر ذریعے سے حاصل ہوئی ہے جو ذیل مین درج کیجاتی ہے۔ اسے دیکھکر تعجب ہوتا ہے۔ کہ باوجود اس کے کہ محمد شاہ کے عہد مین سلطنت کا صرف نام ہی نام رہ گیا تھا۔ اس پر بھی معمولی عہدہ دارون کو اس قدر تمول حاصل تھا۔ کہ دو۔ دو۔ تین۔ تین لاکھ روپیہ نادر شاہ اُن سے وصول کرلے گیا۔ رائے خوشحال چند پیشکار میر بخشی کے عہدے پر مامور تھے۔ ڈہائی لاکھ روپیہ ان سے بھی وصول کیا گیا۔

نقد از خزانہ سلطنت۔	جواہرات از جواہر خانہ شاہی۔	آلات طلائی۔
۸ کڑوڑ۔ ۵۰ لاکھ روپیہ۔	۱۵ کڑوڑ۔	ایک کڑوڑ۔ ۵۰ لاکھ۔

تخت طاؤس و اسباب متفرق از خوشبو خانہ۔ و باورچیخانہ۔ و قورخانہ۔ و فراش خانہ۔

۱۵۔ کڑوڑ۔

و آبدار خانہ۔	از آصف جاہ نظام الملک۔	پیشکش نواب ابو المنصور خان معرفت
	۴۔ کڑوڑ۔	۲۔ کڑوڑ۔

راجہ مہا نرائن۔ برائے خلعت صوبہ اودھ۔	ضبطی خانہ خاندوران خان و مظفر خان میر آتش
۲ کڑوڑ	۲۔ کڑوڑ۔ ۷۰ لاکھ۔

از وزیر الممالک قمر الدین خان۔ از لطف اللہ خان صادق داروغہ جواہر خانہ۔
یک کڑوڑ ۹ لاکھ

از نواب محمد خان بنگش۔ از رائے خوشحال چند پیشکار بخشیگری۔ از متصدیان دفتر
۲۔ کڑوڑ ۲۔ لاکھ۔ ۵۰ ہزار۔ ۲۔ لاکھ۔ ۵۰ ۷ ہزار۔

عمائد شہر۔ از شیخ سعد اللہ دیوان تن۔ از راجہ ناگرمل دیوان خالصہ۔ از
۳۔ لاکھ ۳۔ لاکھ۔ ۵۰ ہزار

سیتارام خزانچی۔ از سبحان رائے وکیل دکھنیا۔ از نوندہ رائے۔ متفرق جواہر
۴۰۔ لاکھ ۲۔ لاکھ۔ ۶۰ ہزار۔ ۲۔ لاکھ۔ ۵۰ ۷ ہزار۔ ۲۔ لاکھ۔ ۵۰ ہزار۔

ونقدی۔ میزان کل۔
۵۲ کڑوڑ۔ ۳۰ لاکھ۔ ۶۰ ہزار۔

رائے درگاداس سیسودیہ

چندراوت کا رہنے والا تھا۔ جو کہ پرگنہ رام پور میں قلعہ چتوڑ کے قریب واقع ہے۔ اول رانا اودے سنگھ کی سرکار میں ملازم تھا۔ وہاں سے ملازمت ترک کرکے دربار اکبری میں حاضر ہوا۔ بادشاہ نے اُمرائے خاص کے سلسلے میں منسلک کیا۔ سنہ ۲۶ جلوس اکبری میں شاہزادۂ مراد کے ساتھ مرزا محمد حکیم کی مہم پر مامور ہوا۔ سنہ ۲۸ جلوس میں مرزا خان کے ہمراہ باغیان گجرات کی تادیب کے واسطے روانہ ہوا۔ سنہ ۳۰ جلوس میں خان اعظم کے ساتھ مہم دکن پر متعین ہوا۔ سنہ ۳۶ جلوس میں شاہزادۂ مراد کے ساتھ صوبہ مالوہ میں تعینات ہوا۔ سنہ ۴۵ جلوس میں شیخ ابوالفضل کے ساتھ مہم ناسک میں شریک ہو کر کارہائے نمایاں انجام دیے۔ سنہ ۴۶ جلوس میں دربار میں حاضر ہو کر پھر صوبہ دکن میں مامور رہا۔ سنہ ۲ جلوس جہانگیری میں

بیاسی برس کی عمر مین انتقال کیا۔جہانگیر نے لکھا ہے کہ "رائے درگا نے میرے پدر بزرگوار کی چالیس برس سے زیادہ خدمت کی تھی منصب چہار ہزاری پر سرفراز اور سپاہگری مین شہرۂ آفاق تھا"

رائے درگا داس کا بیٹا چاندہ اوائل جلوس جہانگیری مین منصب ہشت صدی پر سرفراز تھا۔ رفتہ رفتہ ترقی کر کے منصب عمدہ اور خطاب رائے سے مفتخر ہوا۔ اور مدتون خدمات شاہی انجام دے کر مرگیا۔

اُس کا بڑا بیٹا راؤ دودا جانشین مقرر ہوا جس کا حال علیحدہ قلمبند کیا جائیگا۔ دوسرا بیٹا ہری سنگھ شاہجہان کے عہد مین منصب پانصدی ذات۔ چہار صد سوار سے سرفراز تھا۔ ۹ جلوس مین مرگیا۔

ہری سنگھ ولد رائے چاندا

رائے دلیپ سنگھ

رائے رائے سنگھ بیکانیری کا بڑا بیٹا تھا۔ شہنشاہ اکبر کے عہد مین منصب پانصدی پر سرفراز تھا۔ ۳۶ جلوس مین خانخانان عبدالرحیم خان کی کمک پر مہم ٹھٹہ مین مامور ہوا۔ لڑائی کے دن باوجود اس کے کہ جمعیت معقول رکھتا تھا کچھ ہمت نہ دکھائی اور دور سے تماشہ دیکھتا رہا۔ ۴۵ جلوس مین بلا رخصت بیکانیر چلا گیا۔ اور وہان جاکر شورش برپا کی۔ باپ دربار مین موجود تھا۔ یہ حال سُنکر رخصت لے کر بیکانیر گیا۔ اور بیٹے کو ساتھ لاکر بادشاہ کے قدمون پر گرادیا۔ بادشاہ نے قصور معاف کر کے پھر منصب پر بحال کردیا۔

جہانگیر کے عہد مین باپ کے ساتھ پھر بیکانیر چلا گیا[1] جب شاہی فوجین باپ بیٹے کی سرکوبی پر مامور ہوئین۔ یہ بیکانیر سے بھاگا۔ زاہد خان اور شیخ عبدالرحمن نے

[1] رائے رائے سنگھ کا حال دیکھو۔

ناگور کے قریب جا گھیرا۔ یہ خوب جمکر لڑا۔ لیکن شکست کھائی۔ اور بہ ہزار دشواری پہاڑون مین گھُس کر جانبر ہوا سنہ جلوس مین خانجہان کی خوشامد کی اور اُن کی سفارش سے قصور معاف ہوکر دربار مین طلب ہوا۔ اور منصب پر بحال ہوکر صوبہ دکن مین متعین ہوا۔

سنہ جلوس مین باپکے مرنیکا حال سُنکر دربار مین حاضر ہوا۔ چھوٹا بھائی سورج سنگھ بھی موجود تھا۔ باپ کو سورج سنگھ کی مان سے زیادہ محبت تھی اسوجہ سے وہ سورج سنگھ کو اپنا جانشین مقرر کرنا چاہتا تھا۔ جب دربار مین جانشینی کا مسئلہ پیش ہوا سورج سنگھ خوردسالی اور ناتجربہ کاری کی وجہ سے سروربار بول اُٹھا کہ باپنے مجھے اپنا جانشین مقرر کرکے ٹیکہ دیا ہے۔ بادشاہ کو یہ بات ناگوار گذری خفا ہوکر فرمایا۔ کہ اگر باپ نے تجھے ٹیکہ دیا ہے۔ تو مین دلیپ سنگھ کو سرفراز کرکے ٹیکہ دیتا ہون۔ اُسی وقت اپنے ہاتھ سے دلیپ سنگھ کی پیشانی پر ٹیکہ کھینچکر خطاب راۓ سے موصوف کیا۔ اور بیکانیر کی موروثی حکومت پر سرفراز کیا۔

دلیپ سنگھ کم عقل اور سخت نالائق تھا۔ اگر راہ راست پر چلتا تو بہت ترقی کرجاتا مگر اُس پر تو نحوست کی گھٹا چھا رہی تھی۔ بادشاہ نے منصب مین پانصدی کا اضافہ کرکے مرزا رستم صفوی کی کمک پر ٹھٹہ جانے کا حکم دیا۔ اُس کے دماغ مین خودی کا کیڑا زور مار رہا تھا راستے سے بیکانیر چل دیا۔ بادشاہ نے سورج سنگھ کو فوج دیکر اُسکی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا اُسنے بیکانیر پہونچکر اُسکو شکست دیکر بھگا دیا۔ راستے مین ہاشم خان خوستی فوجدار شاہی نے گرفتار کرکے دربار مین بھیجدیا۔ چونکہ کئی مرتبہ بغاوت کرچکا تھا۔ بادشاہ نے قتل کرادیا۔

راجہ دیبی سنگھ بُندیلہ

راجہ بھارت بُندیلہ کا بیٹا تھا۔ باپ کے مرنے کے بعد سنہ جلوس شاہجہانی مین

منصب دو ہزاری پر سرفراز ہو کر خطاب راجگی سے مفتخر ہوا۔ سنہ جلوس مین نقارہ
مرحمت ہو کر خاندوران خان بہادر کے ساتھ ججہار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر متعین ہوا۔
اوندچھ (اُرچھا) کی گدّی قدیم سے راجہ دیبی سنگھ کے مورثان کے قبضہ مین
چلی آتی تھی۔ جہانگیر نے اپنے عہد سلطنت مین وہان کی حکومت راجہ نرسنگھدیو کو مرحمت
کی تھی۔ ججہار سنگھ اُس کا بیٹا تھا۔ چنانچہ جب اوندچھ بادشاہی فوج نے فتح کر لیا
بادشاہ نے سردار قوم بندیلہ کا منصب راجہ دیبی سنگھ کو مرحمت کر کے اوندچھہ
کی حکومت پر سرفراز کر دیا۔
سنہ ۹ جلوس مین اوندچھ کے انتظام سے فارغ ہو کر راجہ بادشاہ کے پاس
حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے سید خانجہان بارہ کے پاس مہم بیجاپور مین متعین کیا۔
راجہ نے اِس مہم مین اپنی شجاعت و بہادری کے ایسے جوہر دکھائے کہ سنہ
جلوس مین سیّد خانجہان کی سفارش سے علم و نقّارہ مرحمت ہوا۔
سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر مامور
ہوئے۔ اور اس مہم مین اپنے حملہ ہائے مردانہ اور شمشیر دلیرانہ سے کئی موقعون
پر غنیم کی فوج کو پسپا کیا۔ اور ایسی بہادری دکھائی کہ اُن کی کاردانی بادشاہ
کے منقوش خاطر ہو گئی۔ اور اس کے انعام مین سنہ جلوس مین منصب
دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار سوار سے مفتخر ہوئے۔
سنہ ۲۲ جلوس مین شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ اور اس کے بعد
دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار مین شریک ہوئے۔ سنہ ۲۸ھ مین بھلسہ (صوبہ مالوہ)
کی حکومت پر سربلند ہوئے۔
سنہ ۳۰ جلوس مین معظم خان میر جملہ کے ساتھ شاہزادہ اورنگ زیب کے
پاس صوبہ دکن مین متعین ہوئے۔ اور سنہ ۳۱ جلوس مین حسب الطلب دربار مین

حاضر ہوئے۔

سنہ ۱۰۶۸ھ کی جنگ اُجین مین جسونت سنگھ کے ساتھ تھے۔ لیکن جسونت سنگھ نے کسی وجہ سے اِنھین قید کر رکھا تھا۔ جب اُس کو شکست ہوئی۔ قید سے رہائی پا کر شاہزادۂ مراد بخش کے توسل سے بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوئے۔ عالمگیر نے منصب دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار و پانصد سوار سے سربلند کیا۔ جنگ سموگڈھ اور محاربۂ دوم دارا شکوہ مین شریک ہو کر شجاعت و دلاوری کے جوہر دکھائے۔ اِس کے بعد راجہ عالم سنگھ جگہ بہلسہ کی فوجداری پر مامور رہوئے۔

سنہ ۲ جلوس مین چنپت بُندیلہ کی تادیب پر متعین ہوئے۔

سنہ ۱۰ جلوس مین شمشیر خان کے ساتھ یوسف زئی پٹھانون کی سرکوبی کے واسطے روانہ ہوئے۔

سنہ ۱۳ جلوس مین محمد امین خان صوبہ دار کابل کے ساتھ کابل مین تعینات ہوئے۔ اِس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

اورنگ آباد مین چار دیواری کے باہر پچھم اور دکن کے گوشہ مین راجہ کا آباد کیا ہوا پورہ اُن کے نام سے مشہور ہے۔

راؤ دودا سیسودیہ

راؤ چاندہ کا بیٹا۔ اور رائے درگا داس کا پوتا تھا سنہ ۱ جلوس شاہجہانی مین منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر سرفراز ہو کر اول ہمراہ اعظم خان مہم خانجہان لودی پر مامور ہوا۔ اِس کے بعد یمین الدولہ آصف خان کے ساتھ مہم بیجاپور مین شریک ہوا۔ اور اس مہم سے فارغ ہو کر خانخانان مہابت خان کے ساتھ صوبۂ دکن مین مامور ہوا۔

سنہ ۶ جلوس مین بہ ایام محاصرہ قلعہ دولت آباد اُس نے اور اُس کے ساتھیون نے اپنی جان کو جان نہین سمجھا اور غنیم کی صفون مین گھُس گھُسکر کشتون کے پُشتے لگا دیئے۔ اسی عرصے مین اُسکے بھی چند ساتھی کام آئے وہ اُنکی لاشین میدان جنگ سے اُٹھانے گیا۔ اُس مقام پر غنیم کا زیادہ غلبہ تھا۔ جب گھِر گیا تو بہادر راجپوتون کے طریق پر گھوڑے سے کود کر پیادہ ہوا۔ اور شجاعت و دلاوری کے جوہر دکھا کر اپنی جان کو حق نمک پر فدا کر گیا۔

راؤ ہتی سنگھ

قدردان بادشاہ کو جب یہ حال معلوم ہوا۔ اُس کے بیٹے ہتی سنگھ کو جو اپنے وطن مین تھا خلعت ارسال کر کے منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار سوار پر سرفراز فرمایا۔ اور خطاب راؤ مرحمت فرما کر صوبۂ دکن کی تعیناتی کا حکم صادر کیا۔

۱۲ جمادی الثانیہ سنہ ۱۰۴۶ھ کو جب بادشاہ دکن سے واپس آرہے تھے۔ موضع کھجوری پرگنہ رام پور (میواڑ) مین مقام ہوا۔ یہ راؤ ہتی سنگھ کا وطن تھا۔ راؤ مذکور نے ایک ہاتھی پیشکش کیا۔ اور خلعت سے سرفراز ہوا۔ اسی سال خانزمان کے ساتھ قلعہ جنبیسر کے محاصرہ اور تسخیر مین خدمات نمایان انجام دین۔ اس کے بعد دکن مین خدمات شاہی بجا لا کر سنہ ۱۷ جلوس مین لاولد انتقال کیا۔ بادشاہ نے اس کے چچازاد بھائی روپ سنگھ پسر روپ مکند کو جانشین مقرر کیا۔ اُس کا حال علیحدہ قلمبند کیا جاویگا۔

راجہ دوارکاداس کچھواہا

راجہ گردھر کچھواہا کا بیٹا تھا۔ پہلے سال شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار سے سرفراز ہوا۔ سنہ ۳ جلوس مین مہم نظام الملک دکھنی مین شریک ہو کر ایسی دلاوری دکھائی کہ اُسکی بہادری بادشاہ کے منقوش خاطر ہو گئی اور

بادشاہ نے اس کارگذاری کے صلے مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار سے سربلند کردیا۔

نرسنگھ داس کچھواہا

سنہ جلوس مین خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور رہا۔ اور نہایت بہادری سے لڑکر تیر اجل کا نشانہ ہوا۔ بادشاہ نے اُس کے بیٹے نرسنگھ داس کو منصب پانصدی ذات۔ چارصد سوار سے ممتاز کیا۔ سنہ ھ مین منصب ہشتصدی ذات۔ ہشتصد سوار سے سرفراز ہوکر قلعہ کابل وصوبہ برار کا قلعدار مقرر کیا۔

رائے۔ رایان۔ دیانت رائے گجراتی

قوم کے ناگر برہمن۔ اور گجرات کے رہنے والے تھے۔ تحریر و تقریر حساب و کتاب۔ ہیئت و ہندسہ مین عمدہ لیاقت رکھتے تھے۔ اور زبان ہندی۔ اور تاریخ دانی مین بے نظیر سمجھے جاتے تھے۔ اول علامی افضل خان کے عہد وزارت مین معمولی منشیون کے زمرے مین ملازم ہوئے۔ اس کے بعد اپنی حسن لیاقت دیانت و امانت سے جلد جلد ترقی پاتے ہوئے سنہ جلوس شاہجہانی مین عہدے دیوانی خالصہ شریفہ (نائب دوم وزیر اعظم) پر سرفراز ہوگئے۔

سنہ ۱۱ جلوس مین منصب ہزاری سے ممتاز ہوکر خلعت دیوانی تن (نائب اول وزیر اعظم) کا مرحمت ہوا۔

سنہ ۱۲ جلوس مین علامی افضل خان کی وفات کے بعد خطاب رائے۔ رایان سے موصوف ہوکر تا تقرر وزیر اعظم قائم مقام وزیر اعظم مقرر ہوئے۔

سنہ ۱۵ جلوس مین دیوانی بیوتات کا خلعت عطا ہوا۔

سنہ ۱۷ جلوس مین بادشاہ کی خدمت مین درخواست پیش کی۔ کہ اگر اجازت ہو

تو کارِ دُنیوی سے ہاتھ اُٹھاکر آخری وقت معبودِ حقیقی کی یاد مین گنگاجی کے کنارے بنارس مین جاکر صرف کرون۔ ۸۔شعبان ۱۰۵۳ھ کو بادشاہ نے فرمان اجازت صادر فرمایا۔ اور یہ بنارس روانہ ہوئے۔

۱۰۵۵ھ ۱۸ جلوس مین دنیا کی محبت نے پھر زور مارا۔ اور اُس کے دامِ الفت مین پھنسکر مقدس مقام بنارس کو چھوڑکر پھر بارگاہ شاہجہانی کا رُخ کیا۔ اِن کی کاروانی بادشاہ کے منقوش خاطر تھی۔ منصب سابقہ سے سربلند کرکے خدمت دیوانی کل صوبہ دکن اور فوجداری صوبہ بگلانہ پر مامور کردیا۔ اور اسی خدمت پر یہ اپنی اخیر زندگی تک سرفراز رہے۔

علامی افضل خان کے عہد مین کل وزارت کا کام اِنھین کے سپرد تھا۔ جسے چاہین رکھین جسے چاہین برخاست کرین۔ اگر کوئی امیر علامی موصوف سے کیسی سفارش کرتا۔ یا کچھ حال دریافت کرنا چاہتا تو ہمیشہ یہ ہی جواب ملتا تھا کہ دیانت رائو سے کہو۔ یا دیانت رائے سے پوچھو جب علامی موصوف کا انتقال ہوا ایک ظریف نے ازراہ ظرافت اُن کا مرثیہ کہا۔ اور اُس مین یہ مضمون باندھا کہ جب منکر نکیر قبر مین سوال وجواب کے واسطے آئے۔ اور اُنھون نے علامی سے سوال کرنے شروع کیے تو اُنھون نے ہر سوال کے جواب مین یہ ہی جواب دیا۔ کہ دیانت رائے سے جاکر دریافت کرو۔ وہی تمھارے سوال کا جواب دے گا۔

راوت دیال داس جھالا

شاہجہان کے عہد کا منصبدار تھا۔ ۹ سنہ جلوس مین مہم ساہوجی بھونسلا پر مامور ہوا۔ ۱۰ سنہ جلوس مین منصب پانصدی ذات۔ دوصد و پنجاہ ۲۵۰ سوار پر سرفراز ہوا۔

سنہ۲۰ جلوس مین خلعت و اسپ مرحمت ہوکر شاہزادۂ اورنگ زیب کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر مامور رہوا۔ اور اس مہم کے حسن خدمات کے صلے مین منصب ہفت صدی ذات۔ پانصد سوار پر ممتاز ہوا۔ اس کے بعد مہم قندہار وغیرہ مین شریک ہوکر ترقی پاتا رہا۔ ۱۰۶۸ھ کی جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ تھا۔ اس لڑائی مین دلاوران زمانہ کے حوصلے سے بڑھکر قدم مارا۔ اور نہایت بے جگری سے رام رام کا نعرہ مارتا ہوا اورنگ زیب کے توپ خانہ پر جا پڑا۔ اور نہایت دلاوری سے لڑکر مارا گیا۔

راؤ دلیپ سنگھ[۵۱] بندیلہ

راؤ سبھکرن بندیلہ کا بیٹا تھا۔ سنہ۱ جلوس عالمگیری مین منصب دو صد و پنجاہی ذات۔ ہشتاد سوار پر سرفراز ہوا۔ اس کے بعد منصب سہ صدی ذات و سہ صدی سوار پر ترقی پائی۔

سنہ۲۱ جلوس مین باپ کے مرنے کے بعد منصب پانصدی ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز ہوکر صوبۂ دکن مین متعین ہوا۔

سنہ۲۲ جلوس مین کسی بات پر خانجہان بہادر ناظم صوبۂ دکن سے ناراض ہوکر دربار مین حاضر ہوا۔ اور ہمراہ شاہزادۂ محمد اعظم کے پھر صوبۂ دکن مین مامور ہوا۔ اور حسن علی خان عالمگیری کے ہمراہ ضلع کوکن کی مہم مین شریک ہوکر نہایت جانفشانی اور جان بازی سے خدمت بجالایا۔ اور اس خدمت کے صلے مین سنہ۲۳ جلوس مین منصب ششصدی ذات ششصد سوار پر سربلند ہوا

سنہ۲۴ جلوس مین منصب ہفتصدی ذات۔ ہفتصد سوار پر ترقی پائی۔

---

۵۱ بعض جگہ دلیپت سنگھ نام لکھا ہے۔

سنہ ۲۹ جلوس مین غازی الدین خان بہادر فیروز جنگ کے ساتھ شاہزادۂ محمد اعظم شاہ کے لشکر مین جو محاصرہ بیجاپور مین مامور تھا۔ نہایت دلاوری اور جانفشانی سے جبکہ غنیم چارون طرف سے راستہ روکے ہوئے تھے رسد پہونچائی۔ اور اس جان بازی کے انعام مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار و پانصد سوار سے ممتاز ہو کر خطاب راؤ سے مفتخر ہوا۔

سنہ ۳۰ جلوس مین اودنی (امیتاز گڈہ) کی قلعداری پر مامور ہو کر منصب دو ہزار و پانصدی ذات ہزار و پانصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اور نقارہ مرحمت ہوا

سنہ ۳۴ جلوس مین شاہزادہ کام بخش کے ساتھ متعین ہوا۔ اور ذوالفقار خان کے پاس قلعہ جنجی مین رسد پہونچائی۔

سنہ ۴۴ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار و پانصد سوار اور سنہ ۴۹ مین منصب سہ ہزاری ذات۔ سہ ہزار سوار سے مفتخر ہوا۔

عالمگیر کے انتقال کے بعد راؤ دلیپ سنگھ نے شاہزادۂ محمد اعظم شاہ کی رفاقت اختیار کی۔ اور منصب پنجہزاری سے سربلند ہو کر دکن سے روانہ ہوا۔ اور شاہزادۂ عظیم الشان کے مقابلے مین فوج ہراول کا سردار تھا اور نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر مارا گیا۔

رام چند بندیلہ

راؤ دلیپ سنگھ کے تین بیٹے تھے۔ رام چند۔ بہاری چند۔ پرتھی چند۔ تینون مین وطن کی حکومت پر جھگڑا ہوا۔ رام چند بھائیون سے لڑ کر غالب آیا۔ اور وطن کی حکومت حاصل کر کے بہادر شاہ کی خدمت مین حاضر ہوا۔ اور محمد شاہ کے عہد تک خدمات شاہی بجا لاتا رہا۔ محمد شاہ کے عہد مین۔ بھگونت سنگھ زمیندار کٹرہ جہان آباد کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ اور اسی لڑائی مین مارا گیا۔

راجہ رام چند چوہان

بدن سنگھ چوہان کا بیٹا تھا۔ شہنشاہ اکبر کے زمانے مین امرائے اکبری کے سلسلے مین منسلک ہوا۔

۱۷؁ جلوس مین یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا۔ ۲۶؁ جلوس مین شاہزادہ مُراد کے ساتھ مرزا محمد حکیم کے مقابلے کے واسطے روانہ ہوا۔

۳۶؁ جلوس مین مرزا شاہرخ کے ساتھ صوبہ مالوہ مین متعین ہوا۔ اسکے بعد دکن کی مہمات مین شریک ہوکر خدمات نمایان انجام دیتا رہا۔ ۷ اجمادی الثانی ۱۰۰۵؁ھ کو مرزا عبدالرحیم خان کے ساتھ سہیل خان عادل کے سپہ سالار کے مقابلے مین دائین پرے پر متعین تھا۔ سہیل خان کو اِس معرکے مین اپنے توپ خانہ پر بڑا گھمنڈ تھا۔ جب لڑائی شروع ہوئی۔ یہ بہادر اور پُرجوش افسر نہایت پھُرتی سے اُس کے توپ خانہ پر جا پڑا۔ دکھنی پیچھے ہٹے۔ مگر حکمت عملی کے ساتھ۔ آخرکار شام کے وقت پھر گولہ اندازی شروع ہوئی۔ مگر یہ بہادر جگہ سے نہ سرکا۔ اور بڑی بہادری اور ثابت قدمی سے ڈٹ کر اپنی جان کو حق نمک پر فدا کر گیا۔

راجہ روپسی کچھواہا

راجہ بہارا مل کچھواہہ کا بھائی تھا۔ ۹۶۹؁ھ مین اکبر حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار مبارک کی زیارت کے واسطے اجمیر جارہے تھے۔ جب قصبہ دیوسہ مین مقام ہوا۔ تمام قصبہ خالی نظر آیا۔ بادشاہ نے سبب دریافت کیا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ لشکر شاہی کی آمد سنکر تمام قصبہ کے لوگ اپنے عیال و اطفال کو لیکر پہاڑون مین جا چھپے ہین۔ داد گر بادشاہ کو یہ حال معلوم کر کے سخت تعجب اور

افسوس ہوا۔ اور فرمایا کہ ہماری ہمیشہ یہ خواہش رہتی ہے کہ رعایا کو ہمسے فیض پہونچے پھر اِس خوف کی کیا وجہ ہے۔ چغتی خان نے کہا کہ مرزا شرف الدین حسین حاکم میوات نے اِس نواح کے زمینداروں خصوصًا راجہ بہاڑا مل وغیرہ پر بڑی زیادتی کی ہے۔ اُس کے خوف سے بیچارے پہاڑون مین گھسکر گذارہ کرتے ہین۔ اب بادشاہ کی آمد سُنکر رعایا بھی ڈر کے مارے قصبہ چھوڑ کر بھاگ گئی ہے۔ اکبر نے اِس قصبے کے زمیندار کی بلانے جانیکا حکم دیا۔ اور چغتی خان کو راجہ بہاڑا مل کے لانے کے واسطے روانہ کیا۔ روپسی اِس قصبہ کا زمیندار تھا وہ ڈر کے مارے خود تو نہ آیا اپنے بڑے بیٹے جے مل کو دربار مین روانہ کیا۔ بادشاہ نے کہا کہ یہ ٹھیک نہین ہے۔ وہ خود آئے آخرکار روپسی خود دربار مین حاضر ہوا۔ اکبر نے بہت خاطر کی اور نوازش ہائے شاہانہ سے مسرور کیا۔ اکبر کی اِس عنایت کو دیکھکر قُرب وجوار کے زمینداروں کے دل سے خوف جاتا رہا اور وہ دربار مین حاضر ہونے لگے۔ سانگانیر کے مقام پر چغتی خان نے راجہ بہاڑا مل وغیرہ کو بھی لاکر پیش کیا۔ اکبر نے نہایت دلداری اور خاطرداری سے سب کی تسلی اور تشفی کی۔ ہر ایک کے لیئے علیحدہ علیحدہ منصب مقرر کرکے اُمرائے خاص مین داخل کیا۔ اور رسوائے راجہ بہاڑا مل کے سب کو ساتھ لے کر آگے روانہ ہوئے۔

روپسی ۱۸سنہ جلوس تک منصب ہزاری سے سرفراز تھا۔ اکثر مہمات مین عقیدت واخلاص سے خدمتین بجالاتا رہا۔ ۱۸ جلوس کی مشہور یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا۔ جے مل اِس کے بیٹے کا حال علیحدہ قلمبند ہوچکا ہے۔

راجہ رام چند اوڑیسہ

مُلک اوڑیسہ کا ایک فرمان روا تھا۔ جب سنہ ۹۹۵ھ مین راجہ مان سنگھ بہار کی صوبہ داری پر مامور ہوئے اور قتلو خان وغیرہ سے معرکے ہوئے تو اسنے اِن معرکون مین راجہ کو مدد دی۔ لیکن کسی خوف سے اِن کے دربار مین خود نہ آیا اپنے بیٹے کو بھیجدیا۔ مان سنگھ نے کہا کہ بیٹے کا آنا ٹھیک نہین۔ راجہ کو خود آنا چاہیئے۔ اِس پر بھی یہ راجہ کے دربار مین نہ آیا۔ مان سنگھ نے سب خلعتون کو بالائے طاق رکھکر بیٹے کو فوج دیکر اُس کے ملک پر روانہ کیا۔ اُس نے جاتے ہی کئی قلعے فتح کیلئے۔ راجہ قلعبند اور محاصرہ کا دائرہ تنگ ہوا۔ جب اکبر کو یہ حال معلوم ہوا۔ مان سنگھ کے نام فرمان بھیجا۔ کہ اگر راجہ رام چند اسوقت نہین آیا۔ تو پھر آجائیگا۔ ایسا ہرگز نہ چاہیے۔ مُلک و دولت کی ترقی اِن باتونسی نہین ہوتی۔ جلد محاصرہ اُٹھالو۔ کہ یہ امر آئین حق شناسی کے خلاف ہے مان سنگھ نے فوراً حکم کی تعمیل کی۔ اور بیٹے کو واپس بلا لیا۔ بادشاہ کی اِس عنایت سے رام چند کے دل مین محبت و وفا کا جوش پیدا ہوا۔ اور وہ دربار مین حاضر ہوا۔ اکبر نے منصب پانصدی سے سرفراز کیا۔ سنہ ۴۸ جلوس تک اِسی منصب پر مامور تھا۔

راجہ راج سنگھ کچھواہا

راجہ آسکرن کا بیٹا۔ اور راجہ بہارا مل کا بھتیجہ تھا۔ اپنے باپ کے مرنے کے بعد خطاب راجگی سے موصوف ہوا مدتون صوبۂ دکن کی مہمات مین شریک ہوکر عقیدت واخلاص سے خدمتین بجا لاتا رہا۔ سنہ ۴۴ جلوس مین قلعہ گوالیار کا قلعدار

مقرر ہوا۔ ۴۷ سنہ جلوس مین رائے رایان بکرماجیت کے ساتھ نرسنگھدیو قاتل شیخ ابوالفضل کی سرکوبی پر متعین ہوا۔

۵۰ سنہ جلوس مین نقارہ مرحمت ہو کر منصب چہار ہزاری ذات۔ سہ ہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ شہنشاہ جہانگیر نے ۳ سنہ جلوس مین صوبہ دکن مین تعینات کردیا۔ اور اُسی جگہ ۱۰۲۴ھ مین انتقال کرگیا۔ اُس کا بیٹا راجہ بختاور ۲۴ ربیع الاول ۱۰۲۳ھ کو شرف اسلام سے مشرف ہوا۔ بادشاہ نے خلعت کے ساتھ دو ہزار روپیہ نقد عنایت فرمایا۔

دوسرا بیٹا رام داس اپنے باپ کے مرنے کے بعد منصب ہزاری ذات۔ چہار صد سوار پر سرفراز ہوا۔ ۱ سنہ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر ترقی پائی۔ ۲ سنہ جلوس مین خطاب راجگی سے موصوف ہو کر منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہفتصد سوار سے مفتخر ہوا۔ ۱۰ سنہ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات ہزار سوار سے سربلند ہوا۔

راج سنگھ کا پوتا پرسوتم سنگھ ۶ سنہ جلوس شاہجہانی مین ۱۷ جمادی الاولی ۱۰۴۳ھ کو شرف اسلام سے مشرف ہو کر سعادتمند کے خطاب سے موسوم ہوا۔ بادشاہ نے خلعت و اسپ عطا کرکے زرنقد سے سرفراز کیا۔

راجہ رائے سال درباری

راجہ سُرجا کے بیٹے اور رائے رائے مل کے پوتے تھے حسن خان سور شیر شاہ کے باپ ابتدا مین اسی رائے مل کی سرکار مین ملازم تھے۔ راجہ رائے سال کچھواہہ راجپوتون کی گوت شیخاوت[1] (سیکھاوٹ) سے تھے۔ انھون نے

[1] شیخاوت گوت کی وجہ تسمیہ یہ ہے۔ کہ اس خاندان کے مورث اعلی کی اولاد نہین ہوتی تھی۔ ایک ص

راجہ بختاور

راجہ رام داس کچھواہا

پرسوتم سنگھ کچھواہا (سعادتمند)

ملازمت شاہی مین داخل ہوکر اپنی حسن لیاقت اور کاردانی سے اکبر کے مزاج
مین ایسا دخل اور اعتبار پیدا کیا - کہ حرم سرا ے شاہی کے محافظت کی خدمت
اِن کے سپرد کی گئی - یہ چونکہ ہمیشہ بادشاہ کی حضوری مین دربار مین حاضر رہتے
تھے لہذا درباری کے خطاب سے مشہور ہو گئے - سنہ ۴۰ جلوس اکبری تک منصب
دو ہزاری پر سرفراز تھے - جہانگیر نے تخت نشین ہو کر منصب مین اضافہ کر کے
خطاب راجگی سے موصوف کیا - اِس کے بعد صوبۂ دکن مین متعین ہوئے -
اور مدت دراز تک وہین تعینات رہکر انتقال کیا -

راجہ رائے سال بہت کثیر الاولاد تھے - اکیس بیٹے اور بہت سے پوتے
اُن کی وفات کے وقت زندہ تھے - جن مین سب سے زیادہ راجہ گردھر نے ترقی
کی - اُسکا حال علیحدہ لکھا جائیگا - ایک بیٹا بھوج رائے شاہجہان کے عہد مین
اول منصب ہشت صدی ذات چہار صد سوار پر سرفراز تھا - بقیہ چھوٹے چھوٹے
منصب پر مامور تھے -

بھوج رائے

بھوج رائے سنہ ۱۳ جلوس مین منصب ہزاری ذات - پانصد سوار پر سربلند
ہوا - اِس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا -

راجہ رام چند بگھیلا

مُلک بھتہ کا راجہ تھا - یہ ہندوستان کے راجگان عظیم الشان سے تھا -
بابر نے تُوزک بابری مین ہندوستان کے جن تین بڑے راجاؤن کا ذکر کیا ہے

صاحب کمال درویش جو شیخ کے لقب سے موصوف تھے - وارد ہوئے - اور اُنکی بشارت اور دعا سے اُسکے
لڑکا پیدا ہوا - باپ نے اُن بزرگ کے نام پر اُسکا نام شیخ رکھا - اور اُسکی نسل اِسی مناسبت سے شیخاوت
یا سیکھاوٹ کے خطاب سے مشہور ہو گئی (ماخوذ از مآثر الامرا) -

ان مین تیسرا یہی راجہ رام چند تھا۔ میان تانسین نام مشہور کلانوت کہ بے نظیر گویا تھا۔ ابتدا مین اسی کی سرکار مین نہایت اعزاز و احترام کے ساتھ بسر کرتا تھا جب اُس کے کمالات کا شہرہ اکبر کے کان تک پہونچا۔ تو سنہ جلوس مین جلال خان قورچی کو راجہ کے پاس بھیجکر اُس کو طلب کیا۔ اگرچہ راجہ کو اِس صاحبِ کمال کی جُدائی سخت ناگوار تھی۔ مگر اکبری اقبال سے خوف کھاکر نہایت اعزاز کے ساتھ دربار اکبری مین اُس کو روانہ کر دیا۔ بادشاہ نے بھی اُس کی بہت قدردانی کی۔ اور پہلے ہی دن دو کروڑ درم انعام مین مرحمت فرمائے۔

سنہ جلوس مین غازی خان تنور نے جو قلعہ گڈھ پر قابض تھا۔ اُمرائے اکبری سے شکست کھاکر راجہ رام چند کے پاس پناہ لی۔ اکبر نے راجہ کی تنبیہ کے واسطے فوج بھیجی۔ راجہ شکست کھاکر قلعہ باندھو مین محصور رہوا اور نہایت عاجزی سے عفو تقصیر کی التجا کر کے بہت سے راجاؤن سے سفارشین بھی کرائین۔ آخرکار بادشاہ نے قصور معاف کر کے محاصرہ اُٹھا لیا۔

سنہ ۹۵۲ھ مین کالنجر کے قلعہ پر شیر شاہ نے چڑھائی کی تھی۔ حالت محاصرہ مین ایک گولے کے پھٹنے سے میگزین مین آگ لگ گئی۔ بہت سے سپاہی سردار کباب ہوگئے۔ شیر شاہ کا حال بھی بُرا تھا۔ مگر اُسی حالت مین للکار للکار کر حملے کا حکم دیئے جاتا تھا۔ اِدھر کسی نے قلعہ کی فتح کی خوشخبری سُنائی اُدھر اُس بیچارے کی جان نکل گئی۔ یہ قلعہ جو اِس مشکل سے ایک بادشاہ اور بہت سے سردارون۔ سپاہیون کی جانین نثار ہو کر فتح ہوا تھا۔ عدلی عہد کی طوائف الملوکی مین راجہ رام چند نے بہار خان کے متبنی بیٹے مجلی خان سے چھین لیا تھا۔

سنہ ١٢ جلوس مین اکبر نے اِس قلعہ پر چڑھائی کی۔ راجہ رام چند نے مقابلہ کی طاقت نہ دیکھی۔ اور قلعہ بادشاہی ملازمون کے حوالہ کردیا۔

سنہ ٩٩١ھ مین بادشاہ نے زین خان کوکہ اور راجہ بیربر کو راجہ کے پاس روانہ کیا۔ راجہ نے معہ اپنے بیٹے بیر بہدر کے دربار شاہی مین حاضر ہوکر بھاری پیشکش پیش کی۔ بادشاہ نے اُمرائے خاص کے سلسلے مین منسلک کرکے رخصت کیا۔ اور ایک سو ایک عمدہ نسل کے گھوڑے رخصت کے وقت مرحمت کیئے۔

مہاراجہ بیر بہدر

راجہ رام چند نے سنہ ٣٢ جلوس مین وفات پائی۔ اُس کا بیٹا بیر بہدر سنہ ٩٩١ھ سے ملازمت شاہی مین داخل۔ اور دربار شاہی مین حاضر تھا۔ اکبر نے اُسکو خطاب مہاراجہ سے مفتخر کیا تھا۔ جب راجہ رام چند کے وفات کی خبر معلوم ہوئی۔ اُس کو باپ کا جانشین مقرر کرکے نہایت اعزاز و احترام سے وطن کو رخصت کیا۔ بیچارہ خوشی خوشی جارہا تھا۔ کہ راستے مین سنگھاسن سے گرا۔ اور خون ڈالکر اپنے باپ کے پاس جا پہونچا۔ راجہ رام چند کے نوکرون اور رشتہ دارون نے یہ حال سُنکر اُس کے خورد سال بیٹے بکرماجیت کو بلا اجازت بادشاہ کے گدّی نشین کیا۔ اور خود مختاری کا دم بھرنے لگے۔ بادشاہ نے راجہ بکرماجیت پتر داس کو اُنکی تنبیہ پر مامور کیا۔ جب بکرماجیت نے بکرماجیت کا بہت سا ملک فتح کرکے قلعہ باندھو کا محاصرہ کیا۔ اِن لوگون نے تنگ ہوکر بادشاہ کو عرضی لکھی۔ کہ اگر کسی امیر کو بھیجدیا جاوے تو ہم بکرماجیت کو اُسکے ساتھ حضور مین روانہ کرکے قلعہ کو خالی کردینگے۔ بادشاہ نے اسمٰعیل قلی خان کو روانہ کیا۔ اُن لوگون نے بکرماجیت کو تو بادشاہ کے پاس بھیجدیا۔ مگر قلعہ خالی نہ کیا۔ بادشاہ نے اِس بات کو منظور نہ کیا۔ اور اُس بچے کو اُن کے پاس واپس بھیجکر پھر محاصرہ کا حکم دیا۔ آخرکار

آٹھ مہینے کے محاصرہ کے بعد ۴۲ سنہ جلوس مین قلعہ باندھو فتح ہوگیا۔

۴۴ سنہ جلوس تک کل ملک پر بادشاہی قبضہ رہا۔ اس سال بادشاہ نے راجہ کے پوتے دُرجودھن کو جو اس وقت تک نابالغ تھا خطاب راجگی سے موصوف کرکے ملک مفتوحہ کی حکومت سے سرفراز کردیا اور بہارتی چند کو اُس کا اتالیق مقرر کرکے ساتھ کیا۔

راجہ درجودھن

راجہ دُرجودھن کے بعد امر سنگھ اُس کا پوتا جانشین ہوا۔ اور ۲۱ سنہ جلوس جہانگیری مین حاضر دربار ہوکر عنایت خسروانہ سے سرفراز ہوا۔ اس کے بعد ۸ سنہ جلوس شاہجہانی مین عبد اللہ خان بہادر فیروز جنگ کے ساتھ راجہ رتن پور کی تادیب پر مامور ہوا۔ اور اس مہم کے بعد جہار سنگھ بُندیلہ کے تعاقب مین بھی خان موصوف کے ساتھ شریک تھا۔

راجہ امر سنگھ

راجہ امر سنگھ کے مرنے کے بعد انوپ سنگھ اُس کا بیٹا جانشین ہوا ۲۴ سنہ جلوس شاہجہانی مین راجہ پہاڑ سنگھ بُندیلہ جاگیردار چوراگڈھ کے ایک مفسد زمیندار کو اس نے پناہ دی۔ راجہ پہاڑ سنگھ اُسکے صدر مقام ریوان پر چڑھ دوڑا۔ انوپ سنگھ اُس سے شکست کھاکر پہاڑون مین جا گھسا۔ اور ۳۰ سنہ جلوس مین صلابت خان صوبہ دار الہ آباد کے ساتھ بارگاہ شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خطاب راجگی سے موصوف کرکے منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار سے سرفراز کیا۔ اور باندھو وغیرہ اُس کے قدیمی محالات جاگیر مین عطا کیے۔

راجہ انوپ سنگھ

راجہ رام داس کچھواہا

راجہ رام داس کسی بانام ونشان خاندان سے نہ تھے۔ بلکہ اپنے حسن لیاقت اور قوت بازو سے حالتِ افلاس سے امارت کے درجے پر پہونچے۔ ان کا باپ اُردت یا اُودت اپنے وطن لونی مین نہایت افلاس اور مصیبت کی حالت مین ایام گذاری کرتا تھا

رام داس اول رائے سال درباری کے ملازم ہوئے - اور انہی کے توسل سے بندگان اکبری مین داخل ہوئے - اور اپنی حسن قابلیت سے بہت جلد معمولی ملازمون کے زمرے سے ترقی پاکر منصب پانصدی پر سرفراز ہوئے - اور جو کام بادشاہ نے سپرد کیا اُسکو اس خوش اسلوبی سے انجام دیا کہ اُنکی کاردانی بادشاہ کے منقوش خاطر ہوگئی - جب سنہ جلوس مین راجہ ٹوڈرمل مہم پٹنہ پر مامور ہوئے - تو بادشاہ نے انھین دیوانی کا خلعت عطا فرماکر دفتر شاہی کا تمام کام سپرد کردیا۔

رفتہ رفتہ انھون نے اپنی حاضر باشی اور مزاج شناسی سے بادشاہ کے دل مین ایسا گھر پیدا کیا - کہ جو کچھ حضور مین عرض کرتے - وہی منظور ہوتا تھا - بڑے بڑے راجہ مہاراجہ - ٹھاکر - سردار انکی سفارش سے اپنے مقاصد مین کامیاب ہوتے - اور لاکھون کروڑون روپیہ نذر و نذرانہ مین پیش کرتے تھے - اکبرآباد مین ہتیا پول دروازے کے سامنے انھون نے ایک عالیشان حویلی تعمیر کرائی تھی لیکن خود اُس مین نہ رہتے تھے بلکہ ہمیشہ نیزہ ہاتھ مین لئے ہوئے بادشاہ کی چوکی پر حاضر رہتے تھے - جب بادشاہ حرم سرا مین تشریف لیجاتے - یہ نیزہ ہاتھ مین لئے ہوئے دروازہ پر ٹہلا کرتے تھے۔

سنہ ہ مین جب اکبر بیمار پڑے - خان اعظم اور راجہ مان سنگھ کے آدمی شاہزادۂ خسرو کی ہواخواہی مین ہتھیار باندھے ہوئے چارون طرف پھیلے ہوئے تھے - چارون طرف سازشون کا بازار گرم ہو رہا تھا - یہان تک نوبت پہونچ گئی تھی کہ خود جہانگیر بھی چپکے سے قلعہ سے نکلکر شیخ فرید بخاری کے گھر جا بیٹھا تھا - اس حالت مین راجہ رام داس نے جہانگیر کی ہواخواہی مین تمام شاہی کارخانون اور خزانون مین اپنے سپاہی متعین کردئیے - اور نہایت جانفشانی اور تندہی سے ایسا انتظام کیا - کہ کوئی چیز ضائع نہ ہونے پائی۔

جہانگیر نے تخت نشین ہوکر دوہزاری منصب سے سہ ہزاری منصب پر سرفراز کردیا - سنہ ۲ ہ مین راجہ کا آفتاب اقبال غروب ہونے لگا - صورت یہ ہوئی کہ عبداللہ خان

فیروز جنگ گجرات کے صوبہ دار مہم دکن پر متعین ہوئے۔ بادشاہ نے راجہ کو تجربہ کار اور سلیم الطبع خیال کرکے خطاب راجگی کے ساتھ خطاب راجہ کرن سے بھی موصوف کیا۔ اور خلعت فاخرہ۔ اور نقارہ اور اسپ وفیل۔ اور قلعداری رن تھنبور سے مفتخر کرکے خان موصوف کے ساتھ کیا۔ اور ہدایت کی کہ ہمیشہ خان موصوف کے حالات اور احکامات کی نگرانی رکھے۔ ایسا نہ ہو کہ شجاعت وبہادری کے جوش مین آکر وہ کوئی کام خلاف مصلحت وقت کے کر بیٹھے۔

راجہ رام داس کو یہ خطاب اور اعزاز مبارک نہ ہوا۔ ملک عنبر کی تدبیر عاقلانہ اور شجاعت رستمانہ نے اِس فوج کو اُلٹے پاؤن بھگا دیا۔ جہانگیر کو اِس شکست سے بہت رنج ہوا۔ اور نہایت غصّے سے اُن سب امیرون کی جو اِس لڑائی مین شریک تھے تصویرین کھنچوا کر سر دربار ایک ایک تصویر کو ہاتھ مین لیا اور کچھ نہ کچھ غصّے کے الفاظ کہے جب راجہ کی تصویر کا نمبر آیا تو اُس کو ہاتھ مین لے کر فرمایا "تو ایک تنگہ یومیہ کا رائے سال کے یہان نوکر تھا۔ میرے باپ نے تیری تربیت کی۔ اور امارت کے درجے پر پہونچا دیا۔ راجپوتون مین لڑائی سے بھاگنا سخت عیب ہے افسوس کہ تجھے راجہ کرن کے خطاب کی بھی شرم نہ آئی۔ امید ہے کہ دین دنیا مین نامراد رہے گا"

اِس شکست کے بعد جہانگیر نے راجہ کو دربار مین آنے سے منع کرا بھیجا۔ اور بالا بالا مہم بنگش پر جانے کا حکم صادر کیا۔ راجہ شکستہ دل ہو کر مہم مذکور پر روانہ ہوا۔ اور اُسی جگہ ۱۰۲۲ھ مین اِس دار ناپائدار سے سدھارا۔ پندرہ رانیان رنگتہ جلال آباد مین راجہ کی دستار کے ساتھ ستی ہوئین۔

راجہ رام داس بخشش وسخاوت مین بے نظیر تھے۔ ایک ایک لطیفہ پر ہزارون لاکھون روپیہ بخشش دیتے تھے۔ ہزارون برہمن۔ بھاٹ۔ چارن۔ (شاعر) گوتے۔ سازندے اُنکی سرکار سے وظیفہ پاتے تھے جس کسی کو ایک مرتبہ اُن کی سرکار سے انعام ملگیا

وہ ہمیشہ جاری رہتا تھا۔ ہر سال اُسی تاریخ پر وہ آتا۔ اور اُن کے خزانچی سے بلا کے
سُنے اپنا وظیفہ گنا لیجاتا تھا۔ خزانچی کو حکم تھا۔ کہ ہر سال پوچھنے گچھنے کی کچھ ضرورت نہین ہے
راجہ کو چوسر کھیلنے کا بہت شوق تھا۔ دو دو رات دن گذر جاتے تھے۔ مگر بازی نہ اُٹھتی
تھی۔ اکبر نے کشمیر مین ایک پُر فضا موضع انچ راجہ کو عطا کیا تھا۔ راجہ نے اُس مقام پر
عالیشان اور نفیس عمارتین۔ باغ اور حوض تعمیر کرائے تھے۔ جہانگیر اِس کی نسبت لکھتا
ہے "رام داس در دامن کوہ و فراز چشمہ۔ عمارات۔ و حوضہا ساختہ۔ بے تکلف سر منزلے
است۔ در غایت لطافت و نفاست۔ آبش در کمال صفا و عذوبت ماہی لبسیار
در و شناور ست ؎

در تہ آبش ز صفا ریگ خورد کور تواند بدل شب شمرد

رتن داس کچھواہا

راجہ رام داس کا بیٹا رتن داس بادشاہی منصبدارون مین تھا۔ ۴۴ سنہ جلوس
اکبری مین بادشاہ سے رخصت لے کر وطن گیا۔ وہان اوباشونکی صحبت مین بیٹھکر رعایا پر
ظلم و ستم کرنے لگا۔ باپ نے بیٹے کی شکایت بادشاہ سے کی۔ بادشاہ نے شاہ قلی خان
کو حکم دیا کہ اپنے نوکرون کے ذریعے سے اُس کو گرفتار کرا کر دربار مین پیش کرے
شاہ قلی خان نے اپنے آدمی بھیجے۔ اُس نے اُن کا مقابلہ کیا۔ اور مارا گیا۔ جب
باپ کو معلوم ہوا۔ بہت صدمہ ہوا۔ کئی دن گھر سے نہین نکلا۔ بادشاہ کو بھی رنج
ہوا۔ تعزیت کے واسطے راجہ کے مکان پر گئے اور بہت تسلّی اور تشفی کر کے
اپنے ساتھ لے آئے۔

دلپ نرائن کچھواہا

دوسرا بیٹا دلپ نرائن بھی شاہی ملازمت مین تھا۔ اور ترقی کر کے
امارت و سرداری کے مرتبے پر پہونچا۔ لیکن عین نوجوانی کے عالم مین باپ کو
داغ مفارقت دے گیا۔

رائے رائے سنگھ بیکانیری

رائے کلیان مل راٹھور والی بیکانیر کا بیٹا تھا۔ ۱۵ھ جلوس اکبری مین باپ کے ساتھ ملازمت اکبری مین منسلک ہوا۔ ۱۷ھ جلوس مین جبکہ بادشاہ گجرات تشریف لے گئے۔ رائے سنگھ کو گجرات کی سرحد پر متعین کیا۔ کہ باغیون کو گجرات سے اسطرف کے ملک مین نہ گھسنے دے۔ جب ابراہیم حسین مرزا سرنال کی لڑائی مین شکست کھاکر ناگور کی طرف آیا۔ رائے سنگھ نے خبر پاتے ہی اُسے دم لینے کی فرصت نہ دی اور معہ فرخ خان وغیرہ اُمرائے ہمراہی کے اُس پر جاگرا۔ ابراہیم حسین مرزا شکست کھاکر بھاگ گیا۔

۱۸ھ جلوس کی یلغار گجرات مین اکبر نے رائے سنگھ کو پہلے سے روانہ کردیا تھا اس مہم مین شریک ہوکر اُس نے اپنی ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے۔ اور مورد تحسین ہوا۔

۱۹ھ جلوس مین شاہ قلی خان کے ساتھ چندرسین پسر راجہ مالدیو کی سرکوبی پر مامور ہوا۔ اور اُس کو دباتا ہوا قلعہ سوانا مین محصور کردیا۔ جب محاصرہ نے طول کھینچا۔ فوج کو محاصرہ پر چھوڑکر دربار مین حاضر ہوا۔ اور تازہ دم فوج ساتھ لیکر واپس گیا لیکن قلعہ بہت مضبوط تھا۔ فتح نہ ہوسکا۔ ۲۱ھ جلوس مین اکبر نے شہباز خان کنبوہ کو اس مہم پر مامور کرکے اِسے واپس بلالیا۔

اِسی سال ترسون محمد خان کے ساتھ زمیندار جالور اور سروہی کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ اور دونون کو تدبیر کے زور سے زیر کرکے دربار شاہی مین روانہ کیا۔ اِس کے بعد سید ہاشم بارہ کے ساتھ قصبہ نادوت سرحد اُدے پور پر تعینات ہوا جب زمیندار سروہی دربار سے بلا اجازت اپنے وطن چل دیا۔ یہ پھر اُسکی تادیب پر مامور ہوا۔

اور قلعۂ بابوگڈھ کو فتح کر کے حسب الحکم واپس آیا۔

۸۹ ۹ھ ۲۶ جلوس مین محمد حکیم مرزا کے جو اکبر کا سوتیلا بھائی اور کابل کا حاکم تھا ہندوستان پر حملہ کرنے کی خبر گرم ہوئی۔ اکبر نے خود پنجاب چلنے کا ارادہ کیا۔ اوّل رائے سنگھ کو بہت سے منصبدارون ہاتھیون۔ اور سامان جنگ کے ساتھ روانہ کیا۔ پیچھے سے خود بھی روانہ ہوئے۔ محمد حکیم لاہور تک آکر پھر گیا۔ اکبر نے راجہ مان سنگھ اور رائے سنگھ کو شاہزادۂ مراد کے ساتھ آگے روانہ کیا۔ اور اِن کے جانے کے بعد خود بھی کابل روانہ ہوئے۔ اِس فوج نے کئی خونریز معرکے مار کر مرزا محمد حکیم کو شکست پر شکست دی۔ جب کابل مین پہونچے۔ آخر بھائی ہی تھا خطا معاف کی۔ اور دوبارہ ملک بخشی کر کے واپس چلے آئے۔ راستے مین رائے سنگھ کو صوبۂ پنجاب مین تعینات کر دیا۔

سنہ ۳۰ جلوس مین اسمعیل قلی خان کے ساتھ بلوچون کی تنبیہ پر مامور ہوئے۔

سنہ ۳۱ جلوس مین اکبر نے اِس خاندان سے بھی سلسلۂ قرابت قائم کرنا مناسب سمجھا۔ رائے سنگھ کی دختر نیک اختر کی خواستگاری شاہزادۂ سلیم کے واسطے کی۔ رائے سنگھ نے بھی اکبر کی محبت مین کچھ عذر نہ کیا۔ اور نہایت خوشی اور دھوم دھام کے ساتھ اپنی لڑکی کا عقد شاہزادۂ سلیم کے ساتھ کر دیا۔ اور ساعت سعید مین یہ بیکانیری بیگم محلسرائے شاہی مین داخل ہوئی۔

سنہ ۳۵ جلوس مین رائے سنگھ رخصت لے کر بیکانیر گئے۔ اور سنہ ۳۶ جلوس مین وہان سے واپس آکر خانخانان مرزا عبدالرحیم خان کی کمک پر مہم ٹھٹھہ مین مامور ہوئے

سنہ ۳۸ جلوس مین راجہ رام چند بگھیلا مر گیا۔ بادشاہ نے اُس کے بیٹے بیر بھدر کو جو رائے سنگھ کا داماد تھا خلعت حکومت باندھو وغیرہ عطا کر کے دربار سے روانہ کیا۔ بیچارہ سنگھاسن پر سوار جا رہا تھا کہ راستے مین اُس پر سے گر پڑا۔ اور خون ڈال کر ہزارون امیدین لیئے ہوئے ملک عدم کو سدھارا۔ اکبر کو بہت رنج ہوا۔ تعزیت کیواسطے

رائے سنگھ کے مکان پر تشریف لیگئے۔ بہت تسلی تشفی کی۔ اور نوازش ہائے شاہانہ سے سربلند کیا۔

رائے سنگھ کے ایک نوکر نے کسی غریب کو ستایا۔ وہ روتا پیٹتا دربار شاہی مین آیا۔ رحم دل بادشاہ کو یہ بات ناگوار گذری۔ اُس نوکر کو رائے سنگھ سے طلب کیا۔ انھون نے اُسے بہکا دیا۔ اِس قصور مین چند روز تک مورد عتاب رہے۔ پھر قصور معاف ہوگیا۔ جب مہم دکن کی روانگی کا حکم ہوا۔ اکبرآباد سے چلکر راستے سے بیکانیر کو مڑگئے۔ بادشاہ نے کئی فرمان بھیجے صلاح الدین سے زبانی کہلا بھیجا۔ کہ اگر دکن جانا منظور نہین ہے تو دربار مین حاضر ہو۔ لیکن یہ نہ دکن گئے۔ نہ دربار مین آئے۔ اکبر نازبرداری کے اوصاف مین بے نظیر تھے۔ کچھ نہ بولے۔ آخر کار جب اکبر کی نازبرداری حد سے گذر گئی تو پشیمان ہوکر خود بخود دربار مین آموجود ہوئے۔

۴۵ سنہ جلوس مین شیخ ابو الفضل کے ساتھ مہم ناسک پر متعین ہوئے۔ اسی عرصے مین اُنکے بیٹے دلیپ سنگھ نے بیکانیر مین شورش برپا کی۔ یہ بادشاہ سے اجازت لے کر بیکانیر روانہ ہوئے۔ اور بیٹے کو ساتھ لے کر ۴۶ سنہ جلوس مین واپس آئے۔

۴۸ سنہ جلوس مین شاہزادہ سلیم کے ساتھ مہم رانا پر متعین ہوئے۔

رائے سنگھ اکبر کے آخری عہد تک منصب چہار ہزاری پر سرفراز تھے۔ جہانگیر نے تخت سلطنت پر جلوس فرماکر منصب پنجہزاری پر سربلند کیا۔ جب شاہزادہ خسرو باپ سے باغی ہوکر پنجاب کی طرف بھاگا۔ جہانگیر اُس کے تعاقب مین خود پنجاب روانہ ہوئے۔ رخصت کے وقت رائے سنگھ کو اکبرآباد مین چھوڑ کر حکم دیا۔ کہ جس وقت بیگمات طلب ہون اُنکی سواری کے ہمراہ آنا۔ جب بیگمات کی طلبی کا حکم آیا۔ یہ سواری کے ہمراہ اکبرآباد سے روانہ ہوئے۔ جب متھرا پہونچے۔ مختلف افواہین سُنین اور بیکانیر کو سیدھے ہولئے۔ بادشاہ نے تنبیہ کیواسطے فوجین روانہ کین ۲ سنہ جلوس مین

نہایت پشیمان اور شرمندہ ہوکر ہاتھ باندھے ہوئے دربار مین چلے آئے - امیرالامرا شریف خان نے جہانگیر سے بہت سفارش کی - باہمت بادشاہ نے قصور معاف کرکے پھر منصب پنجہزاری پر بحال کردیا - ۱۲ سنہ جلوس مین وفات پائی - دلیپ سنگھ اور سورج سنگھ دو بیٹے تھے دونون کا حال علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے -

راجہ رائے سنگھ جھالا

علاقہ گجرات کے کسی مقام کا راجہ تھا - نوجوانی کے عالم مین برات لیکر اپنی شادی کرنے گیا تھا جب دولھن کا ڈولا لئے ہوئے نقارہ بجاتا ہوا ہنسی خوشی واپس آرہا تھا تو جسّا راجہ کچھ کے چچازاد بھائی کے مُلک مین سے ہوکر گذرا جب دھوم دہام اور شان و شوکت سے اُس کے محلون کے پاس سے برات گذری - تو جسّا کا پیام آیا - کہ ہمارے محلون کے قریب نقارہ نہ بجاؤ اور دور دور نکل جاؤ - اور اگر مرد ہو - تو تلوار نکالو - اور لڑو - اگرچہ اِس مہم عشرت مین مہم جنگ کا ساز و سامان موجود نتھا مگر بہادر دولہا لڑنے پر آمادہ ہوگیا - اور جہان تھا وہین تلوار کھینچکر کھڑا ہوگیا - تو جسا بھی اپنی فوج لیکر آموجود ہوا - بڑا سخت رن پڑا - جب جسّا نہایت بہادری سے لڑکر اپنی جہالت اور حماقت کی سزا کو پہونچا - یعنی مارا گیا - تو اُس کا چھوٹا بھائی راؤ صاحب آیا اور وہ بھی بہت جلد اپنے بھائی سے جا ملا - راجپوتو نمین قدیم سے رسم چلی آتی ہے کہ لڑائی کے موقع پر جب جوش مین آتے ہین تو تلوارین سونت کر اِس خیال سے گھوڑون سے کود پڑتے ہین کہ شاید گھوڑا بے قابو ہوکر لے بھاگے - یا سواری کی حالت مین اپنی نیت بدل جائے - اِس لڑائی مین فریقین کے بہادر اسی طرح اپنی جانون سے ہاتھ دھوکر میدان جنگ مین اُتر پڑے تھے - جب دولہا اور اُس کے رفیق فتحیاب ہوکر موچھون پر تاؤ دیتے ہوئے اپنے گھوڑون پر سوار ہوئے - سپاہ مغلوب کے

پیادون کو جو گھوڑے سے لئے کھڑے تھے جوش آیا۔ اور گھوڑون کو چھوڑ کر تلوارین سونت لین۔ اوران سوارون پر جا پڑے۔ ایسا سخت مقابلہ ہوا۔ کہ ایک کو دوسرے کی خبر نہ رہی۔ کسی نے کسی کو نہ پہچانا کہ کس کی لاش کہان رہی۔ دولہا زخمو نسے چور ہو کر گر پڑا۔ برات کے جو آدمی بچ رہے وہ دُلہن کا ڈولا لے کر اپنے ملک مین جا پہونچے۔ راجہ کی کئی رانیان ستی ہو گئین۔ مگر دُلہن کو اپنے دولہا کے مارے جانیکا پورا یقین نہ تھا۔ وہ ستی نہ ہوئی۔ اور پر میشر کی یاد مین اپنی زندگی بسر کرنے لگی۔

اب دولہا کی سنیئے۔ وہ زخمون سے چور لاشون مین پڑا سسک رہا تھا۔ رات کو ایک جوگی اُدھر سے گذرا۔ اور لاشون مین اُسکو سسکتا پاکر اپنی جھوپڑی مین اُٹھالے گیا۔ زخمون کو دھویا مرہم پٹی کی حیات مستعار باقی تھی بچگیا۔ اور چند روز مین تندرست ہو کر یہ احسان کا بندہ جوگی کا چیلہ بنگیا۔ ۱۹۔ برس تک لڑائے سنگھ سے اتبت چیلا بنا ہوا اور جوگی جی کی خدمت کرتا ہوا جنگلون اور پہاڑون مین مارا مارا پھرا۔

مرزا عبدالرحیم خانخانان جن کی امارت و دریا دلی کے کارنامے ابتک بچہ بچہ کی زبان پر ہین امیرون سے زیادہ فقیرون اور غریبون کے یار تھے۔ اِن کی دریادل سرکار مین امیر۔ غریب۔ جوگی۔ سب برابر تھے ۹۹۱ھ مین جبکہ وہ گجرات کی مہم مین مصروف تھے۔ کسی مقام پر جوگی جی کے بھی درشن نصیب ہوے۔ جوگی جی اسنسے ملکر ایسے خوش ہوئے کہ اپنا اور چیلے کا سب حال کہہ سنایا۔ خانخانان بہت خوش ہوئے۔ دونون کو بہت اعزاز و احترام سے اپنے پاس رکھا۔ جب ۹۹۵ھ مین دربار مین آئے تو گجرات اور دکن کے دوسرے تحفون کے ساتھ گرو اور چیلے کو بھی بادشاہ کی خدمت مین پیش کیا۔ اکبر راجہ کی عجیب وغریب کہانی کو سنکر بہت محظوظ ہوا۔

دونون کو بہت خاطرداری سے رکھا۔ چیلے کو خلعت شاہی پہنوا کر پھر راجہ رائے سنگھ بنایا۔ اور ملازمان خاص کے سلک مین منسلک کر کے نہایت اعزاز و احترام کے ساتھ وطن کو رخصت کیا۔

جب راجہ رائے سنگھ اپنے گھر پہونچے۔ سب عزیز و قریب جمع ہوئے۔ دلکھا بڑی خوشیان منائی گئین۔ سمجھ لو کہ رانی کے دل مین محبت کا کیا عالم ہوگا۔ مدتون کے بچھڑے ملے۔ راجہ نے راج سنبھالا۔ خیرخواہان دولت نے شکر الٰہی کے ساتھ خانخانان اور اکبر کے شکرانے ادا کیے۔ اور ہمیشہ اطاعت و فرمان برداری کرتے رہے۔

راجہ روز افزون

راجہ سنگرام

اِس کا باپ راجہ سنگرام صوبہ بہار کے مقام کھڑا کا فرمان روا تھا۔ اکبر کے عہد مین جب شہباز خان کنبوہ صوبۂ بنگالہ اور بہار مین متعین تھا۔ کسی موقع پر اُس کا گذر قلعۂ مذکور کے قریب ہوا۔ اُس نے اِس قلعہ کا محاصرہ کیا۔ راجہ نے اپنے آپ کو کمزور پا کر قلعہ شہباز خان کے حوالے کر دیا۔ اگرچہ وہ ملازمت اکبری مین شامل نہین ہوا۔ مگر وقت پر ہمیشہ صوبہ داران بنگالہ او ر بہار کی کمک پر حاضر ہوتا تھا۔ پہلے سال جلوس جہانگیری مین جہانگیر قلی خان ناظم صوبۂ بہار نے کسی بات پر خفا ہو کر اُس کے مُلک پر فوج کشی کی۔ راجہ سنگرام اِس فوج سے لڑ کر مارا گیا۔ اور اُس کا مُلک صوبۂ بہار مین شامل کر دیا گیا۔

راجہ سنگرام کا بیٹا روز افزون اُس وقت خورد سال تھا۔ جہانگیر قلی خان نے اُس کو دربار مین بھیجدیا۔ بادشاہ نے اُس کو اپنے پاس رکھا۔ تعلیم تربیت کے واسطے اعلیٰ درجے کا انتظام کر دیا۔ وہ بالغ ہو کر مسلمان ہو گیا۔ سنہ جلوس مین جہانگیر نے

ایک ہاتھی اور خلعت مرحمت کر کے اُس کا موروثی ملک اُس کو مرحمت فرمایا۔
اور نہایت اعزاز سے وطن کو رخصت کیا۔

راجہ روز افزون جہانگیر کے اخیر عہد تک منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہفتصد سوار پر سرفراز تھا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین مہابت خان کے ساتھ صوبۂ کابل مین متعین ہوا۔ اِس کے بعد جھجہار سنگھ بُندیلہ کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ سنہ جلوس مین شاہزادہ شجاع کے ساتھ مہم دکن پر تعینات ہوا سنہ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات ہزار سوار سے سرفراز ہوا۔ اور اُسی سال وفات پائی۔

راجہ بہروز

راجہ روز افزون کے مرنے کے بعد بادشاہ نے اُس کے بیٹے بہروز کو خطاب راجگی سے مفتخر کر کے باپ کا جانشین مقرر کیا۔ ۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا سنہ جلوس مین منصب ہفتصدی ذات۔ پانصد و پنجاہ سوار پر سرفراز ہوا۔ اخیر عہد شاہجہانی مین ہفت صدی ذات۔ ہفت صد سوار پر سربلند ہوا سنہ جلوس عالمگیری مین انتقال کیا۔

سربلند رائے۔ رام راج۔ راؤ رتن ہاڈا

راؤ بھوج ہاڈا کا بیٹا تھا جب رائے بھوج پر جہانگیر کا عتاب نازل ہوا تو باپ کے ساتھ یہ بھی چند روز تک موردِ عتاب رہا ۳ سنہ جلوس مین حاضر دربار ہو کر تین ہاتھی پیشکش کیے۔ جن مین سے بادشاہ کو ایک بہت پسند آیا۔ اور اُس کا نام رتن گج رکھا۔

جہانگیر نے راؤ رتن کا قصور معاف کر کے خطاب سربلند رائے سے مفتخر کیا۔ سنہ جلوس مین شاہزادہ خورم کے ساتھ مہم رانا پر متعین ہوا سنہ جلوس مین مہم دکن پر مامور ہوا۔

سنہ جلوس مین شاہجہان سارشید اور سعادت مند بیٹا نورجہان بیگم کے جوڑ توڑ سے مجبور ہوکر باپ سے باغی ہوگیا۔ مہابت خان اور اُمرا کو حکم ملا۔ کہ شاہجہان کو گرفتار کر لاؤ۔ راؤ رتن بھی اس مہم مین تعینات ہوئے۔ شاہزادہ کے تعاقب مین انھون نے ایسی کارگذاری دکھائی۔ کہ منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے ممتاز ہوکر معزز خدمت رام راج سے جو دکن مین بکرماجیت کے خطاب کے برابر معزز سمجھا جاتا تھا موصوف ہوئے۔

جب زمانے نے کروٹ بدلی۔ اور شاہجہانی اقبال آفتاب عالمتاب کیطرح چمکا۔ راؤ رتن خوف کے مارے اپنے وطن بوندی کو چل دیئے۔ لیکن پھر کچھ سوچ سمجھکر ۸۔ رجب سنہ ھ کو دربار مین حاضر ہوگئے۔ شاہجہان نے نہایت عالی ہمتی سے پہلی باتون کو بالکل دل سے بھلا دیا۔ اور خلعت و جمدھر مرصع۔ علم و نقارہ۔ اسپ و فیل مرحمت کر کے منصب پنجہزاری ذات پنجہزار سوار پر سرفراز کر دیا۔ پہلے سال جلوس مین خانخانان مہابت خان کے ساتھ ہم کابل پر متعین ہوئے۔

سنہ جلوس مین بہت سے اُمرا اور منصبدارون کے ساتھ ہم تلنگانہ پر مامور ہوکر روانہ ہوئے۔ ۲۸ صفر سنہ ھ حسب الحکم حضور مین حاضر ہوئے۔ اور یمین الدولہ آصف خان کے ساتھ پھر دکن مین مامور کیئے گئے۔ بالاگھاٹ مین پہونچکر ۱۲ جمادی الاولیٰ سنہ ھ کو وفات پائی۔

گوپی ناتھ بڑا بیٹا ان کی زندگی ہی مین مر چکا تھا۔ بادشاہ نے اُس کے بیٹے ستر سال کو ان کا جانشین مقرر کر کے ولایت بوندی اور رنتنگر معہ پرگنات قرب وجوار کے مرحمت فرمائے۔ دوسرے بیٹے مادھو سنگھ کو کوٹہ وغیرہ جاگیر مین دیا۔ ان دونون اور اندرسال ہاڈہ دوسرے پوتے کا حال علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہے۔

ملہ یہ حال بکرماجیت۔ سندرداس کے حال مین دیکھو۔

روپ چند گوالیاری

شہنشاہ جہانگیر کے عہد کے منصبدار گوالیار کے رہنے والے تھے سنہ ۱۵ جلوس
مین قلعہ کانگڑے کی تسخیر ہائے نمایان انجام دیئے۔ اور اس کے صلے مین وطن
کی حکومت پر سرفراز ہوئے۔ بادشاہ نے ازراہ عنایت خسروانہ یہ بھی حکم صادر
کیا۔ کہ گوالیار کی جاگیر کی نصف آمدنی تنخواہ منصب مین سمجھی جاوے۔ اور بقیہ
انعام مین محسوب ہو۔ اور بجائے اُس کے تنخواہ مین دوسری جاگیر مرحمت
کی جاوے۔

شاہجہان کے عہد مین سنہ ۱۳ جلوس مین منصب ہزاری ذات ششصد
سوار پر سرفراز ہوئے سنہ ۸ جلوس مین نجابت خان فوجدار دامن کوہ کانگڑے
نے راجہ سری نگر کی تنبیہ کے واسطے دوہزار سوار کی بادشاہ سے امداد مانگی۔
بادشاہ نے روپ چند کو اس مہم پر متعین کیا۔ نجابت خان کی ناتجربہ کاری۔
اور ضعف تدبیر نے کام بگاڑ دیا۔ رسد بند ہوگئی۔ اور لشکر بھوکون مرنے لگا۔ راجہ
سری نگر نے اول اپنے وکیل بھیجکر دس لاکھ روپیہ پیشکش شاہی اور ایک لاکھ
روپیہ نجابت خان کو دینے کا وعدہ کرکے عفو تقصیر کی التجا کی۔ اور اس حیلے اور
وعدے وعید اور پیغام وسلام مین جنگ کو دو تین مہینے تک ٹالے رکھا جب
برسات کا موسم آگیا۔ اور چارون طرف کے راستے بند ہوگئے۔ تو لشکر مین رسد کی
اس قدر کمیابی ہوئی کہ روپیہ کے سیر بھر گیہون بھی مشکل سے ملتے تھے۔ اسی عرصے
مین راجہ سری نگر دھوکا دیکر نجابت خان کی فوج پر یکایک آپڑا۔ نجابت خان
سے کچھ کرتے دھرتے نہ بنا۔ فوراً بھاگ گیا۔ اُس کے بھاگتے ہی سب کے پاؤن
اُکھڑ گئے۔ جدھر جس کا منہ اُٹھا۔ اُدھر ہی بھاگ نکلا۔ روپ چند کی غیرت مردی نے

ننگ فرار گوارا نہ کیا۔ اور نہایت شجاعت و بہادری سے میدان جنگ مین جم کر اپنی جان عزت پر قربان کرگیا۔

راجہ رام داس نروری

اُمرائے عہد جہانگیری سے تھا۔ سنہ ۲ جلوس مین راجہ مہان سنگھ کا اتالیق مقرر ہوکر مہم بنگش پر متعین ہوا۔ سنہ ۸ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ شاہجہان کے عہد مین سنہ ۱ جلوس مین خانخانان مہابت خان کے ساتھ جھجار سنگھ بندیلہ کے تعاقب پر مامور رہا۔ سنہ ۳ جلوس مین راؤ رتن ہاڈہ کے ساتھ مہم تلنگانہ مین شریک ہوا۔ سنہ ۶ جلوس مین ہمراہ شاہزادہ شجاع قلعہ پرنیدہ (دکن) کو تسخیر کے واسطے روانہ ہوا۔ سنہ ۸ جلوس مین سید خانجہان بارہ کے ساتھ مہم بیجاپور مین تعینات ہوا اور اس مہم سے فارغ ہوکر اپنے اصلی عہدہ قلعداری نرور پر واپس ہوا۔ سنہ ۱۳ ۱۰۴۹ھ جلوس مین وفات پائی۔ راجہ امر سنگھ نروری جس کا حال علیحدہ لکھا جاچکا ہے۔ اسکا پوتا تھا۔

راجہ رائے سنگھ راٹھور

راو امر سنگھ راٹھور کا بیٹا۔ اور راجہ گج سنگھ راٹھور کا پوتا تھا۔ اپنے باپ کے مارے جانے کے پانچ مہینے بعد ۱۲۔ ذیقعدہ سنہ ۱۰۵۴ھ کو دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ اور چار ہاتھی پیشکش کیئے بادشاہ نے خلعت مرحمت فرماکر منصب ہزاری ذات ہفتصد سوار پر سرفراز کیا۔ دوسرے سال یعنی سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مرادبخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر مامور ہوا۔

سنہ ۲۵ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہشت صد سوار سے ممتاز ہوکر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ۔ اور سنہ ۲۶ جلوس مین شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ

مہم قندھار مین شریک ہوا سنہ ۲۸ جلوس مین نواب سعد اللہ خان وزیر اعظم کے ساتھ منہدمی قلعہ چتوڑ کی خدمت پر روانہ کیا گیا سنہ ۱۰۶۸ھ مین سموگڈھ کی لڑائی کے بعد متھرا کے مقام پر بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہو کر خلیل اللہ خان کے ساتھ دارا شکوہ کے تعاقب پر مامور رہوا۔ اِس کے بعد کھجوہ کی لڑائی مین شریک ہو کر اپنی شمشیر کے جوہر دکھائے۔ اور جب[۱] جسونت سنگھ بادشاہی کارخانجات کو لوٹ کر کھجوہ سے بھاگ کر جودھپور پہونچا۔ تو عالمگیر نے رائے سنگھ کو ایک لاکھ روپیہ نقد مرحمت فرما کر خطاب راجگی سے موصوف اور منصب چہار ہزاری ذات چہار ہزار سوار سے سرفراز کیا۔ اور خلعت اور اسپ و فیل۔ اور شمشیر مرصع۔ اور نقارہ عطا کر کے۔ قبیلہ راٹھور کی سرداری اور جودھپور کی حکومت کا امیدوار کیا۔ اور فتحپور کے مقام سے محمد امین خان میر بخشی کے ساتھ جسونت سنگھ کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔

جب مہاراجہ جسونت سنگھ کا قصور معاف ہو گیا۔ رائے سنگھ حسب الطلب دربار مین حاضر ہو کر جنگ دوم دارا شکوہ مین شریک ہوا سنہ ۸ جلوس مین مرزا۔ راجہ جے سنگھ کے ساتھ سیواجی بھونسلا کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ اور اِس مہم کے حُسن خدمت کے صلے مین خلعت و اسپ اور نقد انعام سے سربلند ہوا۔ اس کے بعد سنہ ۹ جلوس مین راجہ موصوف کے ساتھ مہم بیجاپور پر متعین ہوا۔

سنہ ۱۰ جلوس مین شاہزادہ محمد معظم کے ساتھ صوبۂ دکن مین مامور ہوا۔

سنہ ۱۸ جلوس مین جبکہ خانجہان بہادر کوکلتاش کی ماتحتی مین صوبہ دکن مین تعینات تھا۔ عبد الکریم میانہ کے مقابلہ مین اپنی فوج کی صفین درست کر رہا تھا کہ فرشتۂ اجل نے آدبایا اور نہ معلوم کیا مرض پیدا ہوا کہ تھوڑی ہی دیر مین کام تمام ہو گیا۔

۱؎ دیکھو مہاراجہ جسونت سنگھ کا حال۔

اورنگ آباد کے باہر راؤ رائسا پورہ اُس کا آباد کیا ہوا موضع اُس کی یادگار سے باقی ہے۔ راجہ اندر سنگھ راٹھور اِس کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ قلمبند ہو چکا ہے۔

راجہ رائے سنگھ سیسودیہ

مہاراجہ بھیم

مہاراجہ بھیم کا بیٹا۔ اور رانا امر سنگھ کا پوتا تھا۔ ۹ سنہ جلوس جہانگیری مین شاہزادہ خورم رانا امر سنگھ کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ جب رانا تنگ ہوا۔ شاہزادہ کی ملازمت مین حاضر ہو کر عفو تقصیر کی التجا کی اور اپنے بیٹے بھیم کو شاہزادہ کی مصاحبت مین داخل کیا۔ بھیم نے شرافت اطوار اور اعتبار کے جوہر سے منتخب ہو کر شاہزادہ کے مزاج مین ایسا دخل پیدا کیا۔ کہ اُس کی سرکار کی بہت سی خدمتین اُس کے سپرد ہوگئین زمینداران گجرات کی تنبیہ اور مہمات دکن اور گونڈوانہ وغیرہ مین اُس کی شجاعت رستمانہ اور شیردلی کا سکہ تمام ہندوستان مین بیٹھ گیا جب نور جہان بیگم کی حسن تدبیر زمانہ نے شاہجہان سے بیوفائی کی[1]۔ تو راجہ بھیم وفاداری مین ثابت قدم رہے۔ اور جانبازی کو حد سے گذار دیا۔ ہر معرکہ مین اپنی جان کو جان نہین سمجھا جب شاہجہان بنگالہ سے الہ آباد کی طرف آ رہا تھا۔ اِدھر سے خانخانان مہابت خان اور شاہزادہ پرویز شاہی فوجین لئے ہوئے جا پہونچے۔ دونون فوجون مین سخت لڑائی ہوئی اور اسی لڑائی مین یہ وفادار بندہ اپنے آقائے نامدار کی خدمت مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر اپنی جان کو حق نمک پر نثار کر گیا۔ خوشا نصیب کہ دُنیا سے سُرخرو سدھارا۔

راجہ رائے سنگھ

جب شاہزادہ کا آفتاب اقبال چمکا۔ اور شاہزادگی سے شہریاری کا رُتبہ حاصل ہوا۔ پہلے سال جلوس مین مہاراجہ بھیم کا بیٹا رائے سنگھ دربار مین حاضر ہوا۔ اگرچہ

[1] راجہ بکرماجیت سندر داس کا حال دیکھو۔

اُس وقت وہ بچّہ ہی تھا۔ مگر قدر دانان بادشاہ نے باپ کی جان نثاری اور خدمات کو یاد کرکے بیس ہزار روپیہ نقد۔ خلعت فاخرہ اور سرپیچ۔ اور جمدھر مرصع اور کُل لوازمات امارت مرحمت فرماکر منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار سے مفتخر کیا۔ اور اسی عمر مین خطاب راجگی سے بھی موصوف کیا۔

۸ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر ترقی ہوئی ۸ جلوس مین جھجھار سنگھ بُندیلہ کی سرکوبی پر مامور رہا۔

۱۲ جلوس مین شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر تعینات ہوا ۱۵ جلوس مین نقارہ مرحمت ہوکر سعید خان ظفر جنگ کے ساتھ راجہ جگت سنگھ کی تادیب پر مامور ہوا ۲۵ جلوس مین منصب چہار ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر مفتخر ہوکر دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر روانہ ہوا ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان پر متعین ہوا ۲۲ جلوس مین منصب پنجہزاری ذات۔ دو ہزار و پانصد پر سربلند ہوا۔ اور اورنگزیب کے ساتھ مہم قندہار مین شریک ہوا ۲۸ جلوس مین نواب سعد اللہ خان کے ساتھ مہم چتوڑ پر روانہ ہوا ۳۱ جلوس مین میر جملہ معظم خان کے ساتھ اورنگ زیب کی کمک پر مہم بیجاپور مین متعین ہوا۔ اور اس مہم مین شجاعت و کارگذاری کے ایسے جوہر دکھائے کہ ایک لاکھ روپیہ نقد مرحمت ہوکر منصب پنجہزاری ذات پانزہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ اور خلعت۔ اور شمشیر مرصع۔ اور عربی گھوڑا معہ زین زرین۔ اور ہاتھی۔ اور ہتھنی عطا ہوکر وطن جانے کی رخصت مرحمت ہوئی۔

۳۱ ھ مین وطن سے طلب ہوکر مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ مالوے مین تعینات کیا گیا۔

جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت کے ساتھ۔ لیکن عین حالت جنگ مین اورنگزیب اور مراد بخش کی فوج کا غلبہ دیکھکر کھسک گیا۔ اور بھاگ کر وطن جا پہونچا۔

سموگڈھ کی لڑائی کے بعد رائے سنگھ ملازمت عالمگیری مین حاضر ہوکر خدمات شاہی مین سرگرم ہوا۔ جنگ دوم دارا شکوہ کے وقت بادشاہ نے قصبہ تورہ مین جو اُس کی جاگیر مین تھا فاضل اسباب اور بیگمات کو چھوڑ دیا۔ اور رائے سنگھ کو اُنکی حفاظت پر مامور کیا۔ اِس کے بعد کھجوہ کی لڑائی مین شریک ہوکر دلاوری کے جوہر دکھائے۔

سنہ ۸ جلوس مین راجہ جے سنگھ کے ساتھ اول سیوا جی بھونسلا۔ اور سنہ ۹ مین مہم بیجاپور مین شریک ہوکر شجاعت وکارگذاری کا حق ادا کیا۔ اور حُسن خدمات کے صلے مین منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار پانصد سوار دو اسپہ سہ اسپہ سے مفتخر ہوا۔

سنہ ۱۰ جلوس مین شاہزادۂ محمد معظم کے ساتھ دکن مین تعینات ہوا۔ سنہ ۱۴ (۱۰۸۱ھ) جلوس مین وفات پائی۔ مان سنگھ۔ جہان سنگھ۔ انوپ سنگھ تین بیٹے تھے جو باپ کے مرنے کے بعد دربار عالمگیری مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے تینون کو خلعت مرحمت فرماکر منصب مناسب پر مقرر کیا۔

رائے سنگھ جھالا

شاہجہان کے عہد کا منصبدار تھا۔ سنہ ۱۱ جلوس شاہجہانی مین منصب ہشت صدی ذات چہار صد سوار پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۱۳ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ چہار صد سوار۔ اور سنہ ۱۴ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سربلند ہوا۔ اور اِسی سال خلعت و اسپ مرحمت ہوکر راجہ جگت سنگھ کی سرکوبی پر مامور ہوا۔ سنہ ۱۵ جلوس مین خلعت و اسپ عطا ہوکر شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر متعین ہوا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ ہفت صد سوار پر مفتخر

ہوکر مہم بلخ و بدخشان پر تعینات ہوا۔

راجہ روپ سنگھ راٹھور

راجہ کشن سنگھ راٹھور کا پوتا۔ اور مہاراجہ جسونت سنگھ کا چچا زاد بھائی تھا ۱۸ سنہ جلوس شاہجہانی مین جب ہری سنگھ اُس کے چچا نے لاولد انتقال کیا۔ تو شاہجہان نے اِس کو خلعت و اسپ عطا کر کے کشن گڈہ کی حکومت پر سرفراز کیا منصب ہزاری ذات۔ ہفت صد سوار پر مفتخر کیا ۲۲ سنہ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی۔ ہزار و دویست سوار پر سربلند ہوکر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر مامور ہوا ۲۳ سنہ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر ترقی پائی۔

۲۵ سنہ جلوس مین نقارہ عطا ہوا۔ اور منصب چہار ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار سے ممتاز ہوکر دوسری مرتبہ مہم قندہار مین متعین ہوا ۲۶ سنہ جلوس مین منصب چہار ہزاری ذات دو ہزار و پانصد سوار پر مفتخر ہوکر تیسری مرتبہ شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار مین شریک ہوا۔

۲۸ سنہ جلوس مین منصب چہار ہزاری ذات۔ سہ ہزار سوار پر سربلند ہوکر علامی سعد اللہ خان کے ساتھ قلعہ چتوڑ کے انہدام کے واسطے مامور ہوا۔ اِسی سال پرگنہ مانڈل گڈہ سرکار چتوڑ بہ تعین اسی لاکھ درم جمع کے بادشاہ نے جاگیر مین مرحمت کیا۔

۱۰۶۸ھ کی جنگ سموگڈہ مین دارا شکوہ نے روپ سنگھ کو اپنی فوج ہراول کا سردار مقرر کیا۔ اس لڑائی مین اُسکی جراُت و شجاعت کا یہ عالم تھا کہ دلاوران زمانہ کے حوصلے سے بڑھکر قدم مارتا تھا۔ آخر کار اپنی بے نظیر شجاعت سے اورنگ زیب کے توپ خانے سے گذر کر صفوف کو چیرتا پھاڑتا خاص اورنگ زیب کے ہاتھی کے پاس

جا پہونچا۔ اور کمال دلیری کے ساتھ اپنی تلوار سے اُس کے ہاتھی کی عماری کے رسّون کو کاٹنا شروع کیا۔ اورنگ زیب اس جوان مرد اور پُر جوش افسر کی اس جسارت اور بہادری کو دیکھکر ایسا خوش ہوا کہ بے اختیار چلاّیا۔ کہ خبردار اس بہادر کو نہ مارنا۔ اور زندہ گرفتار کر لینا۔ مگر لڑائی کے ہڑ لونگ مین جب تک یہ فقرہ بادشاہ کے مُنہ سے نکلا۔ آناً فاناً مین سیکڑون تلوارین اُس پر پڑ گئین جنھون نے اس بے نظیر بہادر کا نقش صفحۂ ہستی سے مٹا دیا۔

راجہ مان سنگھ راٹھور اُس کے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا جائیگا۔

راؤ روپ سنگھ چندراوت

چندراوت پرگنہ رام پور متصل (چتوڑ) کا رہنے والا۔ اور روپ مکند پسر راؤ چاندہ ابن رائے دُرگا داس سیسودیہ کا بیٹا تھا جب اُس کا چچازاد بھائی راؤ تہی سنگھ لاولد مر گیا۔ تو ۱۔ ربیع الاول ۱۰۵۵ھ کو یہ دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خطاب راؤ سے موصوف کر کے منصب نہ صدی ذات۔ نہ صد سوار پر سربلند کیا۔ اور پرگنہ رام پور جاگیر مین مرحمت فرمایا۔

۱۰۵۵ھ مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ پر مامور ہوا۔ اور نذر محمد خان والی بلخ کے مقابلہ مین اپنی بہادری کے کارنامے دکھا کر منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار پر سربلند ہوا۔ اس کے بعد قندھار وغیرہ کی مہمات مین شریک ہو کر منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و دویست سوار پر مفتخر ہوا۔

سنہ ۲۴ جلوس شاہجہانی مین لاولد انتقال کیا۔ بادشاہ نے راؤ چاندہ کے دوسرے پوتے امر سنگھ کو جس کا حال علیحدہ قلمبند ہو چکا ہے۔ اُس کا جانشین مقرر کیا۔

رتن سنگھ راٹھور

مہیش داس راٹھور مہابت خانی کا بیٹا تھا۔ باپ کی زندگی مین منصب چہارصدی و دویست سوار پر سرفراز تھا۔ سنہ ۱۰۵۷ھ مین باپ کے مرنے کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار و پانصد سوار سے مفتخر ہو کر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم بلخ پر مامور ہوا۔ اِس کے بعد دیگر خدمات پر مامور ہو کر سنہ ۳۰ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار سے سربلند ہوا۔

سنہ ۱۰۶۸ھ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ شاہزادہ اورنگ زیب اور مراد بخش کے روکنے کے واسطے صوبۂ مالوے مین متعین ہوا۔ جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ تھا۔ اور نہایت دلاوری سے اورنگ زیب کے توپ خانے پر جا پڑا۔ اور وہان سے گذر کر صفون کو تہ و بالا کرتا ہوا اورنگ زیب کے ہاتھی کے قریب جا پہونچا۔ اور نہایت بہادری سے لڑ کر مارا گیا۔

راجہ راج روپ

راجہ باسو کا پوتا۔ اور راجہ جگت سنگھ کا بیٹا تھا۔ سنہ ۱۲ جلوس شاہجہانی مین ملازمت شاہی مین منسلک ہو کر فوجداری کوہ کانگڑہ پر سرفراز ہوا۔ جب باپ نے بادشاہ سے بغاوت اختیار کی۔ یہ بھی وفاداری مین ثابت قدم نہ رہا۔ اور باپ سے ملگیا۔ جب باپ کا قصور معاف ہو گیا۔ باپ کے ساتھ دربار مین حاضر ہوا۔

سنہ ۱۹ جلوس مین باپ کے مرنے کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار پر مفتخر ہو کر خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ اور پرگنہ جمون کی خاندانی حکومت پر سرفراز ہوا۔ اِسی سال شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر مامور ہوا۔

اور اس مہم مین اپنی شجاعت و دلاوری کے کارنامے دکھا کر منصب دو ہزاری[۲۰۰۰] ذات۔ ہزار و پانصد سوار[۱۵۰۰] پر ممتاز ہوا۔

سنہ ۲۰ جلوس مین منصب دو ہزاری[۲۰۰۰] ذات۔ دو ہزار[۲۰۰۰] سوار پر ترقی پائی سنہ ۲۲ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی[۲۵۰۰] ذات۔ دو ہزار و پانصد[۲۵۰۰] سوار پر سربلند ہوکر خلیل بیگ کی جگھ کہمرو کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۲۵ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات سہ ہزار سوار پر مفتخر ہوکر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندھار پر متعین ہوا۔ اس کے بعد سلیمان شکوہ پسر دارا شکوہ کے ساتھ صوبۂ کابل مین تعینات ہوا۔

سنہ ۲۶ جلوس مین دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار مین شریک ہوا۔

سنہ ۲۹ جلوس مین کہمرو سے دربار شاہی مین حاضر ہوا۔ اور رخصت حاصل کر کے جمون روانہ ہوا۔

سنہ ۶۸ مین جب دارا شکوہ سموگڈہ کی لڑائی مین شکست کھا کر بھاگا۔ راجہ راج روپ حسب الطلب اُس کے دہلی اور سہرند کے درمیان مین اُس سے آملا۔ لیکن جب دارا شکوہ لاہور سے ملتان روانہ ہوا۔ صورت حال سے انجام کار کو سمجھکر سپاہیون کے بھرتی کرنیکے بہانے سے اُس سے جُدا ہو کر دریائے بیاس کے کنارے خلیل اللہ خان سے جو دارا شکوہ کے تعاقب پر مامور تھا آملا۔ اور اُسکی سفارش سے منصب سہ ہزار و پانصدی[۳۵۰۰] ذات۔ سہ ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوکر چاندی سرحد سری نگر پر اس غرض سے متعین ہوا۔ کہ شاہزادہ سلیمان شکوہ کو کوہستان سری نگر سے اس طرف نہ آنے دے۔

جنگ دوم دارا شکوہ

دارا شکوہ ملتان اور گجرات ہوتا ہوا حسب تحریر مہاراجہ جسونت سنگھ اجمیر آپہونچا۔ اِدھر سے اورنگ زیب بھی مقابلہ پر جا پہونچا۔ ۲۹۔ جمادی الثانیہ سنہ ۶۹ھ کو

موضع دیورائی مین فریقین کا مقابلہ ہوا۔ راجہ راج روپ بھی حسب الطلب اِس مہم مین آکر شریک ہوا۔ داراشکوہ نے اجمیر کے قرب وجوار کی پہاڑیون اور گھاٹیون کو اچھی طرح روک کر مورچہ بندی کی تھی۔ اُس کا توپخانہ بھی اچھی جگہ قائم تھا اِس وجہ سے دور اندیش اور تجربہ کار اورنگ زیب کا حوصلہ نہین پڑتا تھا کہ اُس پر حملہ کرے۔ اِسی طرح دو تین دن گذر گئے۔ اور صرف توپ اور بندوق سے دور دور کی لڑائی ہوتی رہی۔ اِسی عرصے مین راجہ راج روپ کے پہاڑی سپاہی کوکلا پہاڑی کے نیچے ایک ایسی جگہ دیکھ آئے کہ جہان سے پیادے سپاہی چڑھکر مخالف کے مورچہ پر حملہ کر سکتے تھے۔ راجہ راج روپ نے اورنگ زیب کو اِس حال کی اطلاع دیکر اول اپنے کچھ پہاڑی سپاہی اُدھر روانہ کیئے۔ اور پیچھے سے اپنی باقیماندہ فوج لیکر اُن کی امداد کے واسطے روانہ ہوا۔ اتفاقاً اُس وقت اورنگ زیب کے توپخانے سے توپین چلنا بند ہوگئی تھین۔ اِس وجہ سے داراشکوہ کی فوج کے ایک ہزار سوار راجہ راج روپ پر حملہ کرنے کو اپنے مورچون سے باہر نکل آئے۔ یہ حال دیکھکر اورنگ زیب کی طرف سے دلیر خان اور شیخ میر اپنی فوجین لیکر ایسے زور سے جھپٹے کہ داراشکوہ کے مورچون تک جا پہونچے۔ خوب گھمسان کی لڑائی ہونے لگی۔ شیخ میر جو ہاتھی پر سوار اپنی فوج کو لڑا رہا تھا۔ بندوق کی گولی سے تیرِ اجل کا نشانہ ہوا۔ اُس کے ایک ہم قوم سید نے جو اُسکے پیچھے ہاتھی پر سوار تھا۔ بڑا کمال کیا۔ وہ نہایت ہوشیاری سے اُس کے تن بیجان کو اِس طور سے تھامے رہا جس سے دشمنون کو بلکہ خود اُس کے سپاہیون تک کو لڑائی کے خاتمہ تک اُس کے مارے جانے کا حال معلوم نہ ہوا۔ دلیر خان دلیری کرکے داراشکوہ کے مورچون مین جا گھسا۔ اِسی عرصے مین راجہ راج روپ کے سپاہیون نے کوکلا پہاڑی پر اپنا نشان جا گاڑا۔ راجہ جے سنگھ بھی معہ اپنی فوج

کے مدد کو پہونچ گیا۔ دارا شکوہ کی سپاہ اور خود دارا شکوہ راج روپ اور دلیر خان کی جرأت اور دلیری سے ہمت ہار کر بھاگ گئے۔ راجہ جے سنگھ دارا شکوہ کے اتنے قریب پہونچ گیا تھا۔ کہ اگر وہ چاہتا تو اُس کو گرفتار کر سکتا تھا۔ مگر یہ دوراندیش راجہ اس موقع کو ٹال گیا۔ اس لڑائی مین اگرچہ بہت سے امیر شامل تھے۔ مگر صاحب عالمگیر نامہ اس فتح کو صرف راجہ راج روپ۔ شیخ میر۔ دلیر خان بہادر خان۔ راجہ جے سنگھ ہی کی کارگذاری سے منسوب کرتے ہین۔

مہم سری نگر

سنہ ۲ جلوس مین راجہ راج روپ۔ راجہ پرتھی سنگھ والی سری نگر کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ کیونکہ اُس نے شاہزادہ سلیمان شکوہ کے حوالے کرنے یا اپنے ملک سے نکال دینے سے انکار کر دیا تھا۔ راجہ کے بعد تربیت خان اور رعد انداز خان بھی مدد کے واسطے پہونچ گئے۔ جب پرتھی سنگھ نے اپنے ملک کی تباہی دیکھی تو راجہ جے سنگھ اور راجہ راج روپ کی معرفت سلیمان شکوہ کے سپرد کر دینے کا وعدہ کر کے معافی کا خواستگار ہوا۔ اور راجہ رام سنگھ پسر راجہ جے سنگھ سلیمان شکوہ کو وہان سے جا کر لے آیا۔

سنہ ۴ جلوس مین راجہ سید شہامت خان کی جگہ سرحد غزنین پر تعینات ہوا۔ اور اسی سال سنہ ۱۰۷۱ھ مین ملک عدم کو روانہ ہوا۔

بہار سنگھ (مرید خان)

راجہ راج روپ کا چھوٹا بھائی بہار سنگھ جو باپ کے ساتھ مہم بدخشان مین شریک تھا۔ آخر سال سنہ ۳ جلوس مین مسلمان ہو گیا۔ بادشاہ نے اُس کو مرید خان کے خطاب سے موصوف کیا۔ مدت تک غوربند کی تھانہ داری پر مامور رہا۔ صاحب مآثر الامرا تحریر کرتے ہین کہ اس وقت تک اُس کی اولاد اُس کے وطن شاہپور بھروئین پر جو تاراگڈہ سے پچھم کی طرف واقع ہے۔ قابض چلی آتی ہے۔ اور انہین سے جو گدی نشین ہوتا ہے وہ مرید خان کے خطاب سے موسوم کیا جاتا ہے۔

راج سنگھ راٹھور پردھان

کیوان راٹھور کا بیٹا تھا۔ ابتدا مین راجہ گج سنگھ راٹھور کی سرکار مین وکیل مطلق تھا۔ سلہ جلوس مین شاہجہان نے خلعت مرحمت فرما کر منصب ہزاری ذات۔ چہار صد سوار پر مفتخر کیا۔ اور راجہ گج سنگھ کے بیٹے جسونت سنگھ کا اتالیق مقرر کیا۔ ۸۔ جمادی الثانیہ ۱۰۵۰ھ کو اُس نے ایک ہاتھی پیشکش کیا۔
سنہ ۱۲ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ شش صد سوار پر سرفراز ہوا۔ اور سنہ ۱۴ جلوس مین انتقال کیا۔

رائے۔ رایان۔ راجہ رگھناتھ داس سعد اللہ خانی

راجہ رگھناتھ داس حساب کتاب۔ معاملہ فہمی۔ اور تحریر و تقریر۔ دیانت و امانت مین بے نظیر اہلکار تھے۔ نواب سعد اللہ خان کے عہد وزارت مین اول عام متصدیون کے زمرہ مین ملازم ہوئے۔ پھر اپنی حسن لیاقت کاردانی۔ دیانت و امانت سے خان موصوف کے منظور نظر ہو کر ترقی کرتے ہوئے اُن کی نیابت پر پہونچ گئے۔ جو کام اُن کے سپرد کیا گیا اُسے اُنھون نے نہایت سلیقہ اور شوق سے انجام دیا۔
سنہ ۱۰۶۱ھ مین کمال کے جوہری (شاہجہان) نے اُن کی کارگذاری سے خوش ہو کر خطاب (رائے) سے موصوف کیا۔ اور خدمت دیوانی تن کا خلعت مرحمت فرما کر سونے کا قلمدان عطا کیا۔
سنہ ۱۰۶۲ھ مین خالصہ شاہی کی دیوانی کی خدمت بھی انھین کو مرحمت ہوئی ان عہدون پر مامور ہو کر انھون نے ایسی لیاقت دکھائی۔ کہ انکی کاردانی

بادشاہ کے منقوش خاطر ہو گئی - چنانچہ جب ۱۰۶۶ھ مین نواب سعد اللہ خان
وزیر اعظم نے انتقال کیا تو بادشاہ نے انھین رائے رایان کے خطاب سے موصوف
کر کے منصب ہزاری ذات - چار صد سوار پر سرفراز کیا - اور کل وزارت کا کام
ان کے سپرد کر دیا -

شاہجہان کے عہد کا عدل و انصاف

اسی سال وقائع بندر سورت سے معلوم ہوا - کہ محمد امین حاکم بندر سورت
تشخیص مال و ابواب مین بہت سختی کرتا ہے - دربار شاہجہانی سے فوراً اُس کی
جاگیر اور منصب کے ضبطی کا حکم صادر ہوا - اور گرزبردار متعین ہوا - کہ اُس کو
گرفتار کر کے دربار مین پیش کرے - جب گرز بردار نے اُس کو گرفتار کر کے دربار
مین پیش کیا - شاہجہان نے حکم دیا - کہ سر بازار اس ظالم کی آستین مین سانپ
چھوڑا جاوے - چند اُمرا نے رحم کی سفارش کی - مگر نہایت سختی سے نامنظور کیگئی -
اُس وقت مین بندر سورت شاہجہان کی بڑی بیٹی جہان آرا بیگم کی جاگیر مین تھا -
محمد امین کے متعلقین اور دربار کے اکثر متصدیون نے جب دیکھا کہ کسی طرح
اُس کی جان بچتی نظر نہیں آتی تو بیگم صاحبہ کی خدمت مین نہایت عجز و الحاح
کر کے سفارشی رقعہ لکھوایا - جب یہ سفارشی رقعہ بادشاہ کے ملاحظہ سے گذرا تو اُسکے
غیض و غضب کی کوئی انتہا نہ رہی - محمد امین کو تو حوالات مین بھیجا اور خود محلسرا مین
پہونچکر بیٹی کو بہت بُرا بھلا کہا - کہ تم لوگ عدل سے سلطنت نہیں کرنے دیتے - باوجود
اس کے کہ بندر سورت تمھاری جاگیر مین ہے مگر تم نے ایسے ظالم ناپاک کی سفارش
کی جس نے محض اظہار خیرخواہی کے واسطے میری رعیت کو تباہ و برباد کیا ہے -
کیا تم کو معلوم نہیں ہے - کہ مالگذار رعیت باعث آبادی مُلک - موجب افزونی
خزانہ و لشکر شاہی ہے - کیا ایسے ظلم سے رب العالمین کا غضب نازل نہیں ہوسکتا -
شاہزادی صاحبہ کو چونکہ ان حالات کی بالکل خبر نہ تھی - لہذا بادشاہ سے معافی چاہی -

اور سفارش سے درگذر کی۔ دوسرے روز دربار مین بادشاہ نے محمد امین کو طلب کرکے پھر وہی حکم صادر کیا۔ تمام دربار مین کسی کی اتنی جرأت نہ ہوئی۔ کہ منہ سے ایک لفظ بھی نکالے۔ اسی سناٹے کے عالم مین راجہ رگھناتھ داس نے زمین خدمت کی چومی اور نہایت عجز و انکسار سے دست بستہ ہوکر عرض کیا۔ کہ جہان پناہ کے دولت واقبال کا آفتاب ہمیشہ خدا نصف النہار پر رہے۔ اگرچہ ظالم کی سفارش کرنا خود بھی اُس کے ظلم مین شریک ہونا ہے۔ اور جو ایسی شفاعت کرے وہ خود سزاوار عقوبت ہے مگر بندگان عالی یہ تو خیال فرمائین۔ کہ مظلوم رعایا کا بہت سا روپیہ اس ظالم کے ذمّے ہے جب تک اُس کی تحقیقات ہوکر مظلومون کا روپیہ واپس نہ ہو جاوے۔ اُس وقت تک اِس کے قتل مین تامل فرمایا جاوے۔ شاہجہان نے اس تقریر کو سُنکر محمد امین کو راجہ کے حوالے کیا۔ کہ اس کو محاسبہ کے شکنجے مین کسکر جس قدر روپیہ رعایا سے زیادہ لیا گیا ہے۔ واپس کرا جائے۔ راجہ نے سزاول متعین کرکے جتنا جتنا روپیہ زیادہ وصول کیا گیا تھا۔ واپس کرا دیا۔ اور راجہ کی اِس سفارش سے محمد امین کی جان بخشی بھی ہوگئی۔ اور مظلوم رعایا بھی اپنی داد کو پہونچگئی۔

سنہ ۱۰۶۸ھ تک راجہ رگھناتھ داس کل دیوانی کا کام انجام دیتے رہے جب سموگڈھ کی فتح کے تیسرے دن اورنگ زیب آگرہ مین داخل ہوا۔ اور رفتہ رفتہ جملہ ارکان سلطنت اُس کی خدمتین حاضر ہوگئے تو راجہ رگھناتھ داس بھی معہ اپنے کل عملہ کے بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوئے۔ اور خلعت سے سرفراز ہوکر اسی عہدے پر قائم رہے۔

پہلے سال جلوس مین اورنگ زیب نے منصب دو ہزار و پانصدی[۲۵۰۰] ذات دو ہزار و پانصد[۲۵۰۰] سوار سے سرفراز کرکے خطاب راجگی سے مفتخر کیا۔

کھجوہ کی لڑائی مین جو شاہزادہ شجاع سے ہوئی اور جنگ دوم دارا شکوہ مین راجہ رگھناتھ داس نے قلم کے بجائے تلوار کو ہاتھ مین لیا۔ اور اپنی شجاعت و بہادری کے ایسے جوہر دکھائے۔ کہ بادشاہ کے منقوش خاطر ہوگیا۔ کہ وہ قلم ہی کا دھنی نہین بلکہ سپاہگری اور سرداری کا بھی جوہر رکھتا ہے۔

سنہ ۱۰۷۳ھ تک راجہ وزیر اعظم کے عہدے پر سرفراز رہے۔ بادشاہ اِن کی حُسن لیاقت اور تحریر و تقریر اور دیانت و امانت کے جوہر سے بہت عزیز رکھتا تھا۔ اِس سال جب کشمیر کی سیر کو چلا۔ تو راجہ کو بھی اپنے ساتھ لے چلا۔ اِسی سفر مین کشمیر کے قریب پہونچکر ۱۱۔ ذیقعد سنہ ۱۰۷۳ھ کو اُنھون نے انتقال کیا۔ عالمگیر نے اِس بالیاقت وزیر کے مرنے کے بعد فاضل خان اور اُس کے بعد دوسرے مُسلمان امیرون کو اس عُہدے پر سرفراز کیا۔ مگر اُس نے اپنے رقعات مین سوائے سعد اللہ خان اور رگھناتھ داس کے کسی وزیر کی تعریف نہین کی۔ اور اپنے خطوط اور فرمانون مین شاہزادون اور امیرون کے نام لکھے ہین۔ اِن دونون کی رایون اور کامون کو اِس طرح لکھا ہے کہ سب لوگ اُن کی پیروی کرین۔ اِس پر بھی متعصب مورخ اُس پر ہندون کو ملازمت شاہی سے خارج کرنے کا الزام لگاتے ہین۔

اِس موقع پر رقعات عالمگیری سے دو رقعون کا وہ مضمون جو راجہ رگھناتھ داس کے متعلق ہے نقل کیا جاتا ہے۔

رگھناتھ سعد اللہ خانی خدمات مالی بہ برادران خود ملیداد۔ ومیگفت کہ خانہ برانداز متصدیان ہمین بلا داند۔ (رقعہ ۵۶ رقعات عالمگیری)۔

رگھناتھ سعد اللہ خانی و راجیا نیکہ راتق مہمات دیوانی بود۔ میگفت کہ کار سرکار والا بہ کسے باید فرمود۔ کہ جوہر کاروانی و دماغ معاملہ آرائی داشتہ باشد

نہ بعیل غرض۔ (رقعہ ۱۴۹ رقعات عالمگیری)۔

رام سنگھ راٹھور

کرمسی راٹھور کا بیٹا۔ اور رانا جگت سنگھ کا بھانجا تھا ۳ سنہ جلوس مین اپنے ماموں کی ملازمت ترک کرکے ۱۱۔ ربیع الاول سنہ ۵ جلوس کو دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خلعت عطا فرماکر منصب ہزاری ذات ۶۰۰ ششصد سوار پر سرفراز کیا۔ سنہ ۱۴ جلوس مین منصب ہزار ۱۰۰۰ ذات۔ ہفت صد سوار پر مفتخر ہوا۔
سنہ ۱۵ جلوس مین خلعت و اسپ مرحمت ہوکر شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر مامور رہا۔ سنہ ۱۶ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ ذات ہشت صد ۸۰۰ سوار پر سربلند ہوا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادۂ مراد بخش کے ہمراہ مہم بلخ و بدخشان مین متعین ہوا۔ اور اس مہم مین شجاعت و کارگذاری کے جوہر دکھاکر سنہ ۲۰ جلوس مین منصب دو ہزاری ۲۰۰۰ ذات۔ ہزار سوار پر سرفراز ہوکر قلعہ بلخ کی محافظت پر تعینات ہوا۔ سنہ ۲۲ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ۲۵۰۰ ذات ہزار و دویست ۱۲۰۰ سوار پر سربلند ہوکر شاہزادۂ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر روانہ ہوا۔ سنہ ۲۳ جلوس مین منصب سہ ہزار و پانصدی ۳۵۰۰ ذات و ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔ سنہ ۲۵ جلوس مین دوسری مرتبہ۔ اور سنہ ۲۶ جلوس مین تیسری مرتبہ مہم قندہار مین شریک ہوا۔ سنہ ۲۸ جلوس مین خلیل اللہ خان کے ساتھ راجہ سری نگر کی تنبیہ پر مامور رہا۔
جنگ سموگڈہ مین دارا شکوہ کے ساتھ تھا۔ اور نہایت شجاعت و بہادری کے ساتھ دشمن کی فوج مین جا گھسا۔ اور حملہ ہائے مردانہ اور شجاعت رستمانہ سے صفوں کو تہ و بالا کرتا ہوا مراد بخش کے ہاتھی کے پاس جا پہونچا۔ قریب تھا کہ مراد بخش کو ہاتھی سے گرالے۔ مگر مراد بخش کی پھرتی اور شجاعت کے سبب سے

ناکامیاب رہا۔ مراد بخش اگرچہ زخمی اور راجپوتون کے نرغہ مین تھا۔ لیکن ڈھال سے اپنے سات برس کے بچّے کو جو پہلو مین بیٹھا ہوا تھا بچائے ہوئے بڑے استقلال سے بدستور لڑتا رہا۔ اور تاک کر ایسا تیر مارا۔ کہ تیر اجل کا ہو کر اس بہادر پر لگا۔ اور بے نظیر بہادر اپنی بہادری کا نقش چھوڑ کر اُسی وقت مُلک عدم کو سدھار گیا۔ دارا شکوہ کو اُس کے مارے جانیکا حال معلوم ہو کر بہت رنج ہوا۔

راجہ رام سنگھ کچھواہا

بڑا بیٹا مرزا۔ راجہ جے سنگھ کچھواہہ کا تھا۔ ۵ ذی الحجہ سنہ ۵۰ھ کو باپ کے ساتھ دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے ایک ہاتھی مرحمت کیا۔ ۱۵ رمضان سنہ ۵۳ھ کو خلعت و اسپ مرحمت ہوا۔ ۲۴ صفر سنہ ۵۶ھ کو معہ پانسو سوارون کے آنبیر سے آکر لاہور اور کابل کے درمیان مین بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوا بادشاہ نے منصب ہزاری ذات ہزار سوار سے سرفراز کیا اسکے بعد منصب مین متواتر اضافہ ہو کر سنہ ۲۷ جلوس تک منصب سہ ہزاری سے مفتخر ہوا۔ اور باپ کے ساتھ خدمات شاہی بجا لاتا رہا۔

جنگ سموگڈھ مین دارا شکوہ کے ساتھ تھا۔ جب باپ نے عالمگیر کی رفاقت اختیار کی۔ یہ بھی باپ کے ساتھ دربار عالمگیری مین حاضر ہو کر مورد نوازش ہوا۔ سنہ ۳ جلوس عالمگیری مین سلیمان شکوہ کے لانے کے واسطے سری نگر بھیجا گیا۔ اور وہان سے سلیمان شکوہ کو لیکر دربار مین حاضر ہوا۔ اور خلعت و انعام سے مفتخر ہوا۔

سیوا جی کا دربار مین آنا اور پھر بھاگ جانا

سنہ ۸ جلوس مین سیوا جی مرہٹہ نے صلح ہونے کے بعد اوّل اپنے بیٹے سنبھا جی کو دربار عالمگیری مین بھیجدیا۔ اس کے بعد مہاراجہ جسونت سنگھ کے ذریعے

---

۱ دیکھو مرزا۔ راجہ جے سنگھ کا حال۔

اپنی جان اور عزّت کی حفاظت اور حسن سلوک کا وعدہ لیکر دربار جشن سالانہ کے
موقع پر بادشاہ کو سلام کرنے کے لیے خود اکبرآباد چلا آیا بادشاہ نے رام سنگھ اور
مخلص خان کو اُس کے استقبال کے واسطے روانہ کیا۔ اور دربار جشن مین اُسکے
کھڑے ہونے کو جگہ بھی ایسی معقول دی کہ جو اُمرائے خاص کے لئے تھی۔ اور اُسی
دن کچھ اور اعزاز و اکرام بھی ہونیوالے تھے۔ اور یہ امر مقرر ہو چکا تھا۔ کہ چند روز
حاضر دربار رہکر عزّت و توقیر کے ساتھ رخصت کر دیا جائیگا۔ مگر سیواجی کو اپنے کھڑے
ہونے کی جگہ اور رسوم درباری کچھ ایسے ناگوار اور اپنی عزّت کے منافی معلوم ہوئے
کہ اُس نے رام سنگھ کو علیحدہ لیجا کر سخت شکایت کی۔ اور نہایت رنجیدگی کا اظہار
کیا۔ بادشاہ کو یہ حرکت ناگوار گذری اور بغیر اُن مراسم اعزاز و عنایت کے جو اُسکے
واسطے تجویز ہوئے تھے حکم دیا کہ ڈیرہ کو چلا جائے اور رام سنگھ کو حکم ملا کہ اُس کو
اپنے قیام گاہ کے پاس جو شہر سے باہر تھا اُتار کر نگرانی کرتا رہے۔ اور اُس کے
بیٹے سنبھاجی کو جو منصب پنجہزاری پر سرفراز ہو چکا تھا۔ کبھی کبھی اپنے ساتھ دربار
مین لاتا رہے۔ اور اُس کے بھاگ جانیکے اندیشہ سے فولاد خان کوتوال کو حکم دیا
کہ اُس کے ڈیرہ کے اردگرد پہرے مقرر کردے۔ اور راجہ جے سنگھ کو فرمان لکھا گیا
کہ اس معاملے مین جو مناسب جانے رپورٹ کرے۔ راجہ جے سنگھ نے جواب لکھا
کہ چونکہ مین اُس کے ساتھ عہد کر چکا ہون اور ہنوز مہم بیجاپور مین مشغول ہون۔ اگر
درگذر کیجاوے تو اس مین میری سُرخروئی ہے۔ اور کاروبار مہم کے لیئے بھی یہ
امر مناسب اور قرین مصلحت ہے۔ اس جواب کے آنے پر بادشاہ نے اُس کی
خطا معاف کر کے پہرے اُٹھوا دیئے۔ اور سنبھاجی پر بھی کچھ اور زیادہ اظہار عنایت
کرنے لگا۔ اور ارادہ تھا کہ چند روز بعد خود اُس کو بھی حاضر دربار ہونے کی اجازت
دیکر باعزاز و اکرام رخصت کر دیا جائے گا۔ مگر سیواجی کو اپنی سابقہ حرکتون کے باعث

الیسی بیقراری تھی کہ جب اُس نے دیکھا کہ پہرے اُٹھ گئے اور رام سنگھ نے بھی غفلت خواہ سازش سے نگرانی مین کوتاہی کی تو ۲۷ صفر ۱۰۷۶ھ کو بھیس بدل کر آگرہ سے ایسا بھاگا کہ پھر قابو مین نہ آیا۔ اور آٹھ نو مہینے کے بعد بڑی بڑی حکمتون اور تدبیرون سے اپنے تعاقب کرنے والون سے جان بچا کر ماہ ستمبر ۱۶۶۶ع مین راجگڈھ جا پہونچا۔

عالمگیر کو سیواجی کے اِس طرح سے بھاگ جانے سے رام سنگھ پر سازش کا شبہ پیدا ہوا۔ اور اُس کو منصب سے معطل کر کے دربار مین آنے کی ممانعت کر دی۔

۱۰ سنہ جلوس مین ۲۸ محرم ۱۰۷۸ھ کو راجہ جے سنگھ نے برہان پور مین انتقال کیا۔ جب بادشاہ کو یہ حال معلوم ہوا۔ رام سنگھ کا قصور معاف کر کے خلعت معہ جمدھر مرصع۔ شمشیر معہ ساز مرصع۔ اسپ عربی معہ ساز طلا۔ فیل معہ جُل زربفت و ساز نقرہ مرحمت کیا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف کر کے منصب چہار ہزاری ذات۔ چہار ہزار سوار سے مفتخر کیا۔ اور باپ کی کُل جاگیر اُس کو عطا کی۔

اِسی سال بنگالہ کی سرحد پر گواہٹی مین آسامیون نے فساد برپا کیا۔ بادشاہ نے راجہ کو منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے سربلند کر کے اِس مہم پر مامور کیا۔ اور رخصت کے وقت خلعت و اسپ معہ ساز طلا۔ جمدھر مرصع معہ علاقۂ مروارید کے مرحمت کیا۔

۱۲ سنہ جلوس مین منصب کے ایک ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ مقرر ہوئے۔
۱۳ سنہ جلوس مین منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ پر ترقی ہوئی۔

۱۹ سنہ ۱۰۸۶ھ جلوس مین خلعت و اسپ کے ساتھ بیش قیمت جواہرات انعام مین مرحمت ہوئے۔ اور اِسی سال وفات پائی۔

راجہ کشن سنگھ کچھوا ہا

راجہ رام سنگھ کا بیٹا کشن سنگھ باپ کی زندگی ہی مین ملازمت شاہی مین داخل اور صوبۂ کابل مین تعینات تھا ۱۴ سنہ جلوس مین حاضر دربار ہوا۔ بادشاہ نے خلعت اور سرپیچ مرصع مرحمت کیا ۱۷ سنہ جلوس مین خلعت و شمشیر اسپ فیل اور نقد انعام سے سرفراز ہوا ۲۰ سنہ جلوس مین باپ کے مرنیکے بعد کابل سے دربار مین حاضر ہوا۔ اور خلعت و جاگیر اور خطاب راجگی سے مفتخر ہوکر چار مہینے کی رخصت لیکر اپنے وطن آنبیر کو روانہ ہوا ۲۵ سنہ جلوس مین کسی خانہ جنگی مین زخمی ہوکر دو دن بعد ۱۰۔ ربیع الثانی ۱۰۹۵ھ کو انتقال کیا۔

راجہ بشن سنگھ کچھوا ہا

راجہ کشن سنگھ کا بیٹا بشن سنگھ باپ کے مرنیکے بعد ۱۵۔ ربیع الثانی ۱۰۹۳ھ کو منصب ہزاری ذات چہار صد سوار پر سربلند ہوا اور خطاب راجگی سے موصوف ہوکر اول راٹھوڑون کی تنبیہ پر مامور ہوا۔ اسکے بعد اسلام آباد کی فوجداری پر سرفراز ہوکر ۴۴ سنہ ۱۱۱۱ھ جلوس مین وفات پائی۔ بادشاہ نے اسکے بیٹے بجے سنگھ کو خطاب راجہ جے سنگھ کا مرحمت فرمایا۔ جو راجہ جے سنگھ سوائی کے نام سے مشہور ہوئے۔ اُن کا حال علحدہ لکھا جاچکا ہے۔

رام سنگھ ہاڈا

کشور سنگھ ہاڈا

مادھو سنگھ ہاڈا کا پوتا تھا جب ۲۵ سنہ ۱۰۹۲ھ جلوس عالمگیری مین جگت سنگھ مکند سنگھ ہاڈا لاولد فوت ہوگیا تو بادشاہ نے کوٹھ کی حکومت پر مکند سنگھ ہاڈا کے بھائی کشور سنگھ کو سرفراز کیا۔ اس کے بعد کشور سنگھ مذکور شاہزادہ محمد اعظم شاہ کے ساتھ مہم بیجاپور مین متعین ہوا۔ اور اس مہم مین شجاعت و کارگذاری کے جوہر دکھاکر زخمی ہوا ۳۰ سنہ جلوس مین شاہزادۂ محمد معظم کے ساتھ مہم حیدرآباد مین مامور ہوا ۳۲ سنہ مین نقارہ مرحمت ہوا اور اسی سال مرگیا۔

بادشاہ نے ذوالفقار خان بہادر کی سفارش سے کوٹھ کی حکومت پر اُس کے بیٹے رام سنگھ کو سرفراز کیا۔ اور اُس کا منصب جو اُس وقت تک ششصدی تھا ہزاری کر دیا۔

رام سنگھ

رام سنگھ نے مرہٹون کی لڑائیون مین ذوالفقار خان بہادر کے ساتھ نہایت جانفشانی اور اخلاص سے خدمتین انجام دین اور اُن کے صلے مین ۴۴ جلوس مین نقارہ مرحمت ہو کر ۴۸ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات و سوار سے مفتخر ہوا۔ اور موميدانہ کی زمینداری جس کی اُس کو بہت تمنا تھی مرحمت ہوئی۔

عالمگیر کی وفات کے بعد شاہزادہ محمد اعظم شاہ نے اُس کو منصب چہار ہزاری سے سرفراز کیا۔ وہ شاہزادہ عظیم الشان کی لڑائی مین نہایت مردانگی سے لڑ کر مارا گیا۔

بھیم سنگھ ہاڈا

رام سنگھ کے بعد بھیم سنگھ اُس کا بیٹا کوٹھ کی حکومت پر سرفراز ہوا۔ ۱۱۳۱ھ مین سید دلاور علی خان اور نواب نظام الملک آصف جاہ کی لڑائی مین یہ دلاور علیخان کے ساتھ تھا۔ جب دلاور علیخان مارا گیا۔ اُس کی فوج کے پاؤن اُکھڑ گئے۔ مگر اس بہادر نے ننگ فرار کو گوارا نہ کیا۔ اور میدان جنگ مین قدم جما کر خوب لڑا۔ آخر کار مارا گیا۔

رگھناتھ سنگھ سیسودیہ

اول رانا اُدے پور کی سرکار مین ملازم تھا۔ ۱۲ جلوس عالمگیری مین اُن کی ملازمت ترک کر کے دربار عالمگیری مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے جمدھر مرصع قیمتی ایک ہزار روپیہ مرحمت فرما کر منصب ہزاری سے سرفراز فرمایا۔

سنہ ۲۳ جلوس مین تھانہ داری سبانہ اور امان پر سربلند ہوا۔

رتن سنگھ عرف راجہ اسلام خان

گوپال سنگھ کا بیٹا۔ اور راؤ امر سنگھ چندراوت کا پرپوتا تھا سنہ ۳۳ جلوس عالمگیری مین جب گوپال سنگھ اس کا باپ ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ اُس نے اپنی جاگیر پرگنہ رامپور کے انتظام کے واسطے بیٹے کو وطن روانہ کیا۔ بیٹا ناخلف نکلا۔ اور تھوڑے دنون بعد باپ سے بغاوت اختیار کرکے خود مختار ہو بیٹھا۔ اور جاگیر کی آمدنی باپ کے پاس بھیجنا بند کردی۔

سنہ ۴۲ جلوس ۱۱۰۹ھ مین مختار خان صوبہ دار مالوہ کے ذریعے سے مسلمان ہوکر راجہ اسلام خان کے خطاب سے موصوف ہوا اور خان موصوف کی سفارش سے رامپور کی حکومت پر سرفراز ہوا سنہ ۱۱۲۳ھ تک نہ صرف پرگنہ رامپور بلکہ قرب جوار کے علاقون اور صوبۂ مالوہ کے مشہور شہر اُجین پر قابض رہا جب امانت خان صوبۂ مالوہ کا ناظم مقرر ہوا۔ اور اُجین وغیرہ پر اپنا دخل کرنا چاہا۔ تو اسلام خان تیس چالیس ہزار فوج کے ساتھ لڑائی کے واسطے مستعد ہوا۔ سارنگپور کے قریب لڑائی ہوئی۔ چونکہ اسلام خان کی بدبانی سے اُس کے تمام افسر نالان تھے۔ عین حالت جنگ مین پہلو تہی کرگئے۔ فوج بر سر پیکار تھی وہ تن تنہا گھوڑا بڑھا کر آگے بڑھا۔ راستے مین تیر اجل کی طرح گولہ لگا۔ اور مر گیا۔ امانت خان فتحیاب ہوکر رامپور کی طرف بڑھا۔ رانیون نے خبر پاکر دو ہاتھی اور کسی قدر زر نقد اُسکے پاس بھیجکر کہلا بھیجا۔ کہ راجہ نے جیسا کیا تھا اُس کی سزا پائی۔ ہم بیواؤن پر حملہ کرنا بزرگون کے طریقے کے خلاف ہے۔ آئندہ آپ کو اختیار ہے جب امانت خان نے یہ پیغام سُنا عالی ہمتی کو کام فرماکر اپنا ارادہ ترک کردیا۔ اور رانیون کی

عقلمندی سے رام پور لوٹ مار سے بچ گیا۔

راجہ رتن چند

قوم کا بنیا اور سید عبد اللہ خان صوبہ دار الہ آباد کا دیوان تھا جب
جہاندار شاہ کے عہد سلطنت مین سید عبد اللہ خان اور اُن کے بھائی سید
حسین علی خان نے جو عظیم آباد کا صوبہ دار تھا فرخ سیر کی رفاقت اختیار کی۔ اور
۱۱۲۴ھ مین اپنی اپنی فوجین لیکر فرخ سیر کے ساتھ جہاندار شاہ کے مقابلے کو
روانہ ہوئے۔ تو جہاندار شاہ نے راجی محمد خان نام ایک امیر سید عبد اللہ خان
کی جگھہ الہ آباد کا صوبہ دار مقرر کیا۔ اور سید عبد الغفار کو جو شجاعت و بہادری مین بے نظیر
سمجھا جاتا تھا اُس کا نائب مقرر کر کے ساتھ کیا۔ کڑہ مانک پور کے مقام پر ابو الحسن خان
بخشی سید عبد اللہ خان کے لشکر اور اس فوج سے مقابلہ ہوا۔ رتن چند بھی تین چار سو
سوارون کے ساتھ ابو الحسن خان کی کمک پر آموجود ہوا۔ بڑی سخت لڑائی ہوئی۔
آخر مین ابو الحسن خان کی فوج کے پاؤن اُکھڑ گئے۔ اور سپاہیون نے بھاگنا
شروع کیا۔ اور میدان جنگ مین صرف ابو الحسن خان اور رتن چند اور تین چار سو
سپاہی قدم جمائے باقی رہ گئے۔ اور وہ بھی سید عبد الغفار کے لشکر سے محصور
ہو گئے۔ تو سید عبد اللہ خان کے اقبال نے زور مارا۔ عبد الغفار کا فتحیاب
لشکر غنیم کی لوٹ مین مصروف تھا کہ یکایک عبد الغفار کے مارے جانے کی
خبر مشہور ہو گئی۔ اس خبر کا اُڑنا تھا کہ اُس کے لشکر نے اُڑنا شروع کر دیا
ہر چند بہادر عبد الغفار خود چلایا کہ مین زندہ ہون مگر لڑائی اور بھاگنے کی ہڑبونگ
مین کسی نے نہ سُنا۔ اس تائید غیبی کو دیکھکر رتن چند اور ابو الحسن خان نے
فتح کے شادیانے بجوانا شروع کر دیئے۔ بہادر مگر بد قسمت عبد الغفار کو بھی بھاگتے ہی

مین پڑا۔ رتن چند اور ابوالحسن خان موقعون پر تاؤ دیتے ہوے سید عبد اللہ خان
کے پاس واپس آئے

اس کے بعد جہاندار شاہ اور فرخ سیر کی لڑائی مین رتن چند نے خدمات
نمایان انجام دین۔ فتح کے بعد ۱۴ محرم سنہ ۱۱۲۴ھ کو فرخ سیر نے سید عبد اللہ خان
کو قطب الملک کا خطاب دیکر منصب ہفت ہزاری ذات۔ ہفت ہزار سوار دو اسپہ
سہ اسپہ پر سرفراز کرکے وزیر اعظم۔ اور سید حسین علی خان کو امیر الامرا کا خطاب
دیکر میر بخشی کے عہدے پر سربلند کیا۔ اور رتن چند کو خطاب راجگی عطا کرکے
منصب دو ہزاری سے مفتخر کیا۔

رفتہ رفتہ دونون بھائیون اور ان کے ساتھ رتن چند کا ایسا اقتدار بڑھا
کہ بادشاہ کا نام برائے نام رہ گیا۔ رتن چند کو ایسا غرور اور گھمنڈ پیدا ہوا
کہ ہر کام مین دخل دینے لگا۔ دیوان خالصہ دیوان تن سب بے اختیار اور معطل
محض ہو گئے۔ مجبور ہو کر اعتصام خان دیوان خالصہ اور رائے رایان جہان شاہی
دیوان تن نے اپنے عہدون سے استعفے دیدیئے۔

احمد آباد مین ہندو اور مسلمانون مین فساد

سنہ ۱۱۲۵ھ مین احمد آباد گجرات مین ہندو مسلمانون مین سخت فساد اور
کشت و خون ہوا صورت یہ ہوئی کہ ہولی کے ایام مین ایک ہندو نے جو ایسے محلہ
مین رہتا تھا جس مین ہندو مسلمان دونون آباد تھے اپنے مکان کے سامنے
کل محلے کے مشترکہ چوک مین ہولی جلانا چاہی مسلمانون نے ممانعت کی۔ بڑھتے
بڑھتے یہ مقدمہ داؤد خان صوبہ دار گجرات تک پہونچا۔ اُس نے اس حجت پر
کہ ہر شخص کو اپنے مکان کے سامنے اپنے رسوم مذہبی کے بجالانے کا اختیار حاصل
ہے اجازت دیدی اور خوب دھوم دھام سے ہولی جلائی گئی۔ دوسرے
دن اتفاق سے بارہ وفات کا دن تھا مسلمانون نے اُسی حجت پر اپنے مکانون کے

سامنے فاتحہ کے واسطے گائے کو لاکر ذبح کیا جب ہندؤن کو یہ حال معلوم ہوا
اکٹھے ہوکر مسلمانون پر حملہ کیا مسلمان تعداد مین کم تھے۔ بھاگ کر اپنے گھرون
مین جا چھپے۔ ہندؤن نے قصائی کے لڑکے کو جس کی عمر چودہ پندرہ برس کی
تھی پکڑ کر اُسی مقام پر لاکر ذبح کر ڈالا جب یہ حال شہر کے مسلمانون اور فوج
معینہ احمد آباد کے پٹھان سپاہیون کو معلوم ہوا۔ اُنھین بہت جوش آیا۔ اور
سب اِکھٹّا ہوکر انصاف کے واسطے قاضی شہر کے مکان پر پہونچے۔ چونکہ
داؤد خان صوبہ دار کے مزاج مین کپورچند نامی جوہری کو جو اُس کا مصاحب
اور نہایت متعصب آدمی تھا۔ بہت دخل تھا لہذا قاضی نے اُس کے خوف
سے اِس معاملے مین دخل دینا مناسب نہ سمجھا۔ اور اپنا دروازہ بند کرکے
بیٹھ رہا مسلمانون نے انصاف سے نا اُمید ہوکر اول قاضی جی ہی پر ہاتھ
صاف کیا۔ اور اُس کے مکان سے آگ لگاتے ہوئے کپورچند کے مکان
پر پہونچے۔ کپورچند کو پہلے حال معلوم ہو چکا تھا۔ اور اُس نے بہت سی جمعیت
اکھٹا کر رکھی تھی غرضکہ فریقین مین بہت کشت و خون ہوا۔ دونون طرف کے
ہزارون آدمی قتل و زخمی ہوئے تین چار روز تک شہر کے تمام بازارون
مین ہرتال رہی۔ اور فتنہ و فساد کا بازار گرم رہا آخر کار داؤد خان نے بہت
مشکل سے فساد کو رفع کیا۔ دونون طرف کے لوگ انصاف کے واسطے
دہلی روانہ ہوئے۔ داؤد خان نے کپورچند کی خاطر سے قاضی اور دیگر حکام
شہر سے مسلمانون کی زیادتی کا محضر مرتب کرا کر اپنے دستخطون کے ساتھ ہندؤن
کے ہاتھ دہلی روانہ کیا۔ وہان اندھیر نگری چوپٹ راج کا مضمون تھا رتن چند
نے بجائے انصاف کرنے یا فریقین مین مصالحت کرا دینے کے بلا فریقین
کے بیان سُنے ہو   عبدالعزیز اور شیخ عبدالوحید اور شیخ محمد علی واعظ

اور دوسرے ہمراہی مسلمانون کو قید کر دیا۔

سنہ ۱۱۳۰ھ مین عنایت اللہ خان اِس شرط پر دیوان خالصہ اور دیوان تن مقرر کیا گیا کہ بغیر اطلاع اور اجازت قطب الملک اور راجہ رتن چند کے کوئی کام بادشاہ کے سامنے پیش نہ کرے۔ اور رتن چند محالات خالصہ کے انتظام مین دخل نہ دے۔ لیکن یہ قول و قرار قائم نہ رہا۔ عنایت اللہ خان نے بادشاہ سے کفر جزیہ لئے جانیکا حکم حاصل کیا اور رتن چند کے خائن متوسلون کے منصب ضبط اور کم کرنیکی تجویز بادشاہ کی خدمت مین پیش کر کے منظوری حاصل کی قطب الملک نے رتن چند کی خاطر سے اِن دونون حکمون کے اجرا سے اِنکار کیا۔ اِسی عرصے مین محالات خالصہ کا ایک عامل جو رتن چند کا متوسل تھا زیر محاسبہ ہوا۔ اور حساب مین بہت سا روپیہ اُس کے ذمے نکلا۔ عنایت اللہ خان نے اُسے قید کیا۔ رتن چند کو یہ امر ناگوار گذرا۔ وہ عامل بھی کسی طرح موقع پا کر قید سے بھاگ کر رتن چند کو پاس جا پہونچا۔ عنایت اللہ خان نے بادشاہ سے یہ حال عرض کیا۔ بادشاہ نے اپنے خاص حکم کے ساتھ سپاہیون کو اُس کی گرفتاری کے واسطے رتن چند کے مکان پر بھیجا۔ بادشاہ کے اِس حکم کی تعمیل بھی رتن چند نے نہ کی۔ بادشاہ کو اِس پر بہت غصہ آیا۔ اور اُسی وقت قطب الملک کو اُس کی برخاستگی کے واسطے لکھا۔ قطب الملک نے بھی اِس تحریر کی کچھ پروا نہ کی۔

واہ کیا خدا کی قدرت۔ اور اقبال و ادبار کی طلسم کاری ہے۔ ابھی چند مدت پیشتر جس فرخ سیر نے عبد اللہ خان کو قطب الملک بنا کر ہفت ہزاری کے منصب پر پہونچایا۔ وہی فرخ سیر آج ایک معمولی عہدہ دار کی برخاست کرنے سے قاصر ہے۔ امیر خسروؒ نے سچ فرمایا ہے۔ ~

اقبال را بقا نبود دل بر و مبند ۔ عمریکہ بر غرور گذاری ہبا بود

گر نیست باورت ز من این نکتہ گوش کن ۔ اقبال را چو قلب کنی لابقا بود

غرضکہ اس قسم کی باتون سے بادشاہ اور بادشاہ گر(۱) دلون مین روز بروز کدورت بڑھتی گئی نتیجہ یہ ہوا۔ کہ دونون بھائیون نے راجہ جیت سنگھ کو اپنا ہمدم و ہمراز بنا کر بادشاہ کا کام تمام کر دیا۔ اور ۹۔ ربیع الاول ۱۱۳۱ھ کو بہادر شاہ کے پوتے ابو البرکات رفیع الدرجات کو بیس برس کی عمر مین تخت نشین کیا۔ اور جلوس کے پہلے ہی دن رتن چند نے معافی جزیہ کا حکم جاری کر دیا۔ رفیع الدجات مرض سِل مین گرفتار تھا۔ ۱۳۔ رجب ۱۱۳۱ھ تک برائے نام سلطنت کر کے بیچارہ مُلک عدم کو سدھارا۔ دونون بھائیون نے مشورہ کر کے اُس کے بھائی رفیع الدولہ کو اُس کا جانشین قرار دیا۔ اور جب ذیقعدہ ۱۱۳۱ھ مین وہ بھی مر گیا۔ تو ۱۵۔ ذیقعدہ ۱۱۳۱ھ کو شاہزادہ روشن اختر کو محمد شاہ کے نام سے بادشاہ بنایا۔

رتن چند کا اقتدار محکمۂ قضا پر

فرخ سیر کے عہد سے محمد شاہ کے عہد تک اگرچہ نام کے واسطے علیحدہ علیحدہ عہدے دار مقرر کیے جاتے تھے۔ لیکن حقیقت مین کل عہدے داران مالی و ملکی حتّٰی کہ حکام عدالت تک اپنے آپ کے رتن چند کا نائب سمجھ اُس کے اشارون پر چلتے تھے۔ اور صوبہ دار سپہ سالار سے لے کر خدمتگار رکابدار فراش وغیرہ تک کی خدمتون پر سادات بارہ اور رتن چند کے بھائی بند مامور تھے۔ آخر کار یہان تک نوبت پہونچی کہ مذہبی محکمہ قضا مین بھی رتن چند کی دست اندازی ہونے لگی۔ ایک دن رتن چند نے ایک شخص کو سید عبد اللہ خان کے سامنے پیش کیا۔ کہ یہ شخص فلان شہر کا قاضی

(۱) مورخین نے سید عبد اللہ خان۔ اور سید حسین علی خان کو اس خطاب سے موسوم کیا ہے۔

مقرر کیا جاوے۔ اُس وقت اُن کے پاس ایک گستاخ مصاحب بیٹھا ہوا تھا۔ سید صاحب نے اُس کی طرف دیکھا۔ اور مُسکرا کر کہا کہ میرا رتن چند قاضی بھی تجویز اور مقرر کرتا ہے۔ اُس مصاحب نے رتن چند کی طرف دیکھکر کہا کہ راجہ جی کیا مالی اور مُلکی انتظام سے فارغ ہو گئے۔ جو اب امور شرعی کے انتظام مین مشغول ہوتے ہو۔

۲۲۔ رمضان ۱۱۳۱ھ کو جمعہ کے دن اکبر آباد مین ایک ہندو عورت کسی مسلمان مرد کے عشق و محبت مین گرفتار ہو کر اپنی خوشی سے مسلمان ہو گئی اُس کے رشتہ دارون نے رتن چند کے پاس پہونچکر شکایت کی۔ رتن چند نے اُسی وقت کوتوال اکبر آباد کے نام حکم بھیجا کہ اُس عورت کو نہایت ذلت و خواری سے شہر مین تشہیر کرا کر رشتہ دارون کے سپرد کر دو۔ اور اُس مرد کو بے آبرو کر کے جلاوطن کر دو جب اِس حکم کی تعمیل ہوئی مسلمانون کو بہت جوش آیا مگر زمانہ کا رنگ دیکھکر چپ ہو رہے۔

اِس قسم کے واقعات سے چھوٹے بڑے غریب امیر ہندو مسلمان سخت نالان اور پریشان تھے۔ اُمراے تورانی مثل نظام الملک آصف جاہ۔ اور محمد امین خان وغیرہ دونون بھائیون اور رتن چند کے اقتدار کی وجہ سے دلتون خاموش رہے لیکن جب اپنی بربادی دیکھی تو انکی بیخ کنی پر آمادہ ہوئے۔ اور سازش کا جال پھیلا کر بادشاہ کو ہاتھ پاؤن ہلانے پر آمادہ کیا۔ نواب نظام الملک آصف جاہ دکن کا صوبہ دار تھا۔ امیر الامرا کسی بات پر اُس سے خفا ہو کر اور بادشاہ کو ساتھ لے کر اُس کی سرکوبی کے واسطے دکن روانہ ہوا۔ ۶۔ ذالحجہ ۱۱۳۲ھ کو فتح پور سیکری سے ۳۵ کوس آگے کسی جگہ پر مقام تھا جب کوچ ہوا۔ راستے مین میر حیدر خان کاشغری جو دلیری اور مردانگی مین بے نظیر تھا۔ اور اِس سازش مین شریک تھا۔ اپنی جان کو ہتیلی پر رکھکر عرضی دینے کے بہانے سے امیر الامرا کی پالکی کے پاس

پہونچا۔ جب امیر الاُمرا اُس کی عرضی کے پڑھنے مین مشغول ہوا۔ اُس نے کمر سے پیش قبض نکالکر اُس کے پیٹ مین دے مارا۔ بیچارہ کا اُسی وقت دم نکل گیا۔ نور اللہ خان امیر الاُمرا کے چچا زاد بھائی نے یہ حال دیکھکر حیدر خان پر تلوار کا ایسا وار کیا۔ کہ اُسی وقت قاتل بھی مقتول کے پاس جا پہونچا۔ قریب ہی ایک مغل سپاہی کھڑا تھا۔ اُس نے نور اللہ خان پر ہاتھ صاف کرکے اُس کا بھی کام تمام کردیا۔ اور آناً فاناً مین تین جانین ضائع ہو گئین۔ اور نظر عبرت سے دیکھنے والون کے دل مین دنیا کے مکافات کا خاکہ کھنچ گیا۔ کسی نے سچ کہا ہے۔

ازدور نیفتد قدح تلخ مکافات زہرے کہ چشیدن نتوانی نچشانے

رتن چند بھی اس لشکر مین موجود تھا۔ امیر الاُمرا کے مارے جانے کے بعد اُس نے عزت خان اُن کے بھانجے کے ساتھ بادشاہی لشکر اور تورانی امیرونکا خوب مقابلہ کیا۔ جب عزت خان مارا گیا۔ محمد امین خان نے اُس سے کہلا بھیجا کہ اب فضول لڑنے سے کیا فائدہ ہے بہتر ہے کہ واپس چلے جاؤ ورنہ اچھا نہوگا۔ رتن چند اس پیغام کو سُن کر ہاتھی سے اُترا۔ اور پالکی مین سوار ہوکر اپنے قیامگاہ کی طرف روانہ ہوا۔ لشکر کے لچّون اور شہدون نے پالکی کو جا گھیرا۔ اور اُس کو پالکی سے نکالکر گھونسون اور لاتون سے مارنا شروع کیا۔ اور ننگا مادرزاد کرکے محمد امین خان کے پاس لے آئے۔ محمد امین خان نے کپڑے پہنوا کر قیدخانے مین بھیجدیا۔ اور تھوڑی ہی دیر مین کُل سلطنت مغلیہ کا مالک فیل اقبال سے اُترکر ادبار کے گڑھے مین جا گرا۔

ازفروغ صبح دولت اے جوان غافل مباش خندۂ شیر است لطف آسمان غافل مباش

رتن چند نے امیر الاُمرا کے مارے جانے کے وقت ایک سانڈنی سوار کو سید عبد اللہ خان کے پاس دوڑادیا تھا۔ اُنھون نے بہت ہاتھ پاؤن پٹکے لیکن

اقبال اپنا چارج ادبار کو دے چکا تھا باوجود شجاعت و بہادری کے کچھ نہ ہو سکا۔
۲۲ محرم سنہ ۱۰۳۳ھ کو بادشاہی فوج سے لڑ کر شکست کھائی۔ اور قید ہو گئے
اور حالت قید ہی مین انتقال کیا۔
رتن چند کا پھر کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔ کہ قید ہونے کے بعد اُسکا
کیا حشر ہوا۔

راے سُرجن ہاڈا

ہاڈا چوہان راجپوتون کی ایک گوت کا نام ہے۔ اس گوت کے
راجپوت ہاڈوتی سرکار رنتھنبور مضاف صوبہ اجمیر مین زیادہ رہتے ہین راے سُرجن
ہاڈا رانا اُدے سنگھ والی اُدے پور کی عزیز و نہین تھا۔ اور اُس کی طرف سے قلعہ
رنتھنبور کا حاکم تھا۔ اس قلعہ کو شیر شاہ نے فتح کیا تھا۔ اور اُس کے بعد حاجی خان
اُس کا غلام وہان کا حاکم تھا۔ اُس نے اکبری اقبال سے ڈر کر سنہ ۱۰۶۶ھ مین
اس قلعہ کو رانا کے ہاتھ بیچ ڈالا۔ راے سُرجن نے اُس مین بہت سے محل
اور مکانات بنوائے۔ باہر بھی دور دور تک عملداری پھیلائی۔

مہم رنتھنبور

سنہ ۱۳ جلوس مین جب اکبر قلعہ چتوڑ کی فتح سے فارغ ہوا۔ تو رنتھنبور کے قلعہ
پر فوج کشی کی۔ یہ قلعہ راجگان سلف کی عالی ہمتی نے پہاڑون کے بیچ مین
جا کر کوہ رن کی چوٹی پر بنایا تھا۔ اس پہاڑ پر بڑے پتھر ہین۔ اور درختون مین
چھائے ہوئے ہین۔ رن پہاڑ کو کہتے ہین۔ تھنبور جوشن پوش۔ یعنی جوشن پوش
پہاڑ۔ وہ براے نام قلعہ تھا۔ مگر حقیقت مین ملک خدائی تھا جس کے گرد کھنچی
ہوئی تھی کہین فصیلین تھین۔ کہین پہاڑون کی دھارون پر قدرتی فصیلین
تھین۔ غرضکہ محاصرہ مین سخت دشواریان پیش آئین۔ بے مددون کی کامیابی

ممکن نہ تھی۔ بادشاہ نے اُس کا اہتمام راجہ ٹوڈر مل اور قاسم خان میر بحر کے سپرد کیا۔ انھون نے کمال عرقریزی اور بڑے انتظام سے اُس کا بندوبست کیا۔ بہادرون نے درونمین گھُس کر اور پہاڑون پر چڑھکر اونچے اونچے مقام پیدا کئے جن کی بلندی قلعہ کی عمارتون کو قہر کی نظر سے گھورتی تھی۔ اُن پر ساٹھ ساٹھ منی توپین چڑھائین۔ ایک ایک توپ کو دو دو سو بیل اور سات سات آٹھ آٹھ سو کہارون نے کھینچا۔ اور اُن پہاڑون کی چوٹیون اور دھارون پر مورچون مین جما دیا کہ جہان چیونٹی کے پاؤن پھسلتے تھے۔ جب ان توپون کے فیر ہونا شروع ہوئے۔ تمام قلعہ کے مکانات فرش زمین ہو گئے۔ راجہ چتوڑ کا حال دیکھ چکا تھا۔ گھبرا گیا۔ اسی عرصے مین ایک دن جبکہ رمضان کی آخری تاریخ تھی۔ بادشاہ نے ارشاد فرمایا کہ اگر آج رات تک راجہ یا اُس کی جانب سے کوئی شخص حاضر دربار نہ ہوا۔ تو ہم کل صبح عید کا جشن قلعہ کے اندر منا دینگے۔ یہ حال سُنکر رائے سُرجن کے اور بھی چھکے چھوٹ گئے بعض ٹھاکرون اور سردارون کو بیچ مین ڈالا۔ اور دودا۔ اور بھوج اپنے دونون بیٹون کو دربار مین بھیجا۔ اور یہ بھی کہلا بھیجا کہ کوئی امیر آکر مجھے بھی لے جائے تو مین بھی حاضر ہوا۔

جب دودا اور بھوج بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوئے۔ بادشاہ نے بہت خاطر داری کی۔ دونون کو خلعت مرحمت ہوئے۔ جب لوگ خلعت پہنانے کے واسطے دربار سے باہر لائے۔ ان کے ایک ہمراہی نے اپنی جہالت سے یہ سمجھا کہ بادشاہ نے ان کے قید کرنے کا حکم دیا ہے۔ اور لوگ انھین قید خانے مین لئے جاتے ہین فوراً تلوار میان سے سونت کر آگے بڑھا۔ ہرچند راجہ بھگوان داس کے ایک نوکر نے جو وہان کھڑا ہوا تھا سمجھایا مگر اُس کو یقین نہ آیا۔ اور مجنونانہ حالت مین ننگی تلوار ہاتھ مین لئے ہوئے بارگاہ شاہی کی

ان دوڑا۔ راستے مین راجہ پورن مل اور دو تین اور آدمیون کو زخمی اور
شیخ بہاؤالدین مجذوب بدایونی کو قتل کر ڈالا۔ یہ حال دیکھکر مظفر خان کے ایک
نوکر نے اُس پر تلوار کا ایسا وار کیا کہ ایک ہی ہاتھ مین کام تمام ہو گیا۔ اِس ناگوار
واقعہ کو دیکھکر رائے سُرجن کے بیٹون کو بہت خجالت ہوئی۔ اور خوف بھی پیدا ہوا
مگر چونکہ اِن کا کوئی قصور نہ تھا بادشاہ نے اِن کو خلعت پہنوا کر نہایت اعزاز و
اکرام سے رخصت کیا۔ اور حسین قلی خان کو رائے سُرجن کے پاس بھیجا۔
رائے سُرجن قلعہ کے باہر تک استقبال کو آیا۔ بہت تعظیم و احترام کیا۔ اور قلعہ
مین لے جا کر اُتارا۔ خان موصوف نے بھی راجہ کی بہت تشفی کی۔ اور اپنے
ساتھ دربار مین لا کر حضور مین پیش کیا۔ اُس نے سونے کی کُنجیان اور گران بہا
پیشکش نذر کی۔ اور تین دن کی مہلت لیکر تیسرے دن قلعہ سپرد کر دیا۔

اکبر نے رائے سُرجن کو منصب دو ہزاری پر سرفراز کر کے اوّل گڈہ کی
جاگیر عطا فرمائی سنہ ۲۰ جلوس مین گڈہ کے بجائے چناڈہ کی جاگیر مرحمت ہوئی۔
اور اُس کے وطن بوندی کی حکومت پر بھی اُس کو سرفراز کیا۔

دودا ہاڑا

سنہ ۲۲ جلوس مین دودا بلا حصول رخصت دربار سے چلا گیا۔ اور بوندی
پہونچکر لوٹ مار شروع کر دی۔ اکبر نے رائے سُرجن کو معہ زین خان کوکلتاش
کے اُس کی تنبیہ کے واسطے روانہ کیا۔ سنہ ۲۳ جلوس مین شہباز خان کنبوہ کی
سفارش سے اُس کا قصور معاف ہو گیا۔ اکبر نے صوبہ پنجاب مین اُس کو
تعینات کر دیا۔ سنہ ۳۰ جلوس مین مر گیا۔

رائے سُرجن نے بھی سنہ ۳۰ جلوس مین انتقال کیا۔ اُس کے دوسرے
بیٹے رائے بھوج کا حال علیحدہ لکھا جا چُکا ہے۔

راجہ سورج سنگھ راٹھور

راجہ اُدے سنگھ راٹھور کا بیٹا۔ اور راجہ مالدیو فرمانروائے جودھپور کا پوتا تھا۔ سنہ ۳۴ جلوس مین باپ کے مرنے کے بعد منصب ہزاری پر سرفراز ہوا۔ اور شاہزادہ مُراد کے ساتھ صوبہ گجرات مین متعین ہوا۔

جب شاہزادہ موصوف گجرات سے مہم دکن پر مامور ہوا۔ راجہ بھی اُسکے ساتھ روانہ ہوا۔ سنہ ۴۲ جلوس مین بہادر پسر مظفر گجراتی نے فساد برپا کیا۔ راجہ فوج لے کر اُس کی تنبیہ کے واسطے روانہ ہوا۔ بہادر بغیر لڑے مارا گیا۔

سنہ ۱۰۰۸ھ مین مُراد نامُراد دنیا سے سدھارا۔ بجائے اُس کے شاہزادہ دانیال مہم دکن پر مامور ہوا۔ راجہ شاہزادہ موصوف کے ساتھ تعینات ہوا۔ سنہ ۴۵ جلوس مین میان راجو دکھنی اور سنہ ۴۶ جلوس مین خداوند خان حبشی نظام شاہی کے مقابلے مین مصدر خدمات پسندیدہ ہوکر سنہ ۴۸ جلوس مین شاہزادہ دانیال کی سفارش سے نقارہ کے اعزاز سے مفتخر ہوا۔

سنہ ۳ جلوس جہانگیری مین دکن سے دربار مین آیا۔ سنہ ۴ جلوس مین منصب چہار ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر سرفراز ہوکر خانخانان مرزا عبدالرحیم کی کمک پر مہم دکن مین متعین ہوا۔

سنہ ۸ جلوس مین شاہزادہ خورم کے ساتھ مہم رانا پر مامور ہوا۔ اور مہم کے بعد شاہزادہ موصوف کے ساتھ دکن مین تعینات ہوا۔ سنہ ۱۰ جلوس مین حسب الطلب دربار مین حاضر ہوا۔ جہانگیر نے منصب پنجہزاری پر سربلند کیا۔ اسی سال رن راوت۔ اور سنگار نام دو ہاتھی پیشکش کیے۔ جہانگیر کو رن راوت بہت پسند آیا اور بیس ہزار روپیہ اسکی قیمت تشخیص کی۔

اسی سال سورج سنگھ اور اُس کے بھائی کشن سنگھ مین خانہ جنگی ہوئی[1] - کشن سنگھ مارا گیا - اِس کے بعد راجہ دو ماہ کی رخصت لے کر جودھپور روانہ ہوا - اور وہان سے اپنے بیٹے گج سنگھ کے ساتھ دربار مین آکر پھر دکن مین متعین ہوا - اور اُسی جگہ سنہ ۱۴ جلوس مین انتقال کیا -

جہانگیر نے سنہ ۳ جلوس کے حالات مین اپنی توزک مین لکھا ہے "راجہ سورج سنگھ ملازمت مین حاضر ہوا اور ہندی زبان کے ایک شاعر کو اپنے ساتھ لایا جس نے میری مدح مین شعر موزون کر کے سُنائے - چونکہ مین نے ہندی شاعرون کی زبان سے ایسے تازہ اور عالی مضامین کم سُنے تھے لہذا اُس شاعر کو مین نے ایک ہاتھی مرحمت کیا - ایک شاعر نے اُن اشعار کے مضمون کو اپنی زبان مین اس طرح نظم کیا ہے -

گر پسر داشتے جہان افروز | شب نہ گشتی ہمیشہ بودے روز
زانکہ چون او نہفتہ افسرِ زر | بہ نمودی کلاہ گوشہ پسر
شکر کز بعد آنچنان پدرے | جانشین گشت این چنین پسرے
کہ ز شنقار گشتنِ آن شاہ | کس بہ ماتم نہ کرد جامہ سیاہ

سبل سنگھ راٹھور

گج سنگھ اور سبل سنگھ دو بیٹے راجہ سورج سنگھ کے تھے - گج سنگھ کا حال علیحدہ لکھا جائیگا - سبل سنگھ شاہی ملازمت مین داخل - اور سنہ ۱ جلوس شاہجہانی تک منصب ۹ صدی ذات - ہشت ہزار سوار سے سرفراز اور احمد آباد گجرات مین متعین تھا - سنہ ۱۲ جلوس مین منصب ہزاری ذات - ہزار سوار - اور سنہ ۲۰ جلوس مین منصب دو ہزاری - ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوا - اور اسی سال انتقال کیا -

---

[1] اس کا حال کشن سنگھ راٹھور کے حال مین دیکھو -

راجہ سورج مل

راجہ باسو کا بڑا بیٹا تھا۔ باپ اس کی حرکتون سے ہمیشہ ناراض رہتا تھا۔ چنانچہ اُس نے اِس کو قید کر رکھا تھا۔ باپ کے مرنے کے بعد جہانگیر نے ۲۲ سنہ۱۰ مین منصب دو ہزاری سے سرفراز کرکے خطاب راجگی سے موصوف کیا۔ اور باپ کی کُل جاگیر اور وطن کی حکومت پر اُس کو مفتخر کیا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین شاہزادہ خورم کے ساتھ مہم دکن پر مامور رہا۔ سنہ ۱۲ جلوس مین خلعت و فیل اور کھپوہ مرصع مرحمت ہوکر قلعہ کانگڑہ کی تسخیر پر متعین ہوا۔ سنہ ۱۳ جلوس مین نمک حرامی پر کمر باندھکر اپنی جاگیر کا مُلک دبا کر بیٹھ گیا۔ جہانگیر نے راجہ بکرماجیت کو قلعہ کانگڑہ کی تسخیر پر مامور کیا۔ اُس نے اوّل اِس کے پہاڑی مُلک مین گھُس کر شکست پر شکست دی۔ اور قلعہ مئو وغیرہ کو فتح کر لیا۔ یہ بھاگ کر پہاڑون مین جا چھپا اور وہین مر گیا۔ جہانگیر نے اِس کے بھائی جگت سنگھ کو جس کا حال علیحدہ تحریر ہوچکا ہے خطاب راجگی سے موصوف کیا۔

رائے سورج سنگھ المعروف بہ راؤ سورج بھورتیہ

رائے رائے سنگھ بیکانیری کا چھوٹا بیٹا تھا۔ باپ اسی کو اپنا جانشین مقرر کرنا چاہتا تھا۔ لیکن جہانگیر نے اِس کے بڑے بھائی دلیپ سنگھ[1] کو جانشین مقرر کیا۔ اور اِس کو منصب مناسب پر سرفراز کیا۔ جب سنہ ۸ جلوس مین دلیپ سنگھ نے نمک حرامی پر کمر باندھکر بغاوت اختیار کی۔ تو جہانگیر نے اِس کو اُس کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ اِس نے بھائی کو شکست دیکر بھگا دیا۔ بادشاہ

---

[1] دیکھو رائے دلیپ سنگھ حال۔

اس حسن خدمت کے صلے میں منصب میں پانصدی کا اضافہ کر دیا۔

جہانگیر کے اخیر عہد تک سورج سنگھ منصب سہ ہزاری ذات دو ہزار سوار تک پہونچا۔ شاہجہان نے پہلے سال جلوس میں علم و نقارہ دیکر منصب چہار ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار سے مفتخر کیا۔ اور خانخانان مہابت خان کے ساتھ نذر محمد خان والی بلخ کے مقابلے پر جس نے کابل پر حملہ کیا تھا متعین کیا۔ سنہ ۲ جلوس میں خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور ہوا۔ سنہ ۳ جلوس میں مہم دکن میں تعینات ہوا۔ اور خدمات نمایان انجام دیکر سنہ ۴ جلوس میں انتقال کیا۔ ۱۰۴۰ھ

ستر سال پسر راؤ سورج سنگھ

راؤ کرن اور ستر سال دو بیٹے تھے۔ راؤ کرن جس کا حال علیحدہ لکھا جائیگا۔ باپ کا جانشین ہوا۔ ستر سال کو بادشاہ نے منصب پانصدی پر سرفراز کیا۔ سنہ ۱۰ جلوس تک منصب ہفت صدی ذات شش صد سوار پر سرفراز تھا۔

عمدۃ الملک رائے رایان راجہ بکرماجیت سندر داس

ذات کے برہمن تھے۔ اوّل عام منشیون کے زمرے میں ولی عہد سلطنت شاہزادہ خورم کی سرکار میں ملازم ہوئے اور اپنی حسن لیاقت اور تحریر و تقریر اور وفاداری کے جوہر سے معمولی محررون کے زمرے سے منتخب ہوکر امارت کے درجے پر پہونچے۔ اور میر سامانی کی خدمت پر سرفراز ہو گئے۔ اور جب اس عالی ہمت نے دیکھا کہ اس زمانے میں وہی شخص ترقی کر سکتا ہے جو ملک گیری کے میدان میں اپنی تلوار کے جوہر اور شجاعت اور بہادری کے کارنامے دکھائے تو قلم کے بجائے تلوار ہاتھ میں لے کر کاغذی میدان سے دلاوری کے میدان میں قدم رکھا۔ اور شجاعت و بہادری کے ایسے جوہر دکھائے کہ اسکی کاردانی

اور کارگذاری شاہزادہ کے منقوش خاطر ہو گئی۔

سنہ ۹ جلوس جہانگیری مین جہانگیر نے شاہزادہ خورم کو بڑے ساز و سامان کے ساتھ رانا امر سنگھ کی تادیب کے واسطے روانہ کیا۔ اس مہم مین انھون نے اپنی دلاوری کے خوب جوہر دکھائے۔ اور رانا کے ملک کو تاخت و تاراج اور اسکی بنیاد مملکت کے ضعیف کرنے مین کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ اور جب رانا بہت تنگ ہوا تو اس نے عفو تقصیر کی التجا کی۔ جہانگیر کی اجازت کے بعد یہ معافی کا فرمان لیکر رانا کے پاس گئے۔ اور اپنی حسن تدبیر اور شیرین کلامی سے اس وحشی کو رام کر کے معہ کنور کرن اس کے بیٹے کے شاہزادہ کی ملازمت مین لائے رانا امر سنگھ نے بادشاہ کی اطاعت کا وعدہ کیا۔ اور کنور کرن کو معہ بہت سے تحفہ تحائف کے بادشاہ کی خدمت مین روانہ کیا۔ اور مہم کا خاتمہ صلح اور صفائی سے ہوا۔ جہانگیر نے اس خدمت کے صلے مین منصب مین اضافہ کر کے خطاب رائے رایان سے مفتخر کیا۔

سفارت بیجاپور

سنہ ۱۲ جلوس مین جوہر اعتبار اور حسن تدبیر سے منتخب ہو کر افضل خان کے ساتھ ابراہیم عادل شاہ والی بیجاپور کی دربار مین سفارت پر بھیجے گئے۔ اور وہان پہونچکر اپنی دانائی اور عقل کی رسائی سے منصب سفارت کو اس عمدگی سے انجام دیا کہ پندرہ لاکھ روپیہ نقد اور بہت سے تحفہ تحائف پیشکش مین لیکر واپس ہوئے ابراہیم عادل شاہ ان کے منترون سے ایسا تسخیر ہوا کہ علاوہ شاہی پیشکش کے دو لاکھ روپیہ نقد ان کو علیحدہ مرحمت کیا۔ اس روپیہ سے انھون نے بندر گوہ سے ایک لعل وزنی ۷ استقال ۵ لہ سرخ جو آب و تاب سنگ و رنگ مین بے نظیر تھا خرید کر کے شاہزادہ کی خدمت مین پیش کیا۔ شاہزادہ نے اپنی پیشکش کے ساتھ باپ کے نذر کیا۔ جہانگیر نے اس حسن خدمت کے انعام

مین ان کے منصب مین ترقی کرکے سب سے معزز خطاب راجہ بکرماجیت سے
سربلند کیا۔

سنہ ۱۲ مین گجرات کا صوبہ شاہزادہ خورم کی جاگیر مین مرحمت ہوا۔ راجہ
بکرماجیت شاہزادہ کی نیابت مین وہان کی حکومت پر سرفراز ہوئے۔ انھین
ملک گیری کا چٹخارا لگ چکا تھا۔ راجہ جام اور راجہ بھارا کے ملک پر جن کے
راج صوبہ گجرات کی سرحد سے ملے ہوئے تھے فوج لیکر جا پہونچے اور ایسا دبایا
کہ دونون تابعدار ہو گئے۔ اور جہانگیری حکومت کی سرحد سمندر سے جا ملی۔
راؤ بھارا احمدآباد مین بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوا۔ اور چالیس اشرفیان۔
دو ہزار روپیہ۔ سو گھوڑے پیشکش کیے۔

مہم کانگڑہ

سنہ ۱۳ جلوس مین جہانگیر نے قلعہ کانگڑے کی تسخیر اور راجہ سورج مل پسر راجہ
باسو کی تادیب پر مامور کیا۔ شہباز خان لودی۔ ہردے نرائن ہاڈا۔ رائے پرتھی چند
وغیرہ امرا کو ان کی ماتحتی مین ساتھ کیا۔ رخصت کے وقت راجہ نے زمرد کی
تسبیح جس کی قیمت دس ہزار روپیہ تھی پیشکش کی۔ بادشاہ نے خلعت و شمشیر
عطا کرکے ٹہانہ کا پرگنہ جس کی مالگذاری بائیس لاکھ دام تھی جاگیر مین مرحمت کیا۔
اس مہم مین راجہ بکرماجیت نے بکرماجیت کا نام روشن کیا۔ اور اس خطاب
کی لاج رکھ لی۔ اول سورج مل کے ملک پر دھاوا بول دیا۔ اور بہت جلد مئو وغیرہ
کو فتح کرلیا۔ سورج مل اس فوج کی تاب نہ اٹھا سکا۔ بھاگ کر پہاڑون مین جا گھسا۔
جہانگیر نے اس فتح کا حال سن کر راجہ کے واسطے نقارہ ارسال کیا۔

سنہ ۱۴ جلوس مین راجہ کسی مشورے کے واسطے بادشاہ کی خدمت مین حاضر
ہوئے۔ اور مشورہ لیکر پھر مہم مذکور پر واپس گئے۔ اور نہایت سختی سے قلعہ کانگڑہ
کا محاصرہ شروع کیا۔ اور بڑی ہوشیاری اور تدبیر کے ساتھ غلہ کا جانا قلعہ

مین بند کر دیا۔ اور غنیم کو تدبیر اور شمشیر کے زور سے ایسا تنگ کیا۔ کہ انھون نے
یکم محرم سنہ ۱۰۳۰ھ کو جان کی امان کا وعدہ لیکر قلعہ راجہ کے حوالے کر دیا۔
قلعہ کانگڑے کی تسخیر کے بعد راجہ بکرماجیت کا دربار مین بہت اعزاز و
احترام ہوا۔ عمدۃ الملک لقاب مین داخل ہوا منصب مین ترقی ہوئی خلعت
و شمشیر اور انعام و اکرام سے سرفراز ہوئے۔

مہم دکن

سنہ ۱۵ جلوس مین دکن مین ملک عنبر نے زیادہ ہاتھ پاؤن پھیلائے۔
اور بادشاہی علاقہ پر دست درازی شروع کی جہانگیر نے شاہزادہ خورم کو اس مہم
پر مامور کیا۔ شاہزادہ موصوف نے برہان پور پہونچکر تیس ہزار سوار پانچ سردارون
داراب خان۔ عبداللہ خان۔ خواجہ ابو الحسن۔ راجہ بھیم۔ راجہ بکرماجیت کی
ماتحتی مین ملک عنبر کی سرکوبی کے واسطے روانہ کئے۔ اگرچہ اس کل فوج کی
سپہ سالاری برائے نام داراب خان کے نام تھی لیکن دراصل کل اختیار اور
انتظام راجہ بکرماجیت کے ہاتھ مین تھا۔ غرضکہ یہ فوج کئی معرکون کے بعد
آٹھوین دن قصبہ کھرکی مین جو ملک عنبر اور نظام شاہی حکومت کا دار الحکومت
تھا جا پہونچی۔ اور کھرکی کی شاہی عمارتون کو جڑ سے اُکھڑوا کر پھکوا دیا۔ ملک عنبر نے
تنگ ہو کر نہایت عجز و انکسار سے عفو تقصیر کی التجا کی۔ اور کل شاہی علاقہ جو
دبا تھا واپس کر کے چودہ کڑور درم اُسکی مالگذاری کے بابتہ بھی ادا کیئے۔ اس کے
بعد راجہ نے پچاس لاکھ روپیہ عادل شاہی اور قطب شاہی حکومتون سے وصول
کر کے دربار شاہی مین ارسال کیا۔ اور قصبہ کھرکی کے پاس ایک نہایت
مستحکم قلعہ تعمیر کرا کر ظفر نگر کے نام سے موسوم کیا۔ اور حسب الحکم معہ فوج کے
اُس قلعہ مین مقیم ہوا۔

شاہجہان کا مجبور ہو کر باپ سے باغی ہونا

جہانگیر کے عہد سلطنت خصوصاً آخری عہد مین نورجہان بیگم کل سلطنت کی

مالک بنی بیٹھی تھین۔ لوازم سلطنت مین صرف خطبہ مین تو بیگم کا نام نہ تھا۔ باقی سب مین بیگم کا نام شامل تھا۔ سکہ پر یہ ضرب ہوتی تھی۔

بحکم شاہ جہانگیر یافت صد زیور   بنام نورجہان بادشاہ بیگم زر

اور فرمانون پر یہ طغرہ ثبت ہوتا تھا "حکم علیۃ العالیہ نورجہان بیگم بادشاہ" پھر یہان تک نوبت پہونچی۔ کہ خود بادشاہ کہنے لگے "کہ مین نے سلطنت نورجہان بیگم کو بخش دی ہے مجھے سیر بھر شراب۔ اور آدھ سیر گوشت کے سوا کچھ نہین چاہئیے" جب جہانگیر کی مستی اور مدہوشی سے اُسے بیماریون نے گھیرا تو یہ شاہ مزاج اور دور اندیش بیگم ایسی تدبیرین سوچنے لگی۔ کہ جس سے جہانگیر کے بعد بھی سلطنت اُسی کے قبضہ اور اقتدار مین رہے۔ اُس کی ایک بیٹی شیر افگن خان پہلے شوہر سے تھی اُسکی شادی سنہ ۱۰۳۰ھ مین جہانگیر کے سب سے چھوٹے بیٹے شہریار سے کردی اور اِس فکر مین ہوئی کہ شاہجہان کی جگہ شہریار کی سلطنت کی بنیاد ڈالے۔ اب تک وہ معاملے مین اپنے بھائی آصف خان کے داماد ہونے کی وجہ سے شاہجہان کی طرفدار تھی اب بقول شخصے۔

چون غرض آمد ہنر پوشیدہ شد   صد حجاب از دل بہ سوئے دیدہ شد

شاہجہان کی جڑ اُکھیڑنے کی تدبیرون مین مصروف ہوئی۔ پہلی کوشش یہ ہوئی کہ سنہ ۱۰۳۱ھ مین شاہجہان دربار مین طلب ہوئے۔ کہ مہم قندہار پر جاکر ملک موروثی کو زیر نگین کرین۔ جب شاہجہان نے دربار مین حاضر ہو کر اِس خدمت کو قبول کر لیا۔ اور یہ وار خالی گیا تو جوڑ توڑ لگا کر دھولپور کے علاقہ پر شہریار اور شاہجہان کے امیرون مین تلوار چلوادی۔ اور اِس واقعہ کو اِس طرح بادشاہ کے گوش گذار کیا۔ کہ بادشاہ کا دل اپنے پیارے بیٹے سے پھر گیا۔ شاہجہان نے افضل خان اپنے دیوان کو بھیجا۔ اور بہت عجز و انکسار سے عفو تقصیر کی عرضی لکھی۔ یہان آتے ہی

افضل خان قید ہوگیا۔ بیگم نے بادشاہ کو بہت سا لگا بجھا کر کہا کہ شاہجہان کا دماغ بہت بلند ہو گیا ہے اُسے قرار واقعی نصیحت دینی چاہیئے۔ مست الست بادشاہ نے اپنے عالم مین خدا جانے کچھ ہون ہان کر دی ہوگی۔ فوراً فوج کو تیاری کا حکم پہونچا۔ اور اُمرا کو حکم گیا۔ کہ شاہجہان کو گرفتار کرلاؤ۔ بیگم کو معلوم تھا کہ اُس کے بھائی آصف خان اور مہابت خان مین لاگ ہے۔ اُس نے بادشاہ سے کہا کہ جب تک مہابت خان سپہ سالار نہ ہوگا۔ مہم کا بندوبست نہ ہوگا۔ مہابت خان نے کابل سے لکھا کہ اگر شاہجہان سے لڑنا ہے۔ تو پہلے آصف خان کو نکالیئے جب تک وہ دربار مین ہے۔ فدوی کچھ نہ کرسکیگا۔ آصف خان فوراً بنگالے بھیجے گئے۔ مہابت خان سپہ سالار ہوکر شاہجہان کی گرفتاری کے واسطے روانہ ہوئے۔ پیچھے پیچھے بادشاہ بھی لاہور سے آگرہ چلے۔ غرضکہ یہان تک نوبت پہونچی کہ شاہجہان سا سعادتمند اور فرمان بردار بیٹا مجبور ہوکر باپ سے باغی ہوگیا۔

بیگم نے مہابت خان کے ساتھ شاہزادہ مراد کو بھی بھائی کے مقابلے پر بھیجا۔ کیا اچھی چال تھی۔ کہ دونون مین جو مارا جائے۔ شہریار کیلئے ایک پہلو صاف ہو جائے۔

غرض جب دونون لشکر جرار قریب پہونچے تو مقابلے کی تیاریان ہونے لگین۔ عبد اللہ خان بہادر فیروز جنگ بادشاہی لشکر مین تھا۔ راجہ بکرماجیت نے جوڑ توڑ لگا کر اُسے توڑ لیا۔ اور اُس نے موقع ملنے پر بادشاہی لشکر سے شاہزادہ کے لشکر مین چلے آنے کا وعدہ کر لیا۔ اِس راز سے سوائے شاہزادہ اور راجہ بکرماجیت اور عبد اللہ خان کے اور کوئی واقف نہ تھا۔ جب دونون فوجین مقابل ہوئین۔ عبد اللہ خان گھوڑا بڑھا کر راجہ بکرماجیت کے پاس چلا آیا۔ راجہ بکرماجیت اُسے ساتھ لیکر دارآب خان کے پاس گیا تا کہ اِس واقعہ کی اُسکو بھی اطلاع ہو جائے

جب وہان سے تین چار آدمیون کے ساتھ واپس آرہا تھا راستے مین فرشتۂ اجل نے آدبایا۔ صورت یہ ہوئی کہ جب عبد اللہ خان گھوڑا بڑھا کر راجہ بکرماجیت سے جا ملا۔ نوازش خان پسر سعید خان چغتا جو اُس کے ساتھ فوج ہراول مین متعین تھا یہ سمجھا کہ عبد اللہ خان دہاوا کرکے فوج مخالف مین جا گھسا ہے۔ اُس کے جوش بہادری نے بھی زور مارا۔ اور اپنے سوارون کو ساتھ لے کر آگے بڑھا۔ راستے مین راجہ بکرماجیت سے مڈبھیڑ ہوگئی۔ اِس موقع پر راجہ اگر بھاگنا چاہتا تو بخوبی بھاگ کر اپنی فوج سے جا ملتا۔ مگر اُس نے ننگ فرار کو گوارا نہ کیا اور میدان ہمت مین قدم جما کر مقابلہ پر آمادہ ہوگیا۔ کچھ لوگ اور بھی مدد کو آپہونچے۔ اگرچہ اُس نے نہایت شجاعت و بہادری دکھائی۔ مگر موت کا وقت آپہونچا تھا۔ ایسی حالت مین نہ تدبیر چلتی ہے نہ شمشیر کام دیتی ہے۔ آخرکار فوج مخالف سے ایک تیر آکر اُس کی پیشانی پر لگا۔ جس نے تیر اجل کا کام دیکر اُس بےنظیر بہادر کا نقش صفحۂ ہستی سے مٹا دیا۔ اُس کے مارے جانے کے بعد دونون لشکرون مین کشت و خون ہوا۔ بڑے بڑے امیر مارے گئے مگر شاہجہان کی فوج کو شکست نصیب ہوئی اور وہ راجہ بکرماجیت کے مارے جانے اور فوج کے شکست کہانے سے نہایت شکستہ دل ہو کر دکن کی طرف روانہ ہوا۔

راجہ بکرماجیت اُس زمانے کے سب سے بڑے منصب پنجہزاری سے سرفراز تھا۔ افسوس ہے کہ اُس نے کوئی اولاد نہ چھوڑی۔ اُس کا بھائی کنہرداس اُسکی نیابت مین صوبۂ گجرات کی حکومت پر سرفراز تھا۔

راجہ سارنگ دیو

اُمرائے عہد جہانگیری سے تھا سنہ ۱ جلوس مین منصب ہفت صدی پر

سرفراز ہوا۔ ۱۵ سنہ جلوس مین منصب ہشت صدی ذات۔ چہار صد سوار پر ترقی پائی۔ ۱۷ سنہ جلوس مین خطاب راجگی مرحمت ہو کر منصب ہزار و پانصدی ذات شش صد سوار پر مفتخر ہوا۔

شاہجہان کے عہد سلطنت مین ۶ سنہ جلوس مین قلعہ عنبر کوٹ کے معرکہ مین دلاوران زمانہ کے حوصلے سے بڑھکر قدم مارا۔ اور نہایت شجاعت و بہادری سے دشمنون کو پسپا کرتا ہوا قلعہ کے اندر پہونچگیا۔ آخرکار قلعہ فتح ہوگیا ۸ سنہ جلوس مین ججہار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی کے واسطے مامور ہوا پھر کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

راجہ موصوف نہایت ہوشیار عقلمند۔ اور صاحب تدبیر امیر تھا۔ جہانگیر کے عہد مین اکثر منصب سفارت پر مامور ہوا۔ اور کار مفوضہ کو نہایت عقلمندی سے انجام دیا۔ پرتھی راج اُس کا بیٹا ملازمت شاہی مین داخل اور ۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔

راجہ سنگرام

جموّن کا راجہ تھا۔ ۱۴ سنہ جلوس جہانگیری مین منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز ہو کر خطاب راجگی سے مفتخر ہوا۔ اور خلعت و فیل مرحمت ہوا۔ ۱۵ سنہ جلوس مین پرگنہ جموّن جاگیر مین عطا ہوا۔ اور منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار سے سربلند ہو کر قاسم خان کے ساتھ کانگڑے مین متعین ہوا شاہجہان کے عہد مین ۶ سنہ جلوس مین قلعہ دولت آباد کے محاصرے مین۔ اور ۷ سنہ جلوس مین قلعہ پرنیدہ کی تسخیر مین کارہائے نمایان انجام دیئے۔

سنگرام گونڈ

قوم کا گونڈا اور کنور صوبہ مالوہ کا زمیندار تھا۔ سنہ ۱ جلوس شاہجہانی میں خاندوران خان بہادر کے ہمراہ صوبہ مالوہ میں متعین ہوا۔ جب خان موصوف نے قلعہ کھاتا کھیری کا جو بھاگیرتھ بھیل کے قبضہ میں تھا محاصرہ کیا تو سنگرام کے توسل سے بھاگیرتھ مذکور نے قلعہ خان موصوف کے حوالے کر دیا۔

سنہ ۷ جلوس میں ججھار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر مامور ہوا۔ اور اس مہم کے ختم ہونے کے بعد کیپا زمیندار چاندہ سے پیشکش وصول کرنے پر تعینات ہوا۔ پانچ لاکھ روپیہ نقد پیشکش شاہی اور ایک لاکھ روپیہ نقد جانب فوج متعینہ کے واسطے وصول کر کے واپس آیا۔ اور دو ہاتھی روپ سنگار۔ اور گلگج نامی بھی پیشکش میں وصول کر کے لایا۔ اور آئندہ کے واسطے یہ قرار پایا۔ کہ کیپا ہر سال پانچ ہاتھی۔ پندرہ ہتھنیاں دربار میں بطور پیشکش ارسال کیا کرے یا بالعوض ان کے اسی ہزار روپیہ نقد داخل خزانہ کیا کرے۔ بادشاہ نے اس حسن خدمت کے صلے میں منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز کیا! و خاندوران خان کے ساتھ مہم دکن میں متعین کیا۔ اس کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ششصد سوار پر ترقی پائی۔ سنہ ۱۵ جلوس میں مر گیا۔ اس کے مرنے کے بعد اس کے غلام مارو گونڈ نے اس کے خورد سال بیٹے بھوپت کو قید کر لیا۔ بادشاہ نے سنہ ۱۷ جلوس میں خان دوران خان کو اس کی تنبیہ کے واسطے حکم بھیجا۔ اس نے کنور کا محاصرہ کر کے قلعہ فتح کر لیا۔ اور بھوپت کو قید سے چھوڑا دیا۔

ستر سال کچھواہا

مادھو سنگھ کچھواہہ کا بیٹا۔ اور راجہ بھگوان داس کا پوتا تھا۔ اخیر عہد جہانگیر
تک منصب ہزار و پانصدی سے سرفراز تھا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین
خانجہان لودی کے ساتھ جھجہار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ سنہ ۳ جلوس
مین راجہ گج سنگھ کے ساتھ مہم دکن مین مامور رہا۔ اور نظام شاہی فوج کے
مقابلہ مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر مارا گیا۔

بھیم سنگھ و انند سنگھ

بھیم سنگھ۔ انند سنگھ۔ اگر سین۔ عجیب سنگھ۔ چار بیٹے تھے۔ بھیم سنگھ اور انند سنگھ
دو بیٹے باپ کے ساتھ سنہ ۳ جلوس کی مہم دکن مین شریک تھے۔ اور نہایت
بہادری سے لڑ کر مارے گئے۔ اگر سین کو بادشاہ نے منصب ششصدی ذات

اگر سین کچھواہا

سہ صد سوار سے سرفراز کیا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین مہم قندہار پر مامور کیا۔ سنہ ۱۹
جلوس مین مہم بلخ و بدخشان پر متعین ہوا۔ سنہ ۲۰ جلوس مین منصب ششصدی
ذات چہار صد سوار سے مفتخر ہوا۔

عجیب سنگھ کچھواہا

عجیب سنگھ منصب ہشتصدی ذات۔ سہ صد سوار سے سربلند ہوا۔ اور
خدمات نمایان انجام دیکر سنہ ۹ جلوس مین انتقال کیا۔

راؤ ستر سال ہاڈا

گوپی ناتھ

راؤ رتن ہاڈا کا پوتا تھا۔ اس کا باپ گوپی ناتھ بہت لاغر مگر اس قدر
شہزور تھا کہ جب درخت کے موٹے موٹے گدون کے درمیان مین بیٹھکر
پیٹھ اور پاؤن کو اڑا کر زور کرتا تو دونون گدے ایک دوسرے سے جدا
ہوکر گر پڑتے تھے۔ اسے اسی قسم کی زور آزمائی کا شوق تھا۔ آخر کار انہی

تھوڑیوں سے بیمار ہو کر اپنے باپ کی زندگی ہی میں مر گیا۔

راؤ رتن کے مرنے کے بعد سنہ ۱۰۴۱ھ جلوس شاہجہانی میں بادشاہ نے راؤ ستر سال کو جو گوپی ناتھ کا بڑا بیٹا تھا۔ اُس کا جانشین مقرر کر کے منصب ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار سے سرفراز کیا۔ اور خطاب راؤ سے مفتخر کر کے بوندی اور کنکارا و قرب وجوار کے پرگنات جاگیر میں مرحمت فرمائے۔

جب راؤ ستر سال بالاگھاٹ سے دربار میں حاضر ہوا۔ چالیس ہاتھی پیشکش کیئے۔ بادشاہ نے اٹھارہ ہاتھی قیمتی مبلغ دو لاکھ پچاس ہزار روپیہ قبول کر کے بقیہ ہاتھی راؤ موصوف کو واپس کر دیئے اور خلعت فاخرہ اور علم و نقارہ۔ اور اسپ معہ زین نقرہ کے عطا کیا۔

سنہ ۶ جلوس میں محاصرۂ قلعہ دولت آباد۔ اور سنہ ۸ جلوس میں تسخیر قلعہ پرینده میں شریک ہو کر شجاعت و بہادری کے خوب جوہر دکھائے۔ اور اس کے صلے میں سنہ ۱۰ جلوس میں خان زمان خان صوبہ دار بالاگھاٹ کا نائب مقرر ہو کر بالاگھاٹ میں متعین ہوا۔

سنہ ۱۸ جلوس میں مہم قندھار میں شریک ہوا سنہ ۱۹ جلوس میں مہم بلخ و بدخشان میں مامور ہوا۔ سنہ ۲۱ جلوس میں وہاں سے واپس آکر رخصت حاصل کر کے وطن روانہ ہوا۔

سنہ ۲۲ جلوس میں واپس آکر منصب ہزار و پانصدی ذات سہ ہزار و پانصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اور شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندھار پر تعینات ہوا۔ اور رستم خان اور قلیچ خان کے ساتھ محاصرہ قلعہ بست میں نہایت بہادری اور بے جگری سے خدمتیں انجام دیں۔

سنہ ۲۵ جلوس میں شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ اور سنہ ۲۶ جلوس میں شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار میں شریک ہوا۔

سنہ ۲۹ جلوس میں شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ دکن میں متعین ہوا۔

اور قلعہ بدر اور قلعہ کلیانی کے معرکون مین خدمات نمایان انجام دین۔
سنہ ۳۱ جلوس مین جب شاہجہان بیمار ہوا۔ دارا شکوہ نے کاروبار سلطنت
مین دخیل ہوکر جملہ اُمرائے متعین دکن کو دربار مین طلب کرلیا۔ راؤ ستر سال
بھی بلا اجازت شاہزادہ اورنگ زیب کے دکن سے روانہ ہوا اور دارا شکوہ
کی خدمت مین حاضر ہوکر مشیران خاص مین شامل ہوا عاقل خان رازی
نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے "کہ چونکہ دارا شکوہ کو ناتجربہ کاری کی وجہ سے
لڑائی بھڑائی کی بالکل لیاقت نہ تھی۔ اور اُسکی اکثر تدبیرین نامناسب اور
خلاف عقل ہوتی تھین اس لئے خاندان کے خیر خواہون نے ہر چند عرض
کیا کہ یہ جو آگ بھڑک گئی ہے (یعنی شجاع اور اورنگ زیب اور مراد بخش
بادشاہ کی بیماری کی خبر سنکر اپنی اپنی فوجون کے ساتھ دار الخلافت کی طرف
آرہے ہین) آپ تدبیر کے بغیر بجھنی مشکل ہے۔ اس مین بادشاہ کو ایک فریق
بننا نامناسب نہین ہے۔ اورنگ زیب۔ اور مراد بخش وغیرہ کو آنے دینا
چاہیئے جب بادشاہ کے حکم سے شاہی اُمرا اُن سے علیحدہ ہوجائینگے۔ تو ان
مین خود ہی لڑنیکی طاقت نہ رہیگی۔ بادشاہ نے بھی اس رائے کو بہت پسند کیا
مگر دارا شکوہ نے راؤ ستر سال اور رام سنگھ کے اغوا سے اس بات کو منظور
نہ کیا بلکہ اس رائے کو نفاق پر محمول کرکے علانیہ کہا "اُٹھائیس عنقریب این کوتہ
پائچہ ہارا (یعنی شرعی پائچون والے مسلمان امیرون کو) در جلیب (اردلی)۔
ستر سال خواہم دوانید" اس فقرے کے سنتے ہی سب اُمرا کیا تورانی کیا
ایرانی بیدل ہوکر در پردہ فریق ثانی کے طرفدار ہوگئے"۔
غرضکہ اورنگ زیب معرکہ اُجین[1] مین جسونت سنگھ سے میدان مارکر

---

[1] اس لڑائی کا حال مہاراجہ جسونت سنگھ کے حال مین دیکھو۔

ایک غیر معروف گھاٹ سے چنبل اُتر آیا اور آگرہ کے قریب موضع سموگڈہ مین
ڈراؤ ڈال کر مورچے جمائے - دارا شکوہ بھی دھولپور سے اپنے مورچے چھوڑ کر
آن پہونچا - اور اورنگ زیب کے لشکر اور آگرہ کے مابین جمنا کے کنارے
ڈیرے آن لگائے - شاہجہان نے جو حتی الامکان لڑائی کو روکنا چاہتا تھا
باوجود ضعف و نقاہت اور سخت گرمی کے موسم کے یہ چاہا کہ خود جاکر دونون
لشکرون کے درمیان مین اُتر پڑے - یہان تک کہ پیش خیمہ بھی بھیجدیا - اور
بیماری اور کمزوری کی وجہ سے لبسواری کشتی موقع فساد پر پہونچنا چاہا مگر دارا شکوہ
نے اس تجویز کو اپنے مدعا کے خلاف تصور کر کے عمل مین نہ آنے دیا - تین چار
روز تک دونون لشکر آمنے سامنے پڑے رہے - اس عرصے مین شاہجہان
نے دارا شکوہ کو خط پر خط بھیجے کہ سلیمان شکوہ قریب پہونچگیا ہے - بے موقع جلدی
نہ کرنا اور سلیمان شکوہ کے آنے تک لشکر کو کسی مناسب جگہ پر ٹھہرا کر اردگرد
خندق کھدوا کر مورچے قائم کرلینا مگر دارا شکوہ نے جواب مین صرف یہ لکھ بھیجا کہ
حضور کچھ اندیشہ نہ فرمائین انشاء اللہ تعالیٰ تین دن نہ گذرنے پاوین گے
کہ اورنگ زیب اور مراد بخش کو ہاتھ پاؤن باندھکر حاضر کردونگا آخر کار
۷ - رمضان ۱۰۶۸ھ کو صف آرائی ہو کر لڑائی شروع ہو گئی - اول گولہ چلنا
شروع ہوا - اور پھر دارا شکوہ نے نہایت شجاعت و دلیری سے دھاوا بولدیا
راؤ ستر سال ہاڈہ - رام سنگھ راٹھور - روپ سنگھ راٹھور اور بہت سے
راجپوت اس تیزی سے بڑھے کہ اورنگ زیب کی توپون تک جا پہونچے
اور صفون کو درہم و برہم کرتے ہوئے اورنگ زیب اور مراد بخش تک
پہونچ گئے - اور فریقین اس شدت سے لڑے کہ جس قدر سپاہی

سلہ دیکھو مہاسنگھ بھودریہ کا حال -

مارے جاتے تھے اُسی قدر جوش بڑھتا جاتا تھا۔ آخر کار اورنگ زیب
کی فوج کے پاؤن اُکھڑ گئے اور سوارون نے بھاگنا شروع کیا۔ اورنگ زیب
نے جو ہاتھی پر سوار تھا ہرچند سپاہ کے قائم رکھنے کی کوشش لیکن کچھ فائدہ
نہ ہوا۔ مگر واہ رے اورنگ زیب تیری دلاوری اور استقلال جب
دیکھا کہ تمام فوج بھاگ گئی اور جو لوگ ابتک میدان مین جمے ہوئے ہین وہ
بھی ایک ہزار سے زیادہ نہین تو نہایت استقلال سے اپنے سردارون کے
نام لے لیکر پکارا کہ بہادرو خدا پر نظر رکھو۔ خدا تمھارے ساتھ ہے۔ بھاگنے
سے کیا ہوگا۔ خدا سب جگہ ہے۔ کیا تم نہین جانتے کہ ملک دکن کسقدر دور ہے
اور حکم دیا کہ ہمارے ہاتھی کے پاؤن مین زنجیر ڈالدی جاوے۔ بادشاہ کی یہ
تقریر کو سنکر اُس کے رفقا اور جان نثارون نے وفاداری کی قسم کھائی اور
نہایت اصرار سے اُس کو اِس ارادہ سے باز رکھا۔ اسی عرصے مین دارا شکوہ
کو معلوم ہوا کہ رستم خان اور ستر سال نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر
کام آئے۔ اور رام سنگھ بھی گھر گیا ہے۔ دارا شکوہ اُس کی مدد کے واسطے
اُدھر روانہ ہوا لیکن اُس کے پہونچنے سے پہلے اُس کا کام تمام ہو گیا۔ ان
سردارون کے مارے جانیکا اُس کے دل پر بہت بڑا اثر پڑا اُسی وقت
خلیل اللہ خان نے جو اُس کے داہنے پرے کا سردار تھا اور جو درپردہ
اورنگ زیب سے ملا ہوا تھا آکر کہا کہ حضور ایسے موقع پر جبکہ تیر اور گولیون کی
بوچھار ہو رہی ہے۔ اتنے بڑے ہاتھی پر کیون سوار ہین خدا کے واسطے جلد
اُتر آئیے۔ اور گھوڑے پر سوار ہو لیجیئے اب لڑائی ختم ہو چکی ہے صرف بھگوڑون
کا تعاقب باقی ہے۔ ناتجربہ کار شاہزادہ اِس فریب مین آگیا۔ اور ہاتھی سے
اُترکر گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ اُس کا ہاتھی سے اُترنا گویا اوج سلطنت سے گرنا تھا۔

تمام فوج مین مارجانے کی افواہ اُڑ گئی۔ اور تمام فوج حواس باختہ ہو کر تتر بتر ہو گئی اور پاؤ گھنٹہ کے عرصے مین غالب مغلوب اور مغلوب غالب ہو گیا۔ اورنگ زیب کے استقلال کا یہ نتیجہ ہوا کہ تمام ہندوستان کا بادشاہ ہو گیا۔ سچ ہے۔ ؎

شکست و فتح تو قسمت سے ہے ولے اے میر مقابلہ تو دل ناتوان نے خوب کیا

بیچارہ اور بد قسمت دارا شکوہ شکست کھا کر آگرہ آیا۔ مگر شرم کے مارے باپ کے سامنے نہ گیا۔ اور آدھی رات کے وقت معہ اپنی بیگم اور سپہر شکوہ اپنے بیٹے تین چار سو رفیقوں کے ساتھ دہلی کی طرف چل دیا۔

راؤ ستر سال کے علاوہ اور بھی بہت سے راجپوت سردار اس معرکہ مین اپنی بے نظیر شجاعت و دلاوری کے جوہر دکھا کر کام آئے۔ راؤ بھاؤ سنگھ راؤ ستر سال کے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا جا چکا ہے۔

راجہ سیورام گوڑ[۱]

راجہ بلرام کا بیٹا تھا۔ جو شاہجہان کے ایام شاہزادگی کے رفیقون مین سے تھا۔ اور معرکۂ ٹھٹہ مین شاہزادۂ موصوف کی رفاقت مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر معہ اپنے باپ راجہ گوپال داس گوڑ کے مارا گیا[۲]۔

رام بلرام

شاہجہان نے تخت نشین ہو کر سیورام کو منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز کیا۔

۹ سنہ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار پر مفتخر ہو کر دھندیرہ (صوبہ مالوہ) کی تیولداری پر سر بلند ہوا۔

سنہ۱۰ جلوس مین اندرمن زمیندار دھندیرہ نے جمعیت فراہم کر کے سیورام پر

---

[۱] بعض جگہ شیورام گوڑ لکھا ہے۔ [۲] دیکھو راجہ بیتھلداس گوڑ کا حال۔

حملہ کیا۔ اور کُل ولایت دھندیرہ پر قابض ہو گیا۔ بادشاہ نے یہ حال سُنکر راجہ بیٹھلداس اور سید عبد الماجد ادھوی۔ اور عبد اللہ خان بہادر فیروز جنگ وغیرہ کو اُس کی سرکوبی پر متعین کیا۔

سنہ ۱۷ جلوس مین آسیر کا قلعدار مقرر ہوا سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین تعینات ہوا سنہ ۲۰ جلوس مین کابل کا قلعدار مقرر ہوا سنہ ۲۱ مین پھر بلخ کو روانہ کیا گیا سنہ ۲۲ مین اول مرتبہ قندھار مین شریک ہوا۔

سنہ ۲۵ جلوس مین اپنے چچا راجہ بیٹھلداس کے مرنے کے بعد خطاب راجگی سے مفتخر ہو کر منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوا۔

سنہ ۲۶ جلوس مین شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار۔ اور سنہ ۲۸ مین علامی سعد اللہ خان کے ساتھ مہم چتوڑ مین شریک ہو کر خدمات نمایان بجا لایا۔

سنہ ۳۱ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات و سوار پر سربلند ہو کر مانڈو کا قلعدار مقرر ہوا۔ جب اورنگ زیب اور مراد بخش کی متفقہ فوج مانڈو کے قریب آ گئی تو خوف زدہ ہو کر مہاراجہ جسونت سنگھ کے لشکر مین بھاگ آیا۔ اور معرکۂ اُجین مین شریک ہوا۔ اس کے بعد سموگڈہ کی لڑائی مین دارا شکوہ کی رفاقت مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر مارا گیا۔

سُبحان سنگھ سیسودیہ

سورج مل سیسودیہ کا بیٹا۔ اور رانا امر سنگھ کا پوتا تھا سنہ ۱ جلوس شاہجہانی تک منصب ہشت صدی سہ صد سوار پہ سرفراز تھا سنہ ۱۷ جلوس مین منصب ہزاری ذات پانصد سوار پر ترقی پائی سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے

ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر متعین ہوا۔ سنہ ۲۲ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہفت صد سوار پر مفتخر ہو کر شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار مین مامور ہوا۔ سنہ ۲۵ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات ہشت صد سوار پر ترقی پاکر دوسری مرتبہ۔ اور سنہ ۲۶ جلوس مین تیسری مرتبہ مہم قندھار مین شریک ہوا۔ سنہ ۲۹ جلوس مین اپنی بھتیجی کی شادی مین شرکت کے واسطے جو بمقام متھرا مہاراجہ جسونت سنگھ سے قرار پائی تھی رخصت لیکر متھرا روانہ ہوا۔ سنہ ۳۰ جلوس مین معظم خان کے ساتھ اورنگ زیب کی کمک کے واسطے دکن روانہ ہوا۔

جب شاہجہان کی بیماری کی حالت مین دارا شکوہ نے جملہ امرائے متعینہ دکن کو دربار مین طلب کیا یہ بھی حاضر دربار ہوا۔ دارا شکوہ نے مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ مالوہ مین تعینات کیا۔ جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ تھا۔ اور نہایت بے نظیر شجاعت کے ساتھ رام رام کرتا ہوا اورنگ زیب کے توپخانے پر جا پڑا۔ اور ہمت مردانہ کے جوہر دکھا کر اپنی جان کو حق نمک پر فدا کر گیا۔

فتح سنگھ

سُبحان سنگھ کا بیٹا فتح سنگھ ملازمت شاہی مین داخل اور منصب قلیل پر سرفراز تھا۔

راجہ سُبحان سنگھ بُندیلہ

راجہ پہاڑ سنگھ بندیلہ کا بیٹا تھا۔ سنہ ۲۰ جلوس شاہجہانی مین باپ کے مرنیکے بعد اُس کا جانشین مقرر ہو کر خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ سنہ ۱۰۶۸ھ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ صوبۂ مالوہ مین متعین ہوا۔ معرکۂ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے لشکر مین تھا لیکن لڑائی شروع ہونے کے بعد فریق مخالف کا غلبہ دیکھکر کھسک گیا۔

اور بھاگ کر اپنے وطن جا پہونچا۔ سموگڈھ کی لڑائی کے بعد بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوکر مورد نوازش ہوا۔ اور کھجوہ کی لڑائی مین جو شاہزادہ شجاع سے ہوئی شریک ہوکر جانفشانی اور جانبازی کا حق ادا کیا۔

سنہ ۴ جلوس مین خانخانان میر جملہ کے ساتھ مہم آسام اور کوچ بہار مین متعین ہوا۔ اور اس مہم کے اکثر معرکون مین نہایت شجاعت و بہادری سے غنیم کو پسپا کیا خصوصاً متھراپور کی لڑائی مین چارانگ کے راجہ کو جو آسام کا ایک بہت بڑا فیلدار تھا۔ اور جس نے متھراپور کے نزدیک مورچے آن جمائے تھے۔ ایک سخت لڑائی لڑکر بھگا دیا۔

سنہ ۸ جلوس مین راجہ جے سنگھ اور دلیرخان کے ساتھ سیوا جی کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ اس کے بعد راجہ موصوف کے ساتھ مہم بیجاپور مین شریک ہوا۔ سنہ ۲۳ جلوس مین قلعہ سیوانہ سیوا جی سے فتح کرلیا۔ اور اس کے صلے مین فرمان تحسین اور اضافہ منصب کا دربار سے صادر ہوا۔

سنہ ۲۳ جلوس مین شاہزادہ شاہ عالم کے ساتھ شاہزادہ محمد اکبر کے تعاقب پر مامور رہا۔ اس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

سبل سنگھ سیسودیہ

رانا امر سنگھ کا پوتا تھا۔ اول شاہزادہ دارا شکوہ کی سرکار مین ملازم تھا۔ سنہ ۲۳ جلوس مین ملازمان شاہی مین منسلک ہوکر منصب دو ہزاری ذات ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔ سنہ ۲۵ جلوس مین پانصدی کا اضافہ ہوکر علم مرحمت ہوا۔ اور مہم قندھار مین تعینات ہوا۔ سنہ ۲۶ جلوس مین دارا شکوہ کے ساتھ دوبارہ مہم قندھار پر روانہ ہوا۔

عالمگیر کے عہد مین کھجوہ کی لڑائی مین شریک تھا۔ اس کے بعد خانخانان میر جملہ کے ساتھ مہم آسام مین متعین ہوا۔

ستر سال بندیلہ

چنپت بندیلہ

چنپت بندیلہ کا بیٹا تھا۔ چنپت مذکور جھجہار سنگھ بندیلہ کے مارے جانے کے بعد اوندچھہ کے قرب و جوار مین لوٹ مار مین ایام گذاری کرتا تھا سنہ ۱۱ جلوس مین عبداللہ خان فیروز جنگ اور اُس کے بعد راجہ پہاڑ سنگھ بندیلہ اُس کی تنبیہ پر مامور ہوئے چنپت نے تنگ ہوکر اپنے عفو تقصیر کی التجا کی اور اول راجہ پہاڑ سنگھ اور اُس کے بعد شاہزادہ دارا شکوہ کی ملازمت اختیار کی۔

سنہ ۱۰۶۸ھ مین سبھکرن بندیلہ کی سفارش سے ملازمت عالمگیری مین داخل ہوا۔ لیکن تھوڑے دنون بعد لاہور سے اپنے مکان کو بھاگ گیا۔ اور پھر لوٹ مار کا پیشہ اختیار کر لیا۔ بادشاہ نے سبھکرن بندیلہ اور اُس کے بعد راجہ دیبی سنگھ کو اُس کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ چنپت موضع سہرہ مین جا چھپا۔ وہان کے لوگون نے ڈر کے مارے اُس کا سر کاٹ کر راجہ دیبی سنگھ کے پاس بھیجدیا۔

ستر سال چنپت کا بیٹا شاہی منصبدار تھا۔ جب باپ کے مارے جانیکا حال سُنا۔ دربار سے بھاگ کر سیوا جی کے پاس پہونچا۔ جب اُس نے پناہ دینے سے انکار کیا وہان سے بھاگ کر اپنے وطن پہونچا۔ اور باپ کی قزاقی کا پیشہ اختیار کیا۔ عالمگیر نے سنہ ۲۲ جلوس مین راجہ جسونت سنگھ بندیلہ کو اُس کی گرفتاری کے واسطے روانہ کیا۔ ستر سال اُس کے پاس حاضر ہوگیا۔ اور اُس کے ساتھ دربار مین چلا آیا۔ اور نہایت عجز و انکسار سے تقصیر کی التجا کی

بادشاہ نے قصور معاف کر کے ملازمت شاہی مین منسلک کیا۔

سنہ ۴۴ جلوس مین قلعہ ستارہ عرف اعظم تارا کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۴۸ جلوس مین ملازمت ترک کر کے اپنے وطن چلا گیا۔

سنہ ۴۹ جلوس مین پھر حاضر دربار ہوا۔ اور فیروز جنگ بہادر کی سفارش سے قصور معاف ہو کر منصب چہار ہزاری پر سرفراز ہوا۔

عالمگیر کی وفات کے بعد پھر نوکری چھوڑ کر چلا گیا۔ اور بہادر شاہ کے عہد مین باوجود کئی مرتبہ طلب ہونے کے حاضر دربار نہین ہوا۔ محمد شاہ کے عہد مین مرہٹون کے ساتھ شامل ہو کر محمد خان نگبش صوبہ دار مالوہ سے برسر پیکار رہا۔ آخر صلح ہو گئی۔

ستر سال بہت کثیر الاولاد تھا اُسکا ایک بیٹا کنور خان چند نواب نظام الملک آصف جاہ کے ساتھ دکن چلا گیا۔ نواب موصوف نے پرگنہ شیرپور مضاف صوبہ برار اُس کو جاگیر مین مرحمت کیا وہ اپنی اخیر زندگی تک خدمات شاہی مین سرگرم رہا۔

راجہ ساہوجی بھونسلا

سنبھاجی کا بیٹا۔ اور سیواجی مرہٹہ کا پوتا تھا۔ سنہ ۱۱۰۱ھ مین سات برس کی عمر مین اپنے باپ کے ساتھ قید ہو کر دربار عالمگیری مین آیا۔ بادشاہ نے اس کی جان بخشی کر کے منصب ہفت ہزاری ذات۔ ہفت ہزار سوار سے سرفراز کیا۔ اور خطاب راجگی سے موصوف کر کے خلعت و جمدھر مرصع اور اسپ و فیل۔ اور علم و نقارہ کے اعزاز سے مفتخر کیا۔ اور اُس کی سرکار کے واسطے دیوان بخشی۔ خانسامان غرضکہ جملہ عملہ علیحدہ مقرر کر کے ذوالفقار خان بہادر

نصرت جنگ کو اُسکا اتالیق مقرر کیا۔ اور منصب کی تنخواہ کے مطابق نہایت زرخیز پرگنے
جاگیر مین مرحمت کئے اور ہمیشہ احاطۂ گلال بار جہان شاہی خیمے نصب ہوتے تھے
مین اُس کے ڈیرے نصب کئے جانے کا حکم صادر کیا۔ سنہ ۴۶ جلوس مین آرسی
نگین اور سونے کی پہونچی جس مین الماس جڑے ہوئے تھے۔ اور پانچ سونے کی
انگوٹھیان جڑاؤ اور جیغہ اور اسپ معہ زین طلا کے عطا کیا۔ سنہ ۴۸ جلوس مین
بہادرجی کی لڑکی سے نہایت دھوم دھام سے شادی کر دی اور کمربند مرصع اور
سرپیچ میناکار اور جیغہ مرصع قیمتی دس ہزار روپیہ کا مرحمت کیا۔
غرضکہ سنہ ۱۱۱۷ھ تک بادشاہ نے نہایت ناز و نعمت سے ساہوجی کی
پرورش اور تعلیم و تربیت کرتے رہے اور کبھی اُس کو احاطۂ گلال بار سے
باہر نہین کیا۔ کوچ و مقام سب جگہ اپنے ساتھ رکھا جب سنہ ۱۱۱۸ھ مین ذوالفقار خان
نصرت جنگ قلعہ بخشندہ کی تسخیر پر متعین ہوا وہ بادشاہ سے عرض کر کے اُس کو
اپنے ساتھ لے گیا۔ اسی سال بادشاہ نے انتقال کیا۔ خان موصوف نے
شاہزادہ محمد اعظم شاہ سے سفارش کر کے راجہ ساہوجی کو مطلق العنان کر دیا۔
اکثر مرہٹے سردار اُس سے آن ملے۔ ساہوجی نہایت شان و شوکت سے روانہ
ہو کر اول اُس مقام پر پہونچا جہان بادشاہ نے انتقال کیا تھا۔ اور بہت سا کھانا
پکوا کر اور اُس پر بادشاہ مرحوم کی فاتحہ دلا کر نقد روپیہ کے ساتھ فقرا اور مساکین
مین تقسیم کرایا۔ اور بیس ہزار سوارون کے ساتھ وہان سے چلکر خلدآباد مین
بادشاہ مرحوم کے مزار پر حاضر ہوا۔ اور بہت سی خیرات کر کے وہان سے
کوچ کر دیا۔ اور اپنے صدر مقام پر پہونچ گیا۔
اُس دن سے مرہٹون کا زور برابر بڑھتا گیا۔ اور عالمگیر کا یہ فیاضانہ
برتاؤ آخر مین افعی کشتن و بچہ اش نگاہداشتن کار خردمندان نیست کا مصداق

ہو کر سلطنت مغلیہ کی بربادی کا باعث ہوا۔

ساہوجی اور اُس کے بھائیون اور اُس کی مان اور دادی کے ساتھ جو فیاضانہ برتاؤ عالمگیر نے کیا اُس کی نظیر ہندوستان کی تاریخ مین تو بے نظیر ہے بلکہ اُس عہد تک کی کسی دوسرے ملک کی تاریخ مین بھی ملنا مشکل ہے۔ ساہوجی کے علاوہ بدن سنگھ اور آودھ سنگھ اُس کے چھوٹے بھائیون اور اُس کی مان اور دادی وغیرہ کے ساتھ بھی جو قیدیون مین شامل تھے نہایت فیاضانہ برتاؤ کیا گیا۔ عورتون کو احاطہ گلال بار کے اندر علیحدہ علیحدہ خیمون مین اُتارا اور سب کے واسطے علیحدہ علیحدہ بیش قرار منصب اور وظیفے مقرر کر کے قلعہ دولت آباد مین رہنے کا حکم صادر کیا۔ اور سب کے واسطے متصدی اور خدمتگار علیحدہ علیحدہ مقرر کر دیئے۔

راؤ سبھکرن بندیلہ

بھگوان داس پسر مہاراجہ سنگھ دیو کا بیٹا تھا۔ ایام شاہزادگی مین اورنگ زیب نے اس کو وطن سے بلا کر اپنی ملازمت مین منسلک کر کے منصب ہزاری پر سرفراز کیا۔ اس کے بعد سید عبد الوہاب جو تاگڈھی کے ساتھ بگلانہ کی تسخیر پر مامور کیا۔ اور اس کی دلاوری اور حسن تدبیر سے وہ ملک فتح ہو کر مملکت شاہی مین شامل ہوا۔

جنگ اُجین اور معرکہ سموگڈہ اور محاربہ کھجوہ مین راؤ سبھکرن نے اورنگ زیب کی خدمت مین نہایت جانفشانی اور گرمجوشی سے خدمتین انجام دین۔ اسکے چنپت بندیلہ کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ اسی سنہ جلوس مین جب راجہ جے سنگھ کے ساتھ [illegible] اور بیجاپور [illegible] کیا ہوا۔ سنہ جلوس مین کسی بات پر راجہ

موصوف سے بردا شتہ خاطر ہو کر دربار مین چلا آیا۔ اور محمد امین خان ناظم صوبہ
کابل کے ساتھ کابل مین تعینات ہوا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین وہان سے طلب ہو کر
پھر دکن پر مامور ہوا۔ اس کے بعد راٹھ صوبہ کی فوجداری پر سرفراز ہوا۔
سنہ ۲۲ جلوس مین دلیر خان کے ساتھ بہادر گڈھ مین خدمات شاہی
بجا لا رہا تھا۔ کہ بیمار ہو گیا۔ اور رخصت حاصل کر کے وطن کو روانہ ہوا۔ اور
وہان پہونچکر سنہ ۲۱ جلوس مین انتقال کیا۔ راو دلیپ سنگھ اس کے بیٹے کا
حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

سلطان جی

مرہٹون کا مشہور سردار اور راجہ ساہو جی کا سپہ سالار تھا۔ نواب نظام الملک
آصف جاہ کی صوبہ داری دکن کے زمانے مین مبارز خان کی لڑائی کے بعد
بادشاہی ملازمت مین داخل ہوا۔ اور منصب ہفت ہزاری پر سرفراز ہو کر
تیولداری سرکار بیڑ۔ اور بعضے محالات سرکار فتح آباد صوبہ اورنگ آباد
اور پرگنہ چوپلی پاتری صوبہ برار پر متعین ہوا۔ تین ہزار سوار ہمیشہ اس کی ملازمت
مین رہتے تھے۔ سنہ ۱۱۶۱ھ مین اس نے انتقال کیا۔ اس کے انتقال کے بعد
ہنونت راو اس کا بیٹا جانشین مقرر ہو کر نواب صلابت جنگ کے
زمانے مین خطاب دھیراج سے مفتخر ہوا۔ سنہ ۱۱۷۳ھ مین وہ بھی مر گیا۔

دھیراج ہنونت راو

سکھ جیون

ذات کا کھتری۔ اور کابل کا رہنے والا تھا۔ ابتدا مین اشرف الوزرا
شاہ ولی خان وزیر احمد شاہ درانی کی سرکار مین معمولی متصدیون کے زمرہ مین

ملازم تھا۔ ایک مرتبہ احمد شاہ درانی نے اِس کو محالات کابل کی مالگذاری وصول کرنے کو معین الملک کے پاس اپنا سفیر بنا کر بھیجا۔ اِس خدمت کو اسنے اِس عمدگی سے انجام دیا کہ اُس کی کارگذاری بادشاہ کے منقوش خاطر ہوگئی چنانچہ جب ۱۱۶۷ھ مین احمد شاہ نے اپنے سپہ سالار عبداللہ خان آیشک آغاسی کو کابل سے کشمیر کے تسخیر کو روانہ کیا۔ تو سُکھ جیون کو بھی اُس کے ساتھ متعین کیا۔ عبداللہ خان مذکور نے صوبۂ کشمیر کو مغلیہ صوبہ دار سے فتح کر کے عبداللہ خان عرف خواجہ کچک کو وہان کا صوبہ دار اور سُکھ جیون کو دیوان مقرر کیا۔ اور خود کابل واپس چلا گیا۔

جب سُکھ جیون نے دیوان ہو کر جمعیت امیرانہ بہم پہونچائی۔ تو دماغ مین خیالات شاہانہ سمائے۔ عبداللہ خان کو اپنی نمائشی اطاعت و فرمان برداری کا ایسا سبز باغ دکھایا۔ کہ وہ اُس کا غلام بن گیا۔ اور کل ملکی اور فوجی انتظام اُس کے ہاتھ مین دیدیا۔ اُس نے جوڑ توڑ لگا کر بہت جلد عبداللہ خان کو قید کر لیا۔ پھر بھی اتنا احسان کیا۔ کہ جان سے نہین مارا اور تھوڑے دنون بعد جب کسی قسم کا خدشہ باقی نہ رہا تو قید خانے سے نکالکر کشمیر سے ملک بدر کر دیا۔

سُکھ جیون حسن قابلیت اور عقلمندی کے جوہر سے موصوف تھا جب اُسنے دیکھا کہ بلا کسی آڑ کے کشمیر پر حکومت کرنا مشکل ہے۔ تو اظہار خیر خواہی اور اطاعت و فرمان برداری کی عرضی عالمگیر ثانی کی خدمت مین لکھی اور معہ کسی قدر زر نقد کے نواب عماد الملک کے توسل سے بادشاہ کے پاس بھیجی۔ جب وہان سے منصب اور صوبہ داری کشمیر کی سند آگئی۔ تو رعایا اور اُمرا کی تالیف قلوب اور دلجوئی کے واسطے اُس کو تمام مُلک مین بخوبی مشتہر کرا کر خطبہ اور سکے مین بھی عالمگیر ثانی کا نام داخل کیا۔ اور کل صوبہ کو معہ خالصہ شاہی اور جاگیر

منصبداران کے قبضہ میں رکھکر خود مختارانہ حکومت کرنے لگا۔

۱۱۷۵ھ تک اُس نے صوبہ داری کے نام سے کشمیر مین بادشاہت کی جب اس سال احمد شاہ درانی ساتوین مرتبہ سکھون کی سرکوبی کے واسطے ہندوستان مین آیا۔ اور سکھون کو شکست دیکر ۳ شعبان ۱۱۷۵ھ کو لاہور مین داخل ہوا۔ وہان سے نور الدین خان ابدالی کو جو اُس کے وزیر شاہ ولی خان کا چچازاد بھائی تھا سکھ جیون کی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ سکھ جیون نے میدان ہمت مین قدم جما کر خوب مقابلہ کیا لیکن قسمت نے یاوری نہ کی آخری لڑائی مین رفیقون کی ہمت نے بھی دغا کی اور وہ ایسے بھاگے کہ گویا اسی ساعت کے منتظر تھے۔ لیکن یہ برابر ڈٹا رہا یہان تک کہ اپنے چند جان نثارون اور عزیزون کے ساتھ قید ہو گیا۔

سکھ جیون حُسن صورت کے ساتھ حسن سیرت سے بھی موصوف تھا۔ نہایت بے تعصب اور ہر مذہب و ملت کی رعایا سے یکسان سلوک کرتا تھا۔ ہندؤن مین ہندو اور مسلمانون مین مسلمان سمجھا جاتا تھا۔ روزانہ کچہری سے فارغ ہو کر دو سو مسلمانون کو اپنے سامنے بٹھا کر نہایت نفیس نفیس کھانے کھلوایا کرتا تھا۔ ہر قمری مہینے کی گیارھوین اور بارھوین تاریخ کو بہت سا کھانا پکوا کر اور اُس پر نیاز دلا کر غربا اور مساکین مین تقسیم کرایا کرتا تھا۔ تمام کشمیر کے بزرگان اسلام کے مزارون اور شاہی عمارات و باغات کی مرمت کرا کر اُن کے اخراجات کے واسطے جاگیرین اور وظیفے مقرر کیے جس قدر مسافر اور سیاح امیر و غریب کشمیر مین وارد ہوتے ہر ایک کے ساتھ اُس کی حالت کے مطابق سلوک ہوتا تھا۔ علم اور اہل علم کا قدردان تھا۔ اسکے دربار مین ہر ہفتہ مجلس مشاعرہ منعقد ہوا کرتی تھی جس مین تمام کشمیر کے شاعر

حاضر ہو کر طبع آزمائیاں کرتے تھے۔ مجلس کے برخاست ہونے کے بعد جملہ حاضرین کو اپنے سامنے کھانا کھلواتا۔ اور انعام و اکرام سے مالا مال کر کے رخصت کرتا تھا۔ ابتدائے آبادی سے اپنے عہد تک کی کشمیر کی تاریخ نظم مین لکھوانیکا ارادہ کر کے اُس کا دفتر قائم کیا تھا اور پانچ بڑے بڑے شاعرون کو اِس کام پر متعین کر کے دس دس شاعر ہر ایک کی امداد کے واسطے مقرر کیئے تھے۔ کل دفتر کا مہتمم محمد توفیق کو جو کشمیری زبان مین لالہ جو کے نام سے مشہور اور بہت بڑا فاضل اور بے نظیر شاعر تھا مقرر کیا تھا۔ بقیہ شاعرون مین محمد علی خان متین پسر حسام الدین خان مغل کشمیری صاحب تذکرہ حیات الشعرا اور محمد علی بنیہ بہت مشہور رہین۔

رانا شنکر[1]

رانا اُدے سنگھ کا بیٹا تھا۔ جب اُس کے بھائی رانا پرتاب نے اکبر سے مخالفت کی۔ یہ دربار مین حاضر ہو کر ملازمان شاہی مین منسلک ہوا۔ اور منصب دو صَدی پر سرفراز ہو کر خطاب رانا سے موصوف ہوا۔ جہانگیر نے تخت نشین ہو کر بارہ ہزار روپیہ[۱۲] نقد مرحمت فرمایا۔ اور خلعت و شمشیر مرصع عطا کر کے شاہزادہ پرویز کے ساتھ رانا پرتاب کی تادیب کے واسطے روانہ کیا۔ اِس کے بعد دلیپ سنگھ بیکانیری کی سرکوبی پر متعین ہوا۔ اور نہایت شجاعت و بہادری سے ناگور کے قریب اُس سے لڑ کر اُس کو بھگا دیا۔ سنہ ۲ جلوس مین علم مرحمت ہو کر منصب دو ہزار و پانصدی[۲۵۰۰] ذات۔ ہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین منصب سہ ہزاری[۳۰۰۰] ذات۔ دو ہزار سوار[۲۰۰۰] پر مفتخر ہو کر صوبہ بہار مین متعین ہوا۔ سنہ ۱۳ جلوس

---

[1] اکبر نامہ اور آئین اکبری مین سگرا اور توزک جہانگیری مین شنکر نام لکھا ہے۔

مین وفات پائی۔

مان سنگھ پسر رانا شنکر

بادشاہ نے اس کے بیٹے مان سنگھ کو منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سربلند کر کے صوبہ بہار مین متعین کیا ۵ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہفتصد سوار پر سرفراز ہوا۔

راجہ شیام سنگھ

شہنشاہ اکبر کے عہد کا منصبدار تھا ۱ جلوس جہانگیری مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار و ہفتصد سوار پر سرفراز ہو کر مہم بنگش پر متعین ہوا اور اس مہم مین نہایت عقیدت و اخلاص سے خدمتین بجا لایا۔ اس کے صلے مین خطاب راجگی سے مفتخر ہو کر منصب دو ہزاری پر سرفراز ہوا۔ ۱۰ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات ہزار و چہار صد سوار پر سربلند ہوا ۱۱ جلوس مین بمقام بنگش انتقال کیا۔ اس کا بیٹا

اودے سنگھ پسر راجہ شیام سنگھ

اودے سنگھ شاہجہان کے عہد مین منصب ہشتصدی چہار صد سوار پر سرفراز تھا ۳ جلوس مین مر گیا۔

شیو سنگھ

عالمگیر کے عہد مین اول منصب ہزاری ذات ہزار سوار پر سرفراز اور راہیری کی قلعداری پر سرفراز تھا ۴ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار و پانصد سوار پر مفتخر ہوا۔ اور فوجداری راہیری کی خدمت بھی سپرد ہوئی ۵ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات ہزار و ہفتصد سوار پر سرفراز ہو کر قلعداری اور فوجداری سنبھل شاہ گڈھ پر تبدیل ہوا۔ اور قلعداری

چاگنہ کی خدمت بھی سپرد ہوئی۔

رائے کلیان مل بیکانیری

بیکانیر کا راجہ اور راٹھور خاندان سے تھا۔ اس کا سلسلہ نسب چوتھی پشت میں رائے مالدیو والی جودھپور سے جا ملتا ہے جب شہنشاہ اکبر کی قدر دانی اور جوہر شناسی کا عام شہرہ ہوا سنہ ۱۵ جلوس میں رائے کلیان مع اپنے بیٹے رائے سنگھ کے بمقام [?] بادشاہ موصوف کی خدمت میں حاضر ہو کر منصب دو ہزاری [۲۰۰۰] ذات و دو ہزار [۲۰۰۰] سوار سے سربلند ہوا۔ اور اکبر کی دلداری اور خاطرداری سے ایسا خوش ہوا کہ اپنی بھتیجی کو پرستاران محل میں داخل کیا۔ اور جوہر اعتبار سے منتخب ہو کر امرائے جان نثار میں شامل ہوا۔

رائے سنگھ اس کے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

راجہ کشن داس

شہنشاہ اکبر کے عہد میں منصب سہ صدی [۳۰۰] پر سرفراز اور فیل خانہ اور اصطبل کی داروغگی پر مامور تھا۔

سنہ ۳ جلوس جہانگیری میں منصب ہزاری [۱۰۰۰] پر سرفراز ہو کر خطاب راجگی سے موصوف ہوا سنہ ۱۱ جلوس میں راجہ کلیان جیسلمیری کے پاس روانہ کیا گیا اور اس کو ساتھ لیکر حاضر دربار ہوا سنہ ۱۲ جلوس میں منصب دو ہزاری پر مفتخر ہوا۔

جب رانا امر سنگھ کی وفات کی خبر دربار میں آئی جہانگیر نے اسکے ہاتھ فرمان عنایت آمیز اور خلعت و اسپ و فیل کنور کرن کے واسطے روانہ کیا

اس نے خدمت سفارت کو خوش اسلوبی سے انجام دیا۔
سنہ ۲۶ جلوس میں منصب دو ہزاری پر سرفراز ہو کر فوجداری دہلی پر متعین ہوا۔

راجہ۔ راول۔ کلیان جیسلمیری

راول بھیم جیسلمیری

اسکا بڑا بھائی راول بھیم جیسلمیر کا راجہ اور شہنشاہ اکبر کے عہد میں منصب پانصدی پر سرفراز تھا۔ اس کی لڑکی کی شادی شاہزادہ سلیم (جہانگیر) سے ہوئی تھی۔ شاہزادہ موصوف نے اس بیگم کو ملکہ جہان کے خطاب سے موسوم کیا تھا۔ جب جہانگیر کے عہد میں راول بھیم ایک خورد سال بچہ دو مہینے کی عمر کا چھوڑ کر مر گیا۔ اور وہ بھی تھوڑے دن بعد مر گیا۔ تو بادشاہ نے سنہ جلوس میں راجہ کشن داس کو جیسلمیر بھیجکر اس کے چھوٹے بھائی کلیان کو دربار میں طلب کیا۔ اس نے حاضر دربار ہو کر سو اشرفیاں اور ہزار روپیہ بطریق نذر پیش کیے بادشاہ نے ٹیکہ راجگی اور خطاب راولی سے سرفراز کیا۔ اور ایک قبضہ مرصع اور ایک زنجیر فیل مرحمت فرمائی۔

اس کے بعد اسی سال راول کلیان نے نو ہزار اشرفیاں۔ نو راس گھوڑے پچیس اونٹ۔ ایک ہاتھی پیشکش میں پیش کیا۔ بادشاہ نے منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار سے سرفراز کرکے جیسلمیر کو اس کی جاگیر میں مرحمت کیا۔ اور خلعت۔ اور اسپ و فیل۔ اور شمشیر مرصع۔ اور پھپوہ مرصع عنایت کرکے وطن کو رخصت کیا۔

بادشاہنامہ ملا عبدالحمید لاہوری سے معلوم ہوتا ہے کہ راول کلیان شاہجہان کے جلوس تک زندہ تھا۔ اور تخت نشینی کے دن اسی منصب

دو ہزاری ذات - ہزار سوار پر قائم رہا - اس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا

کشن سنگھ راٹھور

راجہ اودے سنگھ راٹھور کا بیٹا - اور راجہ سورج سنگھ کا بھائی تھا - ۳ سنہ جلوس جہانگیری مین خانخانان مہابت خان کے ساتھ مہم رانا پر متعین ہوا - اور معرکہ جنگ مین نہایت شجاعت و بہادری سے دشمنون پر جا پڑا - اور حملہ ہائے مردانہ سے غنیم کی صفون کو تہ و بالا کرکے تین ہزار سپاہی اور سردارون کو قید کر لیا - اور اپنی اس شجاعت و کارگذاری سے منصبداران کے درجہ سے ترقی کرکے امارت کے درجے کو پہونچا یعنی منصب دو ہزاری ذات - ہزار سوار سے سربلند ہوا - ۹ سنہ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات - ہزار و پانصد سوار سے مفتخر ہوا - ۱۰ سنہ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات - ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوا -

اسی سال بادشاہ اجمیر تشریف لیگئے - کشن سنگھ اور سورج سنگھ دونون بھائی ساتھ تھے - ایک دن بادشاہ پشکر تال کی سیر کو تشریف لے گئے - اور رات کو وہین رہ گئے - دونون بھائیون مین عرصے سے رنج چلا آتا تھا - وجہ یہ تھی کہ گوبند داس بھائی نے جو سورج سنگھ کی سرکار مین وکیل مطلق تھا کسی خانگی معاملے مین گوپال داس اس کے بھتیجے کو قتل کر ڈالا - راجہ سورج سنگھ نے نہ معلوم کسی مصلحت یا محض گوبند داس کی حسن قابلیت کے لحاظ سے اس سے کچھ بازپرس نہ کی - کشن سنگھ نے بھتیجے کے خون کا بدلا لینے پر زور دیا - بھائی نے نہ مانا آخرکار دونون بھائیون کے دلون مین محبت کے بجائے عداوت پیدا ہوگئی - اور بول چال کھانا پینا - آنا - جانا سب ترک ہوگیا - کشن سنگھ موقع اور وقت

کا متلاشی تھا۔ اس موقع کو غنیمت سمجھا۔ اور کچھ رات رہے اپنے سپاہیون کو
مسلح کر کے سورج سنگھ کے پڑاو پر جا پہونچا۔ اور گوبند داس کے خیمے پر پہونچکر سپاہیون
کو جو پڑے رہے تھے قتل کرنا شروع کیا۔ گوبند داس شور و غل سن کر خواب سے
بیدار ہوا۔ اور دریافت کے واسطے خیمے سے باہر نکلا ہی تھا کہ کشن سنگھ کے
آدمیون نے جو اُس کی تلاش مین تھے پکڑ کر اس کا کام تمام کر دیا۔ اسی عرصے
مین راجہ سورج سنگھ بھی شور و غل سے بیدار ہوا۔ اور شمشیر برہنہ لیکر خیمے
سے باہر نکلا۔ کچھ سپاہی بھی مدد کو آ گئے۔ کشن سنگھ کو گوبند داس کے مارے
جانے کا حال معلوم نہ ہوا تھا وہ اُس کی تلاش مین سرگردان پھرتے پھرتے
اُس کے خیمے مین گھسا۔ اُسی وقت سورج سنگھ بھی آ پہونچا۔ دونون بھائیون
اور اُن کے سپاہیون مین زور شور سے تلوار چلنے لگی۔ کشن سنگھ معہ اپنے بھتیجے
کرن سنگھ کے مارا گیا۔ صبح ہوتے ہوتے چھتیس سپاہی راجہ کشن سنگھ کے اور
تین سپاہی راجہ سورج سنگھ کے مارے گئے۔ اور اڑسٹھ جانین ذرا سی
دیر مین اس خانہ جنگی کی نذر ہو گئین۔ صبح کو بادشاہ کو یہ حال معلوم ہوا بہت
افسوس کر کے لاشون کے جلانے اور امر واقعی کی تحقیقات کا حکم صادر کیا۔
جب یہ حال معلوم ہوا سورج سنگھ کو سرزنش کر کے چپ ہو رہا۔ راجہ کشن سنگھ
کی یادگار سے اُس کا آباد کیا ہوا شہر کشن گڈھ اب تک موجود ہے۔ ہری سنگھ
جگمال۔ بہارمل۔ نتھمل چار بیٹے تھے۔ جہانگیر نے تینون کو ملازمت شاہی
مین منسلک کر کے منصب مناسب پر سرفراز کیا۔ ہری سنگھ کا حال علیحدہ لکھا جا
جگمال۔ شاہجہان کے عہد مین سنہ ۱ جلوس مین منصب ہزاری پانصدی
ذات ہفت صد سوار پر سرفراز ہوا سنہ ۲ جلوس مین انتقال کیا۔
روپ سنگھ راٹھور اس کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا جا چکا ہے۔

جگمال راٹھور پسر کشن سنگھ راٹھور

بہارا مل پسر کشن سنگھ راٹھور

بہارہ مل سنہ ۱ جلوس شاہجہانی تک منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر پہونچنے پایا تھا۔ کہ انتقال کیا۔

نتھمل پسر کشن سنگھ راٹھور

نتھمل سنہ ۱۴ جلوس مین باپ کے مرنیکے بعد منصب پانصدی پر سرفراز ہوا

راجہ کلیان

راجہ ٹوڈرمل کا بیٹا تھا۔ جہانگیر کے عہد مین نواب اسلام خان صوبہ دار بنگالہ کی ماتحتی مین تعینات تھا۔

سنہ ۶ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات ہشت صد سوار پر سرفراز ہوا۔ اس کے بعد منصب ہزار و ہفتصدی ذات۔ ہزار سوار پر مفتخر ہو کر اڑیسہ کی حکومت پر سرفراز ہوا۔

سنہ ۱۲ جلوس مین اس کے خلاف کچھ شکائتین دربار مین پیش ہوئین جہانگیر نے اڑیسہ سے بلا بھیجا۔ اس نے حاضر ہو کر سولہ ہاتھی پیشکش کیے۔ بادشاہ نے اُن شکایتون کی تحقیقات آصف جاہ کے سپرد کی۔ جب تحقیقات سے کوئی قصور ثابت نہین ہوا تو سعادتِ ملازمت حاصل ہوئی۔ ملازمت کے وقت سو اشرفیان۔ ایک ہزار روپیہ۔ ایک لڑی مروارید کی۔ جس مین اسی دانے اور دو قطعہ لعل تھے۔ ایک پہونچی جس مین ایک لعل اور دو دانے مروارید کے تھے۔ ایک سونے کا بنا ہوا خوشنما گھوڑا جسمین جواہر جڑے تھے پیشکش مین گذرانا۔

اس کے بعد خانخانان مہابت خان کے ساتھ مہم بنگش پر متعین ہوا۔ پھر کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

کیشوداس مارو راٹھور

جیمل[1] میرٹھیہ کا بیٹا اور اکبر کے عہد مین منصب سہ صدی پر سرفراز تھا۔ جہانگیر نے پہلے سال جلوس مین منصب ہزار و پانصدی پر سرفراز کیا۔ اور صوبہ بنگالہ مین تعینات کیا۔ سنہ ۵ جلوس مین ایک گھوڑا طویلہ خاص سے مرحمت ہوا۔ اور سرکار اڑیسہ مین جاگیر عطا ہوئی۔

سنہ ۱۰ جلوس مین دربار مین طلب ہوا۔ حاضر ہو کر چار ہاتھی پیشکش کیے بادشاہ نے منصب دو ہزاری پر سرفراز کیا۔

سنہ ۱۱ جلوس مین صوبہ دکن مین متعین ہوا۔

سنہ ۱۳ جلوس مین حسب الحکم دربار مین حاضر ہوا۔

جہانگیر جب گجرات اور مالوہ کی سیر کو تشریف لے گئے تھے موضع جلوت مین بھی قیام کیا تھا اس کی نسبت لکھا ہے "یہ پرگنہ میرے باپ کے وقت سے کیشوداس مارو کی جاگیر مین ہے جو حقیقت مین بہ طور وطن اُس کے ہے یعنی اُس کو استحقاق حکومت موروثی عطا کیا گیا ہے۔ اُس نے اس مقام پر عمارتین اور باغات تعمیر کرائے ہین۔ منجملہ اُن کے راستے مین ایک باولی نہایت خوش قطع واقع ہے اُس کو دیکھکر میرے دل مین خیال آیا کہ راستون پر اسی نمونے کی باولیان تعمیر کرائی جایا کرین"۔

کیشوداس خدمات شاہی کو کمال عقیدت و اخلاص سے بجا لاتا تھا۔

---

[1] یہ وہی جیمل ہے جو جنگ چتوڑ مین اکبر سے نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا۔ اور جسکی بہادری کے گیت اور کبت اب تک لوگون کے زبان پر ہین۔ اکبر نے اسکی اور اسکے بھائی فتا کی مورتین ترشواکر ہاتھیون پر سوار کرائین۔ اور قلعہ آگرہ یا دہلی کے دروازہ پر نصب کرائی تھین۔ (دیکھو راجہ بھگوان داس کچھواہہ کا حال)۔

جہانگیر اُس سے بہت خوش تھا اور اُس پر خاص نظر عنایت رکھتا تھا۔

راجہ گردھر پسر کیشو داس

کیشو داس کا بیٹا گردھر خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات پانصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اسی سال ججہار سنگھ بندیلہ کے تعاقب پر مامور رہا۔ ۳ سنہ جلوس مین مہم خانجہان لودی مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا۔

راجہ اُدے بہان پسر راجہ گردھر

بادشاہ نے اُس کے بیٹے اُدے بہان کو منصب ششصدی۔ چہار صد سوار پر سرفراز کرکے خطاب راجگی سے موصوف کیا۔

۲۰ سنہ جلوس تک منصب ہفت صدی۔ چہار صد سوار پر مفتخر تھا۔

کرمسی راٹھور

رائے مالدیو کا بیٹا۔ اور رائے چندرسین والی جودھپور کا پوتا تھا۔ سنہ جلوس جہانگیری مین بہ اضافہ منصب منصب ہزاری سے سرفراز ہوا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہشت صد سوار پر سرفراز ہوا۔ ۳ سنہ جلوس مین خانجہان لودی کی لڑائی مین اپنی شجاعت و بہادری کے کارنامے دکھا کر اپنی جان کو حق نمک پر فدا کر گیا۔

اُس کے بڑے بیٹے رام سنگھ کا حال علیحدہ قلمبند ہو چکا ہے۔ دوسرا بیٹا شیام سنگھ باپ کی وفات کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ ۱۵ سنہ جلوس مین شاہزادہ اورنگ زیب کی سفارش سے منصب ہزاری ذات۔ پانصد سوار پر سربلند ہوا۔ ۲۰ سنہ جلوس تک منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ششصد سوار پر سرفراز تھا۔

رانا کرن

راجگان میواڑ (اُدے پور) اپنے خاندان کا سلسلہ نوشیروان عادل سے ملا دیتے ہین۔ کل ممالک ہندوستان کے راجہ۔ مہاراجہ ہمیشہ سے اس خاندان کی عزت و عظمت کرتے آئے ہین۔ اور راجگان میواڑ نے بھی اپنے اوصاف قومی کا ہمیشہ لحاظ رکھا ہے۔ عہد سلف مین جو راجہ کسی راج مین گدی پر بیٹھتا تھا۔ اول اُس عالی دربار مین حاضر ہوتا تھا۔ رانا اپنے پاؤن کے انگوٹھے مین سے ذرا سا خون نکالکر اُس سے اس کے ماتھے پر تلک کھینچ دیتا تھا۔ اِس کے بعد تخت نشینی کی باقی رسمین ادا ہوتی تھین۔ جہانگیر نے اپنے تزک کے سنہ جلوس مین رانا امر سنگھ کے حال مین لکھا ہے" رانا زمینداران اور راجہائے معتبر ہندوستان مین سے ہے۔ اس کی اور اس کے آباؤ اجداد کی سروری اور سرداری کو تمام رائے اور راجہ اس ولایت کے تسلیم کرتے ہین۔ مدت دراز سے دولت و ریاست ان کے خاندان مین چلی آتی ہے۔ پہلے مدت دراز تک سمت مشرق مین حکومت کرتے رہے۔ ان دنون راجہ کے لقب سے موسوم تھے۔ پھر دکن کی طرف رُخ کیا۔ اور اکثر ریاستین اُدھر کی فتح کین۔ اور بجائے راجہ کے راول کا لقب اختیار کیا۔ پھر کوہستان میوات مین آئے۔ اور رفتہ رفتہ قلعہ چتوڑ کو فتح کیا۔ اُس وقت سے آج تک کہ میرے جلوس کا آٹھوان برس ہے ۱۴۷۱ برس ہوتے ہین۔ ۱۰۱۰ برس کے عرصے مین ۲۶ فرمان روا اس خاندان کے راول کے لقب سے نامور ہوئے۔ اور راول سے رانا امر سنگھ تک کہ جواب رانا ہے۔ ۴۶۱ برس مین ۲۶ فرمان روا ہوئے"

جب بابر نے آگرہ تک قبضہ کر لیا۔ اُس وقت میواڑ کا فرمان روا سنگرام عرف رانا سانگا تھا۔ وہ نہایت جاہ و جلال سے ۸۰ ہزار سوار۔ سات راجہ مہاراجہ۔ نو راؤ۔ ۱۰۴ راول اور ۵۰۰ راوت۔ ۵۰۰ ہاتھی لے کر میدان جنگ میں آیا کرتا تھا۔ مارواڑ۔ آنبیر۔ جودھپور وغیرہ کے راجہ اس کا ادب کرتے تھے۔ گوالیار۔ اجمیر۔ رسائن سیکری۔ کالپی چندیری۔ بوندی۔ گگراؤن رام پور الور کے راجہ اُس کے باج گذار تھے۔ راج کی شمالی حد پر بیانا کھل (متصل بیانہ) مشرق میں دریائے سندھ۔ جنوب میں مالوہ۔ مغرب میں میواڑ کے پہاڑ تھے۔ بابر نے واقعات بابری میں لکھا ہے "جب میں کابل میں تھا تو رانا نے رفیقانہ مراسلے لکھے اور وکیل بھیجے کہ جب آپ دلی کی طرف کوچ کرینگے تو میں آگرہ پر حملہ کروں گا۔ مگر جب میں نے ابراہیم کو شکست دی اور دلی سے آگرہ تک فتح کر لیا تو اس نے میری بات تک نہ پوچھی۔ اور تھوڑے دنوں بعد کندھار کا محاصرہ کر لیا۔ کندھار حسن ابن مکن کے پاس تھا۔ وہ اگرچہ خود میرے پاس نہیں آیا مگر کئی دفعہ وکیل میرے پاس بھیجے۔ یہاں اٹاوہ۔ دھولپور۔ گوالیار۔ اور بیانہ میرے پاس نہ تھے۔ افغانوں نے پورب میں شور و فساد مچا رکھا تھا اس سبب سے میں اُسے کمک بھی نہ بھیج سکا اور اُس نے لاچار ہو کر قلعہ رانا سانگا کے حوالے کر دیا۔ قلعہ مذکور رنتھنبور سے چند میل مشرق کی جانب ہے۔ اور نہایت مستحکم ہے۔ مہدی خواجہ کے خط میرے پاس آگرہ میں آئے۔ کہ رانا بڑھا چلا آتا ہے۔ تمام ہندو راجہ اُس کے ساتھ ہیں۔ اور حسن خان میواتی بھی شریک ہو گیا ہے۔

غرضکہ ۱۳ جمادی الثانیہ ۹۳۳ھ کو نواح موضع خانوہ مضاف بیانہ (ریاست بھرتپور میں ہے) میں بابر اور رانا سانگا سے مقابلہ ہوا۔ یہ لڑائی

اس شان کی تھی کہ بابر اور اس کی فوج کی جانون پر بنی ہوئی تھی۔ رانا کے
ساتھ بڑے بڑے راجہ مہاراجہ ٹھاکر سردار ہندو مسلمان اپنی اپنی فوجین
لیکر شریک ہوئے تھے۔ کل فوج کی تعداد دو لاکھ ایک ہزار تھی۔ بابر کی
فوج مین کسی کو بچنے کی امید نہ تھی۔ اسی حالت ناامیدی مین بابر نے اپنے
شراب پینے کے کل طلائی ظروف توڑ کر منت مانی۔ کہ اگر راناسانگا پر فتح پاؤنگا
تو آئندہ کبھی شراب نہ پیون گا۔ اب اسے قدرت الٰہی کا تماشا سمجھیے یا اتفاق
وقت خیال کیجیے کہ ناکامی مبدل بہ کامیابی ہو گئی۔ بڑے سخت معرکے
کے بعد جس مین بہت سے راجہ ٹھاکر اور مسلمان سردار مارے گئے راناسانگا
نہایت ذلت سے رن سے بھاگا۔ اور بابر اور اس کے ساتھی یہ شعر پڑھتے
ہوئے ہنسی خوشی واپس ہوئے ؎

اے کرمک چرا نشستی بجائے خویش ۔۔۔ با شیشہ جنگ کردی و دیدی سزائے خویش

راناسانگا سنہ ۹۳۴ھ مین مر گیا۔ کوئی کہتا ہے کہ اجل طبعی سے مرا۔ کسی کا
بیان ہے کہ بی بی نے زہر دیا۔

رانا اودے سنگھ

رانا کے مرنے کے بعد اس کے بیٹون مین چند روز تک لڑائی جھگڑا
ہوتا رہا۔ آخر مین سب سے چھوٹا بیٹا اودے سنگھ گدی پر بیٹھا۔ اس کے عہد مین اکبر
نے سنہ ۹۷۵ھ مین[1] قلعہ چتوڑ و سنہ ۹۷۶ھ مین[2] قلعہ رن تھنبور فتح کیا۔ اودے سنگھ
پہاڑون مین گھس گیا۔ اسی کے عہد مین اکبر کے حکم سے اول مرزا شرف الدین
نے قلعہ میرٹھ پر فوج کشی کی۔ جیمل رانا کی طرف سے وہان کا حاکم تھا۔ اُسنے
بڑی دلاوری سے مقابلہ کیا۔ مگر آخر کو شکست کھا کر بھاگ گیا۔ اور سنہ ۹۶۹ھ
مین قلعہ مذکور فتح ہو گیا۔ اودے سنگھ نہ دربار اکبری مین حاضر ہوا نہ اطاعت

[1] دیکھو راجہ بھگوان داس کچھواہہ کا حال۔ [2] رائے سرجن ہاڈا کے حال مین دیکھو۔

راضی ہوا۔اس نے پیچ دپیچ گھاٹیون کے جال مین اپنے نام پر اُدے پور آباد کیا
ایک گھاٹی مین کئی طرف سے بند باندھ کر ایک جھیل بنائی۔ وہ آب اُدے ساگر
کے نام سے مشہور ہے۔ وہ عرصۂ دراز تک بدنامی اور بے لیاقتی کے ساتھ
حکومت کرکے ۴۲ برس کی عمر مین مر گیا۔

رانا پرتاب

اُس کے بعد پرتاب اُس کا بیٹا جانشین ہوا۔ وہ بیشک خاندان کا نام
روشن کرنیوالا تھا۔ اگر رانا سانگا کے بعد وہی گدی پر بیٹھتا تو بابر اور اُسکی
اولاد کو دم نہ لینے دیتا۔ اکبر نے بھی ہزار جتن کیئے مگر اُس کی گردن نہ جھکی نہ دربار
مین آیا۔ کئی معرکے[1] ہوئے شکست کھا کھا کر پہاڑون مین جا گھسا مگر اطاعت پر
راضی نہ ہوا ۴۱ سنہ جلوس مین مر گیا۔

اُس کے مرنے کے بعد اُس کا بیٹا امر سنگھ گدی پر بیٹھا۔ جہانگیر نے تخت
نشین ہو کر شاہزادہ پرویز کو بہت سے امیرون کے ساتھ اُس کی سرکوبی کیواسطے
روانہ کیا۔ اسی عرصے مین شاہزادہ خسرو نے بغاوت کی اور شاہی فوج رانا
کے چھوٹے بیٹے باگھ کو ساتھ لیکر واپس چلی آئی۔ اس کے بعد عبداللہ خان
فیروز جنگ اور پھر خانخانان مہابت خان اس مہم پر مامور ہوئے مگر کوئی قابل
اطمینان نتیجہ نہ نکلا ۹ سنہ جلوس مین جہانگیر نے شاہزادہ خورم (شاہجہان) کو
اس مہم پر مامور کیا۔ اس مرتبہ رانا شاہی کی ٹکر نہ اُٹھا سکا۔ اور معہ اپنے بیٹے
رانا کرن کے شاہزادہ کی خدمت مین حاضر ہو کر پیشکش پیش کرنے پر مجبور ہوا
اور بادشاہ کی اطاعت و فرمان برداری کا حلف اُٹھا کر کرن کو ملازمت
شاہی کے واسطے دربار مین روانہ کیا۔[2] ۱۴ سنہ جلوس جہانگیری مین اُسنے
انتقال کیا۔

---

[1] مرزا راجہ مان سنگھ کے حال مین دیکھو۔ [2] عمدۃ الملک راجہ بکرماجیت سُندر داس کا حال دیکھو۔

کرن نے دربار جہانگیری مین حاضر ہو کر معمولی ادب و آداب کے بعد شاہانہ
سجدہ کیا۔ اور حسب الحکم امرائے دست راست کے زمرے مین کھڑا ہو گیا۔
بادشاہ نے اُسی وقت خلعت پہنوا کر شمشیر مرصع کمر سے بندھوائی۔ اور دلداری
اور خاطرداری مین کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھا۔ خود لکھا ہے "چونکہ کرن کو ہمیشہ
پہاڑون مین رہنے کی وجہ سے کبھی مجلس مین شریک ہونے کا اتفاق نہین ہوا
لہذا وحشی مزاج ہے۔ ایسے وحشی کے رام کرنے کے واسطے مین نے روزانہ
نئی نئی نوازشون سے سرفراز کرنا مناسب سمجھا۔ چنانچہ دوسرے دن خنجر مرصع
اور تیسرے دن عراقی گھوڑا معہ زین مرصع کے اپنی طرف سے۔ اور خلعت فاخرہ
اور شمشیر مرصع اور اسپ و فیل نورجہان بیگم کی طرف سے مرحمت کیا۔ اس کے
بعد نہایت قیمتی مروارید کی تسبیح تین بار تین جڑے۔ ایک قبضہ شمشیر۔ ایک
بکتر۔ ایک جوشن۔ دو انگوٹھیان جن مین سے ایک مین لعل کا اور دوسری
مین زمرد کا نگینہ تھا عطا کین۔ اور اخیر مہینے مین ہر قسم کے کپڑے۔ ہر قسم کی
خوشبوئین طرح طرح کے طلائی برتن سو خوانون مین چُن کر احدیون کے
کندھون پر رکھا کر دربار مین منگائے اور معہ دو ہل گجراتی کے کرن کو مرحمت
فرمائے" غرضکہ اسی قسم کی نوازشون سے مفتخر کر کے بادشاہ نے منصب پنجہزاری
ذات و سوار پر سرفراز کیا۔ اور نہایت اعزاز سے وطن کو رخصت کیا۔ اسکے
بعد اسی سال (سنہ جلوس) کرن کا بیٹا جگت سنگھ حاضر دربار ہوا۔ اور نوازش
ہائے شاہانہ سے مالا مال ہو کر اپنے اتالیق ہرداس جھالا کے ساتھ وطن کو
واپس گیا۔ رخصت کے وقت بھی بادشاہ نے خلعت کے ساتھ بیس ہزار روپیہ
نقد ایک گھوڑا۔ ایک ہاتھی۔ ایک بیش قیمت شال جگت سنگھ کو اور پانچ ہزار
روپیہ نقد ایک گھوڑا اور خلعت ہرداس جھالا کو مرحمت کیا۔

سنہ ۱۱ جلوس مین رانا کرن پھر حاضر دربار ہوا۔ اور چند روز حاضر دربار
رہکر خلعت اور انعام واکرام سے مفتخر ہوکر واپس گیا۔ سنہ ۱۲ جلوس مین جب
بادشاہ گجرات سے واپس آرہے تھے رانا امر سنگھ اور رانا کرن دونون
ملازمت مین حاضر ہوئے۔

سنہ ۱۵ جلوس مین رانا امر سنگھ کی وفات کے بعد بادشاہ نے کرن
کو خطاب رانا سے موصوف کرکے خلعت اور ہاتھی اور گھوڑا اُس کے
واسطے ارسال کیا۔ اور جگت سنگھ اور راجہ بھیم پسر رانا امر سنگھ کو جو ملازمت شاہی
مین تھے خلعت تعزیت مرحمت ہوا۔

سنہ ۱۰۳۶ھ مین جب شاہجہان باپ کی وفات کے بعد جنیر سے اکبرآباد
آرہے تھے۔ راستے مین رانا کرن ملازمت مین حاضر ہوکر عنایت خسروانہ
سے سرفراز ہوا۔ اور اسی سال وفات پائی۔

جگت سنگھ سنہ ۱۰۳۶ھ مین باپ کے ساتھ بادشاہ کی خدمت مین حاضر ہوا
بادشاہ نے حکم دیا کہ ایک ہزار سوار کے ساتھ دکن مین خدمت بجا لائے
باپ کے مرنے کے بعد بادشاہ نے اس کو خطاب رانا سے موصوف کرکے
منصب پنجہزاری ذات پنجہزار سوار سے سرفراز کیا۔

سنہ ۳ جلوس مین کلیان جھالا کے ساتھ پیشکش ارسال کی۔ بادشاہ
نے خلعت فاخرہ اور اسپ و فیل مع ساز و سامان کے ارسال کیا۔

سنہ ۸ جلوس مین پھر پیشکش ارسال کی۔ اور خلعت و شمشیر اور سرپیچ مرصع
دربار سے روانہ کیا گیا۔

سنہ ۱۰ اور سنہ ۱۱ اور سنہ ۱۸ جلوس مین راج کنور رانا کا بیٹا پیشکش لیکر حاضر
دربار ہوا۔ اور انعام واکرام سے سرفراز ہوا۔ سنہ ۲۶ جلوس مین جگت سنگھ نے

انتقال کیا۔

رانا راج سنگھ

جگت سنگھ کے مرنے کے بعد شاہجہان نے راج کنور کو خطاب رانا راج سنگھ
ے موصوف کر کے منصب پنجہزاری ذات - پنجہزار سوار سے سرفراز کیا۔
عالمگیر کے عہد مین سنہ ۱ جلوس مین خلعت و جمدھر مرصع ارسال ہوا۔ سنہ ۲۲
جلوس مین راٹھورون کے ساتھ اُس نے بھی بغاوت اختیار کی۔ شاہی
فوجین سرکوبی پر مامور ہوئین - رانا ملک چھوڑ کر پہاڑون مین بھاگ گیا۔
شاہی فوج اُدے پور اور کل ملک پر قابض ہوگئی - شاہزادہ محمد اعظم شاہ
رانا کے تعاقب پر مامور ہوا۔ آخر کار سنہ ۲۴ جلوس مین جزیہ کے عوض مین
دو پرگنہ ماندل گڑھ پور اور بدن پور دیکر شاہزادہ مذکور کے توسل سے عفو تقصیر کا
خواستگار ہوا۔ اور شاہزادہ کی سفارش سے قصور معاف ہوکر منصب پنجہزاری
ذات پنجہزار سوار سے سرفراز ہوا۔ اور کل ملک مفتوحہ واپس دیا گیا۔ اسی
سال اس نے وفات پائی۔ بادشاہ نے خلعت تعزیت اُس کے بڑے بیٹے
جے سنگھ کے پاس بھیجکر خطاب رانا عطا کیا۔ اور منصب پنجہزاری پر سرفراز کیا۔

اندر سنگھ

سنہ ۲۴ جلوس مین اندر سنگھ رانا راج سنگھ کا بیٹا حاضر دربار ہوکر

بہادر سنگھ

منصب دو ہزاری - ہزار سوار سے مفتخر ہوا۔ اُس کا دوسرا بھائی بہادر سنگھ
بھی اسی سال منصب ہزاری - پانصد سوار سے سرفراز ہوا۔

رانا امر سنگھ اور رانا کرن کی صورت کے بت

جہانگیر نے سنہ ۱۰ جلوس مین رانا امر سنگھ اور رانا کرن کی صورت
کے سنگ مرمر کے بُت تیار کرا کے قلعہ آگرہ مین جھروکہ درشن کے نیچے
پائین باغ مین نصب کرائے تھے۔ افسوس ہے کہ اب قلعہ مین ان بتونکا
کوئی نشان نہین پایا جاتا۔

راؤ کرن بیکانیری

راؤ سورج سنگھ بیکانیری کا بیٹا تھا۔ اپنے باپ کی وفات کے بعد ۴ سنہ جلوس شاہجہانی مین منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سرفراز ہوکر خطاب راؤ سے مفتخر ہوا۔ اور حسب قاعدہ سابق بیکانیر جاگیر مین مرحمت ہوا۔ سنہ ۵ جلوس مین حاضر دربار ہوکر وزیر خان کے ساتھ قلعہ دولت آباد کی تسخیر پر مامور ہوا۔

سنہ ۲۲ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار پر سربلند ہوکر بجائے سیادت خان کے دولت آباد کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۲۳ جلوس مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار سوار اور

سنہ ۲۶ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات دو ہزار سوار پر مفتخر ہوا جب دولت آباد کی حکومت شاہزادہ اورنگ زیب کو مرحمت ہوئی۔ یہ شاہزادۂ موصوف کی ماتحتی مین دکن مین بدستور تعینات رہکر وہان کی مہمات مین شریک ہوتا رہا۔ سنہ ۱۰۶۸ھ مین جب شاہجہان کی بیماری کی حالت مین دارا شکوہ نے جملہ امرائے متعینہ دکن کو دربار مین طلب کیا۔ راؤ کرن وہان سے روانہ ہوکر بیکانیر چلا گیا۔ شہنشاہ عالمگیر نے بھائیون کے جھگڑے سے فارغ ہوکر سنہ ۳ جلوس مین امیر خان خوافی کو اُسکی سرکوبی کے واسطے روانہ کیا۔ اُس سے سوا اس کے کچھ بن نہ پڑا کہ امیر خان کے ساتھ دربار مین چلا آیا۔ اور نہایت عجز سے عفو تقصیر کا خواستگار ہوا۔ بادشاہ نے قصور معاف فرماکر اور منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر سربلند کرکے دکن مین تعینات کیا

سنہ ۹ جلوس مین دلیر خان داؤدزئی کے ساتھ زمیندار چاندہ کی سرکوبی پر

نہین ہوا۔ وہان کچھ ایسا قصور سرزد ہوا۔ کہ جاگیر بحق سرکار ضبط ہوئی۔ اور سرداری قوم
اور منصب سے برطرف کیا گیا۔ اسی حالت مین بیمار پڑ گیا۔ اور سنہ [illegible] جلوس [illegible]
بمقام اورنگ آباد انتقال کیا۔

اورنگ آباد مین چار دیواری کے باہر دکن اور پچھم کے گوشہ مین
راؤ کرن کا آباد کیا ہوا پورہ اُس کے نام سے آباد ہے۔

راؤ کرن کے چار بیٹے تھے۔ انوپ سنگھ۔ پدم سنگھ۔ کیسری سنگھ۔ موہن سنگھ
سوائے انوپ سنگھ کے جس کا حال علیحدہ لکھا جا چکا ہے سب نے لاولد انتقال
کیا۔ موہن سنگھ پر شاہزادہ محمد معظم کی خاص نظر عنایت تھی۔ اِس وجہ سے
شاہزادے کے سب نوکر اُس سے حسد رکھتے تھے۔ ایک دن شاہزادے
کے میر توزک محمد شاہ کا پالتو ہرن موہن سنگھ کے احاطہ مین چلا گیا۔ محمد شاہ
نے سر دربار موہن سنگھ سے تقاضا کیا۔ دونون مین باتون باتون مین ایسی
بات بڑھی کہ تلوارین کھنچ گئین۔ محمد شاہ کے کئی آدمی اُس وقت اور موجود
تھے سب نے حملہ کر کے موہن سنگھ کو زخمی کیا۔ پدم سنگھ اور موہن سنگھ دونون
بھائیون مین عرصے سے عداوت چلی آتی تھی۔ جب اُس نے یہ حال سُنا۔
برادرانہ محبت نے جوش مارا فوراً تلوار ہاتھ مین لے کر موقع واردات پر جا پہونچا
اور ایک ہی وار مین محمد شاہ کا کام تمام کر دیا۔ اور موہن سنگھ کو پالکی پر سوار
کرا کر اپنے قیام گاہ کو روانہ ہوا۔ راستے مین موہن سنگھ بھی مر گیا جب شاہزادے
کو یہ حال معلوم ہوا بہت افسوس کیا۔ اور پدم سنگھ سے کچھ باز پرس نہ کی۔

راجہ کشن سنگھ بھدوریہ

بھداور اُس قطعہ ملک کو کہتے ہین جس مین بھدوریہ گوت کے راجپوتون کی

آبادی ہے۔ یہ آگرہ سے چودہ پندرہ کوس پورب ارنوٹہ ندّی کے پار سے دریائے جمنا کے حدود کے اندر اور دریائے چنبل کے دونون طرف واقع ہو تحصیل باہ ضلع آگرہ کا کل علاقہ اور کچھ علاقہ چنبل پار ریاست گوالیار کا بھداور مین شامل ہو۔ بھدوریہ راجپوت زمانہ قدیم سے دلاوری اور شجاعت مین مشہور ہین یہ اکثر شاہان سلف سے سرتابی کرتے رہتے تھے۔ خانخانان بیرم خان آدم خان سے ناراض تھا اُس نے یہ ملک اُس کی جاگیر مین دیدیا۔ آدم خان ۳ سنہ جلوس مین بہادر خان۔ خانجہان سیّد محمد محمود بارہہ شاہ قلی خان محرم۔ صادق خان وغیرہ کے ساتھ ہتھکانت درپگنہ باہ مین ایک موضع ہو) مین جو اُس وقت پرگنہ کا صدر مقام تھا پہونچا۔ اور نہایت بہادری سے اس قوم کے سرگروہ کو جو نہایت مفسد تھا۔ گرفتار کر کے دربار مین بھیجدیا اور جب وہ اطاعت پر راضی نہ ہوا تو اکبر نے اُسے ہاتھی کے پاؤن کے نیچے کچلوا دیا

راجہ مکٹمن بھدوریہ

مکٹمن بھدوریہ کو اس قوم کا سرگروہ مقرر کر کے منصب پانصدی سے سرفراز اور خطاب راجگی سے موصوف کیا۔ یہ ۲۸ سنہ جلوس کی مہم گجرات اور ۳۰ سنہ جلوس کی مہم سوا دباجوڑ مین شریک تھا۔ ۴۰ سنہ جلوس کے بعد منصب ہزاری سے مفتخر ہوا۔

راجہ بکرماجیت بھدوریہ

راجہ مکٹمن کے بعد جہانگیر نے بکرماجیت کو اُس کا جانشین مقرر کر کے خطاب راجگی سے موصوف کیا۔ وہ اول عبد اللہ خان فیروز جنگ کے ساتھ مہم رانا پر متعین ہوا۔ اِس کے بعد صوبۂ دکن مین مامور ہوا۔ اور مہمات دکن مین خدمات انجام دیتا رہا ۱۱ سنہ جلوس مین وہین مرگیا۔

راجہ بھوج بھدوریہ

راجہ بکرماجیت کے مرنے کے بعد اُس کا بیٹا بھوج دکن سے دربار مین حاضر ہوا۔ اور سنو اشرفیان پیشکش کین۔ جہانگیر نے اُس کو خطاب راجگی سے

مقرر کرکے پانچ کے منصب اور جاگیر پر سرفراز کیا۔

راجہ کشن سنگھ بھدوریہ

اس کے بعد شاہجہان کے عہد مین کشن سنگھ بھدوریہ سردار قوم مقرر ہوکر خطاب راجگی سے موصوف ہوا پہلے سال جلوس مین خانخانان مہابت خان کے ساتھ جھجار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر تعینات ہوا۔ ۳ سنہ جلوس مین امیر الامرا شایستہ خان کے ساتھ مہم بیجاپور مین شریک ہوا۔ ۶ سنہ جلوس مین قلعہ دولت آباد کے محاصرے اور تسخیہ مین شجاعت اور کارگذاری کے جوہر دکھا کر مورد نوازش ہوا ۔ سنہ جلوس مین خان زمان کے ساتھ ساہوجی بھونسلا کی سرکوبی پر تعین ہوا۔

سنہ ۱۰۵۳ھ مین جبکہ منصب ہزاری ذات شش صد سوار پر سرفراز تھا انتقال کیا۔ چونکہ اس کے خاص رانی سے کوئی اولاد نہ تھی اور باندی سے جو بیٹا تھا وہ حسب رواج خاندان جانشین نہین ہوسکتا تھا۔ لہذا بادشاہ نے بدن سنگھ کو جو اس کے چچا کا پوتا تھا جانشین مقرر کیا۔ اس کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

کیرت سنگھ کچھواہا

مرزا راجہ جے سنگھ کچھواہہ کا چھوٹا بیٹا تھا ۲۳ سنہ جلوس شاہجہانی مین منصب ہشت صدی ذات ہشت صد سوار پر سرفراز ہوکر کاماپہاڑی کی فوجداری پر سرفراز ہوا۔ اور اس ملک کو فساد پیشہ میواتیون سے جو چوری اور ڈکیتی کا پیشہ کرتے تھے۔ پاک و صاف کیا ۲۸ سنہ جلوس مین منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر سربلند ہوکر نواح آگرہ کا فوجدار مقرر ہوا۔

عالمگیر کے عہد مین اول اسی عہدے پر مامور رہا ۱۰۷۵ھ مین باپ

کے ساتھ سیواجی کی سرکوبی پر مامور ہوا۔ اور اس مہم مین نہایت شجاعت و بہادری سے خدمتین بجالایا۔ اور اس کے صلے مین منصب دو ہزار و پانصدی ذات۔ دو ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔ اس کے بعد باپ کے ساتھ مہم بیجاپور مین شریک ہوا۔ اور باپ کی وفات کے بعد منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار و پانصد سوار سے سرفراز ہوا۔ اور بدستور سابق دکن مین متعین رہا اور اسی جگہ ۱۰۸۴ھ مین انتقال کیا۔

رائے کاشی داس

شاہجہان کے عہد مین اہل قلم کے زمرے مین ملازم ہوکر ۷ جلوس مین خدمت دیوانی اور امینی چکلہ سہرند پر مفتخر ہوئے۔ وہان سے ترقی پاکر دارالسلطنت لاہور کے دیوان مقرر ہوگئے۔ بعد اسکے صوبہ کابل کے بخشی مقرر ہوئے ۱۱ جلوس مین راجہ جگت سنگھ کے ساتھ ایرانی فوج کے مقابلے کے واسطے روانہ ہوئے۔ اور اس مہم کی حسن خدمت کے صلے مین منصب ہزاری پر سرفراز ہوئے ۱۷ جلوس مین کابل سے دربار مین طلب ہوئے ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ پھر صوبۂ کابل مین تعینات ہوئے ۲۰ جلوس مین دارالخلافت آگرہ کے دیوان مقرر ہوئے۔ اس کے بعد صوبۂ بنگالہ کی دیوانی پر تبدیل ہوئے۔

کانہوجی دکھنی

مرہٹون کا مشہور سردار اور ابتدا مین شاہان دکن کی ملازمت مین منسلک تھا ۲۵ جلوس عالمگیری مین ملازمان شاہی مین منسلک ہوکر

منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار پر سرفراز ہوا۔ اور عقیدت و اخلاص سے دکن مین خدمات شاہی بجا لاتا رہا۔ سنہ ۴۹ جلوس مین منصب ششہزاری ذات ششہزار سوار سے مفتخر ہوا۔ اس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔ ماندھاتا اُس کا بیٹا ملازمت شاہی مین داخل اور نصرت جنگ کے ساتھ تعینات تھا۔ سنہ ۴۹ جلوس مین قلعہ چھپٹ گڈھ اور ترچھپت گڈھ کی تسخیر پر مامور ہوا۔

ماندھاتا

رائے گوردھن سورج دھج

گنگا کے کنارے قصبہ کہاڑی کے رہنے والے تھے۔ اوّل کچہری مین عرضی نویسی کے پیشہ سے تین چار پیسے روز پیدا کر کے ایام گذاری کرتے تھے افلاس کی وجہ سے باوجود بیحد تمنا کے تانبے یا پیتل کی دوات بھی خرید کرنے سے مجبور تھے۔ اسی عرصے مین ان کا ایک دوست ہرکرن جو کنبل پٹیالی کا رہنے والا تھا ان کے پاس آیا۔ اور انھین آمادہ کر کے امیدوارانہ حیثیت سے خواجہ ابوالحسن تربتی دیوان شہنشاہ جہانگیر کی کچہری مین لوالے گیا۔ جب ان دونون کی عرضی خواجہ موصوف کی خدمت مین پیش ہوئی۔ دونون کو اپنے روبرو طلب کیا۔ اور نظر قیافہ سے دونون کی طرف دیکھکر کہا کہ۔ ہرکرن سیاق دان ہے مگر چور معلوم ہوتا ہے۔ اور گوردھن بیوقوف ہے۔ خواجہ صاحب کو اُس وقت یہ کیا معلوم تھا۔ کہ کسی وقت یہی بیوقوف بڑے بڑے امیرون کو بیوقوف بناویگا۔ غرضکہ ہرکرن کو تیس روپیہ ماہوار اور گوردھن کو پچیس روپیہ ماہوار کی جگہ ملی ان کے لئے اُس وقت یہ بھی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہ تھی۔

خواجہ ابوالحسن کے بعد اعتماد الدولہ دیوانی کے عہدے پر سرفراز ہوئے انھون نے انکی کاردانی کو دیکھکر پچاس روپیہ ماہوار پر شاگرد پیشونکا بخشی کردیا۔ اب گوردھن کو اپنی لیاقت کے جوہر دکھانے کا موقع ملا۔ اور انھون نے ایسی لیاقت دکھائی کہ اُن کی لیاقت اور کاروانی کو دیکھکر اعتماد الدولہ نے اپنی سرکار کے دیوان اور سرکار شاہی کے پیشکار دیوان کے عہدے پر سرفراز کردیا۔ اِس عہدے پر سرفراز ہوکر یہ اکثر بادشاہ کے سامنے بھی جانے اور خود کاغذات پیش کرنے لگے۔ قاعدے کی بات ہے کہ جب اقبال رفیق حال ہوتا ہے تو عالم طلسمات کو بھی مات کردیتا ہے۔ اور خود بخود اسباب بہتری کے پیدا ہوتے چلے جاتے ہین۔ چنانچہ بہت جلد یہ اپنی مزاج دانی اور خدمتگذاری کی سفارش سے بادشاہ کے بھی منظور نظر ہوکر خطاب رائے سے موصوف ہوئے۔ رفتہ رفتہ ایسا اعزاز بڑھا کہ بڑے بڑے اُمرا ان کا مُنہ تکنے لگے۔ مرزا عبدالرحیم خانخانان تک اِنکے در دولت پر حاضر ہوکر اپنے معاملات مین عرض معروض کرتے تھے۔

ہمیشہ سے قاعدہ چلا آتا ہے کہ جس شخص کا عروج ہوتا ہے اُس کے بہت سے دشمن بھی پیدا ہوجاتے ہین۔

سنہ ۱۲ جلوس مین جبکہ بادشاہ گجرات کے دورہ مین تھے۔ دریائے شور کی سیر کو تشریف لے گئے۔ رائے صاحب بھی حضوری رکاب کی عزت سے مفتخر تھے۔ ایک دن شام کے وقت جبکہ اندھیرا ہوگیا تھا دریا سے اشنان کرکے واپس آرہے تھے۔ راستے مین شریف الملک اعتماد الدولہ کے بخشی کے اغوا سے ایک شخص نے تلوار کا وار کیا جو خوبی قسمت سے خالی گیا جب بادشاہ کو یہ حال معلوم ہوا۔ تحقیقات کا حکم دیا۔ اور اُس دن سے اِنھین

اور بھی زیادہ عزیز رکھنے لگے۔

عصمت بیگم اعتماد الدولہ کی بیگم تھین۔ اعتماد الدولہ کو اُن کے ساتھ ایسی محبت تھی۔ کہ اُن کے مرنے کے بعد دو تین مہینے کے عرصے مین وہ بھی اُنکے فراق مین چل بسے۔ یہ کسی بات پر رائے صاحب سے ناراض ہو گئیں۔ بہتیرا چاہا کہ انھین کسی قسم کا نقصان پہونچائین۔ مگر کوئی نقصان نہ پہونچا سکین۔

اعتماد الدولہ کے مرنے کے بعد رائے گوردھن نورجہان بیگم کی سرکار کے دیوان مقرر ہوئے۔ نورجہان بیگم کُل سلطنت کی مالک تھین۔ اِن کی بھی عزت ایک سے ہزار ہو گئی۔ اور اِن کا آفتاب اقبال خط نصف النہار پر پہونچ گیا۔

۱۰۳۵ھ مین مہابت خان نے نمکحرامی سے جہانگیر کو اپنے قبضے مین کر لیا۔ افسوس اور سخت افسوس کہ رائے صاحب نے بھی باوجود اس اعزاز اور اقتدار کے بیوفائی سے اپنا مُنہ سیاہ کیا۔ اور بقول مولانا حالی۔

جو گرتے ہین گر کر سنبھل جاتے ہین وہ پڑے زد تو بچکر نکل جاتے ہین وہ
ہر ایک سانچے مین جاکے ڈھل جاتے ہین وہ جہان رنگ بدلا بدل جاتے ہین وہ

گرگٹ کی طرح فوراً ہی رنگ بدلا۔ اور مہابت خان کو بادشاہی خزانون اور دفینون کے راز سے مطلع کر کے اُس کی سرکار کے دیوان بن بیٹھے۔

جب نورجہان بیگم کی حسن لیاقت سے بادشاہ نے مہابت خان کے پنجے سے رہائی پائی۔ آصف خان نے رائے صاحب کو گرفتار کر کے قید خانہ کی ہوا کھلائی۔ اُسی حالت قید مین تھوڑے دن بعد نمک حرامی کا داغ لیکر دنیا سے چل دیئے۔

رائے صاحب نے قاضی کہاڑی اپنے وطن مین پختہ فصیل۔ عالیشان

عمارتین ۔چوڑے چوڑے راستے ۔خوشنما چوپڑ کے بازار تعمیر کرا کر اُس کو گوردھن نگر کے نام سے موسوم کیا ۔اپنے صرف سے تمام قصبہ کے مکانات نہایت سلیقے سے از سرِ نو پختہ تعمیر کرائے ۔اور رعایا کو آباد کر کے دوکانون اور مکانون کا کرایہ غریب اور مفلس رعایا ۔اور اہل حرفہ کے واسطے وقف کیا ۔ہزارون گائے ۔بھینس ۔اونٹ ۔بکری ۔گھوڑا ۔گھوڑی ۔گنگا کی ترائی مین پال رکھی تھین ۔اُن کا دودہ ۔دہی ۔گھی رعایا کے صرف مین آتا تھا ۔لاہور کے راستے مین پختہ تالاب ۔سرائین مسافرون کے آرام کے واسطے بنوا دی تھین ۔متھرا اور اُجین مین دو عظیم الشان مندر اور تالاب تعمیر کرائے تھے ۔

راجہ گردھر کچھواہا

راجہ رائے سال درباری کے بیٹے تھے ۔ ۱۳ جلوس جہانگیری مین منصب ہزاری ذات ۔ہشتصد سوار پر سرفراز ہوئے ۔

۱۴ جلوس مین منصب ہزار و ۲۰۰ ذات ۔نہ ۹۰۰ سوار پر مفتخر ہو کر مہم دکن مین متعین ہوئے ۔

۲۰ جلوس مین دربار مین حاضر ہو کر منصب دوہزاری ذات ہزار و پانصد سوار پر ممتاز ہو کر خطاب راجگی سے موصوف ہوئے ۔اسکے بعد مہابت خان کی ماتحتی مین پھر دکن مین مامور ہوئے ۔

ایک ہیبت سے فساد مین ایک سید کا قتل کیا جاتا ہے۔

۱ جلوس مین لشکر شاہی متعینہ صوبہ دکن مین عجیب فساد برپا ہوا ۔سید کبیر کے ایک بھائی نے جو شاہزادہ پرویز کی فوج مین نوکر تھا اپنی تلوار صیقل کرانے والے ایک صیقلگر کو جس کی دوکان راجہ گردھر کے

مکان کے پاس تھی دی۔ دوسرے دن سید اور صیقلگر مین مزدوری پر کچھ
جھگڑا ہونے لگا۔ سید کے نوکرون نے غصہ مین آکر صیقلگر کے دو تین لکڑیان
مارین۔ راجہ گردھر کے راجپوت سپاہیون نے صیقلگر کی حمایت کی۔ اور سید
اور اُس کے نوکرون کو مارنا شروع کیا۔ اسی عرصے مین دو تین سید اور آگئے
یہ حال دیکھکر اُن سے نہ رہا گیا۔ اپنی اپنی تلوارین سونت کر اُن راجپوتون
پر حملہ کر دیا۔ فریقین مین زور شور سے تلوار چلنا شروع ہو گئی جب سید کبیر کو یہ
حال معلوم ہوا تیس چالیس سوارون کو ساتھ لیکر موقع واردات پر جا پہونچا۔
اور وہان سے راجہ گردھر کے مکان پر روانہ ہوئے۔ راجہ گردھر معہ اپنے
بھائی بندون کے چوکے مین بیٹھے ہوئے کھانا کھا رہے تھے سید کبیر کی آمد
آنے اور سادات کے غلبہ پانے کا حال معلوم کر کے چوکے سے اُٹھ کھڑے ہوئے
اور اپنے سپاہیون کو حویلی کے اندر کر کے دروازہ بند کر لیا۔ سید کبیر جلال مین بھرے
ہوئے راجہ کے دروازے پر پہونچے۔ اور دروازہ بند پا کر آگ لگا دی۔ اور ر
کود پھاند کر حویلی کے اندر گھس گئے۔ وہان پر راجپوتون اور سیدون مین
تلوار چلنا شروع ہوئی۔ آخر کار راجہ گردھر معہ چھبیس ۲۶ راجپوتون کے مارے
گئے۔ چار سید قتل ہوئے۔ سید کبیر راجہ گردھر کے گھوڑے لے کر وہان
سے چل دیئے۔

جب لشکر کے راجپوت سردارون کو یہ حال معلوم ہوا اپنی اپنی
فوجون کو لے کر میدان مین جمع ہوے۔ اسی طرح سادات بارہ جمع ہو کر
سید کبیر کی امداد کو پہونچے۔ قریب تھا کہ فریقین مین کشت و خون شروع
ہو جائے کہ مہابت خان سپہ سالار کو خبر پہونچ گئی۔ اور وہ اسی وقت
موقع واردات پر پہونچ گئے۔ اول حکمت عملی سے سادات کو قلعہ کے اندر

پہونچا دیا۔ پھر راجپوتون کے جوش کو دلداری اور خاطرداری اور تسلی و دلاسا سے ٹھنڈا کرکے اپنے قیام گاہ کو واپس کیا۔ اور چند خاص سردارون کو ساتھ لے کر خان عالم کی حویلی مین گئے۔ اور اُن کو سمجھا بجھا کر نہایت اعزاز سے رخصت کیا۔ دوسرے دن راجہ گردھر کے مکان پر گئے۔ اور اُنکے بیٹون کے زخم پر دلداری اور خاطرداری کا مرہم رکھا۔ سید کبیر کو اُسی وقت حوالات مین بھیجدیا۔ اور تحقیقات کے بعد راجہ گردھر کے قصاص مین قتل کرادیا۔ دوارکاداس راجہ گردھر کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

راجہ گج سنگھ راٹھور

راجہ سورج سنگھ راٹھور کا بیٹا تھا۔ سنلہ جلوس جہانگیری مین باپ کے ساتھ دربار جہانگیری مین حاضر ہوا۔ سنلہ ۱۲ جلوس جہانگیری مین باپ کے انتقال کے بعد منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار سے مفتخر ہوکر خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ اور متواتر ترقی پاکر منصب پنجہزاری ذات پنجہزار سوار سے سرفراز ہوا۔

سنلہ جلوس مین مہابت خان اور شاہزادہ پرویز کے ساتھ شاہزادہ خورم (شاہجہان) کے تعاقب پر مامور رہا۔ اور جہانگیر کے اخیر عہد تک دکن مین تعینات رہا۔

جب جہانگیر کی جہانگیری ختم ہوئی۔ اور شاہجہان نے تخت سلطنت کو رونق بخشی۔ گج سنگھ دکن سے اوّل اپنے وطن جودھپور کو روانہ ہوگیا۔ اور پھر وہان سے روانہ ہوکر پہلے ہی سال جلوس مین حاضر دربار ہوگیا شاہجہان نے

منصب سابقہ پر بحال کر کے خلعت۔ جمدھر مرصع معہ پھول کٹارہ۔ شمشیر مرصع علم و نقارہ۔ اور اسپ و فیل مرحمت فرمایا۔

سنہ ۳ جلوس مین مہم نظام الملک اور اس کے بعد مہم بیجاپور مین متعین ہو کر کارہائے نمایان انجام دیئے۔

سنہ ۶ جلوس مین دربار مین حاضر ہوا اور خلعت و اسپ سے سرفراز ہوا۔

سنہ ۱۰ جلوس مین ایک برس کی رخصت لے کر جودھپور روانہ ہوا۔

سنہ ۱۱ جلوس مین معہ اپنے بیٹے جسونت سنگھ کے واپس آیا۔ اور اسی سال ۲۔ محرم سنہ ۱۰۴۸ھ کو انتقال کیا۔ بادشاہ نے اُس کے چھوٹے بیٹے جسونت سنگھ کو جس کا حال لکھا جا چکا ہے اُس کی وصیت کے بموجب جانشین مقرر کیا اور دوسرے بیٹے امر سنگھ کو منصب سہ ہزاری پر سرفراز کر کے خطاب راؤ سے موصوف کیا۔ اُس کا حال بھی قلمبند ہو چکا ہے۔

راجہ گج سنگھ کی یادگار سے آگرہ مین اُس کا تعمیر کیا ہوا محل اسوقت تک موجود ہے جو محلہ پیپل منڈی مین کالے محل کے نام سے موسوم ہے۔

گردھرداس گوڑ

راجہ بیٹھلداس گوڑ کا چھوٹا بھائی تھا۔ سنہ ۲ جلوس شاہجہانی مین خانجہان لودی کے تعاقب مین مامور ہو کر کارہائے نمایان انجام دیئے۔

سنہ ۹ جلوس مین قلعۂ جھانسی کے فتح ہونے کے بعد وہان کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۱۵ جلوس مین منصب ہزاری [۱۰۰۰] ذات۔ چہارصد [۴۰۰] سوار پر سرفراز ہوا۔

سنہ ۲۰ جلوس مین منصب ہزاری [۱۰۰۰] ذات۔ ہشتصد [۸۰۰] سوار پر ترقی پائی۔

سنہ ۲۵ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی [۱۵۰۰] ذات۔ ہزار و بست [۱۰۲۰] سوار سے

ممتاز ہوا۔ اور مہمات قندہار مین شریک ہو کر اپنی مردانگی کے جوہر دکھائے۔

سنہ ۲۹ جلوس مین سیادت خان کی جگہہ منصب دو ہزاری پر مفتخر ہو کر اکبر آباد کا قلعدار مقرر ہوا۔

سنہ ۳۰ جلوس مین منصب دو ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار سے سربلند ہو کر علاوہ قلعداری کے فوجداری اکبر آباد کی خدمت بھی سپرد ہوئی۔

سنہ ۱۰۶۸ھ مین سموگڈہ کی لڑائی مین دارا شکوہ کی فوج مین تھا۔ اور عالمگیر نامہ سے معلوم ہوتا ہو کہ عالمگیر کے عہد مین بھی خدمت شاہی مین سرگرم تھا۔

گوکل داس سیسودیہ

شاہجہان کے عہد مین سنہ ۱ جلوس تک منصب نہ صدی ذات۔ پانصد سوار پر سرفراز تھا۔ سنہ ۸ جلوس مین مہم جہجہار سنگہ بندیلہ اور سنہ ۹ مین مہم ساہو جی بھونسلا مین شریک ہوا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین منصب ہزاری ذات پانصد سوار اور سنہ ۱۲ مین منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۱۴ جلوس مین خلعت و اسپ مرحمت ہو کر راجہ جگت سنگہ کی سرکوبی پر تعین ہوا۔ اور اُس کے مُلک کے فتح ہونے کے بعد مٹال کی حکومت پر سربلند ہوا۔ سنہ ۱۵ جلوس مین شاہزادۂ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندہار پر مامور ہوا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ ہشت صد سوار پر سرفراز ہو کر شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان پر روانہ ہوا۔ سنہ ۲۰ جلوس مین علامی سعد اللہ خان کی سفارش سے منصب ہزار و پانصدی ذات ہشت صد سوار پر سربلند ہوا۔

گوردھن راٹھور

ابتدا مین راجہ گج سنگھ راٹھور کی سرکار مین ملازم تھا سنہ ۱۳ جلوس شاہجہانی مین ۱۶ جمادی الاولی سنہ ۱۰۴۹ھ کو ملازمان شاہی مین منسلک ہو کر منصب ہفت صدی پر سرفراز ہوا سنہ ۱۸ جلوس مین ۱ شعبان سنہ ۱۰۵۴ھ کو بجائے سیورام گوڑ کے قلعہ آسیر کا قلعدار مقرر ہوا سنہ ۲۰ جلوس مین منصب ہشت صدی ذات ۔ چہار صد سوار پر سر بلند ہوا ۔ اِس کے بعد مہم قندہار وغیرہ مین شریک ہو کر خدمات نمایان انجام دیتا رہا سنہ ۱۰۶۸ھ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ صوبۂ مالوہ مین تعینات ہوا ۔ اور جنگ اُجین مین شریک ہو کر نہایت بہادری سے لڑا ۔

گوپال سنگھ چنداوت

محکم سنگھ کا بیٹا ۔ اور راؤ امر سنگھ چندراوت کا پوتا تھا سنہ ۲۳ جلوس عالمگیری مین حاضر دربار ہو کر ملازمانِ شاہی مین منسلک ہوا ۔ اور پرگنہ رام پورہ جاگیر مین قرار پایا ۔ رتن سنگھ اُس کا بیٹا وطن مین تھا اُس نے باپ سے بغاوت کی اور جاگیر پر قابض ہو گیا ۔ گوپال سنگھ بلا اجازت شاہزادہ بیدار بخت کے پاس سے بھاگ گیا ۔ جب بیٹے کے سامنے کچھ پیش نہ گئی وہان سے بھاگ کر رانا کے ملک مین چلا گیا سنہ ۴۶ جلوس مین پھر حاضر دربار ہو کر عفو تقصیر کا خواستگار ہوا ۔ بادشاہ نے قصور معاف کر کے گولاس کا قلعدار کر دیا سنہ ۴۸ جلوس مین کسی قصور پر وہان سے معطل ہو کر طلب ہوا لیکن حاضر نہین ہوا اور مرہٹون سے جا ملا پھر اُس کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا ۔

راجہ گوپال سنگھ گوڑ

راجہ گوپال سنگھ کے بزرگ اندرکھی صوبہ آلہ آباد کے زمیندار اور ہمیشہ سے راجگان اوندچھہ (ارچھا) کی ملازمت کیا کرتے تھے۔ بہادر سنگھ راجہ گوپال سنگھ کے دادا نے عالمگیر کے عہد مین بغاوت کی اور معہ اپنے بیٹے بھگونت سنگھ کے جو راجہ گوپال کا باپ تھا ملوک چند نائب صوبہ دار مالوہ کے ہاتھ سے مارا گیا باقی اولاد وطن سے بھاگ کر ادھر اُدھر جا بسی۔ راجہ گوپال سنگھ نے نواب نظام الملک آصف جاہ کی ماتحتی مین ملازمت شاہی اختیار کرلی۔ اور اُن کے ساتھ دربار سے دکن روانہ ہوا۔ اور دکن کی مہمات مین کارہائے نمایاں انجام دیکر قلعۂ قندہار (صوبہ بدر) کا قلعدار مقرر ہو گیا سنہ ۱۱۶۲ھ مین انتقال کیا۔ دلیپت سنگھ۔ بشن سنگھ۔ اجے چند نرپت سنگھ چار بیٹے تھے دلیپت سنگھ باپ کے سامنے مرچکا تھا۔ راجہ گوپال سنگھ کی وصیت کے بموجب اجے چند قندہار کا قلعدار مقرر ہوا۔

راجہ گردھر بہادر

ذات کے ناگر برہمن تھے۔ ان کا باپ دیارام شاہزادہ عظیم الشان کی سرکار مین ملازم تھا۔ یہ اپنے چچا چھبیلا رام ناگر کے ساتھ رہے جب چھبیلا رام الہ آباد کی صوبہ داری پر مامور ہوئے۔ یہ اُن کی فوج کے سپہ سالار مقرر ہوئے اور لشکر کو اپنی ذاتی لیاقت سے ترتیب دیکر شجاعت بہادری مین نامور ہوئے سنہ ۱۱۳۱ھ مین چچا کے انتقال کے بعد اُن کے جانشین ہوئے۔

امیر الامرا حسین علی خان اور چھبیلا رام سے رنج تھا۔ امیر الامرا نے

انھین معزول کراکر قلعۂ الہ آباد کو خالی کرانا چاہا۔ مگر انھون نے قلعہ نہ چھوڑا امیر الامرا نے حیدر قلی خان کو فوج دیکر قلعہ خالی کرانے کے واسطے روانہ کیا۔ مدت تک نامہ و پیام ہوتے رہے۔ آخر کار سنہ ۱۱۳۲ھ مین راجہ رتن چند کے ذریعے سے صلح ہو گئی۔ دربار سے انھین خطاب راجگی کے ساتھ منصب پنجہزاری اور صوبۂ اودہ کی صوبہ داری اور چند دیگر پرگنون کی فوجداری کا خلعت ارسال ہوا۔ اور شروع جمادی الثانیہ سنہ ۱۱۳۲ھ مین انھون نے الہ آباد کا قلعہ خالی کر دیا۔ اور اودہ روانہ ہوے۔

سنہ ۱۱۳۳ھ مین محمد شاہ نے انھین دربار مین طلب کیا۔ اسی سال ان کی اور راجہ جے سنگھ سوائی کی سفارش سے محصول جزیہ معاف ہوا۔ اسی سال جشن شادی کے موقع پر انھون نے ایک لاکھ روپیہ بادشاہ کی خدمت مین پیشکش کیا۔

سنہ ۱۱۳۷ھ مین مالوہ کی صوبہ داری پر سرفراز ہوے۔

سنہ ۱۱۳۹ھ مین مُلہر نے دکن سے مالوہ مین آکر لوٹ کھسوٹ مچائی۔ راجہ گردھر نے نہایت شجاعت و بہادری سے مقابلہ کیا اور اسی لڑائی مین مارے گئے۔

رائے لونکرن کچھواہا

کچھواہہ راجپوتونکی گوت شیخاوت سے تھا۔ پرگنہ سانبھر کی زمینداری قدیم سے اِس کے خاندان مین چلی آتی تھی۔ راجہ بہاڑا مل کے ساتھ یہ بھی ملازمت اکبری مین داخل ہوا۔ اور مزاج دانی اور خدمتگذاری کی سفارش سے اکبر کا منظور نظر ہو کر خطاب رائے سے موصوف ہوا۔

سنہ ۲۱ جلوس مین کنور مان سنگھ کے ساتھ رانا اودے پور کی مہم پر متعین ہوکر

شجاعت وبہادری کے جوہر دکھائے۔

سنہ ۹۸۴ھ مین اکبر نے راجہ بیربر کے ساتھ راجہ ڈونگرپور کے پاس روانہ کیا۔ راجہ مذکور اپنی بیٹی کو حرم سرائے شاہی مین داخل کرنا چاہتا تھا مگر بعض باتون کی وجہ سے رکا ہوا تھا۔ اِنھون نے منصب سفارت کو اس عمدگی سے انجام دیا کہ راجہ نے اِنھین کے ساتھ اپنی لڑکی کو حرم سرائے شاہی مین بھیجدیا۔

سنہ ۲۴ جلوس مین راجہ ٹوڈرمل کے ساتھ مہم بنگالہ مین نہایت جانفشانی سے خدمتین بجالایا۔ سنہ ۲۸ جلوس مین مرزا عبدالرحیم خانخانان کے ساتھ مہم گجرات مین متعین ہوا۔

آئین اکبری سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۴۰ جلوس تک منصب چہارصدی سے سرفراز تھا لیکن اکبر اِس کی حسن لیاقت اور نیک نیتی کی وجہ سے بہت عزیز رکھتا تھا۔ رائے منوہرداس اِس کا بیٹا تھا اُس کا حال علیحدہ قلمبند کیا جائیگا۔

فرزند۔ مرزا۔ راجہ۔ مان سنگھ کچھواہا

مغلیہ خاندان کی تمام تاریخین اس عالی خاندان راجہ کے اوصاف حمیدہ اور خصائل پسندیدہ کی تعریفون سے مزین اور مرصع ہین۔ ہندو اُمرا مین جو شہرت اِس منتخب روزگار کے نام کو نصیب ہوئی وہ کسی کے نام کو میسر نہین ہوئی۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اگر اس کے عالی خاندان کی مبارک رفاقت اکبر کی ہمدم اور رفیق حال نہ ہوتی تو آج تیموری خاندان کے ہندو اُمرا کی ایسی وسیع فہرست نظر نہ آتی۔ ہندو مسلمانون کے اتحاد

اور اتفاق کی تاریخ مین جہان اکبر کا نام سنہرے حروف سے لکھا چلا آتا ہے۔ وہین راجہ مان سنگھ کا نام بھی جگمگا رہا ہے۔ اکبر نے ہندوؤن کی تالیف قلوب کے لئے اُن کا طرز معاشرت۔ رسم و رواج اختیار کرکے اُن کے دلون مین اپنی محبت کا بیج بویا۔ لیکن راجہ مان سنگھ نے اپنے مذہب۔ رسم و رواج پر قائم رہکر مسلمانون کے دلون مین اپنی محبت اور عزت و عظمت کا ایسا نقش جمایا کہ وہ اُس کے جھنڈے کے نیچے لڑتا جہاد اور اُس مین مارے جانے کو شہادت سمجھنے لگے۔ اکبر کی دلداری اور خاطرداری۔ اور مان سنگھ اور اُس کے خاندان کی وفاداری اور جان نثاری کا اثر ہے۔ کہ باوجود اسکے کہ زمانہ کچھ سے کچھ ہو گیا مدتین گذر گئین۔ کہ سلطنت مغلیہ صفحۂ ہستی سے نیست و نابود ہو گئی مگر آج تک اُس کا خاندان چغتائی خاندان کی محبت کا دم بھرتا ہے۔ اور بےتعصبی مین شہرۂ آفاق ہے۔ اور نظر غور سے دیکھنے والون کے نزدیک بہت سی باتون مین یہ اثر صاف طور سے محسوس ہوتا ہے[۱]۔

راجہ مان سنگھ کے دادا راجہ بہاڑا مل اور باپ راجہ بھگوان داس کے حالات علیحدہ قلمبند ہو چکے ہین۔ یہ ۹۶۹ھ مین رتن پور کے مقام پر باپ کے ساتھ دربار اکبری مین حاضر ہوئے۔ اکبر نے دونون باپ بیٹون کو ساتھ لیا۔ اور دارالخلافت کو روانہ ہوئے۔ اور راجہ بہاڑا مل کو رخصت کرکے حکم دیا کہ سامان کرکے جلد چلے آنا۔

مہم گجرات ۹۷۹ھ مین جب اکبر گجرات پر خود فوج لیکر گیا۔ راجہ مان سنگھ باپ کے

---

[۱] مہاراجہ رام سنگھ والی جے پور کی بےتعصبی اور مسلمانون پر خاص نظر عنایت ہونے کی بہت سی روایتین مشہور ہین۔ اسلامی ریاستون کی طرح ریاست جے پور مین بھی ابتک ہفتہ کی تعطیل جمعہ کے دن ہوتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

ساتھ اِس مہم مین شریک ہوئے اور میدان ہمت مین قدم جما کر ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے[1]۔ باوجود اِس کے کہ نوجوانی کا عالم تھا مگر جب اکبر سرنال کے قریب پہونچا۔ اور لڑائی کے واسطے سب ہمراہیون کو سنبھالا تو مان سنگھ نے آگے بڑھکر عرض کی "ہراول غلام باشد" اکبر نے جواب دیا "بکدام لشکر تقسیم افواج توان کرد۔ وقت است کہ ہمہ یکدل ویک رو کار کنند" مان سنگھ نے پھر کہا "دریں صورت قدمی پیشتر جان نثار شدن فرض عقیدت و اخلاص است" اکبر کو اُسکی خاطر عزیز تھی چند بہادرون کے ساتھ آگے روانہ کر دیا تھا۔

یلغار گجرات

سنہ ۹۸۱ھ مین خان اعظم مرزا عزیز گجرات مین تھے۔ محمد حسین مرزا اختیار الملک دکھنی کے ساتھ مل گیا۔ دکن سے اور بھی کئی سردار آن ملے۔ اور تمام احمد نگر وغیرہ کے اطراف مین پھیل گئے۔ انجام یہ ہوا کہ خان اعظم بھاگ کر احمد آباد مین گھس بیٹھے۔ غنیم نے ۲۰ ہزار لشکر جمع کر کے احمد آباد کا محاصرہ کیا۔ خان اعظم نے اکبر کو لکھا کہ اگر حضور تشریف لائین تو جانین بچین گی۔ ورنہ کام تمام ہے۔ اکبر فتح پور مین دربار کر رہا تھا کہ دفعۃً یہ پرچہ پہونچا اُسیوقت راجہ بھگوان داس۔ راجہ مان سنگھ۔ اور عمدہ عمدہ سردارون اور سپاہیون کو لیکر سانڈنیون پر سوار ہوا اور ۲۷ دن کا راستہ ۷ دن مین لپیٹ کر ساتوین دن گجرات سے تین کوس پر دم لیا۔ ملک الشعرا فیضی اکبر نامہ مین جو سکندر نامہ کے جواب مین لکھنا شروع کیا تھا لکھتے ہین۔

بہ یک ہفتہ تا احمد آباد رفت | تو گوئی کہ بر مرکب باد رفت
یلان بر شتر ترکش اندر کمر | شتر چون شتر مرغ در زیر پر

غرضکہ بڑا سخت معرکہ ہوا۔ مان سنگھ۔ بھگوان داس اور بہت سے راجپوتون نے

---

[1] راجہ بھگوان داس کا حال دیکھو

جانفشانی اور جانبازی کو حد سے گذار دیا۔ محمد حسین مرزا قید ہو گیا اختیار الملک محمد حسین مرزا کی قید اور لشکر کی تباہی کا حال سُنکر بے اختیار ہو گیا۔ اور محاصرہ چھوڑکر بھاگا۔ راستے مین سہراب بیگ نام ایک امیر نے جا پکڑا۔ اور سر کاٹ کر بادشاہ کے پاس لے آیا۔ دو دن کے بعد بادشاہ وہان سے روانہ ہوکر دارالخلافت کو واپس آئے۔ فیضی نے غزل سُنائی۔

نسیم خوشدلی از فتح پور می آید　　که بادشاہ من از راہ دور می آید

راجہ مان سنگھ اور رانا پرتاب کی ملاقات

ٹاڈ صاحب تاریخ راجستان مین لکھتے ہین کہ راجہ مان سنگھ شعلہ پور کی مہم مار کر آتا تھا۔ اُدے پور کی سرحد سے گذرا سُنا کہ رانا پرتاب کو بلمیر مین ہے دلیل بھیجا اور لکھا کہ آپ سے ملنے کو بہت دل چاہتا ہے۔ رانا نے بہت خوشی سے مدعو کیا اُدے ساگر تک خود استقبال کو آیا۔ اور جھیل کے کنارے ٹھیرا کر ضیافت کا سامان کیا جب کھانے کا وقت ہوا تو رانا آپ نہ آیا بیٹے نے آکر کہا "رانا جی کے سر مین درد ہے۔ وہ اِسوقت حاضری سے مجبور ہین۔ آپ کھانے پر بیٹھیے اور اچھی طرح کھائیے۔" مان سنگھ نے جواب مین کہلا بھیجا "کہ جو مرض ہی عجب نہین کہ وہی ہے۔ جو مین سمجھا ہون۔ مگر یہ مرض تو لاعلاج ہے۔ اور جب وہی مہمانون کے آگے تھال نہ رکھین گے تو کون رکھے گا۔ رانا نے کہلا بھیجا "مجھے خود اِس کا بڑا رنج ہے۔ مگر کیا کرون۔ مجبور ہون کہ جس شخص نے بہن تُرک سے بیاہ دی تو اُس کے ساتھ کھانا بھی ضرور کھایا ہوگا" جب راجہ مان سنگھ نے یہ جواب سُنا اپنے آنے پر بہت پچھتایا۔ اور دل پر سخت صدمہ ہوا۔ چاول کے چند دانے لے کر ان دیوی کو چڑھائے۔ وہی اپنی پگڑی مین رکھ لئے۔ اور چلتے وقت کہا۔ تیری عزت بچانے کو ہمنے اپنی عزت کھوئی۔ اور بہنین بیٹیان تُرک کو دین۔ تمھاری یہ ہی مرضی ہو کہ خوف مین

رہین تو ہمیشہ رہوا اختیار ہے اِس لیئے کہ اِس ملک مین تمھارا گذر نہ ہوگا۔
جب گھوڑے پر سوار ہوا۔ رانا پرتاب بھی آگیا۔ اُس کی طرف مخاطب ہوکر
کہا۔ رانا جی اگر تمھاری شیخی نہ جھاڑ دون تو میرا نام مان نہین۔ رانا پرتاب
بولا "ہمسے ہمیشہ ملتے رہنا" کسی بے لحاظ نے برابر سے یہ بھی کہا "جی اپنے پھپا
(اکبر) کو بھی ساتھ لیتے آنا۔ جس زمین پر یہ ضیافت ہوئی تھی اُسے کھُدوایا
گنگا جل سے دھلوا کر پاک کیا۔ سب سردار نہائے۔ پوشاکین بدلین۔ گویا
سب مان سنگھ کی وجہ سے ناپاک ہوگئے تھے۔

ہم رانا پرتاپ

جب اکبر کو یہ حال معلوم ہوا۔ بہت غصہ آیا۔ چندروز بعد رانا پر فوج
کشی ہوئی۔ سلیم کے نام سپہ سالاری ہوئی۔ مان سنگھ اور مہابت خان
ساتھ ہوئے۔ بادشاہی لشکر رانا کے ملک مین داخل ہوا۔ ہلدی گھاٹ
کے میدان مین کشت وخون کا بازار گرم ہوا۔ کئی راجہ اور ٹھاکر جانون سے
ہاتھ اُٹھا کر شاہی لشکر پر آن گرے۔ رانا قرمزی جھنڈا لیئے تیار تھا کہ کسی
طرح راجہ مان سنگھ نظر آئے۔ اور اُس سے دو دو ہاتھ ہون۔ یہ ارمان
تو نہ نکلا لیکن شاہزادہ سلیم کے ہاتھی کے پاس جا پہونچا۔ اور اُس پر حملہ کیا۔
فیلبان مارا گیا۔ مست ہاتھی بے مہاوت رُک نہ سکا۔ اور ایسا بھاگا کہ سلیم کی
جان بچگئی۔ یہان بڑا بھاری رن پڑا۔ مغل سپاہی بڑی جان توڑ کر لڑے۔
رانا پرتاب نے سات زخم کھائے مگر میدان نہ چھوڑا۔ قریب تھا کہ اُس کا خاتمہ
ہوجائے۔ اِسی عرصے مین جھالا کا سردار دوڑا ہوا آیا۔ اور اِس بلا سے
رانا کو نکال کر لے گیا۔ خود معہ جان نثارون کے مارا گیا۔ مگر رانا بھاگ کر
نکل گیا۔ بائیس ہزار راجپوتون مین فقط آٹھ ہزار نے بھاگ کر اپنی جانین
بچائین۔ رانا پرتاب چیتک نامی گھوڑے پر سوار ہوکر بھاگا۔ دو مغلون نے

اُس کے پیچھے گھوڑے ڈالے - راستے مین ایک ندی آئی اگر جیتک ذرا جھجکتا
تو پھنس ہی گیا تھا مگر وہ ہرن کی طرح چارون ٹاپیان جھاڑکر پانی پر سے اُڑگیا
شام ہوگئی تھی - اتنے مین پیچھے سے ایک سوار نے آکر اُسکی بولی مین کہا "او نیلے
گھوڑے کے سوار" پرتاب نے پیچھے پھر کر دیکھا - تو سکت سنگھ اپنے بھائی کو پایا - یہ
کسی خانگی بات پر بھائی خفا ہوکر نکل گیا تھا اور اکبر کی ملازمت اختیار کرلی تھی -
اور اس لڑائی مین شاہی لشکر کے ساتھ موجود تھا - جب اُس نے دیکھا کہ میرا
بھائی اس حالت کے ساتھ جان لے کر بھاگا ہی - اور دو مغل اُس کے پیچھے
پڑے ہین تو خون نے جوش مارا - اور اُس کے پیچھے ہولیا - موقع پاکر دونون
مغلون کا کام تمام کردیا - اور بھائی سے جا ملا - مدت کے بچھڑے تھے گھوڑے
سے اُتر کر خوب گلے ملے - یہان چیتک بیٹھ گیا - اور اُس کا دم نکل گیا - سکت نے
اپنا گھوڑا بھائی کو دیا - اور خود مغل کے گھوڑے پر سوار ہوکر سلیم کے لشکر مین
آیا - لوگون سے کہا کہ پرتاب نے دونون مغلون کو مارا - اور اُنکی حمایت مین
میرا گھوڑا بھی مارا گیا - لشکر مین کسی کو یقین نہ آیا - آخر سلیم نے بُلاکر عہد کیا کہ
سچ کہدوگے تو مین معاف کردونگا - اُس نے اصل حال کہدیا - شاہزادہ
اپنے عہد پر قائم رہا اور اُس سے کہا کہ تم اب اپنے بھائی کے پاس جاکر نذر دو
اور وہین رہو - چنانچہ وہ اپنے ملک مین چلا گیا - رانا کیکا ہندوستان کے
مشہور راجاؤن مین تھا - وہ مُلک میواڑ مین حکومت کرتا تھا جب ۹۷۵ھ
مین اکبر نے قلعہ چتوڑ کو فتح کرلیا تو اُس نے ہندوارہ کے پہاڑون مین قلعہ
کوکندہ تعمیر کیا - ملک کنبھل آسیر پر چارولی پہاڑون مین جانب شمال اُدے پور
سے چالیس میل کے فاصلے پر واقع ہے حکومت کرتا تھا اس نے اکبر کی اطاعت
قبول نہ کی سنہ ۹۸۳ھ مین اکبر مع فوج کے اجمیر گیا - جب درگاہ ایک منزل رہی

مہم رانا کیکا

تو پیادہ ہوا۔ زیارت کرکے نذر و نیاز چڑھائی۔ ایک دن درگاہ مین مان سنگھ کو بھی ساتھ لے گیا دیر تک دعائین اور التجائین کین۔ اور وہین رانا مذکور پر فوج کشی کی رائے قرار پائی۔ مان سنگھ کو خطاب فرزندی کے ساتھ سپہ سالاری عنایت ہوئی۔ آصف خان میر بخشی۔ غازی خان بدخشی۔ شاہ غازی خان تبریزی۔ مجاہد خان۔ سید احمد خان۔ سید ہاشم بارہہ۔ وغیرہ کو ہمراہ جانے کا حکم ملا۔ ملا عبد القادر بدایونی۔ صاحب منتخب التواریخ غازی اور آصف خان کے پہونچانے کو اجمیر سے تین کوس تک ساتھ آئے تھے۔ ان کے دل مین بھی جہاد کا شوق پیدا ہوا۔ اُسی وقت واپس آکر اوّل شیخ عبد النبی صدر اور اُس کے بعد نقیب خان سے بادشاہ سے اجازت دلا دینے کے واسطے کہا۔ نقیب خان نے بادشاہ سے کہا۔ بادشاہ نے انھین بلا کر دریافت کیا۔ اور اجازت دی۔ اور رخصت کے وقت دونون ہاتھون مین اشرفیان (۵۶ تھین) بھر کر عنایت کین۔

غرضکہ راجہ مان سنگھ وہان سے روانہ ہوکر حدود اُدے پور مین داخل ہوئے۔ اور مانڈل گڈھ پر ٹھہر کر لشکر کا انتظام کیا اور ہلدیو کی گھاٹی سے نکل کر گوگنڈہ پر جا پہونچے۔ رانا تین ہزار سوارون کے ساتھ مقابلہ پر آیا۔ اور اپنی فوج کے دو حصے کیے۔ ایک نے ہراول شاہی پر حملہ کیا۔ دوسری نے جس مین خود رانا موجود تھا۔ قاضی خان بدخشی پر جو دہانہ روکے ہوئے تھے حملہ کیا۔ بادشاہی لشکر کے راجپوت بائین طرف سے بھاگے لیکن سادات بارہ نے نہایت شجاعت و بہادری سے رانا کو روکا۔ بہت سے بھگوڑے ایسے بھاگے کہ پانچ چھ کوس تک دم نہ لیا۔ ایک دریا بیچ مین تھا۔ اُس سے بھی پار ہوگئے۔ لڑائی جاری تھی اسی عرصے مین مہتر خان نے عجیب کام کیا گھوڑا اُڑاتا نقارہ بجاتا آیا۔

کہ بندگان بادشاہی یلغار کرکے آن پہونچے۔ اس منتر نے بڑا اثر کیا۔ بھاگتے ہوئے تھم گئے۔ بھاگے ہوئے پلٹ پڑے۔ اور غنیم کے پاؤں اُکھڑ گئے۔

اب رانا نے اپنے ہاتھیوں کو بادشاہی ہاتھیوں سے آن ٹکرایا۔ دو ہاتھی ایک دوسرے کے مقابل ہوئے حسین خان بادشاہی فیلبان مان سنگھ کے آگے بیٹھا تھا۔ وہ گرا۔ مان سنگھ خود آگے بڑھکر مہاوت کی جگہ جا بیٹھے۔ اور اس استقلال سے ڈٹے کہ اُس سے زیادہ کیا ہوگا۔ ایک فیلبان نے غنیم کی طرف سے رام پرشاد ہاتھی کو بڑھایا۔ یہ بڑا قوی ہیکل جنگی ہاتھی تھا۔ بہت سے نوجوانوں کو پامال کرکے صفوں کو چاک درچاک کردیا۔ کمال خان فوجدار شاہی نے گجراج ہاتھی کو سامنے کیا۔ دیر تک آپس میں ریل ٹھیل رہی بادشاہی ہاتھی دب نکلا تھا کہ اسی عرصے میں اقبال اکبری نے رام پرشاد کے مہاوت کو قضا کی گولی ماری۔ وہ گرا۔ کمال خان نے ایسا کمال دکھایا کہ سب دنگ ہوگئے۔ وہ نہایت پھرتی سے کود کر رانا کے ہاتھی پر بیٹھا اتنے میں مان سنگھ کے سوار رانا کی فوج پر ٹوٹ پڑے۔ رانا کے ساتھ مان سنگھ کا مقابلہ ہوا۔ اوپر تلے کئی وار ہوئے آخر رانا نہ ٹھہر سکا۔ مان سنگھ کے ہاتھ سے زخمی ہوکر بھاگا۔

مُلّا عبدالقادر نے بھی اس لڑائی میں خوب تیراندازی کی جب فتح کے بعد رام پرشاد ہاتھی کے ساتھ کسی سردار کے بھیجنے کی تجویز ہوئی تو آصف خان نے ملا صاحب کے واسطے کہا۔ راجہ نے ہنس کر جواب دیا کہ ابھی یہاں بہت کام باقی ہے انھیں چاہیئے کہ معرکہ میں ہر جگہ صف سے آگے بڑھکر امامت کیا کریں۔ مُلّا صاحب بولے کہ یہاں امامت کی کیا ضرورت ہے میں بادشاہ کی خدمت میں جاکر کرونگا۔ یہ جواب سُنکر راجہ بہت ہنسے۔ اور تین سو سوار انکے ساتھ کرکے روانہ کیا۔ اور شکار کے بہانے سے ۲۰ کوس تک انکے ساتھ آئے اور سفارشی خط لکھکر انکے حوالہ کیا۔ یہ رام پرشاد کو لیکر فتح پور میں آئے۔ بادشاہ کے سامنے اشرفیوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا انسے لڑائی کا سب حال دریافت کیا اور دونوں ہاتھوں میں اشرفیاں (۹۶۔ اشرفیاں) بھر کر انھیں مرحمت فرمائیں۔

مہم حکیم مرزا

سنہ ۹۸۹ھ مین اکبر نے راجہ مان سنگھ کو محمد حکیم مرزا کی فوج کے مقابلے کے واسطے پنجاب کو روانہ کیا محمد حکیم مرزا اکبر کا سوتیلا بھائی اور کابل کا حاکم تھا۔ اُس کا ایک ملازم معصوم خان دربار اکبری مین آکر درجہ امارت پر پہونچ گیا تھا۔ وہ بنگالہ مین دوسرے امیرون کے ساتھ باغی ہوگیا۔ اور مرزا محمد حکیم کو عرضیان بھیجکر ہندوستان کے فتح کرنے پر آمادہ کیا۔ بھولا بھالا مرزا فوج لیکر پنجاب کی طرف بڑھا۔ ادھر سے مان سنگھ شاہی فوج لیے ہوئے راولپنڈی پہونچے۔ شادمان کوکہ مرزا حکیم کے ایک دلاور سردار سے مقابلہ ہوا۔ بڑی سخت لڑائی ہوئی۔ سورج سنگھ مان سنگھ کے بھائی نے ایسے حملہ ہائے مردانہ کیے کہ اُسی کے ہاتھ سے شادمان زخم کھاکر خاک ہلاکت پر گرا۔

جب مرزا نے سُنا کہ شادمان دُنیا سے ناشاد گیا تو سخت غمناک ہوا۔ اور خود لشکر لیکر چلا۔ اکبر کا حکم راجہ مان سنگھ کے نام پہونچا۔ کہ ہم خود آتے ہین۔ مرزا کو آگے بڑھنے دو۔ اور روکو ست مان سنگھ حسب الحکم پیچھے ہٹتے گئے اور وہ بڑھتا ہوا لاہور تک بڑھ آیا۔ راجہ بھگوانداس اور مان سنگھ معہ دوسرے سردارون کے شہر کے دروازے بندکر کے بیٹھ رہے جب اکبر سرہند تک آپہونچا۔ تو مرزا خواب غفلت سے بیدار ہوکر بھاگا۔ راجہ مان سنگھ حسب الحکم پشاور روانہ ہوئے۔ اور وہان سے شاہزادہ مراد کے ساتھ آگے بڑھے اور کئی خونریز معرکے مارکر مرزا کو شکست دی۔ اور کابل مین داخل ہوئے پیچھے سے بادشاہ بھی پہونچے۔ مرزا کی خطا معاف کی۔ اور دوبارہ ملک بخشی کرکے چلے آئے۔ پشاور اور سرحدی ملک کا انتظام اور اختیارات راجہ مان سنگھ کے سپرد ہوئے۔ راجہ نے اٹک کے کنارے پر ایک قلعہ تعمیر کرایا۔ اور افغانون مین بہت اچھی رسائی پیدا کی۔ اور سرحدی افغانون کا بھی ایسا بندوبست کیا کہ سرشوری کی گردنین ڈھیلی ہوگئین۔

مہم کابل

سنہ ۹۹۴ھ مین محمد حکیم مرزا نے انتقال کیا۔ بادشاہ نے راجہ مان سنگھ کے نام حکم بھیجا کہ فوراً کابل پہونچکر ملک پر قبضہ کرلو۔ جب مان سنگھ نے دریائے اٹک کو عبور کیا۔ بڑے بڑے سرحدی

پٹھان اور سردار سلام کو حاضر ہونے لگے۔ کابل مین پہونچکر اپنی حسن تدبیر اور لطفِ اخلاق سے
سب کے دلون کو تسخیر کر لیا جو لوگ خیالاتِ فاسدہ سے گمراہ ہو رہے تھے سب کو رسائی سے راہ راست
پر لاکر حکمت عملی کی قید مین مسلسل کر دیا۔ اور اپنے بیٹے جگت سنگھ کو وہان چھوڑ کر بہت سے امیرون
اور سردارون کے ساتھ راولپنڈی کے مقام پر اکبر کے پایۂ تخت کو بوسہ دیا۔ اکبر بہت دلداری
سے پیش آیا پچپن لاکھ چھیاسٹھ ہزار روپیہ انعام مین دیئے۔ وظیفے اور جاگیرین مرحمت کین۔
یوسف زئی وغیرہ سرحدی علاقہ مرحمت ہوا۔ کابل کی حکومت پر اول راجہ بھگوانداس سرفراز
ہوئے۔ اور جب وہ بیمار پڑے تومان سنگھ اُنکی جگہہ روانہ کیئے گئے۔ غرضکہ کابل اور سرحدی
علاقے مین ان کی خوبی لیاقت سے خوب انتظام جم گیا۔ اور عبداللہ خان اوزبک والی
توران بھی انکی کامیابیون سے ایسا ڈرا کہ تحفہ ہائے شاہانہ کے ساتھ ایلچی بھیجکر عہد نامہ کر لیا۔

صوبہداری بہار

۹۹۵ھ مین دربار مین افغانستان سے شکایتین پہونچین کہ راجپوت اہل ملک پر
زیادتیان کرتے ہین۔ اس پر اکبر نے مان سنگھ کو صوبۂ بہار مین تبدیل کر دیا۔ وہان پہونچکر
انھون نے راجہ پورن مل کندھوریہ اور سنگرام وغیرہ سرکشون کو تدبیر اور شمشیر کے زور
سے زیر کیا۔ اور اُن سے اطاعت کے ساتھ تحائف گران بہا لے کر ۵۴ ہاتھیون کے ساتھ
دربار مین روانہ کیئے۔

۹۹۷ھ مین راجہ بھگوانداس نے لاہور مین انتقال کیا۔ بادشاہ نے خلعت تعزیت
کے ساتھ فرمان خطاب راجگی۔ اسپ با زین زرین۔ اور پنجہزاری منصب کا خلعت ارسال کیا۔

مہم اڑیسہ

اسی سال راجہ نے اُڑیسہ پر چڑھائی کی۔ قتلوخان وہان کا حاکم مارا گیا۔ افغانون مین
پھوٹ پڑگئی بہت سے سردار ٹوٹ کر راجہ سے آن ملے۔ جو باقی رہے اُن سے آخر مین اس
شرط پر صلح ہو گئی کہ ملک مین اکبری خطبہ پڑھا جائیگا۔ خراج اور تحائف سالانہ پیشکش کیا کرینگے
جب حکم ہوگا۔ ادائے خدمت کو حاضر ہونگے۔ غرضکہ راجہ نے ۱۵۰ ہاتھی اور بہت سے تحفہ
تحائف اُن سے لے کر دربار مین ارسال کیئے۔

جب تک عیسیٰ خان زندہ رہا عہد و پیمان کا سلسلہ درست رہا۔ چند سال کے بعد نوجوان افغانون کی ہمت نے زور کیا۔ انھون نے اول جگناتھ کا علاقہ مارا۔ پھر بادشاہی ملک پر ہاتھ ڈالنے لگے۔ مان سنگھ خود عہد شکنی کے لئے بہانا ڈھونڈھتے تھے۔ فوج جرار لے کر مقابلہ پر آمادہ ہوئے۔ بڑی بڑی لڑائیان ہوئین۔ بہادرون نے ہمّت کے کارنامے دکھائے آخر کار مان سنگھ نے فتح پائی۔ اور ملک کو بڑھاتے بڑھاتے دریائے شور تک پہونچا دیا۔ جگناتھ کا ملک معہ بندر کے قبضے مین آگیا۔ شہر شہر مین اکبری خطبہ پڑھا گیا۔

سنہ ۱۰۰۱ھ مین جشن سالانہ کے موقع پر اکبر نے شاہزادہ خسرو کو جو جہانگیر کا بیٹا اور مان سنگھ کا بھانجا تھا منصب پنجہزاری پر سرفراز کر کے صوبۂ اُڑیسہ کو جاگیر مین مرحمت کیا۔ راجہ مان سنگھ کو اتالیقی کا اعزاز بخش کر اُس کی سرکار کا انتظام بھی راجہ ہی کے سپرد کیا۔ اور راجہ مان سنگھ کو بنگالہ کی صوبہ داری پر مفتخر کر کے بنگالے روانہ کیا۔ اور اُسی ملک پر اُن کی تنخواہ مجرا کر دی اسی سال کوچ بہار کے راجہ نے مان سنگھ کے دربار مین حاضر ہو کر اکبری اطاعت کا سجدہ کیا۔ بادشاہ نے اس کے صلے مین راجہ مان سنگھ کو پرگنہ چوند انعام مین مرحمت کیا۔

صوبہ داری بنگالہ

سنہ ۱۰۰۸ھ مین اکبر نے جہانگیر کو مہم رانا پر روانہ کیا۔ مان سنگھ کو بڑے بڑے امیرون کے ساتھ سپہ سالار کر کے ہمراہ کیا۔ بنگالہ کی حکومت جگت سنگھ اُس کے بیٹے کو اور اُس کے مرنے کے بعد مہان سنگھ جگت سنگھ کے بیٹے کو مرحمت کی۔ افغانون نے اس موقع کو غنیمت سمجھا اور بغاوت کر کے بھدراک کے مقام پر بادشاہی فوج کو شکست دی۔ اور چارون طرف پھیل کر بنگالہ کا بہت سا حصہ دبا بیٹھے۔ جہانگیر اس مہم پر جانا نہ چاہتا تھا جب یہ حال سُنا۔ رانا کی مہم ملتوی کر کے مان سنگھ کو بنگالہ روانہ کر دیا۔ اور خود الہ آباد پہونچکر عیش کی بہارین لوٹنے لگا۔ اکبر اُس وقت قلعہ آسیر کے محاصرہ مین مصروف تھا جب یہ حال سُنا۔ خیال کیا کہ شاہزادہ کا اس مہم سے واپس آنا۔ مان سنگھ کی ترغیب سے ہوا ہے۔ اس خیال سے اُسے بہت رنج ہوا مگر کچھ نہ بولا۔

بغاوت بنگالہ

مان سنگھ نے بنگالہ پہونچکر جابجا فوجین روانہ کین۔ اور تدبیر اور شمشیر کے زور سے ایک عرصے کے بعد بغاوت کی آگ بجھائی۔ اور ڈھاکہ مین آکر خاطر جمع سے حکمرانی کرنے لگے۔

سنہ ۱۰۱۳ھ مین شاہزادۂ خسرو کو دہ ہزاری منصب ملا۔ مان سنگھ بدستور اتالیقی کی خدمت پر سرفراز رہکر منصب ہفت ہزاری ذات شش ہزار سوار پر مفتخر ہوئے۔ اب تک کوئی ہندو مسلمان امیر پنجہزاری منصب سے آگے نہین بڑھا تھا۔ پہلے پہلے یہ اعزاز اسی نیک نیت راجہ کو حاصل ہوا۔

اُمراے اکبری مین راجہ مان سنگھ اور خان اعظم مرزا عزیز کوکلتاش کو اکبر کے بعد شاہزادہ خسرو کی بادشاہت کا بڑا ارمان تھا۔ خسرو راجہ مان سنگھ کا بھانجا۔ اور خان اعظم کا داماد تھا۔ خان اعظم تو اس آرزو مین ایسے مست تھے کہ اپنے رازدارون سے اکثر کہا کرتے تھے "کہ کاش ایک کان مین کوئی کہے کہ خسرو بادشاہ ہوگیا۔ اور دوسرے کان مین حضرت عزرائیل موت کا پیغام دے دین۔ اگر ایک مرتبہ خسرو کی بادشاہت کی خبر سن لون تو مجھے مرنے کا افسوس نہ ہوگا" راجہ مان سنگھ کا اگرچہ یہ حال نہ تھا مگر درپردہ وہ بھی اسی کوشش مین مصروف تھے۔ اکبر کو بھی یہ سب خبرین تھین۔ مگر جہانگیر کے ساتھ اُسے محبت نہین بلکہ عشق تھا جب سنہ ۱۰۱۴ھ مین بیمار پڑا مان سنگھ اور خان اعظم دونون دربار مین موجود تھے۔ اور دونون کے آدمی ہتھیار بند چارون طرف پھیلے ہوئے تھے۔ اکبر نے بعض خیرخواہان سلطنت سے مشورہ کرکے یہی مناسب سمجھا کہ مان سنگھ کو بنگالہ ٹالنا چاہیئے چنانچہ اُسی حالت مین راجہ مان سنگھ کو خلعت رخصت مرحمت کرکے حکم دیا۔ کہ بنگالے چلے جاؤ باوجود اس کے کہ ۲۰ ہزار لشکر جرار اُن کی ذات خاص کا نوکر تھا۔ اور تمام قوم کچھواہہ اور بہت سے ہندو مسلمان سردار اُن کے ذرا سے اشارے پر مارنے مرنے پر مستعد ہوسکتے تھے مگر انھون نے اپنے آقا کی خوشی پر اپنی آرزو کو نثار کر دیا۔ اور خسرو کو لے کر بنگالہ روانہ ہوگئے۔ خان اعظم نے جب سُنا کہ مان سنگھ معہ خسرو کے بنگالہ جاتے ہین اُسی وقت اپنے قبائل کو اُن کے گھر بھیج دیا۔ اور کہلا بھیجا کہ اب میرا بھی یہان رہنا مناسب نہین۔ راجہ نے

جواب دیا کہ دل تو میرا بھی یہی چاہتا ہے کہ اس وقت مین تمسے جدا نہ ہون۔ مگر مجبور رہون۔

اکبر کی وفات اور جہانگیر کی تخت نشینی

بدھ کے دن ۱۲۔ جمادی الثانی ۱۰۱۴ھ کو اکبر نے ۶۴ برس کی عمر مین دنیا سے انتقال کیا۔ اور شاہزادۂ سلیم جہانگیر کے لقب سے تخت سلطنت پر بیٹھا۔ جشن تخت نشینی کے موقع پر سب اُمرا دربار مین طلب ہوئے۔ مان سنگھ بھی بنگالے سے آئے۔ جہانگیر کی یہ بات قابل تعریف ہے کہ پہلی باتون کو دل سے بھلا دیا۔ خود لکھتا ہے کہ "راجہ مان سنگھ کو کہ جو میرے باپ کے وفادار اور معتبر امیرون مین تھا بدستور سابق صوبہ بنگالہ کی حکومت پر سرفراز کیا۔ اُس نے بعض باتین ایسی کی تھین کہ اپنے حق مین اس عنایت کی امید نہ رکھتا تھا۔ پھر بھی خلعت چارقب شمشیر مرصع۔ اسپ خاصہ با زین زرین مرحمت فرما کر بنگالہ کو جو پچاس ہزار سوارون کی جگہ ہے روانہ کیا۔"

بغاوت شاہزادۂ خسرو۔

چند مہینے بعد شاہزادہ خسرو باغی ہو گیا۔ جہانگیر کو مان سنگھ اور خان اعظم کی طرف سے شبہہ ہوا۔ مگر نہ تو عالی حوصلہ بادشاہ نے مان سنگھ کے کاروبار مین کوئی تغیر کا اظہار کیا۔ نہ فرزانۂ روزگار راجہ نے کوئی ایسی بات کی جس سے کسی قسم کی بیوفائی کے الزام کا مرتکب سمجھا جاتا۔

آخر سال ۳ جلوس مین راجہ مان سنگھ بنگالہ سے طلب ہو کر دربار مین حاضر ہوئے۔ اس موقع پر جہانگیر نے لکھا ہے "راجہ مان سنگھ نے قلعہ رتھاس سے جو ولایت پٹنہ اور بہار مین واقع ہے آکر ملازمت کی۔ چھ سات فرمان گئے جب آیا۔ وہ بھی خان اعظم کی طرح منافقون اور اس سلطنت کے پُرانے پاپیون مین سے ہے۔ جو انھون نے مجھ سے کیا اور جو مجھ سے ان کے ساتھ ہوا۔ خدائے رازدان بخوبی جانتا ہے کہ کوئی کسی سے اس طرح گذارہ نہین کر سکتا۔ راجہ نے سو ہاتھی نر و مادہ پیشکش گذرانے۔ ایک بھی اس قابل نہ تھا کہ فیلان خاصہ مین داخل ہو سکے۔ چونکہ یہ میرے باپ کے بنائے ہوئے نوجوانون مین سے ہے۔ اس لیئے مین اُس کی خطائین اُسکے منہ پر نہ لایا۔ اور عنایات بادشاہانہ سے سرفراز کیا۔"

مہم دکن اور وفات

خانجہان وغیرہ اُمرائے بادشاہی مہم دکن مین کارنامے دکھا رہے تھے۔ راجہ مان سنگھ کو بھی میدان کارزار مین شجاعت و بہادری کے دکھانے کا پھر جوش پیدا ہوا۔ اول رخصت

حاصل کرکے وطن گئے۔ پھر جہانگیر سے عرض کرکے دکن پہونچے۔ دو برس تک وہان خدمتین بجالائے اور سنہ ۲۳ھ مین وہین اس دارِ ناپائدار سے کوچ کر گئے۔

اولاد

راجہ مانسنگھ کی پندرہ سو رانیان تھین۔ جب سرگباش ہوئے تو ساٹھ رانیون نے ستی ہوکر اُن کے ساتھ رفاقت کا حق ادا کیا۔ ہر ایک رانی سے ایک ایک دو بچے ہوئے مگر بچپن ہی مین مرتے گئے۔ جگت سنگھ۔ ہمت سنگھ۔ درجن سنگھ۔ سبل سنگھ۔ سکت سنگھ۔ سگت سنگھ۔ بھاؤ سنگھ۔ جوانی کو پہونچے۔ مگر سب اِن کو داغ مفارقت دے دے کر ان کے سامنے ہی چل بسے۔ صرف بھاؤ سنگھ کو جیتا چھوڑا۔ جگت سنگھ اور بھاؤ سنگھ کا حال علیحدہ قلمبند ہوچکا ہے۔

ہمت سنگھ

ہمت سنگھ بنگالہ مین باپ کے ساتھ تھا۔ سنہ ۵ھ مین امتلا سے اسہال اور اسہال سے بدحال ہوکر انتقال کیا۔ ہچکی لگ گئی تھی۔ اسی مین جان نکل گئی۔ شیخ ابوالفضل اکبرنامہ مین لکھتے ہین "جوان مرد تھا۔ انتظام اور سربراہی کی لیاقت سرشت مین تھی۔ موقع وقت پر چوکتا نہ تھا۔ اُسکے مرنے سے تمام فوج چھاونی مین کہرام مچ گیا۔ بادشاہ کی دلداری نے زخمون پر مرہم رکھا۔ سب کی تسلی ہوگئی"۔

درجن سنگھ

درجن سنگھ شاہی ملازمت مین منصب پانصدی پر سرفراز تھا۔ بنگالہ مین باپ کے ساتھ متعین تھا۔ سنہ ۵ھ مین عیسیٰ خان افغان نے بغاوت کی۔ مانسنگھ نے درجن سنگھ کو بغاوت فرو کرنے کے واسطے روانہ کیا۔ سرداران مین ایک نمک حرام غنیم سے مل گیا۔ اور خبر دیتا رہا۔ دشمن ایک جگہ بے خبر آن پڑا۔ سخت لڑائی ہوئی۔ درجن سنگھ بہت سے ہمراہیون کے ساتھ مارا گیا۔

سبل سنگھ

سبل سنگھ سنہ جلوس تک منصب پانصدی پر سرفراز تھا۔

سکت سنگھ

سکت سنگھ بھی ملازمان شاہی مین منسلک اور سنہ جلوس تک منصب چارصدی پر سرفراز تھا۔

سگت سنگھ

سگت سنگھ یہ بھی شاہی ملازمت مین داخل۔ اور سنہ جلوس تک منصب دوصدی

سے مفتخر تھا۔

راجہ مان سنگھ کا اخلاق اور عادات

راجہ مان سنگھ بہت خوش اخلاق۔ نہایت ملنسار۔ اور شگفتہ مزاج تھے۔ سب سے
بے تکلفی سے باتین کرتے اور خُلق و محبت کے موتی پرو کر اپنے دلربا اور دلفریب کلام سے
غلام بنا لیتے تھے۔ مذہب کے پابند اور احکام مذہبی کو خلوص دل سے بجا لاتے تھے۔ جب
اکبر کے دربار مین دین الٰہی اکبر شاہی کا سوانگ بنا۔ اور خوشامدیون نے دین و دنیا پر نثار کرنا شروع
کیا۔ ایک رات بعض اُمورات سلطنت کی نسبت جلسہ مشورت قائم تھا۔ مان سنگھ بھی جلسہ
مین موجود تھے۔ اکبر نے اسی جلسہ مین حاجی پور پٹنہ انھین جاگیر مین مرحمت کیا۔ جلسہ ختم کرنے
کے بعد اکبر مان سنگھ کو ٹٹولنے لگے۔ کہ دیکھو یہ بھی مریدون مین آتا ہے یا نہین۔ تقریر کا سلسلہ اس طرح
چھیڑا کہ جب تک وہ چار[1] باتین نہین ہوتین اُسوقت تک اخلاص کامل نہین ہوتا راجہ نے
صاف اور بے تکلف جواب دیا "کہ حضور اگر مریدی سے جان نثاری مراد ہے۔ تو آپ دیکھتے
ہین کہ جان ہتھیلی پر رکھے ہوئے ہین۔ امتحان کی حاجت نہین۔ اگر کچھ اور ہے۔ اور حُضور کی
مراد مذہب سے ہے تو ہندو ہون فرمائیے تو مسلمان ہو جاؤن۔ اور راستہ جانتا نہین کہ کونسا
ہے" اکبر سمجھ گئے کہ یہ قابو مین نہین آئے گا۔ باتون باتون مین ٹال گئے۔

اُنھین تعصب تام کو نہ تھا۔ ہر مذہب و ملت کے لوگون سے ایسے خلوص و اخلاص سے ملتے تھے کہ
کسی طرح کی دوئی نہ معلوم ہوتی تھی۔ ہر مذہب کے فقرا سے صاحب کمال سے ملتے تھے۔ بنگالہ
کے سفر مین منگیر کے مقام پر شاہ دولت نامے ایک بزرگ کے اوصاف و کمالات سُنکر اُن کی
خدمت مین حاضر ہوئے۔ دیر تک ملاقات رہی شاہ صاحب راجہ کی پاکیزہ اور سنجیدہ گفتگو
سے بہت خوش ہوئے۔ باتون باتون مین بولے "کہ مان سنگھ باوجود اس عقل و دانش
کے مسلمان کیون نہین ہو جاتے" راجہ نے جواب دیا کہ خدا کے کلام مین خَتَمَ[2] اللہُ عَلٰی قُلُوبِھِم
آیا ہے۔ اگر آپ کے فیض باطنی سے یہ خدائی مہر ٹوٹ جائے تو بندہ مسلمان ہونے کو حاضر ہے

[1] راجہ بیربر کا حال دیکھو۔۱۲۔ [2] پارۂ اوّل ترجمہ مُہر کردی اللہ نے اُن کے دلون پر۔۱۲۔

اس کے بعد ایک مہینے تک اُس جگہ قیام کیا۔ اور روزانہ شاہ صاحب کی خدمت مین حاضر ہوتے رہے۔

راجہ کے دربار مین ایک مرتبہ ایک سید صاحب اور ایک مہاتما برہمن مین مذہبی بحث چھڑ گئی۔ دونون اپنے اپنے مذہب کو ایک دوسرے کے مذہب پر ترجیح دیتے تھے۔ آخر مین اس بات پر تصفیہ ہوا۔ کہ جو راجہ صاحب کہدین وہ صحیح۔ مان سنگھ نے کہا کہ اگر مین مذہب اسلام کو ترجیح دون۔ تو تمام لوگ بادشاہ وقت کی خوشامد پر محمول کرین گے۔ اگر اس کے برعکس رائے دون تو اپنے مذہب کی جانب داری سمجھی جائے گی۔ دونون کو راجہ کے تصفیہ پر پورا اطمینان تھا۔ پیچھے پڑ گئے۔ مان سنگھ نے کہا کہ مجھے علم نہین جو ایسے مذہبی معاملے مین گفتگو کرسکون مگر ایک بات دیکھتا ہون۔ کہ ہندون مین کیسا ہی گنوان پنڈت۔ دھیانی فقیر ہو۔ جب مر گیا۔ تو جل گیا۔ خاک اُڑ گئی۔ رات کو وہان جاؤ تو آسیب کا خطرہ ہے۔ اسلام مین جس شہر یا قصبہ یا گاؤن مین گذرو۔ کئی بزرگ پڑے سوتے ہین چراغ جلتے ہین۔ پھول مہک رہے ہین۔ چڑھاوے چڑھتے ہین۔ لوگ اُن کی ذات سے فیض پاتے ہین۔

غرضکہ راجہ نے مذہبی اور کُل معاملات مین ہمیشہ حافظ مرحوم کے اس شعر پر اپنا عملدرآمد رکھا ؎

حافظا گر وصل خواہی صلح کن با خاص و عام　　　با مسلمان اللہ اللہ با برہمن رام رام

جس طرح اُنکی سرکار مین ہندو اعلیٰ مناصب پر ممتاز تھے۔ اُسی طرح بہت سے مسلمان جن مین حضرت سیدنا ابو العلیٰ صاحب قدس سرہٗ بانیٔ خاندان ابو العلائیہ سے بزرگ بھی شامل تھے اُنکی رفاقت مین اعلیٰ اعلیٰ عہدون پر سرفراز تھے۔

سخاوت

راجہ مان سنگھ سخاوت مین بے نظیر تھے۔ اُنکی عالی ہمتی اور دریا دلی کے افسانے بہت مشہور ہین۔ اُنکی بہاٹ کی سرکار مین سونے ہاتھی فیلخانے مین جھومتے تھے۔ اُن کے دربار مین ہر فن کے صاحب کمال موجود تھے۔ اور نہایت عزت و عظمت اور خوشحالی سے بسر کرتے تھے۔

جہانگیر کے عہد مین جب ہم دکن پر گئے تو خانجہان لودی سپہ سالار تھے۔ پندرہ پنجہزاری امیر صاحب عَلَم و نقارہ موجود تھے۔ چار ہزاری سے پانصدی تک ایک ہزار منصبدار اپنی اپنی جمعیت کے ساتھ کمربستہ موجود تھے۔ بالاگھاٹ کے مقام پر لشکر شاہی کو سخت تکلیف پیش آئی۔ ملک مین قحط پڑ گیا۔ رسد بند ہونے لگی۔ سب امیر روز جمع ہوتے۔ مشورے ہوتے مگر کوئی نقشہ نہ جمتا تھا۔ ایک دن جلسہ مین مان سنگھ کھڑے ہو کر بولے کہ اگر مین مسلمان ہوتا تو ایک وقت تم سب صاحبون کے ساتھ کھانا کھایا کرتا۔ اب کہ ڈاڑھی سفید ہو گئی ہے۔ کچھ کہنا مناسب نہین ہے۔ ایک پان ہے۔ آپ صاحب قبول فرمائین۔ سب سے پہلے خانجہان نے دلداری کا ہاتھ سینے پر رکھا۔ اس کے بعد اور امیرون نے بھی قبول کیا۔ اُسی دن سے سو روپیہ روز پنجہزاری کو اور اسی حساب سے کل منصبدارون کو تقسیم کرنا شروع کیا۔ ہر شخص کے واسطے علیحدہ علیحدہ تھیلیون مین روپیہ بند کر کے اُس کی سرکار مین بھیجدیا جاتا تھا۔ ہر تھیلی پر اُس امیر کا نام جسکے یہان وہ تھیلی روانہ کیجاتی تھی لکھا ہوتا تھا۔ تین چار مہینے تک یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔ اس کے علاوہ اپنے وطن آنبیر سے غلہ منگوا کر دین کے نرخ سے لشکر مین فروخت کیے جانے کا انتظام کر دیا۔ بنجارون نے رسد کا تانتا لگا رکھا تھا۔ لشکر کے بازار مین ہر شے کے انبار لگے رہتے تھے سب سپاہیون کو ایک وقت کا کھانا راجہ کی سرکار سے مفت ملتا تھا۔ راجہ مان سنگھ کی رانی کنور بڑی عقلمند اور منتظم بی بی تھین۔ یہ سب انتظام اُن کے سپرد تھا۔ وہ گھر مین بیٹھی ہوئین سب انتظام کرتی تھین۔ یہان تک کہ کوچ اور مقام کے موقع پر مسلمانون کے لیے حمام اور مسجد کی وضع کے خیمے بھی تیار رہتے تھے۔

شجاعت — راجہ مان سنگھ کی شجاعت اور ملک گیری کے کارنامے اوپر بیان ہو چکے ہین۔ مُلّا شیدی نے ایک موقع پر ان کی نسبت خوب زمزمہ سنجی کی ہے ؎

شہا فرمان فرستادی بہ راجہ — کہ سازد ہندوان کوہ را رام

چنان رونق گرفت از عدل تو دین — کہ ہندو میزند شمشیر اسلام

مذاق

ایک دن راجہ مان سنگھ اور خانخانان مرزا عبد الرحیم شطرنج یا چوپڑ کھیل رہے تھے۔ شرط یہ ہوئی کہ جو ہارے وہ جیتنے والے کی فرمائش کے بموجب ایک جانور کی بولی بولے۔ خانخانان کی بازی دبنی شروع ہوئی۔ مان سنگھ نے ہنسنا شروع کیا۔ اور کہا کہ بلی کی بولی بلواؤن گا۔ خانخانان اول تو ہمت کیئے گئے آخر چار پانچ چالون کے بعد مایوس ہوگئے۔ مگر بڑے چالاک تھے۔ گھبرا کر اُٹھنا چاہا اور کہا "آئے ہا۔ از خاطر رفتہ بود۔ خوب شد کہ حالا ہم بیاد آمد" مان سنگھ نے کہا "کجا کجا" خانخانان بولے "جہانبانی چیزے فرمودہ بودند۔ حالا یادم آمدہ۔ بروم کہ زود تر سرانجامش کنم" اور اُٹھ کھڑے ہوئے۔ راجہ نے دامن پکڑ لیا۔ اور کہا "خوب است صدائے پشک بکنید و بروید" خانخانان نے کہا "شما دامنم بگزارید مے آیم۔ مے آیم" وہ بھی ہنس پڑے یہ بھی ہنس پڑے واہ کیا بات ہو۔ اپنی بات کہی۔ اور حریف کی بات پوری کر دی۔

یادگارین

اُڑیسہ فتح ہونے کے بعد مشرقی حصہ سندربن مین اُس پُر فضا مقام آک محل مین جسے شیر شاہ نے اپنے زمانے مین اپنی گلگشت اور تفریح کے واسطے نامزد کیا تھا۔ راجہ مان سنگھ نے ایک شہر کا بنیادی پتھر رکھا۔ شہر کو بسا کر اکبر نگر۔ اور قلعہ تعمیر کرا کر سلیم نگر نام رکھا جو راجہ کی نیک نیتی سے راج محل کے نام سے مشہور ہو گیا۔ اور اس وقت تک موجود ہو

راج محل

بنگالہ کشمیر۔ آگرہ مین اُنھون نے بہت سی نفیس عمارتین اور باغات اپنی امیرانہ یادگار سے چھوڑی تھین۔ کشمیر کی عمارت کی تعریف جہانگیر نے توزک جہانگیری اور آگرہ کے کٹرہ راجہ مان وغیرہ کی تعریف منشی سیل چند نے اپنی تاریخ آگرہ مین کی ہے۔ مگر افسوس کہ اب اُن کے نشانات اوراق تاریخ پر ہی باقی رہگئے ہین۔

خطاب مرزا۔ راجہ کی اصلیت۔

خاندان چغتائیہ مین عام طور سے شاہزادے میرزا کے خطاب سے موسوم ہوتے تھے۔ چونکہ اکبر خانگی اُمورات اور کل کاروبار مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ بیٹون کیطرح برتاؤ کرتا تھا۔ اِس وجہ سے پیار سے جس طرح خانخانان کو مرزا خان۔ خان اعظم کو مرزا عزیز کہتا تھا۔ اسی طرح مان سنگھ کو مرزا راجہ کہکر پکارتا تھا۔ رفتہ رفتہ یہ خطاب اِس خاندان

کے واسطے مخصوص ہو گیا۔ اکبر کے بعد جہانگیر نے بھاؤ سنگھ اور شاہجہان نے جے سنگھ کو اس خطاب سے موصوف کیا۔ عالمگیر کے عہد مین جے سنگھ کو زیادہ عروج ہوا۔ اُس نے اس نام کی عزت کر کے اور اُسے خطاب کے رتبہ پر پہونچا کر بجے سنگھ کو جے سنگھ کے خطاب سے مفتخر کیا۔

راجہ مدھکر ساہ بُندیلہ

راجہ مدھکر ساہ بُندیلہ

قوم بندیلہ کی وجہ تسمیہ

بُندیلے کے راجپوتون کا اصلی وطن کاشی (بنارس) تھا۔ وہان سے ترک سکونت کر کے کھیراگڈھ کٹک مین جو کھیرواڑے کے نام سے مشہور ہے سکونت اختیار کی۔ مدت تک وہان رہے۔ وہان سے ایک شخص مسمی کاشی راج نے جو راجہ مدھکر سے بیس پشت پہلے تھا وہان کی سکونت چھوڑ کر اُس ملک مین سکونت اختیار کی جو اب بندیلکھنڈ کے نام سے مشہور ہے۔ یہان اُس کے خاندان نے بند واسی دیبی کی ایسی سیوا کی کہ اُس کی مناسبت سے عوام مین بُندیلے کے نام سے مشہور ہو گئے۔

اِس خاندان کے لوگ پہلے زمانے مین کچھ مال واسباب اور شان وشوکت نہ رکھتے تھے۔ اور ہمیشہ چوری اور رہزنی مین زندگی بسر کرتے تھے۔ جب راجہ پرتاب بانی اوندچھ

راجہ پرتاب بانی اوندچھہ

(اُرچھا) کا زمانہ آیا۔ اِس خاندان کو نہایت عظمت اور شان وشوکت حاصل ہوئی۔ وہ اکثر شیر شاہ اور سلیم شاہ سے سرتابی کرتا رہا۔ اُس کے مرنے کے بعد اُس کا بڑا بیٹا راجہ بھارتھ چند گدی نشین ہوا۔ اور جب وہ لاولد مر گیا تو چھوٹا بھائی راجہ مدھکر ساہ گدی پر بیٹھا۔ اِسنے نہ صرف اپنے ملک کا عمدہ بندوبست کیا۔ بلکہ شجاعت ودانائی اور حیلہ سازی سے قرب وجوار کے علاقون کو فتح کر کے ایک عظیم الشان لشکر اکٹھا کر لیا۔ اکبر نے اس کی سرکوبی کے واسطے کئی مرتبہ لشکر بھیجا جب شاہی لشکر اُس کے ملک مین پہونچتا تو تنگ ہو کر اطاعت قبول کر لیتا۔ پھر جب کبھی موقع پاتا بگڑ بیٹھتا۔ اس نے اپنی تمام عمر اسی پریشانی مین بسر کی۔ اور

سنہ ۱۰۱۱ھ مین مر گیا۔ مہاراجہ نرسنگھ دیو سا اور رام چند دو بیٹے تھے۔ مہاراجہ نرسنگھدیو کا حال علیحدہ قلمبند کیا جائے گا اور رام چند کا حال راجہ بھارت اُس کے پوتے کے حال مین لکھا جا چکا ہے۔

مادھو سنگھ کچھواہا

مادھو سنگھ کچھواہا

راجہ بھگوان داس کا چھوٹا بیٹا۔ اور راجہ مان سنگھ کا بھائی تھا۔ گجرات کی مشہور یلغار مین اکبر کے ساتھ جان نثاری کے واسطے مستعد تھا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین بادشاہ کے ساتھ صوبہ بنگالہ کی مہم مین شریک ہوا۔ سنہ ۲۱ مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم رانا کیکا پر متعین ہوا۔ سنہ ۲۶ جلوس مین مان سنگھ کے ساتھ مرزا محمد حکیم کی تادیب پر مامور ہوا۔ سنہ ۳۰ جلوس مین مہم کشمیر مین شجاعت و بہادری کے ایسے جوہر دکھائے کہ اُس کی دلاوری بادشاہ کے منقوش خاطر ہو گئی۔ اس کے بعد تھانہ لنگر کی حکومت پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۴۰ جلوس تک منصب ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ پر ممتاز تھا۔ سنہ ۴۸ جلوس مین منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار ۲۰۰۰ پر سربلند ہوا۔ ستر سال مادھو سنگھ کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا جا چکا ہے۔

راجہ مہان سنگھ کچھواہا

راجہ مہان سنگھ کچھواہا

راجہ جگت سنگھ کا بیٹا۔ اور راجہ مان سنگھ کا پوتا تھا۔ سنہ ۱۰۰۸ھ مین بچپن ہی مین باپ کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اکبر کو بھی بہت رنج ہوا۔ اور بچپن ہی مین باپ کی جگہ یعنی صوبہ بنگالہ کی حکومت پر سرفراز کر دیا۔ اور پرتاب سنگھ برادر راجہ مان سنگھ کو اتالیق مقرر کر کے بنگالہ روانہ کیا۔ سرشور افغانون نے جو موقع کی تاک مین رہتے تھے۔ اس موقع کو غنیمت سمجھا۔ اور مہان سنگھ کو نابالغ اور پرتاب سنگھ کو ناقابل سمجھکر بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ مہان سنگھ جرأت کر کے آگے بڑھا۔ نوجوانی کی دوڑ تھی۔ ٹھوکر کھائی۔ اور باغیون نے مقام بھدرک پر بادشاہی فوج کو

شکست دیکر بنگالہ کا بہت بڑا حصہ دبا لیا - راجہ مان سنگھ نے مہم راناسے واپس آکر اِس بغاوت کو فرو کیا۔[۱]

سنہ ۵۲ جلوس اکبری تک منصب دوہزاری سے سرفراز تھا - سنہ ۱ جلوس جہانگیر مین رام داس کی اتالیقی مین مہم بنگش پر متعین ہوا - سنہ ۵ جلوس مین علم مرحمت ہوکر زمیندار باندھو کی تنبیہ پر مامور رہوا - سنہ ۸ جلوس مین منصب پانصدی ذات پانصد کا اضافہ ہوا -

سنہ ۱۰۲۳ھ مین راجہ مان سنگھ نے وفات پائی - کچھواہہ خاندان کے رسم وراثت بموجب جانشینی کا حق مہان سنگھ کو پہونچتا تھا - لیکن جہانگیر کی بھاؤ سنگھ پر خاص نظر عنایت لہذا بھاؤ سنگھ کو راجہ مان سنگھ کا جانشین مقرر کیا - اور مہان سنگھ کی دلداری کے لئے اُس منصب مین پانصدی کا اضافہ کرکے گڈہ کا ملک انعام مین مرحمت کیا - سنہ ۱۰ جلوس مین خطاب راجگی کے ساتھ علم ونقارہ عطا ہوا - سنہ ۱۱ جلوس مین منصب سہ ہزاری و پانصدی سے مفتخر مہم دکن مین متعین ہوا - سنہ ۱۲ جلوس ۱۰۲۶ھ مین بالاپور کے مقام پر کثرت شراب نوشی سے بیمار ہو ۳۲ برس کی عمر مین عدم آباد کو سدھارا -

جے سنگھ اُس کا بیٹا تھا - جو راجہ مان سنگھ کے بعد اس خاندان کا نام روشن کرنیوالا ہو اُس کا حال علیحدہ قلمبند ہوچکا ہے -

رائے منوہر داس کچھواہا (مرزا محمد منوہر)

رائے منوہر داس کچھواہا مرزا محمد منوہر

رائے لون کرن کا بیٹا تھا - بڑا حسین - اور ذہین اور نیک سیرت جوان تھا - جس طرح آج ہمارے زمانے مین حاکم وقت کی تقلید مین اکثر لوگ اپنے ناموں کے ساتھ انگریزی حروف لگاکر رام پرشاد متر کے بجائے - آر - پی - متر - یا سید احمد سعید کی جگہ ایس - اے سعید

[۱] راجہ مان سنگھ کے حال مین دیکھو ۱۲

لکھتے ہین اور فخر کرتے ہین اسی طرح مسلمانون کے عہد مین لوگ اُن کے نامون کی تقلید کرتے تھے۔ چنانچہ رائے لون کرن نہایت فخر سے ہمیشہ اپنے بیٹے کو مرزا محمد منوہر کہکر پکارا کرتا تھا۔

شہنشاہ اکبر کی اس نوجوان پر خاص نظر شفقت تھی ۲۲ھ جلوس مین جبکہ اجمیر کے راستے مین قصبہ آنبیر مین مقام تھا کسی امیر نے تذکرہ کیا۔ کہ قصبۂ آنبیر کے قریب جہان آب وضع موتھان آباد ہے۔ ایک بڑا پُرانا شہر اُجڑا پڑا ہے۔ اکبر نے خود جاکر اُس مقام کو دیکھا اور حکم دیا کہ یہ شہر از سر نو آباد کیا جائے۔ اُسی وقت اپنے ہاتھ سے بنیاد کا پتھر رکھا۔ ایک قلعہ عالیشان عمارتین باغات۔ چوپڑ کے بازار۔ چار دیواری وغیرہ کے بنائے جانیکا حکم دیکر تھوڑا تھوڑا کام سب امیرون کو تقسیم کردیا۔ اور ایسی کوشش کی کہ صرف آٹھ دن مین نہ صرف کل عمارتین ہی تیار ہوگئین بلکہ رعایا بھی اِدھر اُدھر سے آکر آباد ہوگئی۔ چونکہ یہ مقام رائے لون کرن کی زمینداری مین واقع تھا۔ لہذا اکبر نے اُس کے بیٹے رائے منوہرداس کے نام پر اُس کا نام منوہرپور رکھدیا۔ اور وہان کی حکومت پر رائے منوہرداس کو سرفراز کیا۔

جہانگیر نے تخت نشین ہوکر شاہزادہ پرویز کے ساتھ مہم رانا امرسنگھ پر مامور کیا۔ ۲ھ جلوس مین منصب ہزاری ۵۰۰ پانصدی ذات ۶۰۰ ششصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اس کے بعد صوبہ دکن مین متعین ہوا۔ اور وہین ۱۱ھ جلوس مین انتقال کیا۔

منوہرداس فارسی مین اچھی لیاقت رکھتا تھا۔ جہانگیر اُسکی نسبت لکھتا ہے "منوہر کہ از قوم کچھوائیان سیکھاوٹ است۔ و پدر من در خوردسالی باو عنایت بسیار میکردند۔ فارسی زبان بوده با آنکہ از وتا بہ آدم ادراک فہم بہیچ یکے از قبیلہ او نمیتوان کرد۔ خالی از فہمے نیست۔ و شعر فارسی میگوید این بیت از وست۔

غرض ز خلقت سایہ ہمین بود کہ کسے — بنور حضرت خورشید پائے خود ننہد

مُلا عبدالقادر بدایونی منتخب التواریخ مین لکھتے ہین "مرزا منوہر نے بڑے شاہزادہ

(جہانگیر) کی خدمت میں نشو و نما پائی ہے۔ بڑا حسین و ذہین اور قابل جوان ہے طبیعت اُس کی بہت موزون ہے۔ توسنی تخلص اور یہ شعر اُس کے ہین"۔

شیخ مستغنی بہ دین و برہمن مغرور کفر مست حسن دوست را با کفر و ایمان کار نیست

وله

بے عشق تو در جگر بیابان خارست بے درد تو در سرم سراسر خارست
بتخانہ و کعبہ ہر دو نزدم کفرست ما را بہ یگانگی ایزد کارست

وله

توسنی بر دہ سمند شوق در میدان عشق میرسی الحق بہ مقصد رہبرت چون اکبرست

صاحب مآثر الامرا نے یہ بیت انتخاب کی ہے۔

یگانہ بودن و یکتا شدن ز چشم آموز کہ ہر دو چشم جدا و جدا نمی نگرند

رائے پرتھی چند — رائے منوہر داس کے بیٹے پرتھی چند کو جہانگیر نے باپ کی وفات کے بعد منصب پانصدی ذات، سہ صد سوار پر سرفراز کر کے منوہر پور کی حکومت سے سربلند کیا۔ سنہ ۱۲ جلوس مین خطاب رائے سے مفتخر کر کے منصب پانصدی ذات، چہار صد سوار پر ممتاز کیا۔ سنہ ۱۳ جلوس مین منصب ہفت صدی پر سرفراز کر کے راجہ بکرماجیت کے ساتھ مہم کانگڑہ پر مامور کیا۔

رحیم چند — پرتھی چند کے دو بیٹے تھے تلوک چند جس کا حال علیحدہ تحریر ہوا ہے۔ اور رحیم چند یہ شاہجہان کے عہد مین منصب ششصدی ذات، چہار صد سوار پر سرفراز تھا۔ سنہ ۱۹ جلوس کی مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔

رائے مانی داس

جہانگیر کے عہد مین محالات کا داروغہ تھا۔ سنہ ۳ جلوس مین خطاب رائے سے مفتخر ہو کر منصب ششصدی پر سرفراز ہوا۔ کاردان اور عمدہ اہلکار تھا۔ شاہجہان کے عہد مین منصب

ہزاری پر ممتاز ہو کر خدمت دیوانی تن کا خلعت مرحمت ہوا۔

دیوان تن دیوان تنخواہ کو کہتے تھے۔ سلطنت مغلیہ مین دیوان کل (وزیر اعظم) کے دو نائب ہوتے تھے۔ ایک دیوان تن۔ اور دوسرا دیوان خالصہ کے نام سے موسوم ہوتا تھا۔ پہلے کے متعلق تمام ممالک محروسہ کے ملازمان اور جاگیرداران کی تنخواہ کا حساب کتاب تھا دوسرے کے تعلق خالصہ شریفہ کا دفتر رہتا تھا۔ وزیر اعظم کے بعد یہ دونون عہدے بہت معزز سمجھے جاتے تھے۔

رائے مانی داس اپنی زندگی بھر اس عہدے پر سرفراز رہا سنہ ۵ جلوس شاہجہانی مین انتقال کیا۔

راجہ مان سنگھ

راجہ مان سنگھ

جہانگیر کے عہد مین منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر سرفراز اور خطاب راجگی سے موصوف تھا۔ سنہ ۱۱ جلوس مین جہانگیر نے شیخ فرید کو قلعہ کانگڑہ کی تسخیر کے واسطے روانہ کیا۔ مان سنگھ کو اُس کے ہمراہ تعینات کیا۔ شیخ فرید نے ایام محاصرہ قلعہ کانگڑہ مین انتقال کیا۔ اِس موقع پر مان سنگھ نے نہایت عقلمندی سے شاہی فوج کو منتشر نہونے دیا۔ اور اپنی حسن تدبیر سے مہم کا خاتمہ صلح اور صفائی سے انجام کو پہونچایا۔ اور راجہ کانگڑہ کے بیٹے کو جس کی عمر ۱۰ برس کی تھی اپنے ساتھ لیکر دربار مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے اِس حسن خدمت کے صلے مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار پر مفتخر کر کے اور دوبارہ سپہ سالار بنا کر قلعہ کانگڑہ کی تسخیر کے واسطے روانہ کیا۔ رخصت کے وقت خلعت کے علاوہ انعام و اکرام سے سرفراز کیا۔

جب مان سنگھ فوج لئے ہوئے لاہور پہونچا تو سُنا کہ سنگرام پہاڑی راجہ نے اُسکی جاگیر کے چند دیہات پر قبضہ کر لیا ہے۔ مان سنگھ کو یہ حال سُن کر تاب نہ رہی۔ اُسی وقت سنگرام کی طرف چڑھ دوڑا۔ سنگرام نے مقابلے کی طاقت نہ دیکھی بھاگ کر دشوار گذار پہاڑون مین جا گھسا۔ مان سنگھ نے بہادری کے جوش مین آکر چند آدمیون کے ساتھ اُس کا

تعاقب کیا سنگرام نے جب دیکھا کہ کسی طرح چھٹکارا نہین تو بقول شخصے ؎

وقتِ ضرورت چو نماند گریز　　　دست بگیرد سرِ شمشیر تیز

پھر کر مقابلے پر آمادہ ہوگیا۔ مان سنگھ کے ساتھ بہت تھوڑے آدمی تھے۔ مگر اُس نے خوب مقابلہ کیا۔ اور غنیم کے بہت سے آدمیون کو تہ تیغ کر ڈالا۔ اسی عرصے مین سنگرام کے ایک سپاہی نے پہاڑ کے اوپر سے جس کے نیچے لڑائی ہو رہی تھی ایک بھاری پتھر تاک کر ایسا مارا کہ اس بے نظیر بہادر کا کام تمام ہوگیا۔

راجہ اُدے سنگھ

جہانگیر نے اُس کے بیٹے اُدے سنگھ کو خطاب راجگی سے موصوف کر کے منصب مناسب پر سرفراز کیا۔ وہ سنہ جلوس شاہجہانی تک منصب پانصدی ذات۔ صد سوار پر مامور تھا۔ اسی سال انتقال کیا۔

راجہ مان سنگھ گوالیاری

راجہ مان سنگھ گوالیاری

شاہجہان کے عہد مین منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر سرفراز تھا ۱۵ جلوس مین سعید خان بہادر ظفر جنگ کے ساتھ جگت سنگھ راجہ جمون کی تادیب پر مامور رہا۔ اور اس مہم مین اپنے حملہ ہائے مردانہ سے قلعہ جہپت کو فتح کیا۔ اور اس مہم کے اکثر معرکون مین شجاعت و بہادری کے جوہر دکھا کر خلعت و جمدھر مرصع اور اسپ و فیل اور نقد انعام و اکرام سے سرفراز ہوا۔

رائے مکند داس نارنولی

رائے مکند داس نارنولی

ذات کا ماتھر کایستہ اور نارنول کا رہنے والا تھا۔ نہایت تجربہ کار۔ لائق۔ اور کاردان اہلکار تھا۔ اول یمین الدولہ آصف خان کی سرکار مین کسی ادنی خدمت پر دو تین روپیہ ماہوار کا نوکر ہوا۔ لیکن بہت جلد اپنی خوبی لیاقت اور کارگذاری کے جوہر دکھا کر امارت

کے درجے پر پہونچا۔ اور اُس سرکار عالی کا دیوان ہو گیا

اِس معزز عہدے پر سرفراز ہو کر اُس نے نہایت عالی ہمتی سے اپنی برادری کی فیض رسانی پر کمر باندھی۔ اُس کے زمانہ اِمارت مین شاید ہی کوئی ایسا بدنصیب کایستہ بچا ہو کہ جو اُسکی سفارش سے برسرِ روزگار ہو کر صاحبِ نام ونشان نہ ہوا ہو۔ اُس کی عالی ہمتی کو دیکھکر اکثر لوگ اُسکی جانب سے جعلی سفارش نامے بنا بناکر اپنے مقصد مین کامیابی حاصل کرتے تھے۔ اگر اتفاق سے اِن جعلی سفارش نامون مین سے کوئی اُس کے سامنے پیش ہوتا تو وہ اُسے اپنا لکھا ہوا تسلیم کر لیتا تھا۔

یمین الدولہ کی وفات کے بعد شاہجہان نے اِسے ملازمت شاہی مین لے کر منصب ہشت صدی پر سرفراز کیا اور ۲۳۔ رمضان ۱۰۵۱ھ کو خلعت دیوانی تن۔ اور ۴۔ رجب ۱۰۵۲ھ کو دیوانی بیوتات (دیوان اُمور خانگی) کا خلعت مرحمت کیا۔

رائے صاحب نے اپنے زمانہ اِمارت مین نار نول اپنے وطن مین لاکھون روپیہ کے صرف سے عالیشان عمارتین تعمیر کرائی تھین۔ جن لوگون کے اُس جگہ مکان تھے اُنھون نے دربار مین حاضر ہو کر فریاد کی۔ اور یہ بھی بیان کیا۔ کہ رائے صاحب نے اِن محلات کی بنیاد مین چالیس لاکھ سرکاری روپیہ بھی دفن کیا ہے۔ بادشاہ نے حکم دیا۔ کہ سب عمارت مسمار کر دی جائے۔ وہان صرف حکم کی دیر تھی چند روز مین کل عمارت کھُد گئی جب بنیاد مین سے کچھ نہ نکلا۔ وہ سب لوگ پھر بادشاہ کی خدمت مین پیش کیئے گئے۔ بادشاہ نے اِس دروغ گوئی کی وجہ دریافت کی۔ اُنھون نے دست بستہ ہو کر عرض کیا۔ کہ رائے صاحب نے اپنی حکومت کے زور مین ہم غریبون کے جھونپڑون کو زبردستی چھین کر یہ عمارتین بنوائی تھین۔ اُنھین دیکھ دیکھکر ہماری آنکھون مین خون اُترتا تھا۔ ہمسے جھوٹ سچ جس طرح سے ہو سکا۔ اپنا بدلا لیا۔ اب جہان پناہ کو اختیار ہے۔ جو سزا ہمین دی جائے ہم اُس کے سزاوار ہین۔ رحم دل بادشاہ کو اِن کا معقول جواب سن کر رحم آگیا۔ اور سب کو چھوڑ دیا۔ سچ ہے۔ ؎

بترس از آہِ مظلوماں کہ ہنگامِ دعا کردن ۔ اجابت از درِ حق بہرِ استقبال می آید

مہیش داس راٹھور مہابت خانی

مہیش داس راٹھور مہابت خانی

دلپت سنگھ برادر راجہ سورج سنگھ راٹھور کا بیٹا تھا۔ اول مہابت خان خانخانان کی سرکار میں ملازم تھا۔ سنہ ۱ جلوس شاہجہانی میں اُس کی وفات کے بعد شاہجہان نے منصب پانصدی ذات۔ چہار صد سوار پر سرفراز کر کے ملازمانِ شاہی میں منسلک کیا۔ اور لشکر شاہی کے ساتھ جہار سنگھ بندیلہ کی تنبیہ پر مامور کیا۔ سنہ ۹ جلوس شاہجہانی میں خاندوران خان کے ساتھ ناذیر میں تعینات ہوا۔

سنہ ۱۱ جلوس میں منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر۔ اور سنہ ۱۵ جلوس میں ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر مقرر ہوا۔ اسی سال خلعت و علم مرحمت ہو کر مہم قندھار پر متعین ہوا۔ سنہ ۱۶ جلوس میں ۱۵ جمادی الثانی سنہ ۱۰۵۲ھ کو شاہجہان نے منصب دو ہزاری ذات دو ہزار سوار پر مقرر کر کے پرگنہ جالور بہ طریق وطن جاگیر میں مرحمت کیا۔ سنہ ۱۸ جلوس میں لاہور کا قلعدار مقرر کیا۔ سنہ ۱۹ جلوس میں منصب دو ہزار و پانصدی پر سرفراز کر کے شاہزادہ مراد کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان میں مامور کیا۔ سنہ ۲۰ جلوس میں خدمات مہم مذکور کے صلے میں منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار و پانصد سوار پر سربلند کیا۔ اور اسی سال ۹ صفر سنہ ۱۰۵۷ھ کو انتقال کیا۔

مہیش داس نہایت شجاع اور بہادر جوان تھا۔ شاہجہان اس وفاداری اور جان نثاری کے جوہر سے بہت عزیز رکھتا تھا۔ وہ دربار شاہجہانی میں خاص بادشاہ کے تخت کے پیچھے کھڑا ہوتا تھا۔ اور بحالت سواری بھی بادشاہ کے ہمراہ رہتا تھا۔ اُس کی وفات سے بادشاہ کو بہت افسوس ہوا۔ اُس کے بیٹے رتن سنگھ کو جس کا حال تحریر ہو چکا ہے منصب پر سرفراز کر کے جالور کی حکومت پر سربلند کیا۔

جسونت برادر مہیش داس

مہیش داس کا بھائی جسونت منصب پانصدی ذات۔ دوصد و پنجاہ سوار پر سرفراز تھا ۱۱۔ جمادی الاول ۱۰۵۶ھ کو بادشاہ نے خلعت و اسپ مرحمت کرکے راجہ جے سنگھ کے ساتھ مہم بلخ پر روانہ کیا۔

مہیش داس راٹھور

مہیش داس راٹھور

ابتدا مین راجہ گج سنگھ اور مہاراجہ جسونت سنگھ کی سرکار مین ملازم تھا۔ ۱۲ سنہ جلوس مین ۸۔ رجب ۱۰۴۸ھ کو شاہجہان نے خلعت مرحمت کرکے منصب ہشتصدی ذات۔ سہ صد سوار پر سرفراز کیا۔ یکم ربیع الاول ۱۰۵۰ھ کو طویلہ خاص سے اسپ مرحمت کیا۔ یکم محرم ۱۰۵۱ھ کو راج سنگھ راٹھور کے مرنے کے بعد خلعت و اسپ مرحمت کرکے راجہ جسونت سنگھ کا اتالیق مقرر کیا۔ ۱۱۔ محرم ۱۰۵۱ھ کو منصب ہزاری ذات۔ ہشت صد سوار سے ممتاز کیا۔

سنہ ۱۵ جلوس مین خلعت و اسپ اور علم مرحمت کرکے شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار پر متعین کیا۔

سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوکر جانفشانی اور جانبازی کا حق ادا کیا۔ اس کے بعد مہمات قندھار وغیرہ مین شریک ہوکر ہمت مردانہ کے جوہر دکھائے۔

۱۰۶۸ھ مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ جنگ اُجین مین شریک تھا۔ اس کے بعد راجہ موصوف کے ساتھ بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوا۔ اور کھجوہ کی لڑائی مین راجہ کے ساتھ شاہی لشکر مین موجود تھا۔ اور اُسی کے ساتھ بھاگ گیا۔ پھر کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

مادھوسنگھ ہاڈا

مادھوسنگھ ہاڈا

راؤ رتن ہاڈا کا چھوٹا بیٹا تھا۔ سنہ جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۲ جلوس مین خانجہان لودی کے تعاقب پر مامور رہا۔ سنہ ۳ جلوس مین

شایستہ خان کی ماتحتی مین مہم دکن مین متعین ہوا۔ اس کے بعد سید مظفر خان کے ساتھ جانجہا
لودہی کی سرکوبی پر تعینات ہوا۔ اثناے تعاقب مین ایک مرتبہ خانجہان کے برابر جا پہونچا۔
گھوڑے سے اُتر کر اُس پر برچھے کا وار کیا۔ دونون مین ایسا معرکہ ہوا کہ رستم و اسفندیار کے معرکے
یاد آگئے۔ شاہجہان نے اس حسن خدمت کے صلے مین علم مرحمت کر کے منصب دو ہزاری
ہزار سوار پر سرفراز کیا۔ اسی سال باپ کے مرنے کے بعد منصب دو ہزار و پانصدی ذات
دو ہزار سوار پر منتہی ہوا۔ اور بادشاہ نے پرگنہ کوٹہ۔ پلایتہ جاگیر مین مرحمت کیا۔

سنہ جلوس مین شاہزادہ شجاع کے ساتھ مہم دکن مین مامور ہوا۔ اور مہابت خان
کی وفات کے بعد خاندوران بہادر صوبہ دار دکن کی نیابت مین برہانپور کا صوبہ دار
مقرر ہوا۔ سنہ جلوس مین منصب سہ ہزاری دو ہزار سوار پر ترقی پائی۔ سنہ ۱۱ جلوس مین شاہزادہ
شجاع کے ساتھ کابل مین تعینات ہوا۔ سنہ جلوس مین منصب سہ ہزار و پانصدی۔ اور سنہ ۱۹
مین منصب چہار ہزاری سے منتہی ہوا۔ سنہ جلوس مین امیر الامرا صوبہ دار کابل کی کمک پر
مامور ہوا۔ اس کے بعد بلخ کی قلعداری پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۲۱ جلوس مین بیمار ہو کر رخصت پر وطن
گیا۔ اور اسی سال سنہ ھ مین انتقال کیا۔

مکند سنگھ۔ موہن سنگھ۔ کشور سنگھ تین بیٹے تھے۔ مکند سنگھ کا حال ذیل مین تحریر کیا جاتا ہے۔
کشور سنگھ کا حال رام سنگھ ہاڈا کے بیان مین لکھا چکا ہے۔ موہن سنگھ باپ کے مرنے کے بعد
ملازمان شاہی مین منسلک ہوا۔ سنہ کی جنگ اُجین مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ تھا
اور بسبب نطقیر شجاعت و بہادری کے ساتھ درگزر آگیا۔

مکند سنگھ ہاڈا

مادہو سنگھ ہاڈا کا بیٹا باپ کے مرنے کے بعد سنہ ۲۱ جلوس مین دربار شاہجہانی مین
حاضر ہوا۔ بادشاہ نے منصب دو ہزاری ذات۔ ہزار و پانصد سوار پر سرفراز کر کے کوٹہ وغیرہ

بدستور جاگیر مین عطا کیا۔ اِسی سال منصب دو ہزاری و پانصدی پر ترقی ہوئی۔ ۲۲ سنہ جلوس مین شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ مہم قندہار پر متعین ہوا۔ ۲۵ سنہ جلوس مین علم و نقارہ مرحمت ہو کر منصب سہ ہزاری سے ممتاز ہوا۔ اور شاہزادہ اورنگ زیب کے ساتھ دوبارہ مہم قندہار پر روانہ ہوا۔ ۲۶ سنہ جلوس مین شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ تیسری مرتبہ مہم قندھار مین شریک ہوا۔ وہان سے واپس آ کر منصب سہ ہزاری ذات۔ دو ہزار سوار پر مفتخر ہوا۔

۲۸ سنہ جلوس مین علامی سعد اللہ خان کے ساتھ قلعۂ چیوڑ کی منہدمی پر مامور رہا۔

۱۰۶۸ھ ۳۱ سنہ جلوس مین مہاراجہ جسونت سنگھ کے ساتھ متعین ہو کر جنگ اُجین مین شریک ہوا۔ اس معرکے مین اِس بہادر نے اپنی جان کو جان نہین سمجھا۔ اور سب سے پہلے ہمت کر کے معہ اپنے چھوٹے بھائی موہن سنگھ کے اورنگ زیب کے توپ خانہ پر جا گرا۔ اور حملہ ہائے مردانہ سے ہراول کی صفون کو تہ و بالا کرتا ہوا خاص اورنگ زیب کے ہاتھی کے پاس جا پہونچا۔ اور نہایت بے نظیر شجاعت کے ساتھ لڑ کر اپنی جان عزت پر قربان کر گیا۔

جگت سنگھ باڈا

عالمگیر کے عہد مین مکند سنگھ کا بیٹا جگت سنگھ حاضر دربار ہو کر باپ کا جانشین مقرر کیا گیا۔ جب ۱۰۹۲ھ ۲۵ سنہ جلوس مین اُس نے لاولد انتقال کیا۔ تو بادشاہ نے اُس کے چچا کشور سنگھ کو اُس کا جانشین مقرر کیا۔ کشور سنگھ کا حال رام سنگھ اُس کے بیٹے کے حال مین لکھا گیا ہے۔

مالوجی بھونسلا

کھیلوجی اور پرسوجی کا بھائی تھا۔ کھیلوجی کی معزولی[۱] کے بعد منصب پنجہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے سرفراز ہو کر مہمات دکن مین شریک ہوتا رہا۔ اور اپنی شجاعت و بہادری لیاقت و کاروانی سے جملہ صوبہ داران دکن کو خوش رکھکر علم و نقارہ کے اعزاز سے موصوف ہوا۔

---

[۱] پرسوجی کے حال مین دیکھو۔ ۱۲۔

راجہ مہا سنگھ بھدوریہ

راجہ مہا سنگھ بھدوریہ

راجہ بدن سنگھ بھدوریہ کا بیٹا تھا۔ باپ کے مرنے کے بعد سنہ ۲۶ جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات ہشت صد سوار پر سرفراز اور خطاب راجگی سے مفتخر ہوا۔ سنہ ۲۸ جلوس مین صوبہ کابل مین تعینات ہوا۔ سنہ ۳۱ جلوس مین منصب ہزاری ذات۔ ہزار سوار پر سربلند ہوا۔ سنہ ۱۰۶۸ھ کی جنگ سموگڈھ مین داراشکوہ کے ساتھ تھا۔ اُس کی شکست کے بعد بارگاہ عالمگیری مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے سبکرن بندیلہ کے ساتھ چمپت بندیلہ کی تادیب کیواسطے روانہ کیا۔ سنہ ۱۰ جلوس مین کامل خان کے ساتھ یوسف زئی پٹھانون کی سرکوبی پر مامور کیا۔ اِس نے اِس خدمت کو اس عمدگی سے انجام دیا کہ بادشاہ نے اِس کے منصب کو پانسو سوار دو اسپہ سہ اسپہ مقرر کر دیئے۔

سنہ ۱۶ جلوس مین اس نے وفات پائی۔ اُدت سنگھ اِس کا بیٹا تھا جس کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے جب اورنگ زیب مہاراجہ جسونت سنگھ کو اجین مین شکست دے کر آگے بڑھا۔ داراشکوہ نے یہ حال سنکر آگرہ سے کوچ کیا۔ اور چنبل کے کنارے پہونچکر چنبل کے سب گھاٹ خصوصًا دھولپور کا گھاٹ جہان سے گوالیار اور دکن کا عام راستہ تھا روک لیا۔ بھداور کے راجہ نے نواح گوالیار مین اورنگ زیب کی خدمت مین حاضر ہو کر چنبل سے عبور کرا دینے کی خدمت بجا لانے کا اپنا ذمہ کر لیا۔ اورنگ زیب نے کارخانجات شاہی کو کواری کی سرائے مین چھوڑا۔ اور راجہ کے مشورے سے پچیس کوس کی مسافت کو دو منزلون مین طے کر کے رمضان کی پہلی تاریخ سنہ ۱۰۶۸ھ کو ایک غیر معروف گھاٹ (راقم الحروف کے نزدیک یہ گھاٹ موضع گونسلی پرگنہ باہ کا گھاٹ تھا) سے عبور کر کے داراشکوہ کے خبر ہونے سے پہلے سموگڈھ آن پہونچا۔

فارسی تاریخون مین راجہ کا نام نہین لکھا۔ ڈاکٹر برنیر نے چمپت نام لکھا ہے۔ لیکن اُس

زمانے مین بھدا ورکے راج پر مہا سنگھ سرفراز تھا۔ ممکن ہے کہ چمپت اُسکے کسی رشتہ دار یا
سردار کا نام ہوا ور مہا سنگھ نے دونون شاہزادون کے رضامند رکھنے کے واسطے یہ
ترکیب کی ہو کہ خود دارا شکوہ کے ساتھ رہا ہو۔ اور خفیہ طور سے اپنے کسی رشتے دار کو
اورنگ زیب کے پاس بھیجکر یہ کارروائی کی ہو اس خیال کی اس امر سے بھی تصدیق
ہوتی ہے کہ مہا سنگھ کے بیٹے اُدت سنگھ نے اورنگ زیب کے عہد مین اپنے خاندان
مین سب سے زیادہ ترقی کی۔ اور منصب سہ ہزاری سے سرفراز ہوا۔

مان سنگھ راٹھور

راجہ روپ سنگھ راٹھور کا بیٹا تھا۔ باپ کے مارے جانے کے بعد بارگاہ عالمگیری
مین حاضر ہوکر ملازمان شاہی مین منسلک ہوا۔ بادشاہ نے کشن گڈھ بدستور سابق جاگیر مین
مرحمت کیا اور پورہ مانڈل کی فوجداری پر سرفراز کیا۔ مدت تک اسی عہدے پر مامور رہا۔
[illegible] جلوس مین ذوالفقار خان بہادر کے ساتھ قلعہ جنجی کی تسخیر پر متعین ہوا۔ اور نہایت
بہادری سے قلعہ مذکور کو فتح کر لیا [illegible] جلوس مین منصب سہ ہزاری سے مفتخر ہوا۔ بہادر شاہ
نے اپنے عہد سلطنت مین کشن گڈھ کی حکومت پر راج سنگھ عرف راجہ بہادر کو سرفراز کیا۔ اور
مان سنگھ کو بدستور منصب سہ ہزاری پر قائم رکھا۔

راجہ منوہر داس

شہنشاہ عالمگیر کے عہد مین شولاپور کا قلعدار تھا۔ [illegible] جلوس مین پچاس ہزار
روپیہ پیشکش [illegible] کے خطاب راجگی سے موصوف ہوا۔ تمام عمر اسی عہدے پر سرفراز
[illegible] جلوس مین انتقال کیا۔ بادشاہ نے کشور داس اُس کے بیٹے کو شولاپور
کی قلعداری پر مقرر کیا۔

رائے۔ رایان ملوک چند

شہنشاہ عالمگیر کے عہد مین شاہزادہ محمد اعظم شاہ کی نیابت مین صوبہ مالوہ کی حکومت پر سرفراز تھا جب ۱۰۹۶ھ مین پہاڑ سنگھ گوڑ نے اُجین مین شورش برپا کی۔ اِس نے بڑی ہمت دکھائی۔ اور اُس باغی پر جاپڑا۔ اور لڑائی مین اُسے گرفتار کر کے اُس کا سر کاٹ لیا۔ اور عرضداشت کے ساتھ بادشاہ کے پاس بھیجدیا۔ بادشاہ نے اِس حسن خدمت کے صلے مین منصب مین اضافہ کر کے خطاب رائے رایان سے موصوف کیا۔ اور خلعت و شمشیر و اسپ مرحمت کیا۔ اور اُسکی سفارش مین شاہزادہ محمد اعظم کو ذیل کا رقعہ تحریر فرمایا۔

"فرزند سعادت توام محمد اعظم حفظ اللہ تعالیٰ و سلّم۔ از وقائع صوبۂ مالوہ بعرض رسید کہ پہاڑ سنگھ کور باطن کہ از کمال نخوت و پندار مایۂ شور و فساد شدہ مصدر ہنگامہ آرائی بود۔ از دست ملوک چند پسندیدہ دست دیوان آن فرزند ارجمند اقبال پیوند کشتہ شد۔ و بہ جہنم واصل گشت۔ الحمد للہ علیٰ کُلِّ حال۔ بیت

اے خدا قربانِ احسانت شوم
این چہ احسان ست قربانت شوم

فی الحقیقت ظہور این امر نتیجۂ فیض تربیت آن فرزند ست۔ کہ نوکران را دل دادہ سرگرم کارہائے عمدہ بادشاہی میکند۔ بہ این توجیہ کہ تہنیت خالی بر زبان نیاید مالائے مروارید قیمتی پنجاہ ہزار روپیہ برائے آن فرزند مرحمت نمودیم۔ چون این ہندو (ملوک چند) ہمان مثل راست آوردہ کہ گویا کنجشک مردانہ باز سے را زدہ او را بہ منصب پانصدی ذات و صد سوار و خطاب رائے رایان و خلعت و شمشیر و اسپ سربلندی بخشیدیم۔ ہم رعایتے درخور کہ موجب امتیاز او در اقران و امثال تواند بود البتہ مع نشان (شاہزادون کے فرمان کو نشان کہتے تھے) تحسین و آفرین و استقلال نیابت صوبہ بفرستند۔ تا نوکرانِ دیگر را ہوس حسن خدمت و امید نتیجہ افزاید۔" ملوک چند نے اِسی

سال وفات پائی۔

ملوک چند نے آگرہ کے قریب چارسو بائیس بیگھہ آراضی مین ایک محلہ آباد کرکے اُس مین نفیس عمارتین اور باغات تعمیر کرائے تھے۔ اگرچہ ان عمارتون مین سے اب کسی کا نشان باقی نہین رہا۔ لیکن یہ آراضی معہ آبادی کے اب تک سرائے ملوک چند کے نام سے موسوم اور چک پنجم سواد شہر آگرہ مین واقع ہے۔

راجہ محکم سنگھ

راجہ محکم سنگھ

ذات کا کھتری تھا۔ ابتدا مین امیر الامرا سید حسین علیخان کی سرکار مین کم رتبہ نوکرون مین ملازم ہوا۔ اس کے بعد اپنی لیاقت کے جوہر دکھا کر اُن کی سرکار کا دیوان ہو گیا سنہ ۱۱۲۷ھ مین داؤد خان کی لڑائی مین کار ہائے نمایان انجام دیئے سنہ ۱۱۲۹ھ مین ذوالفقار بیگ کے ساتھ کھنڈو بیاریہ کی تنبیہ پر مامور رہا۔ اور مرہٹون کی فوج کو جو نواح احمد نگر مین لوٹ مار کر رہی تھی شکست دیکر ستارہ تک تعاقب کیا سنہ ۱۱۳۲ھ مین امیر الامرا کے قتل کے بعد حیدر علی خان کی سفارش سے ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ اول منصب شش ہزاری (۶۰۰۰) ۔ اور پھر منصب ہفت ہزاری (۷۰۰۰) سے سرفراز ہوا سنہ ۱۱۳۳ھ مین قطب الملک عبداللہ خان اور شاہی فوج کی لڑائی مین قطب الملک سے جا ملا۔ اور اسی لڑائی مین مارا گیا۔

مہاراجہ نرسنگھ دیو

مہاراجہ نرسنگھ دیو

راجہ مدھکر کا بیٹا تھا۔ اکبر کے عہد مین رہزنی کرکے ایام گذاری کرتا تھا۔ شاہزادہ سلیم (جہانگیر) شیخ ابوالفضل کو اپنا مخالف تصور کرکے ہمیشہ اُس سے ناراض رہتا تھا جب سنہ ۱۰۱۱ھ مین سلامتی کا راستہ چھوڑ کر باپ سے بگڑ بیٹھا تھا سُنا کہ ابوالفضل دکن سے حسب الطلب دربار مین آرہا ہے۔ اُسی وقت خفیہ طور سے نرسنگھ دیو کو لکھا کہ راستے مین جس طور سے ممکن ہو شیخ کا کام

تمام کردے۔ اگر خدا نے تخت نصیب کیا تو خاطر خواہ رُتبہ اور انعام سے سرفراز کردونگا۔"
اسنے نہایت خوشی سے اس خدمت کو قبول کیا۔ اور رہراہیون کو لیکر راستے مین آبیٹھا
جب شیخ ابوالفضل اُجین مین آئے تو یہ حال سُنا۔ رفیقان جان نثار نے ہرچند سمجھایا کہ ہماری
جمعیت تھوڑی ہے بہتر ہے کہ اس راستے کو چھوڑ کر چاندہ کی گھاٹی سے چلین۔ مگر قضا کا وقت
قریب آگیا تھا شیخ نے نہایت بے پروائی سے کہا کہ کیا بکتے ہو۔ اُس چور کا کیا حوصلہ ہے جو
بندگانِ شاہی کا راستہ روکے۔ یہ کہکر آگے کو روانہ ہوئے۔ یکم ربیع الاول ۱۰۱۱ھ کو
قصبہ آنتری (ریاست گوالیار مین گوالیار کے قریب واقع ہے) سے تین کوس پر نرسنگھدیو
معہ اپنی جمعیت کے شیخ پر آپڑا۔ شیخ نہایت بہادری سے تلوار کھینچکر مقابلے پر آمادہ ہوگیا۔ چند
افغان ساتھ تھے۔ سب جان نثاری کر کے سُرخرو ہوئے۔ شیخ نے کئی زخم کھائے مگر ایک
برچھے کا زخم ایسا لگا کہ فوراً گھوڑے سے گر کر جنت کو سدھارا۔ نرسنگھدیو نے سر کاٹ کر الہ آباد
مین شاہزادے کے پاس بھیجدیا۔ جب اکبر کو یہ حال معلوم ہوا کئی دن تک نہ دربار کیا نہ
کسی امیر سے بات کی بار بار افسوس کرتا اور کہتا تھا "ہائے شیخو جی (جہانگیر کو پیار سے کہا کرتا تھا)
بادشاہت لینی تھی تو مجھے مارنا تھا۔ بیچارے شیخ کو مارنا کیا ضرور تھا۔" اسکے بعد رائے پتر داس اور
شیخ کے بیٹے عبدالرحمن کو نرسنگھدیو کی گرفتاری کے واسطے بھیجا دونون مدتون جنگل اور پہاڑون
مین اُس کے پیچھے مارے مارے پھرے مگر وہ کہین نہ ٹھہرا۔ آخر تھک کر چلے آئے۔ اسکے
بعد بھی کئی مرتبہ فوجین روانہ کی گئین مگر وہ ہاتھ نہ آیا۔

جہانگیر نے تخت نشین ہو کر اُس کو منصب سہ ہزاری پر سرفراز کیا۔ اس کی نسبت اپنی
تزک مین لکھا ہے "بندیلہ راجپوتون مین راجہ نرسنگھدیو پر میری خاص نظر عنایت ہے۔ وہ
شجاعت نیکذاتی سادہ لوحی مین اپنے ہمرتبہ لوگون مین امتیاز تمام رکھتا ہے۔ مین نے اُسکو
منصب سہ ہزاری پر سرفراز کیا۔" اس کے بعد ترقی اور رعایت کا سبب یعنی واقعہ مندرجہ صدر
کا حال لکھا ہے۔

سنہ ۳ جلوس میں جہانگیر نے مہابت خان کے ساتھ مہم رانا پر متعین کیا۔ سنہ ۸ جلوس میں مہم دکن میں مامور رہا۔ سنہ ۱۰ جلوس میں منصب چہار ہزاری ذات۔ دو ہزار سوارسے مفتخر ہوا۔ سنہ ۱۰ جلوس میں شاہزادہ خورم (شاہجہان) کے ساتھ مہم رانا پر تعینات ہوا۔ سنہ ۱۲ جلوس میں پھر مہم دکن میں متعین ہوا۔

سنہ ۱۸ جلوس میں خطاب مہاراجہ سے مفتخر ہو کر شاہزادہ خورم کے تعاقب کی خدمت سپرد ہوئی۔ سنہ ۱۰۳۶ھ میں انتقال کیا۔

جہانگیر کے اخیر عہد کی بدانتظامی اور بادشاہ کی خاص نظر شفقت اور رعایت کی وجہ سے نرسنگھدیو نے اپنے علاقہ اوندچھہ (اُرچھا) کے قرب وجوار کے بہت سے علاقوں کو اپنے علاقہ جاگیر میں شامل کر لیا۔ اور بہت سے راجاؤں سے رشوت لے لیکر ایسی ثروت اور مملکت بہم پہونچائی۔ کہ ہندوستان کے کسی راجہ کو اس عہد میں نصیب نہ ہوئی تھی۔

نرسنگھدیو نے تینتالیس لاکھ روپیہ کے صرف سے متھرا میں نہایت عالیشان اور نفیس مندر تعمیر کرایا تھا اوندچھہ میں عمدہ عمدہ عمارتیں۔ مندر اور ایک بہت بڑا پختہ تالاب شیوساگر پرگنہ متھرا میں تالاب مندر ساگر اور تین سو اور چھوٹے بڑے تالاب بنوائے تھے۔

نرسنگھدیو کے بہت سے بیٹے تھے منجملہ اُن کے جھجہار سنگھ۔ پہاڑ سنگھ۔ بھگوان داس۔ بینی داس۔ چندر من۔ نرہر داس۔ امارت کے درجہ پر پہونچے جھجہار سنگھ اور پہاڑ سنگھ۔ اور چندر من کے حالات علیحدہ علیحدہ قلمبند ہو چکے ہیں۔ بھگوانداس سنہ ۱ جلوس شاہجہانی میں منصب ہزاری ذات ششصد سوار پر سرفراز ہوا۔ اس کے بعد خانخانان مہابت خان کے ساتھ اپنے بھائی جھجہار سنگھ بندیلہ کی سرکوبی پر مامور رہا۔ سنہ ۹ جلوس میں مہم ساہوجی بھوسلا پر تعینات ہوا۔ سنہ ۱۲ جلوس میں ایک راجپوت کے ہاتھ سے مارا گیا۔ سبکرن اُس کے بیٹے کا حال علیحدہ لکھا گیا ہے۔

بھگوانداس بندیلہ

بینی داس بندیلہ

بینی داس سنہ جلوس شاہجہانی مین منصب پانصدی پر سرفراز ہوا سنہ ۳۱ جلوس مین ایک راجپوت کے ہاتھ سے مارا گیا۔

زبردواس بندیلہ

زبردواس سنہ جلوس شاہجہانی مین منصب پانصدی پر سربلند ہوا سنہ جلوس مین انتقال کیا۔

نیباسیندھیا

نیباسیندھیا سردار مرہٹہ

مرہٹون کا مشہور و معروف اور نہایت شجاع و بہادر سردار تھا سنہ ۱۱۱۹ھ مین بہادر شاہ اور کام بخش کی لڑائی مین بہادر شاہ کی خدمت مین حاضر ہو کر شریک جنگ ہوا۔ اور فتح کے بعد ذوالفقار خان بہادر نصرت جنگ کے توسل سے منصب ہفت ہزاری ذات۔ پنجہزار سوار سے مفتخر ہو کر دو لاکھ روپیہ نقد۔ اور اسپ و فیل اور علم و نقارہ۔ مرحمت ہوا۔ اور اُس کے بیٹون اور پوتون سب کا علیحدہ علیحدہ منصب قرار پایا۔ کُل خاندان کا منصب چہل ہزاری ذات۔ بست و پنجہزار سوار شمار مین آیا۔ اِس منصب کی تنخواہ مین بڑے بڑے زرخیز پرگنے صوبۂ خجستہ بنیاد وغیرہ کے جاگیر مین مرحمت ہوئے۔

سنہ ۱۱۲۵ھ مین امیر الامرا حسین علی خان اور داؤد خان کی لڑائی مین یہ اپنے ہمراہیون کے ساتھ اول دور سے تماشا دیکھتا رہا۔ جب امیر الامرا کی فتح کے نشانات ظاہر ہوئے اُنکی خدمت مین آکر حاضر ہوا۔ اور فتح کی مبارکباد دیکر داؤد خان کے مال و اسباب کی لوٹ مین شریک ہوگیا۔ اس کے بعد کا کچھ حال نظر سے نہین گذرا۔

راجہ نول رائے

راجہ نول رائے

ذات کا سکسینہ کایستہ چکوا خاندان سے تھا۔ پرگنہ اٹاوہ کا موروثی قانونگو تھا۔ راجہ رتن چند کے زمانۂ امارت مین اپنی خوش لیاقتی۔ اور اُس کی نظر عنایت کی وجہ سے ترقی کر کے

امارت کے درجہ پر پہونچا۔ احمد شاہ کے عہد مین جب عبد المنصور خان صفدر جنگ وزیر کو اودھ اور الہ آباد کی صوبہ داری مرحمت ہوئی۔ یہ اُن کی نیابت مین دونون صوبون کی حکومت پر سرفراز ہوا۔

سلطنت مغلیہ کے تنزل کے زمانے مین صوبہ الہ آباد اور اودھ کے قرب وجوار مین پٹھانون کی دو بڑی طاقتور ریاستین رہیلکھنڈ اور فرخ آباد مین قائم ہوگئی تھین اور اُن کا اقتدار روز بروز بڑھتا جاتا تھا صفدر جنگ اپنے صوبہ کے قرب وجوار مین پٹھانون کے اس اقتدار کو بُری نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اور ہمیشہ اُن کی بربادی کے منصوبے سوچا کرتا تھا۔ جب تک علی محمد خان والی رہیلکھنڈ زندہ رہا اُس کا کوئی منصوبہ نہ گٹھا اُسکے انتقال کے بعد جوڑ توڑ لگا کر سعد اللہ خان اُس کے بیٹے اور نواب قائم خان والی فرخ آباد کو بھڑا دیا۔ جب قائم خان اس لڑائی مین مارا گیا۔ فوراً (۱۱۶۲ھ) فوج لے کر اُس کے ملک مین جا پہونچا۔ اور نول رائے کو معہ فوج کے لکھنؤ سے بُلا بھیجا۔ پٹھان اول تو مقابلے پر آمادہ ہوئے لیکن بھولے بھالے سپاہی صفدر جنگ اور نول رائے کی چاپلوسی اور خوشامدانہ گفتگو کے شکار ہوگئے۔ دونون نے صلاح ومشورہ کر کے نہایت مکروفریب سے بی بی صاحبہ (زوجہ نواب محمد خان بنگش) سے پینتالیس لاکھ روپیہ بھی وصول کر لیا اور بی بی صاحبہ کو نظر بند اور اُن کے پانچ بیٹون اور بڑے بڑے سردارون کو قید کر لیا صفدر جنگ تو بیبیون کو قید کر کے دہلی لے گیا۔ نول رائے نے پانچون بیٹون کو قید کرا کر الہ آباد کے قلعہ مین بھیج دیا اور خود بی بی صاحبہ کو ساتھ لیکر قنوج روانہ ہوا۔

نول رائے نے قنوج کی مشہور عمارت موتی محل مین سکونت اختیار کی۔ اور کُل ملک مین اپنے عامل اور تحصیلدار مقرر کر کے حکومت کرنے لگا۔ پٹھانون مین اگرچہ بہت جوش پھیلا ہوا تھا۔ اور وہ شب وروز مقابلے کے واسطے آمادہ رہتے تھے مگر اس خوف سے سر نہین اُٹھاتے تھے کہ بی بی صاحبہ اور شاہزادے دشمنون کی قید مین تھے۔

منشی صاحب رائے کایستھ نواب محمد خان بنگش کے ایک وفادار ملازم کی وفاداری سے بی بی صاحبہ نے نول رائے کی قید سے رہائی پائی[1]- اور وہ بخیریت مئو جا پہونچین- نول رائے نے پانسو سوار پیچھے دوڑائے- مگر وہ اُن تک نہ پہونچ سکے- اور ناکام واپس آئے- نول رائے نے اسکی اطلاع مناسب پیرایہ مین صفدر جنگ کو دی- اور اُس دن سے پٹھانون پر اور بھی زیادہ ظلم کرنے لگا- جب نول رائے کا ظلم حد سے گذر گیا- تو پٹھانون نے مقابلے کی فکر کرنا شروع کی- اِسی عرصے مین ایک ایسی واردات ظلم کی پیش آئی جس نے پٹھانون کے دلونکو اور بھی بڑھکا دیا- ایک پٹھان عورت بازار مین سوت بیچنے کے واسطے گئی- اُس کا سوت کوتوالی کے ایک ہندو سپاہی نے خریدا- اور قیمت دیکر چلا گیا- ایک مہینے کے بعد سپاہی مذکور سوت واپس لایا- اور اُس عورت سے کہنے لگا کہ اپنا سوت لے اور میرے دام مجھے واپس دے- عورت نے جواب دیا کہ دنیا مین کہین ایسا دستور نہین کہ ایک مہینے کے بعد سودا واپس دیا جائے- اس جواب پر سپاہی نے اُس کو گالی دی- اُس پٹھانی نے ترکی بہ ترکی جواب دیا- سپاہی نے غصّے مین آکر جوتے سے اُس پٹھانی کو خوب مارا- وہ اپنا سر اور چھاتی پیٹتی ہوئی تمام پٹھان رئیسون کے پاس گئی- اور نہایت جوش سے کہنے لگی "کہ کاش خدا محمد خان کو فقط بیٹیان دیتا- لعنت خدا کی تمپر کہ پگڑی باندھتے ہو اور تمھارے سے کچھ نہین ہوتا- تُف ہے تمھارے اوپر کہ ایک ادنٰی ہندو سپاہی نے آفریدی کی جورو کو جوتے سے مارا- اور تم سے کچھ نہ ہو سکا"

جب پٹھانون نے اس عورت کی یہ گفتگو سُنی- اُن کے دل ہل گئے- سب جمع ہوکر بی بی صاحبہ کے پاس گئے- اور نول رائے سے لڑنے کے واسطے مستعدی ظاہر کی- بی بی صاحبہ نے کہا کہ میرے خاص خاص چیلے دہلی مین اور پانچ بیٹے الہ آباد مین قید ہین- مین ایسی حالت مین لڑائی کی کسطرح رائے دے سکتی ہون- اِس کے بعد یہ لوگ احمد خان پسر

---

[1] اس کا حال انشاءاللہ تعالیٰ حصّہ دوم مین صاحب رائے کے حال مین لکھا جائے گا-

محمد خان بنگش کے پاس فرخ آباد پہونچے - اور اُس کو سمجھا بجھا کر مئو سے آئے - اور بی بی صاحبہ کو
بھی رضامند کرکے اُن کے ہاتھ سے احمد خان کو نوابی کا خلعت پہنوایا - اور قرب وجوار کے
پٹھانون کو اکٹھا کرکے نول رائے کے تمام عاملون کو بھگا دیا - اور بارہ ہزار سوار اور بارہ ہزار
پیادے اکٹھا کرکے نول رائے کے مقابلے کے واسطے روانہ ہوئے -

جب نول رائے کے مئو کے عامل بھاگ کر اُس کے پاس پہونچے - اور اُس کو یہ حال
معلوم ہوا تو گالیان دے کر کہنے لگا "کہ اگر بہیارون اور کونجڑون کو مع اُن کی عورتون کے
ننگا کرکے اپنے ہاتھیون کے پاؤن کے نیچے نہ روندوا ڈالون تو نول رائے نام نہین" اور
اُسی وقت لشکر کی تیاری کا حکم دیا - اور بے شمار فوج اور ایک ہزار توپین لیکر قنوج سے روانہ
ہوا - اور خدا گنج پہونچکر پڑاؤ ڈالا - اسی عرصے مین صفدر جنگ کا حکم پہونچا کہ مین خود آتا ہون
جبتک مین نہ پہنچ جاؤن جنگ ملتوی رکھنا - اس مرتبہ مین پٹھانون کا تخم سرزمین ہند مین
باقی نہ رکھونگا - اور ان جانورون مین سے لڑائی کے بعد جو زندہ بچ رہین گے سب کی
گردن مین پتھر بندھوا کر دریا مین ڈبوا دونگا - اس حکم کے موصول ہوتے پر نول رائے
نے اپنے پڑاؤ کے اردگرد خندق کھدوا دی - اور خندق پر توپین لگا کر اُنھین زنجیرون
سے جکڑوا دیا - نواب احمد خان نے بھی اس پڑاؤ سے دو میل کے فاصلے پر آکر پڑاؤ ڈالدیا -
جب صفدر جنگ کے آنے کی خبر مشہور ہوئی - نواب احمد خان نے اُس کے آنے سے پہلے
حملہ کرنے کا ارادہ کیا - اور ۹ - رمضان سنہ ۱۱۶۳ھ کو میان گل جاسوس کی رہبری سے غروب
آفتاب سے تین گھنٹے کے بعد نول رائے کے لشکر سے تین کوس علیحدہ علیحدہ کوچ کیا - اور طلوع
آفتاب سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر نول رائے کے پڑاو کی پشت پر جہان توپین نہ تھین اور سادات بارہا
متعین تھے حملہ کیا - سادات بارہا اور پٹھانون مین خوب زور شور سے اوّل بندوق اور پھر
تلوار چلنا شروع ہوئی - توپین بھی دغنا شروع ہوگئین - اوّل سادات بارہا نے پٹھانون کو پیچھے
ہٹا دیا جب احمد خان نے یہ حال دیکھا بہت لعنت ملامت کرکے کہا کہ کیا مجھے اسی غرض سے

ساتھ لائے تھے۔ کہ مین تمکو نامردون کی طرح بھاگتا دیکھون کل دیکھنا کہ تم ننگے اور تمھاری عورتین
بے آبرو کیجا دین گی" یہ کہکر چھُرا نکالکر خودکشی کرنا چاہا۔ رستم خان وغیرہ نے ہاتھ پکڑ لیا۔ اِس
کارروائی کا یہ اثر ہوا کہ کُل پٹھان گھوڑون سے اُتر پڑے۔ اور اپنے جامے کے دامن کمر سے
باندھکر نہایت جوش سے نول رائے کی فوج مین گھُس پڑے۔ ساداتِ بارہا نے ان کے
روکنے مین اگرچہ اپنی جانین لڑا دین مگر اِس مرتبہ نہ روک سکے۔ کچھ مارے گئے۔ کچھ اندر
بھاگے۔ اب پٹھان مورچون کے اندر گھُس آئے۔ اِسی عرصے مین قاصد نے دوڑ کر
نول رائے کو خبر دی۔ وہ پوجا پاٹ کا بڑا پابند تھا جب تک پوجا نہ کرلیتا کوئی کام شروع نکرتا
تھا۔ یہان تک کہ بغیر پوجا کیئے گھر سے بھی باہر نہ نکلتا تھا یہ خبر سُن کر بولا "کہ کچھ مضائقہ نہین ہے
ان کو بجٹردن کو اپنی کمان کے گوشہ سے باندھ لاؤن گا" یہ کہکر پوجا پر بیٹھ گیا۔ اِس عرصے
مین پٹھان بہت قریب آگئے" قاصد پھر دوڑا ہوا پہونچا اور اپنی جان پر کھیل کر بولا "کہ اے
بیوقوف تو یہان پوجا کرنے بیٹھا ہے اور پٹھان تیرے دروازے تک آن پہونچے ہین۔
تھوڑی دیر مین اِس پوجا کا مزہ معلوم ہو جائے گا" یہ سُن کر وہ فوراً کھڑا ہو گیا۔ اور ہتھیار
لگا کر ہاتھی پر سوار ہوا۔ اور دو تیر ایک ساتھ چلّے مین رکھکر پٹھانون پر یہ کہکر مارے "دو مار
مورے سارے کو بجٹرون کو" اب خوب صبح ہو گئی تھی۔ لڑائی خوب زور شور سے
ہونے لگی۔ رستم خان اور محمد خان آفریدی نول رائے کو ڈھونڈھتے ہوئے اُس کے
قریب جا پہونچے۔ اِسی عرصے مین نول رائے کی فوج کے ایک پٹھان نے ہشیلائی زبان
پشتو مین کہا "اے کافرو کہان چلے آتے ہو۔ خبردار یہان کوئی نہ آنے پائے۔ یہان فوج
کے سردار رونق افروز ہین" محمد خان کا ایک بھائی حال ہی مین افغانستان سے آیا
تھا۔ وہ اس زبان کو سمجھتا تھا۔ اُس نے ترجمہ کر کے سب کو سُنایا۔ محمد خان آگے بڑھکر
نول رائے کے قریب پہونچا۔ اُس نے اُس کی طرف دیکھکر کہا "کہ اے کو بجٹر دین تمکو
ایسی قرار واقعی سزا دون گا۔ کہ تمھارا نام و نشان اِس ملک مین باقی نہ رہے گا"

یہ کہکر محمد خان پر تیر مارا جو اُس کے سینے پر لگا۔ اُس نے تیر کو سینے سے نکالکر کہا۔ کہ اے تیر تو کس نامرد کے ہاتھ سے آیا ہے کہ تجھ مین کچھ بھی زور نہ تھا۔ نول رائے نے دوسرا تیر مارا اسی عرصے مین ایک قادر انداز آفریدی نے تاک کر گولی کا ایسا نشانہ مارا کہ نول رائے اُس کے لگتے ہی سرد ہو گیا۔ فیلبان نے جب یہ حال دیکھا ہاتھی کو قنوج کیطرف بھگا لے گیا۔ راجہ کے ہاتھی کو بھاگتا دیکھکر کل فوج نے بھاگنا شروع کیا۔ پٹھانون کے ہاتھ اسقدر مال غنیمت لگا کہ بعض بعض کو ایک ایک لاکھ روپیہ ملا۔

اس لڑائی مین نول رائے کے علاوہ تیس بڑے بڑے عہدہ دار مثل میر محمد صالح عطاء اللہ خان وغیرہ کے مارے گئے۔ ہزار دن نجیب و شریف شیخ و سید بلگرام وغیرہ کے رہنے والے حق نمک پر جان کو فدا کر گئے۔ نواب بقاء اللہ خان نے بڑا کام کیا کہ راجہ کے بال بچون کو قنوج سے اُسی وقت لے کر لکھنؤ روانہ ہو گئے۔

نواب احمد خان فتحیاب ہو کر نہایت شان و شوکت سے فرخ آباد مین داخل ہوا۔ تمام ملک مین اپنا انتظام کیا۔ خوب جشن منائے۔ جشن کے موقع پر موضع عطائی پور پرگنہ قائم گنج کے ایک بھاٹ مسمی بھبوتی نے ایک گیت تصنیف کر کے نواب کو سُنایا جس کے انعام مین ایک مسلم موضع اُس کو مرحمت کیا گیا۔ وہ گیت یہ ہے ؎

عجب وہ صاحب قدرت ہو جس نے جگ سنبھارا ہے | خدا ہی پاک مولی ہے وہی پروردگارا ہے
گھوڑا باندھا کہ کس کر تخیتم اوپر لیئے لشکر | لگے اُسکے عجب چکر غزدری کا غبارا ہے
نول سے مرد غازی کو نہ پوچھی بات پانی کو | نول سے مرد غازی کو پہونچ گولی سے مارا ہے
نول ہو وہ ست کہ موٹی کہین ہاتھی کہین گھوڑا | قبائل بھی کہین چھوڑا نہ سر چیرا سنبھارا ہے
چلین توپین دھڑا دھڑ سے رسالے بھی پڑا پڑ سے | شتر نالین پڑا پڑ سے ہتور کا پہاڑا ہے
بٹین تیر بھی سناسن سے بلین گولی سنا سن سے | کٹین کر تجھا جھن سے پڑی تلوار دھارا ہے
بھبوتی نام ہے میرا۔ عطائی پور مین ڈیرا | یہی ہو شو کا کھیڑا اتلے گنگا کنارا ہے

صفدر جنگ نول رائے کی امداد کے واسطے دہلی سے دو منزل آگے بڑھ آیا تھا کہ اس شکست کی خبر سُنی کمال غم و غصے سے کہنے لگا "افسوس اس خود بین دائم الخمر نے کمک کا انتظار نہ کیا۔ اگر تھوڑا بھی توقف کرتا تو ان کسانون کو فتح نصیب نہ ہوتی" یہ کہکر کثرت رنج والم سے پلنگ پر ہاتھ دے مارا اور بیہوش ہوگیا۔ تھوڑی دیر بعد جب ہوش آیا تو نواب احمد خان کے پانچون بیٹون اور پانچون چیلون کے قتل کیئے جانے کا حکم لکھاکر دہلی اور الہ آباد روانہ کیا۔ اور یہ بیچارے نول رائے کے بدلے نہایت بیدردی سے قتل کیئے گئے۔

مسلمانونکے ابتدائی اور اخیر زمانہ کا مقابلہ

اس زمانے کا مسلمانون کے عروج کے زمانے سے مقابلہ کیا جائے تو عجیب تعجب ہوتا ہے۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ بیجانگر کے عظیم الشان راجہ دیو رائے کو معمولی مسلمان سپاہی بھی سلام کرنا اپنی کسرشان سمجھکر اُس کی نوکری کو عار سمجھتے تھے۔ اگرچہ راجہ نے اُنکی تالیف قلوب کے لیئے بیجانگر مین ایک مسجد تعمیر کرادی تھی اور بڑی بڑی جاگیرین اُنکو دے رکھی تھین مگر اس پر بھی اُنھون نے اس شرط پر اُسکی ملازمت قبول کی تھی کہ راجہ کو سلام نہ کرنا پڑے۔ چنانچہ روزانہ دربار مین نہایت ادب سے ایک بلند مقام پر قرآن شریف رکھا جاتا تھا۔ اور مسلمان سپاہی اور افسر راجہ کی تعظیم و تکریم کے بجائے قرآن شریف کی تعظیم و تکریم بجالاتے تھے۔ ایک یہ زمانہ تھا کہ ہندو مسلمان آپس کے برادرانہ سلوک سے ایسے شیروشکر ہوگئے تھے کہ قومیت اور فاتح مفتوح کا لحاظ بالکل مفقود ہوگیا تھا۔ بڑے بڑے شریف مسلمان ادنی ادنی ہندوون کی ماتحتی مین خدمتین بجالاتے تھے۔ ہندو مسلمانون کی طرف سے ہندوون سے لڑتے اور اُن کے قتل و غارت کرنے کو سعادت دارین سمجھتے تھے۔ اسی طرح مسلمان ہندوون کے ساتھ مسلمانون سے لڑنے اور اُن کے تباہ و برباد کرنے مین کوئی عیب نہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ اسی لڑائی مین راجہ نول رائے کی ماتحتی مین بڑے بڑے شریف خاندانون کے مسلمان سردار اور سپاہی اور خود صفدر جنگ کے قریب کے

رشتہ دار شامل تھے۔ اور بے تعصبی ملاحظہ کیجیے کہ ایک مسلمان نے نول رائے کو مذہبی
کا رتبہ دے کر حوروں سے ہمکنار کرا دیا ہے

روان کرد خون بیابان چو بحر | ادا کرد حق نمک مو بمو
ز یزدان رسید ند حور و ملک | بیا رد بر وائے نول سر خرد
۱۱۶۳ھ

ہری سنگھ راٹھور

ہری سنگھ راٹھور

راجہ کشن سنگھ راٹھور کا بیٹا تھا۔ باپ کے مارے جانے کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ اور کشن گڈھ وطن جاگیر مین مرحمت ہوا۔

سنہ ۵ جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات شش صد ۶۰۰ سوار پر سرفراز ہوا

سنہ ۹ جلوس مین خانجہان بارہ کے ساتھ مہم بیجاپور مین متعین ہوا۔

سنہ ۱۱ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ ذات ہشت صد ۸۰۰ سوار سے مفتخر ہو کر شاہزادہ محمد شجاع کے ساتھ کابل مین تعینات ہوا۔ اس کے بعد منصب ہزار و پانصدی ذات نہ صد سوار سے ممتاز ہوا۔

سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ کابل مین مامور رہا۔

سنہ ۲۵ جلوس مین خلعت و اسپ اور علم عطا ہو کر شاہزادہ دارا شکوہ کے ساتھ مہم قندھار مین متعین ہوا۔

سنہ ۳۱ جلوس مین ۲۴ صفر سنہ ۱۰۶۸ھ کو لاولد انتقال کیا۔ بادشاہ نے روپ سنگھ اُسکے بھتیجے کو خلعت و اسپ مرحمت فرما کر جانشین مقرر کیا۔ اور کشن گڈھ جاگیر مین مرحمت کیا۔ اُسکا حال علیحدہ قلمبند ہو چکا ہے۔

ہردے رام کچھواہا

ہردے رام کچھواہا

بانکا کچھواہا

اس کا باپ بانکا کچھواہا اکبر کے عہد مین سنہ ۲۸ جلوس تک منصب چہارصدی پر سرفراز تھا۔ سنہ ۳۰ جلوس مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مرزا محمد حکیم کی مہم مین شریک تھا۔ اسکے بعد دیگر مہمات مین شریک ہو کر خدمتین بجا لاتا رہا۔ اُس کے انتقال کے بعد ہردے رام ملازمت شاہی مین منسلک ہوا۔ پہلے سال جلوس شاہجہانی مین منصب ہزاری ذات ششصد و پنجاہ سوار سے سرفراز ہوا۔ سنہ ۲ جلوس مین منصب ہزاری ذات ہفتصد سوار پر ترقی پائی۔ سنہ ۳ جلوس مین منصب ہزار و پانصدی ذات۔ ہزار سوار سے سربلند ہوا۔ سنہ ۹ جلوس مین انتقال کیا۔ جگرام اُس کے بیٹے کا حال علیحدہ قلمبند ہو چکا ہے۔

ہمیر سنگھ سیسودیہ

ہمیر سنگھ سیسودیہ

ایشرداس سیسودیہ کا بیٹا اور رودو سیسودیہ کا پوتا تھا۔ ابتدا مین رانا جگت سنگھ کی سرکار مین لازم تھا وہان سے ملازمت ترک کر کے سنہ ۱۸ جلوس مین ۱۲ جمادی الاولی سنہ ۱۰۵۴ھ کو دربار شاہجہانی مین حاضر ہوا بادشاہ نے خلعت مرحمت فرما کر منصب پانصدی سے سرفراز کیا۔ سنہ ۱۹ (۱۰۵۵ھ) جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا۔ وہان سے ۱۱ جمادی الاولی سنہ ۱۰۵۶ھ کو راجہ جے سنگھ کے ساتھ دربار مین حاضر ہوا بادشاہ نے خلعت و اسپ مرحمت فرما کر دوبارہ بلخ کو روانہ کیا۔

ضمیمہ نمبر ۱

اصل کتاب مین بہت سے ہندو اُمرا اور ارکان سلطنت کے حالات محض اس وجہ سے نہین لکھے گئے کہ اُنکے مفصل حالات دستیاب نہین ہوئے۔ لہذا ضمیمہ ہذا مین عربی کے مشہور مقولہ مالا یُدرک کُلُّہ لا یُترک کُلُّہ کی بنا پر ہم بقیہ مشہور اُمرا کی ایک اجمالی فہرست عہدوار درج کرتے ہین۔

عہد اکبری

نام	منصب	کیفیت
اوڈ	دو صدی	اوڈیسہ کا زمیندار اور سنہ ۴۰ جلوس تک منصب مذکور سے سرفراز تھا۔
بلبھدر راٹھور	سہ صدی	سنہ ۴۰ جلوس تک منصب مذکور سے ممتاز تھا۔
بانکا کچھواہا	چہار صدی	ایضاً
بہادر گوہلوٹ	سہ صدی	ایضاً
بھارتی چند		سنہ ۴۰ جلوس میں وزیراعظم کی ماتحتی میں ہر صوبہ کا علیحدہ وزیر مقرر کیا گیا یہ صوبۂ اجمیر کے وزیر مقرر ہوئے۔
رائے بھگوانداس		سنہ ۱۹ جلوس میں کل ممالک محروسہ کے مستوفی (اکونٹنٹ جنرل) مقرر ہوئے سنہ ۲۶ جلوس تک اس عہدہ پر سرفراز رہے۔ اسی سال انتقال کیا۔
بھوپت رائے		سنہ ۲۸ جلوس میں مہم گجرات میں شریک تھا۔
باگھا راٹھور		ایضاً
پرمانند کھتری	پانصدی	راجہ ٹوڈرمل کے خویشوں میں سے تھا۔ بنگ وبہار کی مہم میں نواڑوں اور کشتیوں کا انتظام اسکے سپرد تھا۔ سنہ ۴۰ جلوس تک منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
پرتاب سنگھ	دو صدی	راجہ بھگوانداس کا بیٹا تھا سنہ ۴۰ جلوس تک اس منصب پر رہا۔ آگرہ میں اسکا آباد کیا ہوا محلہ پرتاب پورہ اب تک آباد ہے۔
رائے پرکھوتم (پرشوتم)		اکبری عہد کے بخشیان عظام سے تھا۔

نام	منصب	کیفیت
بیاگداس	.	سنہ ۲۱ جلوس مین صوبۂ گجرات کا دیوان مقرر ہوا معرکۂ دولقہ مین راجہ ٹوڈرمل کے ساتھ شریک تھا۔
تلسی داس جادون	سہ صدی ۳۰۰	سنہ ۲۰ جلوس مین مہم گجرات مین شریک تھا۔
تاراچند	.	سنہ ۳۱ جلوس مین صوبۂ اجمیر کا بخشی مقرر ہوا۔
جگمال پنواڑ	پانصدی ۵۰۰	سنہ ۱۸ جلوس کی یلغار گجرات مین اکبر کے ساتھ تھا۔ سنہ ۲۶ جلوس مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم مرزا محمد حکیم پر مامور رہا
چھتی	دوصدی ۲۰۰	سنہ ۴۰ جلوس تک منصب مذکور سے سربلند تھا۔
چلیتہ بڑگوجر	.	سنہ ۱۸ جلوس کی یلغار گجرات مین اکبر کے ساتھ تھا۔ لڑائی کے وقت غنیم کے ایک سوار نے بادشاہ پر نیزہ کا وار کیا اسنے آگے بڑھکر سوار پر برچھا مارکر اسکا کام تمام کردیا۔ اس حسن خدمت کے صلے مین نوازش ہائے شاہانہ سے مفتخر ہوا۔
راجہ جیتر بھوج	.	راجہ جگمن کا لڑکا تھا۔ باپ کے مرنے کے بعد اپنے وطن جھو ما بوہ سے دربار مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خطاب راجگی سے موصوف کرکے صوبۂ دکن مین تعینات کیا سنہ ۴۴ جلوس مین دربار مین حاضر ہوا۔
راجہ دلیپ چند	.	سنہ ۱۸ جلوس مین یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا۔
راجہ دھرمنگد	.	سنہ ۳۰ جلوس مین زین خان کوکہ کے ساتھ مہم سواد باجوڑ مین شریک تھا اور راجہ بیربر کے ساتھ اسی مہم مین مارا گیا۔ اسکا بیٹا جگت رائے سنہ ۱۹ جلوس مین مہم چندر سین اور

نام	منصب	کیفیت
		سنہ ۲۶ جلوس مین مہم مرزا محمد حکیم مین شریک تھا۔
رام چند کچھواہا	چہار صدی	سنہ [illegible] جلوس کی یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا۔ سنہ [illegible] جلوس مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم مرزا محمد حکیم پہ متعین ہوا سنہ ۲۹ جلوس مین صوبہ گجرات مین مامور ہوا۔ سنہ [illegible] جلوس مین زین خان کوکہ کے ساتھ مہم سواد و باجوڑ مین شریک تھا۔
رائے رام داس دیوان	دو صد و پنجاہی	سنہ [illegible] جلوس مین صوبہ احمد آباد گجرات کا وزیر مقرر ہوا۔
رائے رام رائے	.	سنہ [illegible] جلوس مین صوبہ دہلی کا وزیر مقرر ہوا۔
رام داس	.	سنہ ۴۰ جلوس مین صوبہ بہار کا وزیر مقرر ہوا۔
راگھو داس کچھواہا	.	سنہ [illegible] جلوس کی یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا اور اسی لڑائی مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا۔
روپ رائے گجراتی	.	صوبہ گجرات مین متعین تھا۔ معرکہ دولقہ مین راجہ ٹوڈر مل کے ساتھ شریک ہوکر نہایت بہادری سے لڑا۔
رام داس چوہان		سنہ [illegible] جلوس مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم حکیم مرزا مین اور اسکے بعد سنہ [illegible] مین مہم گجرات مین شریک تھا۔
راجہ رام ساہ گوالیاری	.	سنہ [illegible] مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم رانا کیکا مین شریک اور فوج ہراول مین متعین تھا۔ اور اسی لڑائی مین معہ اپنے تین بیٹون کے مارا گیا۔
سلطان راٹھور		جے مل کا بیٹا تھا راجہ بھگوان داس کچھواہا کیطرف سے

نام	منصب	کیفیت
		نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا (دیکھو راجہ بھگوانداس کچھواہا کا حال) یہ ملازمت شاہی مین داخل ہوا سنہ ۱۹ جلوس مین رائے سنگھ کے ساتھ چندرسین راٹھور کی تنبیہ پر مامور رہا سنہ ۲۸ جلوس کی مہم گجرات مین شریک تھا۔
سانولداس جادول	دو صدی	سنہ ۱۸ کی یلغار گجرات مین اکبر کے ساتھ تھا سنہ ۲۶ مین مہم حکیم مرزا پر متعین ہوا سنہ ۲۸ جلوس مین شہباز خان کے ساتھ صوبۂ بنگالہ مین مامور رہا سنہ ۳۱ مین مہم دکن مین تعینات ہوا۔
سلہدی	۴۰۰ چہار صدی	راجہ بہارا مل کا بیٹا تھا سنہ ۴۰ جلوس تک منصب مذکور پر مامور تھا۔
سانگہا پنوار	۲۰۰ دو صدی	سنہ ۴۰ جلوس تک اس منصب سے سرفراز تھا۔
سندر		اوڑیسہ کا زمیندار اور سنہ ۴۰ جلوس تک اس منصب سے سرفراز تھا۔
کانہا دربارہی		سنہ ۱۸ جلوس کی یلغار گجرات مین اکبر کے ساتھ تھا۔
کشنداس تونور	۳۰۰ سہ صدی	سنہ ۲۶ جلوس مین مہم حکیم مرزا مین راجہ مانسنگھ کے ساتھ شریک تھا۔
کلا کچھواہا	۲۰۰ دو صدی	ایضاً
کیشوداس راٹھور	۲۰۰ دو صدی	اسکی بیٹی کی شادی شاہزادہ سلیم سے ہوئی تھی شاہزادی بہار بانو بیگم اسی کے بطن سے تھی۔ اکثر مہمات مین شریک

نام	منصب	کیفیت
		ہوکر خدمات نمایان انجام دین۔
کلا راٹھور	۔	سنہ ۳۸ جلوس مین مرزا شاہرخ کے ساتھ صوبۂ مالوہ مین تعینات ہوا۔
رائے کیشو داس	۔	سنہ ۴۰ جلوس مین صوبۂ آگرہ کا وزیر مقرر ہوا۔
رائے کشن داس	۔	سنہ ۱۰ جلوس مین صوبۂ بنگالہ کا وزیر مقرر ہوا
کنار و بڑگوجر	۔	سنہ ۳۰ جلوس مین زین خان کوکہ کے ساتھ مہم سواد جباؤ مین شریک تھا۔
راجہ گوپال داس جادول	۔	سنہ ۱۸ جلوس کی یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا سنہ ۲۰ جلوس مین شہباز خان کے ساتھ صوبۂ بنگالہ مین تعینات ہوا سنہ ۲۲ مین مرگیا۔
گوردھن راٹھور	۔	نہایت شجاع وبہادر تھا سنہ [illegible] جلوس مین مرزا عبدالرحیم خانخانان کے ساتھ مہم ٹھٹھہ مین شریک تھا۔
مان سنگھ کچھواہا	سہ صدی	سنہ ۱۸ جلوس یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا اس کے بعد مرزا راجہ مان سنگھ کے پاس تعینات ہوا۔ اور اکثر مہمات مین شریک ہوکر خدمات نمایان انجام دیتا رہا۔
[illegible]	دو صدی	سنہ [illegible] جلوس مین صوبہ لاہور کا وزیر مقرر ہوا۔
[illegible]	[illegible] صدی	صوبہ گجرات مین مامور تھا۔ اور وہان کی مہمات مین شریک ہوتا رہا۔
[illegible]		سنہ [illegible] جلوس مین راجہ مان سنگھ کے ساتھ مہم حکیم مرزا

نام	منصب	کیفیت
		مین متعین ہوا ۲۹ سنہ مین مہم گجرات مین شریک تھا۔
بابو منگلی	ہفت صدی	۲۳ سنہ جلوس مین شہباز خان کے ساتھ بنگالہ مین متعین ہوا۔ اس کے بعد راجہ مان سنگھ کے ساتھ اکثر مہمات مین شریک ہوا۔
نیل کنٹھ	سہ صدی	اڑیسہ کا زمیندار تھا۔
رائے نرائن داس	•	ایدر کا زمیندار تھا ۲۰ سنہ جلوس کی مہم گجرات مین شریک تھا۔
ہرداس	•	۱۸ سنہ جلوس کی یلغار گجرات مین اکبر کے ساتھ تھا ۳۰ سنہ مین مرزا شاہرخ کے ساتھ صوبۂ مالوہ مین تعینات ہوا
کلیان رائے	•	بندر کھنبات کا ناظم تھا۔ اس نے کھنبات مین پختہ چار دیواری تعمیر کرائی تھی۔
راجہ دیپ چند	•	جھولہ کا راجہ تھا ۱۸ سنہ جلوس کی یلغار گجرات مین بادشاہ کے ساتھ تھا۔ ایکدن دربار مین گاؤکشی کی بحث تھی اسنے کہا کہ اگر گائے خدا کے نزدیک معظم نہ ہوتی تو سب سے پہلے قرآن شریف مین سورۂ بقر کیون مذکور ہوتی۔
	عہد جہانگیری	
راجہ بھیم نرائن	ہزاری ذات پانصد سوار	ولایت گڈھہ کا زمیندار تھا ۱۲ سنہ جلوس مین منصب مذکور سے ممتاز ہوا۔ اور تنخواہ مین وطن پر جاگیر مرحمت ہوئی۔

نام	منصب	کیفیت
بھرجیو	چہارصدی	بگلانا کا زمیندار تھا سنہ ۱۲ جلوس مین منصب مذکور پر سرفراز ہوا۔
دیبی چند گوالیاری	ہزار و پانصدی ذات پانصد سوار	سنہ ۱۵ جلوس مین منصب مذکور پر مامور رہا۔
حکیم رگھناتھ	ہشتصدی ذات ششصد سوار	سنہ ۱۴ جلوس مین منصب مذکور پر مامور رہا۔
رائے کنور چند	•	جہانگیر کے عہد مین عہدے مستوفی (اکونٹنٹ جنرل) پر سرفراز تھا سنہ ۱۴ جلوس مین بادشاہ نے ایک ہاتھی عطا کیا۔
رائے گھنسور	•	جہانگیر کے ایام شاہزادگی مین صوبۂ بہار کا دیوان تھا پھر شاہزادۂ موصوف کی سرکار کا دیوان مقرر رہا۔ جہانگیر نے تخت نشین ہو کر صوبۂ گجرات کا دیوان مقرر کر دیا سنہ ۱۲ جلوس مین صوبۂ مالوہ کی دیوانی پر تبدیل ہوا
موہن داس	ہشتصدی ذات پانصد سوار	صوبۂ گجرات کی دیوانی پر مامور تھا سنہ ۱۳ جلوس مین منصب مذکور سے سرفراز ہوا۔
رائے منگت بھدوریہ	•	مہم بنگش مین راجہ شیام سنگھ کے ساتھ شریک تھا۔ سنہ ۸ جلوس مین منصب مین اضافہ ہوا۔
رائے مان سنگھ	•	شاہی پیادہ فوج کا سردار تھا۔
راجہ تھودل	دو ہزاری ذات ہزار و پانصد سوار	کھہولی کا زمیندار تھا سنہ ۱ جلوس مین پانچہزار روپیہ انعام تنت مرحمت ہو کر منصب ہزار و پانصدی ذات ہزار و یکصد سوار سے سرفراز ہوا سنہ ۱ جلوس مین خطاب راجگی سے موصوف ہو کر منصب دو ہزاری ذات ہزار و دو صد پر ترقی پائی۔

نام	منصب	کیفیت
ہربھان	دو ہزاری ذات ہزار و پانصد سوار	چندر کوٹھ کا زمیندار تھا سنہ ۱۲ جلوس مین منصب مذکور پر سرفراز ہوا۔
ہردے نراین ہاڈا	نہ صدی ذات شش صد سوار	سنہ ۱۳ جلوس مین راجہ بکرماجیت کے ساتھ مہم کانگڑہ مین متعین ہوا سنہ ۱۵ مین منصب مین ترقی ہو کر منصب مذکور پر سرفراز ہوا
	عہد شاہجہانی	
اگرسین کچھواہا	ہشت صدی ذات شش صد سوار	سنہ ۱۱ جلوس مین مہم قندہار اور سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
راجہ اُدے سنگھ	پانصدی۔ سہ صد سوار	راجہ مان سنگھ زمیندار جمون کا بیٹا تھا سنہ ۔ جلوس مین گیا۔
اگرسین	پانصدی۔ دو صد سوار	سنہ ۲ جلوس تک منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
راجہ امر سنگھ کچھواہا	•	سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
کھوجسراج	ہزاری پانصد سوار	ابتدا مین عادل شاہ بیجاپوری کی طرف سے اُدگیر کا قلعدار تھا جب سنہ ۹ جلوس مین قلعہ مذکور فتح ہوگیا۔ تو خاندوران بہادر کی سفارش سے ملازمت شاہی مین داخل ہوا سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا۔
بیر نرائن	ہفتصدی سہ صد سوار	پچیٹ صوبہ بہار کا زمیندار تھا سنہ ۶ جلوس مین مرگیا۔
رای بنارسی داس	ہفتصدی۔ دو صد سوار	
ہربھان	پانصدی سہ صد سوار	چندر کوٹہ صوبہ بنگال کا زمیندار تھا۔

نام	منصب	کیفیت
پرتھی سنگھ کچھواہا	پانصدی ۔ دو صد و پنجاہ سوار	راجہ مان سنگھ کا پوتا تھا۔ سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
پرتاب سنگھ چوہان	شش صدی پانصد سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک اس منصب پر مامور تھا۔
پرتاب چیسرہ	ہزاری ہزار سوار	ایضاً۔
پلندر (بلندر) ولد بہرز کلاں	شش صدی صد سوار	سنہ ۱۱ جلوس تک اس منصب پر مامور تھا۔
راول پونجا	ہزار و پانصدی ہزار و پانصد سوار	ڈونگرپور کا زمیندار تھا۔ سنہ ۲۰ جلوس تک اس منصب سے سرفراز تھا۔
رائے جسونت رائے		سنہ ۱۰۴۰ھ مین احدیون کا بخشی مقرر ہوا۔ اسکے بعد دیوان تن کے عہدے پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۱۰۵۱ھ مین دیوانی خالصہ کا خلعت مرحمت ہوا۔
جادون رائے		دیوان بیوتات کے عہدے پر سرفراز تھا۔
راجہ جگناتھ راٹھور	ہشت صدی چہار صد سوار	سنہ ۳ جلوس مین مرگیا۔
رانا جودھا	ہشت صدی سہ صد سوار	امرکوٹ کا زمیندار تھا۔ سنہ ۱۶ جلوس مین مرگیا۔
جگناتھ راٹھور	ہفت صدی چہار صد سوار	سنہ ۱ جلوس تک منصب ہفت صدی سہ صد سوار پر مامور تھا۔ اس کے بعد منصب مذکور پر سرفراز ہوا۔ سنہ ۳۱ جلوس مین انتقال کیا۔
راجہ جگمن جادون	پانصدی چہار صد سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک منصب مذکور سے مفتخر تھا۔
چتر بھوج سونکرا	پانصدی پانصد سوار	ایضاً۔
چند مہان	پانصدی سہ صد سوار	ایضاً کانگڑہ کا زمیندار تھا۔
چیت سنگھ راٹھور	ہزاری پانصد سوار	سنہ ۳۰ جلوس مین وفات پائی۔ یہ ایام شاہزادگی کے

نام	منصب	کیفیت
		رفیقون مین سے تھا تخت نشینی کے دن علاوہ منصب مذکور چھبیس ۲۶۰۰۰ ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت ہوا۔
خدمت رائے	پانصدی۔ صد سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
دانی داس میرٹھیہ	.	سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
دلپت راٹھور	پانصدی۔ سہ صد سوار	ماندن راٹھور کا بیٹا تھا سنہ ۳ جلوس مین ملک عدم کو سدھارا۔
رایبا	ہزار و پانصدی ششصد سوار	جادون رائے کا بھائی تھا۔
رلی رائے دکھنی	دو ہزاری۔ ہزار سوار	سنہ ۳ جلوس مین حسب سفارش اعظم خان ملازمت شاہی مین داخل ہو کر منصب مذکور سے مفتخر ہوا سنہ ۲۰ جلوس تک منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
رگھناتھ	پانصدی۔ دو صد سوار	سونگ کا زمیندار تھا سنہ ۸ جلوس مہم قلعہ پریندہ مین شریک تھا۔
روپ سنگھ کچھواہا	ہفتصدی۔ سہ صد سوار۔	جگناتھ کچھواہہ کا پوتا تھا سنہ ۸ جلوس مین مہم جہار سنگھ بندیلہ مین شریک تھا۔
راوت رائے دھنگر دکھنی۔	سہ ہزاری۔ ہزار و پانصد سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
رائے سبھا چند	ہفت صدی۔ چہار صد سوار	سنہ ۱ جلوس تک منصب پانصدی پر سرفراز تھا سنہ ۱۲ جلوس مین منصب ہفت صدی پر سربلند ہو کر صوبہ دہلی کا دیوان مقرر ہوا۔
سنگرام کچھواہا	ایضاً	سنہ ۱۹ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ مہم بلخ و بدخشان مین متعین ہوا۔
راول سرسی	ہزاری۔ ہزار سوار	بانسوالہ کا زمیندار تھا۔
سکت سنگھ چوہان	پانصدی۔ دو صد دو اسپہ ۲۵۰	

نام	منصب	کیفیت
کشن سنگھ کچھواہا	پانصدی دو صد و پنجاہ	۱۴ شوال ۱۰۵۵ھ کو منصب مذکور پر مامور ہوا ۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔ راجہ مان سنگھ کا پوتا تھا۔
کیسری سنگھ راٹھور	پانصدی صد سوار	ابتدا مین مہابت خان کی سرکار مین ملازم تھا۔ اُسکے مرنے کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا ۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
سرمست بڑگوجر	ششصدی صد سوار	اعتماد رائے بڑگوجر کا بیٹا تھا۔
راجہ کشن سنگھ تونور	پانصدی پانصد سوار	۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔ ۱۰۶۸ھ کی معرکہ سموگڈھ مین دارا شکوہ کے ساتھ تھا۔
فتح سنگھ سیسودیہ	ہشت صدی دو صد سوار	رانا بھیم کا بیٹا تھا ۲۳ سنہ جلوس مین سفر آخرت اختیار کیا۔
سری سنگھ راٹھور	ہزاری ہشتصد سوار	[illegible] سنہ جلوس مین منصب مذکور سے مفتخر ہوا۔
راجہ کنور سین کشتواڑی	ہزاری [illegible] صد سوار	کشتواڑ کا زمیندار تھا۔ اس کی لڑکی کی شادی شاہزادہ محمد شجاع سے ہوئی تھی۔ شاہزادہ بلند اختر اُسی کے بطن سے تھا۔
کرپا رام گوڑ	ہشت صدی ہفتصد و پنجاہ سوار	سنہ [illegible]ھ مین پکلہ فوجداری پر مامور ہوا ۱۱ سنہ جلوس مین [illegible] اور ۱۹ سنہ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
شیام سنگھ سیسودیہ	ہزاری پانصد سوار	[illegible] سنہ جلوس تک اس منصب پر سرفراز تھا۔
[illegible] راٹھور ناڈوانی	پانصدی دو صد و [illegible] سوار	اول خاندوران بہادر نصرت جنگ کی سرکار مین ملازم تھا۔

نام	منصب	کیفیت
		۸ جمادی الثانیہ سنہ ۱۰۵۵ھ کو ملازمت شاہی مین داخل ہوکر مہم بلخ و بدخشان مین مامور ہوا۔
لکھمی سین چوہان	ہشتصدی پانصد سوار	سنہ ۱۴ جلوس مین انتقال کیا۔
محکم سنگھ سیسودیہ	"	سنہ ۱۱ جلوس کی مہم قندھار اور سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
منکوجی نبالکر دکھنی	سہ ہزاری ہزار و پانصد سوار	۲۶ ذیقعدہ سنہ ۱۰۳۹ھ کو ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔
متر سین تونور	ہزاری و پانصد سوار	راجہ شیام سنگھ تونور کا بھائی تھا سنہ ۶ جلوس مین انتقال کیا۔
مکند داس راٹھور	ششصدی یکصد و پنجاہ سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک اس منصب پر سرفراز تھا۔
متھرا داس کچھواہا	ہفتصدی چارصد سوار	ایضاً
مکند جادون	پانصدی سیصد سوار	سنہ ۱۰ جلوس تک اس منصب پر سرفراز تھا۔
مان سنگھ	پانصدی دوصد و پنجاہ سوار	راجہ بکرماجیت کا بیٹا تھا سنہ ۲۰ جلوس تک اس منصب پر مامور رہا۔
مدن سنگھ بھدوریہ	پانصدی دوصد سوار	
مادھو سنگھ سیسودیہ	پانصدی دوصد و پنجاہ سوار	سنہ ۳ جلوس مین مرگیا۔
مکند داس گوڑ	پانصدی یکصد و پنجاہ سوار	راجہ گوپال داس گوڑ کا بیٹا تھا سنہ ۳ جلوس مین مہم خانجہان لودی مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑکر مارا گیا۔
مینکو رام دکھنی	پانصدی ہشتاد سوار	
منوہر داس گوڑ	پانصدی دوصد سوار	راجہ بیٹھلداس گوڑ کا بھائی تھا۔

نام	منصب	کیفیت
راوت نرائن داس سیسودیہ	ہفتصدی ۳۰۰ صد سوار	سنہ ۱۹ جلوس مین مہم بلخ و بدخشان مین شریک تھا۔
تاہرسو لنکھی	ہشت صدی چہار صد سوار	سنہ ۱۱ جلوس مین ہاتھی مرحمت ہوا سنہ ۱۲ جلوس مین شاہزادہ مراد بخش کے ساتھ کابل مین تعینات ہوا۔ وہان سے مہم جگت سنگھ مین شریک ہوا سنہ ۱۳ جلوس مین ایک ہاتھی پیشکش کیا۔
نرہرداس جھالا	پانصدی دو صد سوار	سنہ ۲ جلوس مین مہم خانجہان لودی مین اپنی ہمت مردانہ کے جوہر دکھاکر مارا گیا۔
ہردے نرائن	پانصدی ۔ صد سوار	سنہ ۲۰ جلوس تک اِس منصب پر مامور تھا۔
ہرداس جھالا	پانصدی ۔ دو صد سوار	ابتدا مین رانا اُدے پور کی سرکار مین ملازم تھا۔ نہایت عقلمند ۔ تجربہ کار امیر تھا۔ رانا کی طرف سے دربار مین اکثر وکیل بنکر آیا کرتا تھا اور اپنی حسن قابلیت اور خدمتگذاری سے ہمیشہ بادشاہ کو خوش رکھکر انعام واکرام پاتا تھا اس کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا سنہ ۳ جلوس مین ملک عدم کو رخصت ہوا
ہررام کچھواہا	ہفتصدی ۔ صد سوار	بھگوان داس کچھواہہ کا بیٹا تھا۔
راو ہرچند کچھواہا	۔صدی ۔ چہار صد سوار	سنہ ۳ جلوس مین انتقال کیا۔
ہاناجی دیو ریہ	دو ہزاری ہشت صد سوار	۲۶۔ ذیقعدہ سنہ ۱۰۳۹ھ کو ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔
ہمیر رائے دکنی	چہار ہزاری ۔ دو ہزار ۔	سنہ ۳ جلوس مین انتقال کیا۔

نام	منصب	کیفیت
	عہد عالمگیری	
راجہ اودت سنگھ	دوہزاری پانصدی ۲۵۰۰ ہزار و پانصد سوار ۱۵۰۰	اوندچھ کا زمیندار تھا سنہ ۳۳ جلوس مین خطاب راجگی سے مفتخر ہوکر منصب ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ سے سرفراز ہوا سنہ ۳۶ جلوس مین منصب دوہزار و پانصدی ۲۵۰۰ ہزار و پانصد سوار ۱۵۰۰ سے سربلند ہوکر ایرج کی فوجداری پر مامور ہوا۔
ایسوجی دکھنی	دوہزاری ۲۰۰۰ - ہزار سوار ۱۰۰۰	سنبھاجی کی طرف سے ساطیر کا قلعدار تھا سنہ ۳ جلوس مین حاضر دربار ہوا اور خلعت و علم و طوغ و نقارہ - اور اسپ و فیل اور بتیس ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت ہوکر منصب مذکور پر سرفراز تھا۔
اچلاجی	پنجہزاری ۵۰۰۰ دوہزار سوار ۲۰۰۰	سیواجی کا داماد تھا سنہ ۲۹ جلوس مین خلعت و نقارہ اور علم اور پہونچی مرصع اور اسپ و فیل عطا ہوکر منصب مذکور سے مفتخر ہوا۔
ارجوجی	دوہزاری ۲۰۰۰ - ہزار سوار ۱۰۰۰	سنبھاجی کا چچازاد بھائی تھا سنہ ۲۸ جلوس مین خلعت و اسپ مرحمت ہوکر منصب مذکور سے سربلند ہوا۔
بکرم سنگھ گوالیاری	دوہزار و پانصدی ۲۵۰۰	سنہ ۱۹ جلوس مین خلعت و جمدھر مرصع اسپ معہ ساز طلا مرحمت ہوکر منصب مذکور سے سرفراز ہوا۔
بسونت راو دکھنی	چہار ہزاری ۴۰۰۰ چہار ہزار سوار	سنہ ۲۵ جلوس مین منصب مذکور سے مفتخر ہوا سنہ ۲۸ جلوس مین خلعت مرحمت ہوا۔

نام	منصب	کیفیت
برج بھوکن	.	سنہ ۲۹ جلوس مین مسلمان ہوگیا۔ اور دینیدار کے نام سے موسوم ہوکر جانماز خانہ کا داروغہ مقرر ہوا۔
تناجی	سہ ہزاری دو ہزار سوار (۳۰۰۰ ۲۰۰۰)	سیواجی کا چچازاد بھائی تھا۔ تھانہ داری بدیا نچگاؤن پر منصب دو ہزار دیانصدی (۱۵۰۰) پر مامور تھا۔ سنہ ۴۶ مین منصب مذکور پر ترقی پائی۔
راجہ بھیم	پنجہزاری	راجہ جے سنگھ کا بھائی تھا۔ سنہ ۲۴ جلوس مین حاضر دربار ہوا۔ سنہ ۳۵ جلوس مین انتقال کیا۔
بھاگو بنجارہ	پنجہزاری چہار ہزار سوار	منصب مذکور پر مامور تھا۔ اس کے بعد بھاگ کر مرہٹون سے جا ملا۔ سنہ ۲۴ جلوس مین حاضر دربار ہوکر عفو تقصیر کا ملتجی ہوا۔ بادشاہ نے قصور معاف کرکے منصب مذکور پر بحال کردیا۔
پرتھی سنگھ	.	تمبون کا راجہ تھا۔ شاہزادہ سلیمان شکوہ پسر دارا شکوہ نے اس کے ملک مین پناہ لی تھی اس نے اول شاہزادہ مذکور کو بادشاہ کے حوالہ کرنے سے انکار کیا لیکن پھر حوالہ کردیا (دیکھو مرزا راجہ جے سنگھ کا حال) اور ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ سنہ ۱۰ جلوس مین لودی خان کے ساتھ کابل مین تعینات ہوا۔
پرتھی سنگھ راٹھور	.	ملازمت شاہی مین داخل تھا۔ سنہ ۲ جلوس مین خدمت کے ساتھ دو ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت ہوا۔
راجہ جسونت سنگھ بندیلہ	.	سنہ ۲۱ جلوس مین تنبیہ بندیلہ کے بیٹون کی سرکوبی پر

نام	منصب	کیفیت
		مامور ہوا۔ سنہ ۲۹ جلوس مین خلعت کے ساتھ فیل و نقارہ مرحمت ہوا۔
چھتیرمل	•	کل ممالک محروسہ کے وقائع نگارون کا افسر تھا۔ سنہ ۴۲ جلوس مین مرگیا۔ اس کا بیٹا بھولا ناتھ مسلمان ہوکر ہدایت کیش کے نام سے موسوم ہوا۔ اور اپنی لیاقت اور مزاج دانی سے بادشاہ کے دلمین ایسا اعتبار اور اعزاز پیدا کیا کہ عمدہ عمدہ خدمتون پر مامور رہا۔
درگاداس راٹھور	سہ ہزاری دو ہزار سوار	مہاراجہ جسونت سنگھ راٹھور کا رشتہ دار اور اُسکی سرکار مین ملازم تھا اُس کے انتقال کے بعد اپنی چرب زبانی اور افسون سازی سے تمام راجپوتون کو بادشاہ کے خلاف بغاوت پر آمادہ کردیا۔ اور شاہزادہ محمد اکبر کو بھی سلطنت کا سبز باغ دکھا کر اپنے ساتھ شامل کرلیا۔ جب اورنگ زیب کی حکمت عملی سے یہ فتنہ و فساد رفع ہوگیا تو محمد اکبر کے بیٹے بلند اختر کو جو اُنھین دنون پیدا ہوا تھا ساتھ لیکر پہاڑون مین جا چھپا۔ (دیکھو مہاراجہ اجیت سنگھ کا حال) سنہ ۴۲ جلوس مین شجاعت خان صوبہ دار گجرات کے توسل کو ہاتھ باندھے ہوے دربار مین حاضر ہوا۔ بادشاہ نے خان موصوف کی سفارش سے

نام	منصب	کیفیت
		قصور معاف کرکے ملازمت شاہی مین داخل کیا۔ اور خلعت وجمدھر مرصع عطا کرکے منصب مذکور سے سرفراز کیا۔
دوندی راؤ	ہزار و پانصدی	سنہ [illegible] جلوس مین تربیت خان کے توسل سے ملازمت شاہی مین داخل ہوکر منصب مذکور پر سرفراز اور تھانہ داری کوہ ھادیو پر مامور رہوا۔
رام چند	سہ ہزاری	گھاٹون کی تھانہ داری پر سرفراز تھا۔ سنہ ۲۴ جلوس مین منصب دو ہزاری اور سنہ ۳۴ مین منصب سہ ہزاری پر سربلند ہوا۔
راگھوداس جھالا	ہفتصدی پانصد سوار	ابتدا مین راناؤدے پور کی سرکار مین ملازم تھا وہان کی ملازمت ترک کرکے سنہ ۱۸ جلوس مین حاضر دربار ہوا۔ بادشاہ نے منصب مذکور پر مامور کیا۔
راج سنگھ راٹھور	.	سنہ ۲۰ جلوس مین خلعت کے ساتھ دو ہزار روپیہ نقد انعام مین مرحمت ہوا۔
سوبھان	پنجہزاری دو ہزار سوار	مرہٹون کی طرف سے ستارہ کا قلعدار تھا جب سنہ ۴۳ جلوس مین شاہزادہ اعظم شاہ نے قلعہ کا محاصرہ کیا۔ اور محاصرہ کا دائرہ تنگ ہوا۔ اور قلعہ کے ایک طرف کی فصیل بھی گر گئی تو اُس نے قلعہ شاہزادہ کے حوالہ کر دیا۔ اور شاہزادہ کی سفارش سے ملازمت شاہی مین داخل ہوکر منصب مذکور پر

نام	منصب	کیفیت
		سرفراز ہوا اور خلعت و کٹار۔ اسپ و فیل طوغ و علم۔ اور نقارہ اور ۲۰۰۰ بیس ہزار روپیہ نقد مرحمت ہوا۔
سیوا وتلیہ	۶۰۰۰ ششش ہزاری ۵۰۰۰ پنجہزار سوار۔	سنہ ۴۲ جلوس مین منعم خان کے ذریعے سے ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔ اور خلعت و نقارہ اور علم مرحمت ہوکر منصب مذکور پر مامور ہوا۔
راجہ عالم سنگھ	•	اُجین کا زمیندار تھا سنہ ۱۱۲۶ھ مین معرکۂ اُجین کے بعد بادشاہ نے خطاب راجگی سے مفتخر کر کے خلعت و فیل۔ شمشیر و جمدھر وغیرہ مرحمت کیا۔ اور کفایت خان کے ساتھ صوبۂ مذکور کی حکومت پر سربلند کیا۔
راجہ کلیان بھدوریہ	۹۰۰ نہ صدی ۶۰۰ شش صد سوار	بھداور کا زمیندار تھا۔ اول منصب ہفتصدی پر مامور تھا سنہ ۴ جلوس مین منصب ۹۰۰ نہ صدی پر مفتخر ہوا۔
گردھرداس سیسودیہ	•	ملازمت شاہی مین داخل اور دہلی مین متعین تھا۔ سنہ ۱ جلوس مین حسین پاشا حاکم بصرہ کے استقبال کے انتظام مین لاہوری دروازہ پر یکہ تاز خان سے کسی بات پر جھگڑا ہو گیا۔ دونون مین لڑائی ہوئی اور دونون زخمی ہوکر گرے۔ اس کا زخم کاری تھا کام تمام ہو گیا۔
رائے لعل چند		دیوان خالصہ کے عہدے پر سرفراز تھا سنہ ۱ جلوس مین تشخیص مالگذاری و تصفیہ مقدمات خالصہ کے واسطے کابل بھیجا گیا۔

نام	منصب	کیفیت
راے مکرند	•	بریلی کا ناظم تھا سنہ ۱۲ جلوس مین صوبہ بنگالہ مین تعینات ہوا۔
راجہ ماندھاتا	•	سنہ ۲۰ جلوس مین غورنید کا تھانہ دار مقرر ہوا۔
مانکوجی	دو ہزاری ۲۰۰۰ ہزار سوار ۱۰۰۰	سنبھاجی کی طرف سے سانوبہ کا قلعدار تھا سنہ ۳۰ جلوس مین دربار مین حاضر ہو کر ملازمان شاہی مین داخل ہوا۔ اور خلعت و علم و نقارہ وغیرہ عطا ہو کر بیس ہزار روپیہ نقد انعام مین ملا۔
نکمتا	سہ ہزاری ۳۰۰۰ دو ہزار سوار ۲۰۰۰	نصرت آباد کا ناظم تھا۔ اول منصب دو ہزار و پانصدی ۱۵۰۰ پر مامور تھا سنہ ۴۵ جلوس مین منصب سہ ہزاری پر ترقی پائی۔
مرلیدھر	•	ابتدا مین امیر الامرا نواب شائستہ خان کی سرکار مین دیوان تھا سنہ ۳۰ مین اُن کے انتقال کے بعد ملازمت شاہی مین داخل ہوا۔
مان سنگھ پاڈا	•	ایام شاہزادگی کے ملازمون مین سے تھا معرکہ سموگڈھ مین نہایت شجاعت و بہادری سے لڑ کر مارا گیا۔
مہرست	•	سلطنت مغلیہ کے سب سے بڑے تجارتی شہر سورت کا ناظم تھا۔ اسے حضرت سید سعد اللہ نواسہ شیخ پیر محمد سلونی کی خدمت مین بہت عقیدت تھی وہ بھی اُس سے بہت محبت رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ سید موصوف نے اُس کے خط مین القاب کے بجائے

نام	منصب	کیفیت
		یہ بیت تحریر فرمائی تھی ؎ بنام آنکہ او نامے نہ دارد ٭ بہر نامش کہ خوانی سر برآرد اس پر بعض علماء نے یہ اعتراض کیا کہ ایک ہندو کے القاب مین یہ بیت تحریر کرنا پاس شریعت کے خلاف ہے۔
عہد بہادر شاہ لغایۃ محمد شاہ		
بندرابن داس بہادر شاہی	.	بٹالہ (پنجاب) کے رہنے والے تھے۔ شاہ عالم بہادر شاہ کی سرکار مین دیوان تھے سنہ ۱۰۹۵ھ کی جنگ گولکنڈے مین شاہزادۂ موصوف کے ساتھ شریک تھے۔ اور لڑائی مین زخمی ہوے۔ بہادر شاہ انکی حسن لیاقت کی وجہ سے انھین بہت عزیز رکھتے تھے۔ انھون نے ابتدائے زمانہ سے سنہ ۴۰ جلوس عالمگیری تک ہندوستان کی تاریخ لکھی ہے جو خلاصۃ التواریخ کے نام سے مشہور ہے۔
رائے رایان۔ جہان شاہی	.	جہاندار شاہ اور فرخ سیر کے عہد مین دیوان تن کے عہدے پر سرفراز تھا جب راجہ رتن چند کا اقتدار زیادہ ہوا۔ اور سب عہدے دار بے اختیار اور معطل ہو گئے تو اس نے نوکری سے استعفاء دیدیا۔
راجہ بخت مل		محمد شاہ کی عہد سلطنت مین راجہ گوجرمل کے بعد خالصہ کا

نام	منصب	کیفیت
		دیوان مقرر ہوا
رائے شیوداس		محمد شاہ کے عہد مین صوبۂ آگرہ کا نائب صوبہ دار مقرر ہوا اُسنے اپنی یادگار سے آگرہ مین ایک عالیشان باغ چھوڑا تھا مگر اب اس کا نشان باقی نہین۔
کیشو رائے		راجہ رتن چند کا بہنوئی تھا۔ فرخ سیر کے عہد سے محمد شاہ کے شروع عہد تک صوبہ دار الخلافت دہلی کا صوبہ دار رہا جب رتن چند قید ہوا۔ یہ بیمار تھا اس خبر کے سنتے ہی دم نکل گیا بعض کا خیال ہے کہ زہر کھا کر مر گیا
راجہ گوجر مل [illegible]		محمد شاہ کے شروع عہد مین خالصہ کا دیوان تھا۔ راجہ جگت مل کے بعد خالصہ کا دیوان مقرر ہوا۔ جب نادر شاہ ہندوستان مین آیا اور امرا کی حیثیت کے موافق سب سے روپیہ وصول کیا اس سے تین لاکھ روپیہ وصول کیے۔

ضمیمہ نمبر ۲

عہدے اور تنخواہ

شہنشاہ اکبر کے عہد میں دہ باشی (یعنی دس سواروں کا افسر) سے لیکر پنجہزاری (پانچہزار سواروں کا افسر) تک کے عہدے دار تھے اخیر میں صرف میرزا۔ راجہ۔ مان سنگھ بطور ایک غیر معمولی عنایت کے منصب ہفت ہزاری پر سرفراز کیا گیا۔ اس کے بعد اُمرا کی انتہائی ترقی کا درجہ ہفت ہزاری مقرر کیا گیا۔ اور شاہجہان کے عہد میں صرف یمین الدولہ آصف خان خانخانان کو بطور رعایت خاص منصب نہ ہزاری (۹۰۰۰) حاصل ہوا۔ ہندو اُمرا میں سوائے میرزا راجہ مان سنگھ کے کوئی امیر ۲۰ جلوس شاہجہانی تک منصب پنجہزاری سے زیادہ نہیں بڑھا۔ مگر دور اخیر میں میرزا راجہ جے سنگھ۔ اور مہاراجہ جسونت سنگھ کو منصب ہفت ہزاری کا اعزاز حاصل ہوا۔

تنخواہ منصب کے لحاظ سے مقرر تھی۔ ہر منصب دار کو باندازہ اپنے منصب کے گھوڑے۔ ہاتھی۔ اونٹ۔ خچر اور چھکڑے مقررہ تعداد کے موافق اپنے پاس موجود رکھنا لازمی امر تھا۔ فوج کی تنخواہ جو اُس کو دینی پڑتی تھی سرکار شاہی سے علیحدہ ملتی تھی۔ چارپائے کا نصف خرچ خزانۂ شاہی سے ملتا تھا۔ سوار کی تنخواہ بہ لحاظ قسم گھوڑا ۱۲ سے ۳۰ تک تھی۔ پیادے ۲ روپیہ سے ۳ تک تنخواہ پاتے تھے۔

فہرست ذیل سے ہر منصب کی ماہواری تنخواہ اور چارپائے اور باربرداری کی تعداد جس کے رکھنے کا حکم تھا ظاہر ہوگی۔

مناصب	اسپ (گھوڑا)						فیل (ہاتھی)					باربرداری			ماہانہ تنخواہ ماہواری		
	عراقی	مجنس	ترکی	یابو	تازی	جنگلہ	شیرگیر	سادہ	منجولہ	کرہہ	پھندرکیہ	شتر	خچر	عربہ گاڑی	درجہ اول	درجہ دوم	درجہ سوم
ہفت ہزاری	۴۵	۴۹	۹۰	۹۰	۹۰	۹۰	۳۰	۳۲	۲۹	۲۰	۱۲	قطار ۱۱۰	قطار ۲۰	۲۲۰	۴۵۰۰۰ روپیہ	۰	۰
پنجہزاری	۳۴	۳۴	۴۸	۴۹	۴۹	۴۸	۳۰	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰	۱۰۰	۲۰	۱۹۰	۳۰۰۰۰	۲۹۰۰۰	۲۸۰۰۰
چہار ہزار و پانصدی	۳۱	۳۰	۴۱	۴۱	۴۱	۴۱	۹	۲۰	۱۵	۱۰	۹	۳و۶۲	۳و۱۸	۱۲۵	۲۶۰۰۰	۲۵۸۰۰	۲۵۵۰۰
چہار ہزاری	۲۵	۲۰	۵۴	۵۴	۵۴	۵۴	۱۹	۲۵	۱۹	۱۵	۶	۶۵	۱۶	۱۳۰	۲۲۰۰۰	۲۱۹۰۰	۲۱۹۰۰
سہ ہزار و پانصدی	۲۴	۲۴	۴۷	۴۷	۴۷	۴۶	۱۹	۲۳	۱۷	۱۴	۵	۳و۵۶	۲و۱۵	۱۱۵	۱۹۰۰۰	۱۸۸۰۰	۱۸۶۰۰
سہ ہزاری	۲۰	۲۰	۴۰	۴۰	۴۰	۴۰	۱۵	۲۰	۱۶	۱۴	۵	۵۰	۴	۱۰۰	۱۷۰۰۰	۱۶۸۰۰	۱۶۷۰۰

مناصب	اسپ (گھوڑا)						فیل (ہاتھی)					باربرداری			ماہانہ (تنخواہ ماہواری)		
	عراقی	مجنس	ترکی	یابو	تازی	جنگلہ	شیرگیر	سادہ	منجھولہ	کرہہ	پھندرکیہ	شتر	خچر	عرابہ گاڑی	درجۂ اول	درجۂ دوم	درجۂ سوم
دوہزار و پانصدی ۲۵۰۰	۱۷	۱۷	۳۴	۳۴	۳۴	۳۴	۱۲	۱۴	۱۲	۱۰	۲	قطار ۴۰	قطار ۱۰	۸۰	۱۴۰۰۰ روپیہ	۱۳۸۰۰	۱۳۷۰۰
دوہزاری ۲۰۰۰	۱۵	۱۵	۳۰	۳۰	۳۰	۳۰	۱۰	۱۲	۹	۷	۲	۳۰	۷	۶۰	۱۲۰۰۰	۱۱۹۰۰	۱۱۸۰۰
یکہزار و پانصدی ۱۵۰۰	۱۲	۱۲	۲۴	۲۴	۲۴	۲۴	۸	۱۰	۸	۷	۲	۲۴	۵	۵۰	۱۰۰۰۰	۹۸۰۰	۹۷۰۰
ہزاری ۱۰۰۰	۱۰	۱۰	۲۱	۲۱	۲۱	۲۱	۷	۸	۷	۷	۲	۲۱	۴و۱	۴۲	۸۲۰۰	۸۱۰۰	۸۰۰۰
نہصدی ۹۰۰	۱۰	۱۰	۲۰	۲۰	۲۰	۲۰	۷	۸	۶	۷	۲	۲۰	۴	۴۰	۷۷۰۰	۷۴۰۰	۷۱۰۰
ہشت صدی ۸۰۰	۱۰	۹	۱۷	۱۷	۱۶	۱۳	۷	۸	۶	۵	۲	۷و۳	۳و۲	۳۴	۵۰۰۰	۴۷۰۰	۴۴۰۰

مناصب	اسپ (گھوڑا)						فیل (ہاتھی)					باربرداری			ماہانہ (تنخواہ ماہواری)		
	عراقی	مجنس	ترکی	یابو	تازی	جنگلہ	شیرگیر	سادہ	منجولہ	کرمہ	پھندرکیہ	شتر	خچر	عوبرگاڑی	درجہ اول	درجہ دوم	درجہ سوم
ہفت صدی	۶	۰	۱۳	۱۳	۱۴	۷	۴	۵	۵	۴	۱	قطار ۲۱۱۵	قطار ۳	۲۷	روپیہ ۴۰۰۰	۳۷۰۰	۳۶۰۰
شش صدی	۵	۷	۹	۹	۴	۲	۲	۳	۵	۳	۱	۱۴	۲۱۲	۲۱	۳۵۰۰	۳۲۰۰	۳۰۰۰
پانصدی	۴	۷	۹	۹	۴	۳	۳	۳	۲	۲	۱	۱۳	۲	۱۵	۲۸۰۰	۲۷۵۰	۲۶۰۰
چہار صدی	۳	۴	۵	۶	۳	۰	۲	۳	۳	۳	۱	۵	۰	۱۲	۲۰۰۰	۱۷۵۰	۱۵۰۰
سہ صدی	۳	۳	۳	۴	۲	۰	۱	۱	۲	۲	۱	۴	۰	۱۰	۱۴۰۰	۱۳۵۰	۱۲۰۰
دوصدی	۲	۳	۳	۳	۱	۰	۱	۲	۱	۲	۰	۳	۰	۷	۹۷۵	۹۵۰	۹۰۰
یوزباشی	۲	۲	۲	۲	۲	۰	۰	۱	۱	۱	۰	۲	۰	۵	۷۰۰	۶۰۰	۵۰۰

بڑے بڑے راجپوت خاندانوں کے شجرے

یہ شجرے اس غرض سے مرتب کیئے گئے ہین کہ اگر کوئی شخص کسی خاندان کے اُمرا کا حال سلسلہ وار دیکھنا چاہیے تو اُسے سلسلہ وار حالات تلاش کرنے اور دیکھنے مین آسانی ہو ہر ایک نام کے ساتھ کتاب کا وہ صفحہ تحریر کیا گیا ہے جسمین اُس امیر کا حال درج ہے۔

خاندان راٹھور جودھپوریہ

خاندان کچھواہا والی آنبیر (جے پور)

راجہ پرتھی سنگھ شامل ۱۷۶

دھیراج راجہ جے سنگھ سوائی ۱۷۶

راجہ بشن سنگھ ۳۴۱

راجہ کشن سنگھ ۲۴۱

راجہ ایشر سنگھ شامل ۱۷۷

راجہ پرتاپ سنگھ شامل ۱۷۶

راجہ رام سنگھ ۳۳۸

بجے سنگھ ۱۷۷

ہمت سنگھ ۳۲۷

درجن سنگھ ۳۳۷

میرزا راجہ جے سنگھ ۱۶۲

کیرت سنگھ ۳۰۱

سکت سنگھ ۳۲۷

راجہ مہان سنگھ ۳۳۳

اگر سین ۲۶۶

۲۶۶ عجب سنگھ

سگت سنگھ ۳۲۷

بھیم سنگھ ۲۶۶

کنور جگت سنگھ ۱۴۴

۹۶ میرزا راجہ بہادر سنگھ

راجہ گوپال سنگھ ۱۴۱

انند سنگھ ۲۶۶

راجہ منروپ ۱۴۱

بالا ۱۴۱

ستر سال ۲۶۶

سبل سنگھ ۳۲۷

میرزا راجہ مان سنگھ ۳۱۴

اودے سنگھ ۱۴۲

راجہ جگناتھ ۱۳۹

راجہ رام چند ۱۴۰

مادھو سنگھ ۳۳۳

راجہ جیمل ۱۴۲

امیر الامرا راجہ بھگوانداس ۷۶

پرسوتم سنگھ سخاوتمند ۲۰۵

راجہ روپسی ۲۰۲

راجہ بہاڑامل کچھواہا ۷۴

راجہ اسکرن ۵۱

راجہ بختاور ۲۰۵

کھنکار ۱۴۲

جگمل کچھواہا ۱۴۱

راجہ راج سنگھ ۲۰۴

راجہ پرتھی راج کچھواہا والی آنبیر (جے پور)

راجہ رام داس ۲۰۵

خاندان ہاڈہ
کشن سنگھ
۱۱۲
امید سنگھ
۱۱۲
انرودھ سنگھ
۱۱۱
بدھ سنگھ
۱۱۲
بھیم سنگھ ہاڈہ
۳۴۲
کشن سنگھ شامل ۱۱۰
رام سنگھ ہاڈہ
۲۴۱
جگت سنگھ ہاڈہ
۳۴۳
راؤ بھاؤ سنگھ ہاڈہ
۱۱۰
بھگونت سنگھ شامل ۱۱۰
شترو سنگھ ہاڈہ
۲۴۱
مکند سنگھ ہاڈہ
۳۴۲
راؤ شترسال ہاڈہ
۲۶۶
مادھو سنگھ ہاڈہ
۳۴۱
اندرسال
۶۴
موہن سنگھ ہاڈہ
۳۴۲
گوپی ناتھ
۲۶۶
راؤ رتن ہاڈہ
۲۱۹
ددا ہاڈہ
۲۵۴
راے سرجن ہاڈہ
۲۵۱
راے بھوج ہاڈہ
۹۵

خاندان راٹھور بیکانیری
گج سنگھ
۶۳
انند سنگھ
۶۳
سروپ سنگھ
۶۳
زور آور سنگھ
۶۳
کیسری سنگھ
۲۹۹
راجہ انوپ سنگھ
۶۳
پدم سنگھ
۲۹۹
راؤ کرن
۲۹۸
موہن سنگھ
۲۹۹
رائے رائے سنگھ
۲۱۳
رائے سورج سنگھ
(راؤ سود)
۲۵۶
ستر سال
۲۵۷
دلیپ سنگھ
۱۹۳
رائے کلیان مل
بیکانیری
۲۸۴

خاندان بندیلہ

رام چند
۲۰۱

بہاری چند
۲۰۱

پرتھی چند
۲۰۱

راؤ دلیپ سنگھ
بندیلہ
۲۰۰

راؤ سبکرن
بندیلہ
۲۷۸

راجہ اندرمن
بندیلہ
۱۱۵

راجہ سبحان سنگھ
بندیلہ
۲۷۲

راجہ دیبی سنگھ
بندیلہ
۱۹۴

جگراج
بکرماجیت
۱۳۲

بھگوانداس
۳۵۰

راجہ پہاڑ سنگھ
بندیلہ
۱۱۴

راجہ
جھجھار سنگھ
بندیلہ
۱۴۹

راجہ بھارت
بندیلہ
۹۹

نرہرداس
۳۵۱

بینی داس
۳۵۱

رام چند بندیلہ
۹۹

چندرمن بندیلہ
۱۸۸

مہاراجہ نرسنگھدیو
بندیلہ
۳۴۸

راجہ مدھکر بندیلہ
پسر راجہ پرتاپ چند
بانی اوندچھہ ۳۳۲